قال تعالیٰ

قُلْ بِفَضْلِ اللّٰہِ وَبِرَحْمَتِہٖ فَبِذٰلِکَ فَلْیَفْرَحُوْا ھُوَ خَیْرٌ مِّمَّا یَجْمَعُوْنَ

چوں آیت ہذا کہ حاصل مضمون اشعار مثنوی مرقومہ پیشانی صفحہ ادا می کنند

بعموم الفاظ خود امر ست بفرح را بوجود باجود سید العابدین محبوب المعبود صلی اللہ علیہ وسلم الی الیوم الموعود کہ از اعظم افراد

فضل و رحمت و نیز بخصوص مقام کہ در سیاق صحیح قرآن مذکور ست ماہی ست از ابتداع فرح کما ہو امتثال للامر والنہی المذکورین

وعظ ہذا

مسمّٰی بہ

السرور بظہور النور

وملقب بہ

ارشاد العباد فی عید المیلاد

کہ مظہر و مبین سنن امر و نہی مذکورین است و مظہر ست از لسان حضرت مولانا الحاج الحافظ القاری

محمد اشرف علی صاحب تھانوی در اوائل ربیع الاول کہ مصداق ابیات ثلثہ مرقومہ پائین ست الاولان

منقولان عن علی القاری و الاخیر من الجامع سنہ ۱۳۳۳ھ بیان آمد و بعد ضبط مولوی محمد عبد اللہ

بعد نظر ثانی صاحب الوعظ بقصد تبلیغ امر و نہی مذکورین خاکسار سید مرتضیٰ علی مراد آبادی

نے

بلالی سٹیم پریس ساڈھورہ میں باہتمام منشی کریم بخش پرنٹر

سے چھپوایا

السرور کے طبع ہونے میں جو غلطیاں رہگئی ہیں اُن کا صحت نامہ

میرے مہربان کاتب صاحب نے جن پر مجھکو پورا اطمینان واعتماد تھا اور یہ یقین تھا کہ وہ اس کتاب کو عمدہ طور پر تحریر فرماوینگے (جس کے باعث میں دوسرے کاتب سے لکھوانا پسند نہ کیا تھا) انھوں نے ملاقات کا خوب حق ادا کیا اول نو کاپیاں میرے خیال کے خلاف بہت خراب تحریر فرمائیں۔ دوسرے تحریر میں بھی بہت زیادہ غلطیاں کردیں جنکو میں بوجہ علالت (چونکہ میں اس زمانہ میں بیمار ہوگیا تھا اور اب تک طبیعت صاف نہیں ہے) کے زیادہ غور سے نہ دیکھ سکا اور اکثر غلطیاں رہگئیں ہیں جس کا نہایت افسوس و صدمہ ہے ؛

بدیں وجہ ناظرین سے گذارش ہے کہ اول اس کتاب کی صحت فرمالیں اُسکے بعد کتاب ملاحظہ فرماویں:-

احقر سید مرتضی علی مراد آبادی

صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
[illegible]	۵	واعظ	وعظ	۱۲	۱۵	بے انتا	بے انتہا	۳۰	۲۲	سبب	سبب
۲	۲	ابتدا	ابتداء	//	۲۲	کرمک	کرمک	۳۱	۶	فضائل منصوص	فضائل منصوص
//	۱۵	محرم	محروم	۱۳	۲۱	اور بہت اور بہت	اور بہت			ہوں جب	بھی نہیں
۳	۱	کرھیا	کرلیا	۱۴	۱۳	نقل	فصل	//	۷	حدیث میں آتی ہے	حدیث میں آتی ہے
//	۸	دینوی	دنیوی	//	۲۲	طمت	لہمت طائفتہ	//	۲۲	عید فانی	عید زمانی
//	۱۱	وجود باوجود	وجود باجود			طائتمنہم	منہم	۳۳	۷	اسدلال	استدلال
//	۱۸	نشو	نہو	۱۵	۲	یبتغوا	تبتغوا	//	۱۰	جس ستثنی منہ	جنس مستثنی منہ
//	ف ۲	ترابہتان	نرا بہتان	//	۹	ویبتغوا	وابتغوا	//	۱۸	تشریف اور	تشریف لاتے اور
۴	۴	نہی	منہی	//	۱۳	تفسیر	تفسیر کے	//	۲۳	القعاء	القاء
//	۹	حاشالمد	حاشا اللہ	۱۷	۱۶	معنظمہ	معظمہ	۳۴	۴	سی طرح	اسی طرح
//	۱۹	چہزہ	چھترہ	۱۷	ف ۲	ت شریفہ	نبوت شریفہ	//	۹	ذبان	زمان
//	۲۱	تو بیشک	تو وہ بیشک	۲۰	۲۲	بڑھا دیتا	بڑھا دیتا ہے	//	۱۳	سکے عدم	اسکے عدم
//	۲۳	مادون فیہ	ماذون فیہ	۲۱	۴	دلبراست	دلبر ماست	//	۲۲	آخر میں	آخر میں ملحق
۵	۱۶	لرین	کریں	//	۱۲	ومقصود	تو مقصود			کردیجاویگی	کردی جاویگی
//	۱۸	واسدہ	فاسدہ	۲۲	۶	تعیر	تغیر	۳۵	۱۹	اعتدلال	اعتدال
//	۲۰	ماجود	باجود	//	۹	کرر	مکرر	۳۶	۲	منکرین	منکر
۶	۲	اکنزکرہ	اکثر ذکرہ	//	۱۹	ین	میں	//	۵	عیداولنا	عید الاولنا
//	۶	سنہ دکدہ	سنن موکدہ	//	//	دمدیا	دیدیا	۳۷	۳	الملکت	الملکات
//	ف ۲	مجد	مجلس	۲۳	۴	راست راست	راست راستہ	۳۸	۸	دغیرہ ہما	وغیرہما
۷	۱۱	مجنوب	محبوب	//	۱۵	ظاہر مال	ظاہر حال	//	۱۹	لک	ملک
//	۱۷	مجیب	محب	//	۲۲	مستی میں	وقت مستی میں	//	۲۲	سبب کے	تو سبب کے
//	۲۲	پیزادہ	پیرزادہ	۲۴	۱۳	ہلال	بلال	۴۰	۳	اور سکا نام	اور اسکا نام
//	ف	عجیب	محبوب	//	۱۵	ایک حبشی	ایک عبد حبشی	//	۸	جب ہی	جب اتنی
۸	۱	کرنے میں	کرلتے ہیں	//	۱۹	اے بلال تم	اے بلال تم	۴۳	۱۸	ھی	بھی
//	۳	ذکرولادیت	ذکرولادت	۲۵	۱۰	اشعار	اشعار	//	۱۹	بتداع	ابتداع
//	۱۷	آیت کریمہ	آیت کریمہ	۲۶	۱	عرض	غرض	//	۲۰	لیونکہ	کیونکہ
۹	۲۳	غلنطی	غلطی	۲۷	۲۳	جو چیز	جو چیزیں	//	۲۳	عبدتا	عیدنا
۱۰	۵	رندی نیست	رندی نیست	۲۸	۵	سلسلہ	مسلسلہ	۴۴	۵	حطبہ پر	خطبہ پر
//	۱۴	اور نہیں سمجھتا	اور یہ نہیں سمجھتا	//	۱۴	لکہ	بلکہ	۴۵	۸	ضمیراجمع	ضمیر راجع
۱۲	۴	لیجاجاتا ہے	لیجاتا ہے	//	۱۷	منعقد	منعقد	//	۱۰	اگز	اگر
//	۹	کھوڑے	گھوڑے		۲۰	حدیث	حدیث	//	۲۲	حاجت نہی	حاجت نہ تھی
//	۱۳	لوگوودوزو	لوگودوڑو	۳۰	۵	باقی سبب	باقی حیرکا سبب				

تمہید وعظ السرور

بعد الحمد والصلوٰۃ آنکہ مجالس میلاد مروجہ کا منکر ہونا تو حضرات علما محققین کے بیانات و فتاویٰ سے واضح ہو چکا ہے۔ لیکن چند سال سے بعض شایقین ایجاد فی الدین اور بعض نو تعلیم یافتہ حضرات نے ایک اور نئی رسم ایجاد کی ہے کہ ۱۲۔ ربیع الاول کو عید مناتے ہیں اور اُس کا نام **عید میلاد النبی** قرار دیا ہے اور حضور صلے اللہ علیہ وسلم کے سچے جان نثاروں پر یہ اتہام لگاتے ہیں کہ یہ لوگ حضور کے ذکر شریف پر فرح کے اظہار کے مانع ہیں اور افسوس یہ ہے کہ بہت سے سیدھے سادے بھولے بھالے خالی الذہن عوام بھی ان کی رنگ آمیزی میں آکر حضرات علماء حقانیین کے فیوض سے بھی محروم رہتے ہیں اور اُن کے عقائد میں بھی تزلزل آجاتا ہے اِس لئے کہ غیر دین کو دین سمجھ لینا بہت سخت امر ہے بنابریں حکیم الامۃ جامع شریعت و طریقت حضرت مولانا **اشرف علی صاحب** دامت برکاتہم نے چند روز سے اس کا التزام فرمالیا ہے کہ اس کے متعلق ہر سال ماہ ربیع اول میں بیان ہو جایا کرے تاکہ تنبیہ کا تجدد ہو جایا کرے چنانچہ ۱۳۳۱ و ۱۳۳۲ھ کے ربیعین میں دو وعظ اسی مبحث میں **النور** اور **الظہور** کے نام سے شائع ہو چکے ہیں امسال بھی حسب معمول اسی مبحث میں وعظ فرمایا اور اس وعظ میں نفس فرح علی ذکر النبی صلی اللہ علیہ وسلم کا مامور بہ ہونا اور **عید المیلاد** مروج کا قرآن و حدیث و اجماع و قیاس چاروں دلائل کے خلاف ہونا فقہی طرز سے بیان فرمایا ہے اور مخالفین کو جن دلائل سے تمسک کی گنجائش تھی اُنکے شافی جوابات بھی بیان فرما دئے اور یہ بیان ایسا مفید و نافع ہوا کہ جن کی طرف روئے سخن تھا اُنکے لئے تو خصوصیت کیساتھ نافع ہونا ظاہر ہی ہے لیکن اس کے ساتھ ہی بہت سے علمی مضامین اور نکات اور حقائق و دقائق پر مشتمل ہونیکے سبب قاطبۃً اہل علم اور طلبہ اور جو علم دین سے کچھ بھی دلچسپی اور مس رکھتے ہیں اُنکو بھی اپنی معلومات بڑھانے کا بہترین ذریعہ اور بہت سے ایسے اغلاط اور شبہات و شکوک کو زائل کرنیوالا تھا۔ کہ جنکا زائل ہونا دین کی حیثیت سے ضروری ہے اور سب سے بڑا نفع جو یہ ناکارہ حضرت مولانا کے اس وعظ اور جمیع مواعظ کے مطالعہ میں سمجھ رہا ہے وہ یہ ہے کہ اُنکے بار بار بکثرت دیکھنے سے دین کی محبت قلب میں راسخ اور جاگزین ہو جاتی ہے پس چونکہ یہ وعظ اتنے فوائد کو مشتمل تھا اسلئے جناب حاجی سید مرتضیٰ علی صاحب مرادآبادی اور جناب عنایت علی خانصاحب جلال آبادی و منشی فضل الرحمن صاحب نے شوق ظاہر فرمایا کہ ہم اسکو طبع کراکر شائع کرینگے چنانچہ النور و الظہور کیطرح اس وعظ کو بھی مواعظ کے سلسلہ سے علیحدہ کرکے مستقل رسالہ کی شکل میں شائع کیا جاتا ہے امید ہے کہ جو حضرات اس سے نفع اُٹھائیں وہ حضرت مولانا مدظلہم العالی کیلئے کہ جو سرچشمہ اس فیض کے ہیں اور اس ناکارہ ضبط کنندہ کیلئے اور شائع کنندگان کیلئے بھی دعائے حسن خاتمہ فرمادیں گے۔ وما توفیقی الا باللہ علیہ توکلت والیہ انیب وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ سیدنا و مولانا محمد و آلہ وصحبہ وسلم:۔

الراقم احقر محمد عبد اللہ عفی عنہ گنگوھی

فہرست مضامین وعظ السرور بظہور النور ملقب بہ ارشاد العباد فی عید المیلاد

تمت

ارشاد العباد فی عید المیلاد

این	متی	کم	کیف	لم	ماذا	من ای شان	من ضبط	المستمعون	اشتات
کہاں ہوا	کب ہوا	کتنا ہوا	بیٹھکر یا کھڑے ہو کر	کیوں ہوا	کیا مضمون تھا	کس طبقہ کو زیادہ مفید ہے	کس نے لکھا	سامعین کی تخمینا تعداد	متفرقات
جامع مسجد تھانہ بھون	سنہ ۱۳۳۳ھ ۱۲ ربیع الاول	۳ گھنٹہ بعد نماز جمعہ سے قریب مغرب تک اور درمیان میں نماز عصر بھی ہوئی	بیٹھکر	تمہید میں مذکور ہے	حضور کی ولادت شریف پر فرح کا مامور ہونا اور عید میلاد النبی پر مفصل کلام	عموماً خصوصاً عاملین اہل میلاد النبی کو	مولوی محمد عبد اللہ گنگوہی	۱۵۰	اہل علم کا مجمع کم اور متوسطین وعوام کا زیادہ تھا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ نحمدہ ونستعینہ ونستغفرہ ونؤمن بہ ونتوکل علیہ ونعوذ باللہ من شرور انفسنا ومن سیئات اعمالنا من یھدہ اللہ فلا مضل لہ ومن یضللہ فلا ھادی لہ ونشھد ان لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ ونشھد ان سیدنا ومولٰنا محمداً عبدہ ورسولہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وبارک وسلم اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطان الرجیم بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ قل بفضل اللہ وبرحمتہ فبذلک فلیفرحوا ھو خیر مما یجمعون ٥ قبل اسکے کہ اس آیت کے متعلق میں کچھ بیان کروں اول بطور تمہید یہ معلوم کر لینا ضروری ہے کہ چند سال سے میرا معمول ہے کہ ماہ ربیع الاول کے شروع میں ایک وعظ اس ماہ میں افراط وتفریط کرنیوالوں کی اصلاح کے

متعلق کہا کرتا ہوں اور ہمیں تجارب استطرادا یہ شوند علمیہ نکات حقائق کا بیان بھی آجاتا ہے
اس سال بھی ایسا ہی خیال تھا کہ ابتداء ربیع الاول میں ایسا وعظ ہو جاوے لیکن وجہ التواء یہ ہوئی کہ
ہمارے مدرسہ کے متعلق ایک مکان طلبہ کیلئے بنانے کا خیال یہ ہوا کہ اس مکان میں اسکے افتتاح
کیساتھ یہ وعظ ہو تاکہ اس مکان میں برکت ہو لیکن اسکے افتتاح میں بعض امور کا انتظار تھا اتفاق سے
وہ جملہ امور دوشنبہ کے روز ختم ہوئے چنانچہ اس روز ارادہ بیان کا ہوا لیکن بعض احباب کی رائے
ہوئی کہ جمعہ کے روز جامع مسجد میں یہ بیان ہو تاکہ اور لوگ بھی منتفع ہوں اس وجہ سے اس بیان
میں دیر ہوئی اور عجیب اتفاق ہے کہ آج ۱۲ ربیع الاول ہے اسی تاریخ میں لوگ افراط تفریط کرتے ہیں اس
تاریخ کا بالتخصیص ارادہ نہیں کیا گیا ورنہ نعوذ باللہ اس تاریخ سے ضد ہے بلکہ الحمد للہ ہم اہل برکت
کے قائل ہیں مگر یہ اتفاقی بات ہے کہ اس بیان کا اس تاریخ سے اقتران ہو گیا اور یہ حق تعالیٰ کا
فضل ہے کہ متبع سنت کو اللہ تعالیٰ بلا قصد بھی عنایت فرماتے ہیں کہ جنکا متبع سوم بدعات ارتکاب
بدعات کیساتھ قصد کرتے ہیں تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ جو شئے دائر بین السنۃ والبدعۃ ہو تو اس
سنت کو ترک کر دینا چاہئے پس یہ تاریخ اگرچہ بابرکت ہے اور حضور صلعم کا ذکر شریف بھی باعث مزید
برکت کا ہے لیکن چونکہ تخصیص اسکی اور اس میں اس ذکر کا التزام کرنا چونکہ بدعت ہے اسلئے اس تاریخ
کی تخصیص کو ترک کر دینگے ہم کو اللہ تعالیٰ نے اس تخصیص کے مفسدہ سے بھی محفوظ رکھا اور اس تاریخ
کی برکات سے بھی محروم نہیں رکھا اور عجیب بات ہے کہ اگر دوشنبہ کے روز بیان ہوتا تو ہمکو اس دن
کی بھی برکت حاصل ہوتی اسلئے کہ حضور کی ولادت شریفہ اسی یوم میں ہوئی ہے اور نیز بعض محققین
اس طرف گئے ہیں کہ ولادت شریفہ ۸ ربیع الاول کو ہوئی ہے اور دوشنبہ کو آٹھویں ہی تاریخ تھی
پس اس قول کے موافق ہمکو یوم البرکت اور تاریخ البرکت دونوں سے حصہ مل جاتا اور جمہور کے قول
کے موافق ۱۲ ربیع الاول تاریخ ولادت شریفہ ہے اسلئے اب بھی اس تاریخ کی برکت سے محرومی نہیں
بلکہ اب برکتیں حاصل ہو گئیں یوم کی بھی اور تاریخ کی بھی اسلئے کہ دوشنبہ کے روز نیت بیان کی تھی اور
مومن کی نیت پر بھی ثواب کا وعدہ ہے یوم کی برکت یوں حاصل ہو گئی اور آج ۱۲ تاریخ ہے اسکا وقوع
ہو گیا تاریخ کی برکت اس طرح حاصل ہو گئی یہ برکت ہے اتباع سنت کی اور ہر چند کہ اس یوم میں افراط
تفریط کے متعلق بیان کرنا زائد معلوم ہوتا ہے اسلئے کہ جو افراط تفریط کرنا تھا آج ان لوگوں نے

کیا ہوگا پس اب ہم بیان سے کیا فائدہ مگر ہاں چونکہ پھر بھی انشاء اللہ تعالیٰ آنے والے ہیں
اور نیز علاوہ ربیع الاول کے اور دنون مین بھی لوگ ایسی مجالس منعقد کرتے ہین اور اُس مین حدود
شرعیہ سے تجاوز ہوتے ہین اسلیئے اسکے متعلق بیان کر دینا خالی از نفع نہیں یہ مضمون تو بطور تمہید کے تھا
اب آیت شریفہ کے متعلق عرض کرتا ہون جاننا چاہیئے کہ اس مین کسی مسلمان کو شک و شبہ نہیں ہے
کہ حق تعالیٰ کی ہر نعمت قابل شکر ہے خاصکر جو بڑی نعمت ہو پھر خصوص دینی نعمت اور دینی نعمتوں مین
سے بھی خاصکر جو بڑی نعمت ہو پھر ان مین بھی خصوص وہ نعمت جو اصل ہو تمام دینی و دنیوی نعمتوں کی
اور وہ نعمت کیا ہے حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری کہ حضور سے دینی نعمتوں کے
تو فیوض دنیا مین نازل ہوئے ہی ہین دنیوی نعمتوں کے سرچشمہ بھی آپ ہی ہین اور صرف مسلمانون ہی کے
لئے نہیں بلکہ تمام عالم کیلئے چنانچہ حق تعالیٰ کا ارشاد ہے وَمَآ اَرۡسَلۡنٰكَ اِلَّا رَحۡمَةً لِّلۡعٰلَمِيۡنَ یعنی نہیں بھیجا
ہمنے آپکو اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم مگر جہانون کی رحمت کیواسطے دیکھئے عالمین مین کوئی تخصیص انسان
یا غیر انسان یا مسلمان و غیر مسلمان کی نہیں تو پس معلوم ہوا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا وجود باوجود
ہر شئے کیلئے باعث رحمت ہے خواہ وہ جنس بشر سے ہو یا غیر جنس بشر سے اور خواہ حضور سے
زمانا متاخر ہو یا متقدم متاخرین کیلئے رحمت ہونا تو بدیہی ہے لیکن پہلون پر رحمت ہونے کیلئے بھی حضور کا
ایک وجود سب سے پہلے پیدا فرمایا اور وہ وجود نور کا ہے کہ حضور اپنے وجود نوری کیوجہ سے سب سے پہلے مخلوق
ہوئے ہین اور عالم ارواح مین اُس نور کی تکمیل و تربیت ہوتی رہی آخر زمانہ مین اس اُمت کی خوش نصیبی
سے اُس نور نے جسد عنصری مین جلوہ گر و تابان ہو کر تمام عالم کو منور فرمایا پس حضور اولاً و آخراً تمام عالم کیلئے
باعث رحمت ہین پس جب حضور کا وجود تمام نعمتوں کی اصل ہونا عقلاً و نقلاً ثابت ہوا تو ایسا کون مسلمان
ہوگا کہ جو حضور کے وجود باجود پر خوش نہ ہو یا شکر نہ کرے پس ہم پر یہ خالص تہمت اور محض افترا اور نرا
بہتان ہے کہ توبہ توبہ نعوذ باللہ کہ ہم لوگ حضور کے ذکر شریف یا اُس پر خوش ہونے سے روکتے ہین
حاشا و کلا حضور کا ذکر تو ہمارا جزو ایمان ہے ہان جو شئے خلاف اُن قوانین کے ہوگی جنکی پابندی کا ہمکو
خود حضور نے حکم فرمایا ہے اس کو البتہ ہم روکینگے اگرچہ فی نفسہ وہ شئے مستحسن ہو اور شریعت مین اُسکے
نظائر بکثرت موجود ہین دیکھو اس پر سب کا اتفاق ہے کہ عین دوپہر کے وقت نماز پڑھنا مکروہ ہے اور
اس پر بھی اجماع ہے کہ قبلہ سے منہ پھیر کر نماز پڑھنا ممنوع ہے اور یہ بھی سب کے نزدیک مسلم ہے کہ

یوم النحر اور یوم الفطر مین روزہ رکھنا حرام ہے اور یہ بھی سب جانتے ہین کہ ایام تشریق مین افطار ضروری ہے
اور یہ بھی تمام امت کا مسئلہ مسلمہ ہے کہ ماہ محرم مین حج نہین ہوسکتا اور بغیر محل حج مکہ ہی ہے یعنی
مین حج ممکن نہین دیکھئے نماز روزہ حج فرض ہین لیکن خلاف قاعدہ و قانون شریعت چونکہ کئے گئے
اس لئے وہ بھی منہی عنہا ہوگئے اور انکے ممنوع ہونیکو آپ بھی تسلیم کرتے ہین پس اگر کوئی ایسے
نماز روزہ حج کو منع کرے تو اُس کو کوئی عاقل یون نہ کھے گا اور یہ تہمت اُس پر نہ لگائیگا کہ یہ شخص
نماز روزہ حج سے روکتا ہے اگر نماز روزہ سے روکتا تو خود ہی اُن پر کیون عامل ہوتا اسی طرح مسئلہ
متنازعہ فیہا کے اندر سمجھو کہ ہمارے حضرات کی نسبت یہ کھنا کہ یہ لوگ حضور کی ولادت شریفہ کے
ذکر یا اُس پر خوش ہونے کو منع کرتے ہین یہ نری تہمت اور افترا ہے۔ سبحانك هذا بهتان عظیم ٥
حاشا للہ ہم ہرگز منع نہین کرتے بلکہ یہ کھتے ہین کہ ہر شئے کا ایک طریق ہوتا ہے جب شئے اُس
طریق سے کیجائے تو وہ پسندیدہ ہے ورنہ ناپسند اور قابل منع کرنیکے ہے دیکھئے تجارت ہے
اُسکے لئے گورنمنٹ نے خاص خاص قوانین مقرر کردئے ہین اگر کوئی شخص ان قوانین کے خلاف
تجارت کریگا تو وہ ضرور قوانین کی خلاف ورزی مین ماخوذ ہوگا چہرہ بارود کی تجارت وہی کرسکتا ہے
جسنے لیسنس حاصل کرلیا ہو اسی طرح شریعت مین بھی ہر شئے کا قاعدہ اور قانون ہے جب اُسکے خلاف کیا
جاویگا تو وہ ناپسند اور منہی عنہ ہوجائیگی پس حضور کی ولادت باسعادت کا ذکر مبارک عبادت ہے
لیکن دیکھنا چاہئے کہ قانون ان حضرات یعنی خود حضور اور صحابہ رضی اللہ عنہم جنکے اقتدا کا ہمکو حکم ہے
اُنھون نے اس عبادت کو کس طرز اور کس طریق سے کیا ہے اگر آپ لوگ اُسی طریق سے کرین
تو سبحان اللہ کون اُس سے روکتا ہے اور اگر اُس طریق سے نکیا جائے تو بیشک شئے قابل روکنے
کے ہے۔ اب فرمائیے کہ کیا ہم لوگ ذکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روکنے والے ہین اسکی تو
ایسی مثال ہے جیسے کوئی چہرہ بارود کی تجارت کو لیسنس نہونیکی وجہ سے منع کرے اور اُس کو یہ کہا جائے
کہ یہ تو تجارت کو منع کرتے ہین پس نفس فرح و سرور علی ذکر الرسول کو کوئی منع نہین کرتا کہ وہ تو عبادت
ہے ہان جب اُسکے ساتھ اقتران منہی عنہ کا ہوگا تو بیشک قابل ممانعت ہے۔ فرح اور سرور
ہی کو دیکھ لیجئے کہ اُسکی نسبت قرآن مجید مین ایک مقام پر تو ہے لا تفرح اور دوسرے مقام پر
ارشاد ہے فلیفرحوا جیسا اس آیت مین ہے معلوم ہوا کہ بعض فرح کے افراد مامون فیہ ہین اور

بعض منہی عنہا اور ظاہر ہے کہ اعمال اخرویہ مین ہمارے لئے معیار شریعت ہے پس شریعت کے قواعد سے جو فرحت جائز ہے اسکی تو اجازت ہی اور جو ناجائز ہے وہ ممنوع ہی چنانچہ جس جگہہ لا تفرح ہی وہان دنیوی فرحت مراد ہے مگر وہی فرحت جو حد سے متجاوز ہو ورنہ نفس فرح نعمت دنیویہ پر بھی لوازم شکر سے ہے اور جہان امر کا صیغہ ہے وہان نعمت دینی پر فرحت مقصود ہے لیکن وہی فرح جس مین قواعد شریعت سے تجاوز ہو مثلاً اگر کوئی نماز پر کہ وہ نعمت دینی ہے خوش ہو اور خوشی مین آکر یہ کرے کہ بجائے چار رکعت کے پانچ رکعت پڑہنے لگے تو بجائے اس کے کہ ثواب ہو اُلٹا گناہ ہوگا اسلیے کہ اُسنے شریعت کے قواعد سے تجاوز کیا خود ذکر رسول کہ جس مین اختلاف ہی اُسی کو لیجیے کہ مسئلہ متفق علیہا ہے کہ جو شخص چار رکعت والی نماز مین قعدہ اولی مین تشہد کے بعد اللھم صل علی محمد پڑھدے تو نماز ناقص ہوگی حتی کہ سجدہ سہو سے وہ نقصان منجبر ہوگا اگر سہواً ایسا کیا دیکھیے درود شریف کہ جسکی نسبت ارشاد ہے من صلی علی مرۃ صلی اللہ علیہ عشرا اوکما قال یعنی جو شخص درود بھیجے مجہ پر ایک مرتبہ اُس پر اللہ تعالی دس مرتبہ رحمت فرمادینگے اور پھر موقع کونسا نماز لیکن حکم شرعی یہ کہ نماز مین نقصان آجائیگا تو اسکی آخر کیا وجہ ہے ؏ بزہد و ورع کوش و صدق و صفا ٭ ولیکن میفزائے بر مصطفے ٭ خلاف پیمبر کسے رہ گزید ٭ کہ ہرگز بمنزل نخواہد رسید ٭ مپندار سعدی کہ راہ صفا ٭ توان رفت جز بر پئے مصطفے ۔ پس حضور نے جو موقع درود شریف کا نماز مین مقرر فرمادیا ہے چونکہ اُس سے تجاوز ہوا ہے اسلیے نماز مین نقصان آیا اگرچہ درود شریف فی نفسہ عبادت ہی اور یہ مسئلہ ایسا ہی کہ اس پر اہل بدعات کا بھی اتفاق ہے اسلیے کہ وہ بھی حنفی ہین پس اُن کو چاہیے کہ امام صاحب پر اعتراض کرین اور اُن پر بھی یہ تہمت لگائین کہ وہ توبہ توبہ ذکر رسول سے منع کرتے ہین اور وہ بھی وہابی تھے پس لِلّٰہ حضرات خدا سے ڈریے اور اس مادہ فاسدہ کو اپنے دماغ سے نکالیے ورنہ اِسکا اثر دور دور تک سرایت کریگا اور احکام مین نظر انصاف اور حق طلبی سے غور فرمائیے پھر اگر شبہات رہین تو شائستگی اور تہذیب سے اُن کو رفع فرمائیے اور خوب سمجھ لینا چاہیے کہ جب قرآن مجید مین خود حضور کے وجود با جود کی نسبت (کما سیجئی فی تفسیر الآیہ مفصلاً) صیغہ امر فلیفرحوا موجود ہے تو اس فرحت کو کون منع کرسکتا ہے غرض حضور کی ولادت شریفہ پر فرحت اور سرور کو کوئی منع نہین کرسکتا اور یہ امر بالکل ظاہر تھا لیکن مین نے اس مین اسلیے تطویل کی کہ ہمپر یہ افترا ہے کہ ہم لوگ حضور کے

ذکر کو منع کرتے ہیں صاحبو! حضور کا ذکر مبارک تو وہ شئے ہے کہ اگر شرع پاک میں اسکا کچھ بھی وعدہ نہ ہوتا
تو خود حضور کی محبت بمقتضائے من احب شیئا اکثر ذکرہ اسکو مقتضی ہے کہ آپکا ہر وقت ذکر کیا جائے
اور چونکہ حضور کا ذکر عین عبادت ہے اسی واسطے حق تعالیٰ نے خود ہر موقع پر آپکے ذکر کے مقرر
فرمائے ہیں کہ مسلمان سے لامحالہ ذکر ہو ہی جاتا ہے دیکھئے نماز کے اندر ہر قعدہ میں السلام علیک
ایہا النبی موجود ہے اور قعدے ظہر اور عصر اور مغرب اور عشا میں دو دو ہیں اور فجر میں ایک
تو کل نو قعدے ہوئے اور سنتوں ... اور وتر میں لیجئے ظہر میں تین مغرب میں ایک عشا میں تین اور
صبح میں ایک تو کل ستر و قعدے ہوئے جن میں بہ سترہ مرتبہ حضور کا ذکر ہوا پھر پانچوں وقت اور نفل
اور سنن و وتر کے قعدے اخیرہ میں کل گیارہ مرتبہ درود شریف بھی پڑھا جاتا ہے پس سترہ اور
گیارہ کل اٹھائیس بار تو لامحالہ ہر مسلمان کو آپکا ذکر مبارک کرنا روزانہ ضروری ہے کہ اس سے
اسیطرح مفر نہیں پھر پانچوں وقت اذان اور تکبیر ہوتی ہے جس میں اشہد ان محمد رسول
اللہ موجود ہے جسکو موذن اور سننے والے دونوں کہتے ہیں پھر ہر نماز کے بعد دعا بھی سبھی مانگتے ہیں
اور دعا کے آداب میں یہ کر دیا گیا ہے کہ اسکے اول و آخر درود شریف ہو غرض اس حساب سے تو اٹھائیس
سے بھی زیادہ تعداد حضور کے ذکر شریف کی ہوگی اور یہ تو وہ مواقع ہیں کہ ان میں پڑھے بے پڑھے
سب شامل ہیں اور جو طالب علم حدیث شریف پڑھتے ہیں وہ تو ہر وقت حضور ہی کے ذکر میں رہتے
ہیں اسلئے کہ ہر حدیث کے شروع میں آپکے نام مبارک کیساتھ درود شریف موجود ہے چنانچہ
احادیث کی کتابیں اٹھا کر دیکھئے اور ہر جا بجا قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور قال النبی
صلی اللہ علیہ وسلم اور عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم واقع ہے اور درمیان میں بھی جہاں کہیں حضور کا
اسم مبارک آیا ہے وہاں بھی درود شریف موجود ہے گویا حضور کے ذکر کو ایسا گوندھ دیا ہے کہ
بغیر ذکر کے مسلمان کو چارہ نہیں مولانا فضل الرحمن صاحب گنج مرادآبادی رحمۃ اللہ علیہ سے کسی نے
پوچھا تھا کہ ذکر ولادت آپکے نزدیک جائز ہے یا ناجائز انھوں نے فرمایا کہ ہم تو ہر وقت ذکر ولادت
کرتے ہیں اسلئے کہ ہر وقت کلمہ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھتے ہیں اگر آپ پیدا نہوتے
تو ہم یہ کلمہ کہاں پڑھتے پس محبت کا مقتضا تو یہ ہے کہ آپکا ہر وقت ذکر ہو اور اسکے لئے اسکی
ضرورت نہیں کہ اسکے لئے مجالس منعقد کی جاویں اور مٹھائی منگائی جائے تب ذکر ہو عاشق اور

حضور کے ذکر شریف سے کسی مسلمان کو مفر نہیں ہے۔

محبت کا مقتضا یہ ہے کہ حضور کا ذکر ہر وقت ہو اسکے لئے ...

محب کو اتنی دیر کیسے صبر آسکتا ہے دیکھو کسی کو اگر محبت ہو جاتی ہو تو محب کی کیا حالت ہوتی ہے
کہ ہر وقت اسکی یاد مین بیقرار رہتا ہے اگر اس سے کوئی کہے کہ میان ذرا ٹھہر جاؤ ہم مجلس آرائی
کرلین اور مٹھائی منگا لین تب اُس وقت ذکر کیجیو وہ کہیگا کہ معلوم ہوتا ہے کہ تمہاری محبت کاذب ہے
کہ جو اتنی دیر تک تم ذکر محبوب سے صبر کرتے ہو محبت تو وہ شئے ہے جیسے مجنون کی حالت تھی ؎

دید مجنون را یکے صحرا نورد — در بیابان غمش بنشستہ فرد
ریگ کاغذ بود و انگشتان قلم — می نمودے بہر کس نامہ رقم
گفت اے مجنون شیدا چیست این — می نویسی نامہ بہر کیست این
گفت مشق نام لیلیٰ میکنم — خاطر خود را تسلی میدہم

تو لاتے کہ اگر مجنون کو اس حالت مین کوئی یہ کہتا کہ ذرا ٹھہر جاؤ ہم مجلس بنا لین اور مٹھائی منگا لین
اس وقت لیلیٰ کا ذکر کرنا تو وہ یہ جواب دیگا کہ سلام ہے ایسی مجلس کو اور ایسی مٹھائی کو جو میرے
اور میرے محبوب کے درمیان مین حجاب ہو اور ہمنے تو اکثر مجالس میلاد والون کو یہی دیکھا ہے کہ یہ
محبت سے بالکل خالی ہوتے ہین اسلئے کہ بڑا معیار محبت کا محبوب کی اطاعت ہے کسی نے خوب کہا ہے ؎

تعصی الرسول وانت تظہر حبہ — ہذا لعمری فی الفعال بدیع
لو کان حبک صادقا لاطعتہ — ان المحب لمن یحب مطیع

یعنی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی کرتا ہے اور انکی محبت کو ظاہر کرتا ہے اپنی جان
کی قسم یہ افعال عجیبہ مین سے ہے اگر تیری محبت صادق ہوتی تو ضرور تو حضور کی اطاعت
کرتا اسلئے کہ محب محبوب کا مطیع ہوتا ہے اور ان مولد پرستون کو دیکھا ہے کہ مجلس میلاد کا اہتمام
کرتے ہین بانس کھڑے کرتے ہین اُن پر کپڑے منڈہ رہے ہین اور سامان روشنی کا فراہم
کرتے ہین اور اس درمیان مین جو نمازون کیوقت آتے ہین تو نماز نہین پڑھتے اور ڈاڑھی کا صفایا
کرتے ہین کیون صاحبو کیا محبین رسول کی ایسی ہی صورتین اور یہی انکی حالت ہوتی ہے کیا بس حضور کا
اتنا ہی حق ہے کہ پانچ روپیہ کی مٹھائی منگا کر تقسیم کردی اور سمجھ لیا کہ ہمنے رسول کا حق ادا کردیا کیا آپ
لوگون نے حضور کو نعوذ باللہ کوئی پیشہ ور پیرزادہ سمجھا ہے کہ تھوڑی سی مٹھائی پر خوش ہوجاوین تھوڑے
سے نذرانہ پر راضی ہوجاوین توبہ توبہ نعوذ باللہ یاد رکھو حضور ایسے محبین سے خوش نہین ہین سچے محب

وہین جو اقوال وافعال وضع انداز ہر شئے مین حضور کا اتباع اور اطاعت کرتے مین میرے ایک
دوست حافظ اشفاق رسول نامی ہین وہ ذکر رسول کے فریفتہ ہین وہ کبھی کبھی محبت کیوجہ سے
ذکر ولادت مروج طریق سے کیا کرتے تھے اُنھون نے خواب مین حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ
فرماتے ہین کہ ہم اُسکی شفاعت نکرینگے جو ہماری بہت تعریف کرے ہم اُسکی شفاعت کرینگے جو ہماری
اطاعت کرے مطلب اسکا یہی ہے کہ جو شخص نرا دعوی کرتا ہو اور نعتیہ اشعار بہت پڑھتا ہو لیکن اطاعت
کرتا ہو تو اُسکی شفاعت نہ کرینگے مینے جو اصلاح الرسوم کتاب لکھی ہے اُس مین ایک فصل ذکر میلاد کے
متعلق بھی ہے چنانچہ وہ فصل طریقہ مولد کے نام سے علیحدہ بھی طبع ہوگئی ہے تو جب یہ کتاب لکھی
گئی تو مجلس میلاد کے متعلق کانپور مین لوگون نے بہت شور کیا اسی اثنا مین ایک شخص صالح نے حضور
صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب مین دیکھا اور اس اختلاف کے متعلق حضور سے دریافت کیا کہ اس مین
صحیح کیا ہے تو حضور نے فرمایا کہ اشرف علی نے جو لکھا ہے وہ سب صحیح ہے مین نے
حضور کے حالات مین جو کتاب نشر الطیب فی ذکر النبی الحبیب لکھی ہے اُسکے آخر مین ان دونون
خوابون کو مفصلاً درج کر دیا ہے لیکن میری غرض ان خوابون کے ذکر کرنے سے مدعا کا اثبات نہین ہے
اثبات مدعا کیلئے تو مستقل دلائل ہین یہ تو محض تائید اور مزید اطمینان کیلئے لکھ دیا ہے۔
اسی فصل حضور کا وجود باجود اصل ہے تمام نعمتون کی اور اُس پر شکر اور فرحت مامور بہ ہے چنانچہ
جو آیت مین نے تلاوت کی ہے اُس مین اسی نعمت کا ذکر اور اُس پر فرح کا امر ہے تفصیل اس اجمال
کی یہ ہے کہ اس آیت کریمہ سے پہلے قرآن مجید کی شان حق تعالیٰ نے ارشاد فرمائی ہے چنانچہ
ارشاد ہے یا ایھا الناس قد جاءتکم موعظۃ من ربکم وشفاء لما فی الصدور وھدی
ورحمۃ للمومنین یعنی اے لوگو تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے ایک نصیحت اور دلکے
امراض کے لئے شفا اور مومنین کیلئے ہدایت ورحمت آئی ہے اس مین حق تعالیٰ نے قرآن
مجید کی چار صفتین بیان فرمائی ہین موعظۃ۔ شفا۔ ہدی۔ رحمۃ۔ موعظۃ کہتے ہین وہ کلام جو بری
باتون سے روکنے والا ہے اور شفا اُسکی صفت بطور ثمرہ کے فرمائی ہے یعنی نتیجہ اور ثمرہ
اس موعظت پر عمل کرنیکا یہ ہے کہ دلون کے اندر جو روگ ہین اُن سے شفا حاصل ہوگی
یہان سے ایک تصوف کا مسئلہ مستنبط ہوتا ہے وہ یہ ہے یہ تو ظاہر ہے کہ ہم لوگ گناہ مین مبتلا

تفسیر ۱۲ مذکورہ صدر ۱۲ منہ

یعنی سالکین کا ایک مخصوص مسئلہ ۱۲ منہ

ہین اور شب و روز ہمسے لغزشین ہوتی ہین لیکن اس ابتلا کیساتھ دو قسم کے لوگ ہین ایک تو وہ ہین کہ گناہ کرتے ہین اور انکو اسکا کچھہ احساس نہین ہوتا اور ایک وہ جنکو حساس ہوتا ہی سو الحمد للہ کہ ہم گو پہلے ہین اور گناہ ہم سے صادر ہوتے ہین لیکن اندہے نہین ہین کہ اس کی خبر ہی نہو کہ راستہ کدہر ہے الحمد للہ اللہ تعالے نے آنکھین عطا فرمائی ہین گو بعض وقت نفس کے غلبہ و شرارت سے اُنسے کام نلین پس ان آنکھونسے ہمکو صاف نظر آتا ہے کہ جب کوئی کبھی گناہ ہوا ہے اُس سے قلب مین ایک روگ پیدا ہو گیا اسی روگ کی نسبت حق تعالیٰ ارشاد فرماتے ہین بل ران علی قلوبھم ما کانوا یکسبون یعنی بلکہ اُنکے دلون پر اُنکے اعمال کے زنگ کا غلبہ ہو گیا ہے اور اسی کی نسبت حدیث شریف مین آیا ہے کہ جب آدمی کوئی گناہ کرتا ہے تو قلب پر ایک داغ لگ جاتا ہے اگر توبہ کرے تو وہ مٹ جاتا ہے ورنہ بڑہتا ہی مولانا اسی کو فرماتے ہین ؎

ہر گناہ زنگیست بر مرآۃ دل	دل شود زین زنگہا خوار و خجل
چون زیادت گشت دل را تیرگی	نفس دون را بیش گردد خیرگی

غرض گناہ کے اندر خاصہ ہے کہ قلب مین اُس سے ایک روگ پیدا ہو جاتا ہے پھر اگر اُسکا تدارک نکیا گیا تو وہ روگ اور بڑہجاتا ہے یہان پر بعض اہل سلوک کو ایک عجیب دہوکا ہوا ہے اور ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ شیطان اُنکو گناہ کی رغبت دیتا ہے اور ساتھ ہی اُنکے قوت نور ایمان گناہ سے روکتی ہی جس سے وہ رک جاتا ہی لیکن شیطان تو اس سے بہت زیادہ پڑہا ہوا ہے وہ جب دیکھتا ہے کہ اس طور سے میرا قابو نہین چلتا تو وہ گناہ کی اندر ایک دینی مصلحت بتاتا ہے وہ یہ کہتا ہے کہ اگر تمنے یہ گناہ نکیا تو ہمیشہ تمہارے دلمین یہ کانٹا سا کھٹکتا رہیگا اور اگر ایکدفعہ دل بھر کر کر لوگے تو دل مین سے اس کا وسوسہ جاتا رہیگا بس اس سے فراغت ہو جائیگی اسمین بڑے بڑے سمجھدار لوگ مبتلا ہو جاتے ہین لیکن مومن کامل کو اللہ تعالیٰ نے ایک نور عطا فرمایا ہے کہ وہ اُسکے لاکھون تار و پود کو اُس نور کے ذریعہ سے توڑ پھوڑ دیتا ہے (چنانچہ عنقریب اس مقام کا حل آتا ہے) اسیواسطے تو حدیث شریف مین آیا ہے فقیہ واحد اشد علی الشیطان من الف عابد یعنی ایک فقیہ شیطان پر ہزار عابد سے زیادہ گران ہے کسی نے اس مضمون کو نظم بھی کر دیا ہے ؎ فان فقیھا واحد امتورعا ؎ اشد علی الشیطان من الف عابد-

یہ غلطی ہے جو اہل سلوک کو ہوتی ہے اور اہل سلوک کو جو غلطی ہوتی ہی در اصل غلطی وہی ہی اور وہ بہت

سخت ہوتی ہے اسی واسطے ایک بزرگ فرماتے ہین کہ ہمکو تو گناہ سے اندیشہ ہے اور ہمکو کفر سے اندیشہ ہے
بڑا خطرناک راستہ ہے بس عافیت اسمین ہے کہ اسمین اپنی رائے کو دخل نہ دے اور کالمیت بید الغسال
بدست محقق ہو کر رہے شیخ شیرازی اسی مضمون کو فرماتے ہین ؎ اگر مرد عشقی کم خویش گیر ؛ وگرنہ
رہ عافیت پیش گیر - یعنی اگر مرد عشق ہو تو اپنے کو گم کردو یعنی اپنی رائے کو دخل نہ دو ورنہ پرہیز اختیار کرو

فکر خود و رائے خود در عالم رندی نیست ؎ کفرست درین مذہب خود بینی و خودرائی

جیسے اس شخص نے خودرائی کی کہ شریعت تو حکم کر رہی ہے لا تقربوا الزنا یہ اپنی رائے سے
کہتا ہے کہ مین زنا سے جب بچ سکونگا جب جی کھولکر پانچ چھ مرتبہ زنا کر لونگا اور اس احمق کو اتنی
خبر نہین کہ مرض کو اس سے اور زیادہ قوت ہوگی جیسے کسی شاعر کا شعر ہے ؎ کنار و بوس سے
دونا ہوا عشق ؛ مرض بڑھتا رہا جون جون دوا کی - یہ بیوقوف تو سمجھتا ہے کہ درخت مین پانی دینے
سے اسکی جڑ نرم اور کمزور ہوجائیگی پھر اسکو سہولت سے باہر نکال لونگا مگر وہ پانی دینے سے اور
زیادہ نیچے کو دھستی اور زور پکڑتی جاتی ہے گناہ کرنیکے بعد اسکو قلب خالی معلوم ہوتا ہے اور خبر
نہین کہ وہ گناہ پہلے حوالی قلب مین تہا اسلیئے اسکو محسوس ہوتا تہا اور اب عروق کے اندر پیوست
ہوگیا اس وجہ سے اسکو محسوس نہین ہوتا اور وقت پر بہ نسبت سابق کے بہت زور کے ساتھ
برآمد ہوگا اور یہ نہین سمجھتا کہ اب تو اسکا استیصال سہل ہے اور پھر مشکل ہوگا بقول شیخ شیرازی ؎

سر چشمہ شاید گرفتن بمیل ؎ چو پر شد نشاید گذشتن بہ پیل
درختے کہ اکنون گرفتست پائے ؎ بہ نیروی شخصے برآید زجائے
وگر ہمچنان روزگارے ہلی ؎ بگردونش از بیخ بر نگسلی

الحاصل گناہ ایسی شئے ہے خواہ بڑا ہو یا چھوٹا اس سے قلب مین ایک روگ پیدا ہوجاتا ہے پس ارشاد ہے کہ
قرآن مجید ایسی موعظت ہے کہ اگر اس پر عمل کروگے تو وہ دلون کے روگ کے لئے باعث شفا ہوگا
اور تیسری صفت قرآن مجید کی ھدی ارشاد فرمائی ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ نیک راہ کا بتلانے
والا ہے اور چوتھی صفت رحمت بطور ثمرہ ہدی کے فرمائی ہے یعنی نتیجہ اور ثمرہ اس پر عمل کرنیکا
یہ ہے کہ حق تعالیٰ کی رحمت متوجہ ہوگی پس قرآن مین مذکورہ بالا صفات کو جمع کردیا ہے اور
للمومنین کی قید اسلیے لگائی کہ گو مخاطب تو اسکے سب ہین لیکن منتفع اس سے مومنین ہی ہوتے ہین

اب اس آیت کے بعد بطور تفریع ارشاد ہے قل بفضل اللہ وبرحمتہ فبذلک فلیفرحوا ھو خیر مما یجمعون یعنی اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ فرما دیجئے کہ اللہ کے فضل اور رحمت ہی کیساتھ بس صرف چاہئے کہ خوش ہوں (اسلئے کہ) وہ بہتر ہے اُس شے سے کہ جس کو یہ لوگ جمع کرتے ہیں یعنی متاع دنیا سے یہ بہتر ہے اور عجیب بلاغت ہے کہ پہلے مضمون کا تو حق تعالیٰ نے خود اپنی طرف سے خطاب فرمایا چنانچہ ارشاد ہے یا ایھا الناس الخ اور اس دوسرے مضمون کی نسبت حضور کو حکم دیا کہ آپ کہئے اسمیں ایک عجیب نکتہ ہے وہ یہ ہے کہ یہ طبعی بات ہے کہ احکام یعنی امر و نہی انسان کو ناگوار اور گران ہوتے ہیں اسلئے احکام تو خود ارشاد فرمائے تاکہ حضور کی محبوبیت محفوظ رہے اور اللہ تعالیٰ کے فضل اور رحمت کیساتھ فرحت کے امر کو حضور کے سپرد فرمایا کہ اس سے حضور کے ساتھ اور زیادہ محبت مخلوق کو بڑھے باقی اس سے کوئی یہ شبہ نکرے کہ بہت جگہہ حضور کو بھی احکام پہنچانیکا حکم ہے اسلئے کہ یہ نکتہ اس مقام کے متعلق ہو اور دوسری جگہہ دوسرا نکتہ اور حکمت ہو سکتی ہو بہرحال وہ چیز پر خوش ہونیکا حکم ہے فضل اور رحمت اور یہ فضل بھی رحمت ہی کے افراد میں سے ہے صرف فرق اس قدر ہے کہ فضل کے اندر معنی زیادتی کے ہیں خلاصہ یہ ہے کہ رحمت یعنی مہربانی کے دو مرتبہ ہیں ایک نفس مہربانی اور ایک زائد یا یوں کہو کہ ایک وہ مرتبہ جسکا بندہ بحیثیت جزا کے اپنے کو مستحق سمجھتا ہے اور ایک زائد اگرچہ پہلے مرتبہ رحمۃ کا اپنے کو مستحق سمجھنا بندہ کی جہالت ہے اور وجہ اس زعم استحقاق کی یہ ہے کہ حق تعالیٰ پر ہر شخص کو ایک ناز ہوتا ہے بلکہ اگر غور کیا جاوے تو ہم لوگوں میں ناز ہی کی شان رہ گئی ہے نیاز بالکل نہیں رہا اسلئے کہ اگر نیاز ہوتا تو ہم سے نافرمانی ہوتی دیکھیے کہ حکام دنیا کیسا نیاز ہے اسلئے انکی نافرمانی نہیں کرتے نہ ان پر نخرے کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کیساتھ معاملہ یہی ہے جسکا زیادہ سبب یہ ہے کہ رحمت ہی بے انتہا ہے حتی کہ فوری سزا نہیں دیجاتی سو جسقدر رحمت بڑھتی جاتی ہے اس رحمت و عنایت کو معلوم کر کے اُسی قدر اعراض ان حضرت کا زیادہ ہوتا جاتا ہے اسکی ایسی مثال ہے جیسے ایک گدہا ہمیشہ کسی کے کھیت میں گھس جایا کرتا تھا ایک روز کھیت والے نے اُسکے کان میں کہدیا کہ مجکو تجھسے محبت ہے اُس روز سے اُسنے وہاں آنا چھوڑ دیا اسی طرح حق تعالیٰ کی اس قدر عطایا اور بے انتہا رحمتیں ہیں کہ ہم لوگوں کو ناز ہوگیا اور اپنی جہالت سے

یہ سمجھ گئے کہ ہم بھی محبوب ہین بس لگے نخرے بھگارنے مگر چونکہ ناز کی لیاقت نہین ایسے ناز کا
انجام بجز ہلاکت کے کیا ہوگا جیسے کسی بیوقوف نے ایک سپاہی کو دیکھا کہ وہ اپنے گھوڑے کو دانہ کھلا رہا
ہے اور وہ گھوڑا کبھی ادہر منہ کرلیتا ہے کبھی اُدہر منہ پھیرتا ہے اور یہ شخص جس طرف وہ منہ کرتا ہی
اُسی طرف دانہ لیجاتا ہے اور کبھی اُسکی پیٹھ سہلاتا ہے اور کبھی منہ پر ہاتھ پھیرتا ہے اور کہتا جاتا ہے
کہ بیٹا کھاؤ اس بیوقوف نے جب یہ دیکھا تو اپنے دلمین کہا کہ مجھسے تو یہ گھوڑا ہی بہتر ہے میری
بیوی تو مجکو بڑی ذلت سے روٹی دیتی ہے آج سے گھوڑا بنا چاہئے یہ سوچکر گھر پہونچے اور بیوی کو
کہا کہ آج تو ہم گھوڑے بنینگے ۔ وہ بھی بڑی شوخ تھی اُسنے کہا کہ میری بلا سے آپ گھوڑے بنین یا
گدہے اس شخص نے کہا کہ مین گھوڑا بنتا ہون تم میری پیٹھ سہلانا اور دانہ میرے سامنے لانا اور
یہ کہنا کہ بیٹا کھاؤ مین ادہر اُدہر منہ پھیرونگا غرض یہ اُلو کی دم گھوڑے کیطرح کھڑا ہوا بیوی صاحبہ
بھی عقلمند تھین ایک چادر جھول کی بجائے اس پر ڈالی اور اگاڑی پچھاڑی اسکی باندہ دی اور دم
کی جگہ جہاڑو لگا دی اور دانہ سامنے لائی اور کہا بیٹا کھاؤ رات کا وقت تھا اور اتفاق سے چراغ
پیچھے رکھا تھا جب اس نے ادہر اُدہر منہ پھیرا اور دولتیان چلائین چراغ کی لو جہاڑو مین لگ گئی
اور آگ بھڑک اُٹھی بدحواسی مین یہ تو خیال نہ رہا کہ رسیان کھولدے شور مچا دیا کہ لوگو دوڑو میرا گھوڑا
جلگیا محلہ والون نے جانا کہ یہ پاگل یا مسخرہ ہے اسکے یہان گھوڑا کہان یہ یون ہی بیہودہ بکتا ہی
غرض وہ گھوڑے صاحب وہان ہی جل بھنکر خاک سیاہ ہوگئے یہ انجام ہوتا ہے ایسے نخرے اور
ناز کا صاحبو! ناز کے لئے صورت بھی تو ہنوالو جب ناز زیبا ہوگا مولانا فرماتے ہین ؎

ناز را روئے بباید ہمچو ورد
زشت باشد روئے نازیبا وناز
چون نداری گرد بدخوئی مگرد
عیب باشد چشم نابینا وناز

ہمارا کیا ناز ہمکو تو نیاز چاہئے لیکن حق تعالیٰ کے کرم اور رحمت بے انتہا سے ہم لوگون کی عادتین
بگڑ گئی ہین چاہئے تو یہ تھا کہ جس قدر رحمت ہوتی شرماتے اور تضرع ونیاز زیادہ ہوتی مگر یہان بالعکس ہی
اسلئے ایک بزرگ فرماتے ہین کہ اگر مجکو یہ کہا جاوے مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيْمِ یعنی کس شے نے دہوکہ
مین ڈالا تجکو اپنے رب کریم کیساتھ تو مین جواب دونگا قَدْ غَرَّنِیْ کَرَمُكَ یعنی آپکے کرم نے مغرور
کردیا یعنی مین خلاف مقتضائے کرم اس کرم پر مغرور ہوگیا مقصود یہ ہے اور اس کو عذر گردانا

ناز کا انجام ہلاکت ہے ایک حکایت تمثیلی

مقصود نہین پس یہ سارا ناز اس وجہ سے ہے کہ حق تعالیٰ کی عطایا زائد ہین اور مواخذات کم ہین اور اگر یہ ہوتا کہ جب گناہ کرتے تو غیب سے ایک چپت لگتا تو تمام ناز ایکطرف رکھا رہ جاتا اور کبھی گناہ نہوتا چنانچہ بعض بزرگون کیساتھ ایسا معاملہ ہوا بھی ہے ایک بزرگ خانہ کعبہ کا طواف کر رہے تھے اور نہایت خوف زدہ تھے اور بکتے جاتے تھے اللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنْکَ کسی نے اُنسے پوچھا کہ آپکی کیا حالت ہے اُنھون نے فرمایا کہ طواف کرتے ہوئے مینے ایک لڑکے کو نظر بد سے دیکھ لیا تھا غیب سے میری آنکھ پر ایک ایسا زور سے چپت لگا کہ میری آنکھ پھوٹ گئی اور یہ ارشاد ہوا ان عدتم عدنا یعنی اگر تم پھر کروگے تو ہم پھر بھی سزا دینگے غرض حق تعالیٰ پر ایسا ناز ہے کہ اُسکی وجہ سے ہر شخص اپنے کو کسی نہ کسی رحمت کے حصہ کا مستحق سمجھتا ہے۔ چنانچہ اتنا تو ضروری جانتا ہو کہ مجکو کھانے پہننے کو ملے اور اگر اسمین کچھ کمی ہوتی ہے تو شکایت کرتا ہے اگر یہ شخص اپنے کو مستحق نہ جانتا تو شکایت نکرتا اسلئے کہ شکایت اُسی کی کیا کرتے ہین جس پر حق سمجھتے ہین ایک گنوار کا بیٹا مرگیا تھا تو آپ کہتے ہین کہ میرے بیٹے کو تو ماردیا اور عیسی (علیہ السلام) جو ذرا نام لگ گیا تھا اُسکو گود مین اُٹھا لیا مگر اللہ اکبر کیا رحمت ہے سب کچھ سنتے ہین اور کچھ سزا نہین دیتے اور دوسری مثال لیجئے دیکھئے اگر کسی کو دس روپیہ ماہوار ملتے ہین تو اُن پر تو شکر نہین کرتا اور اگر کمین سے زائد ملجاوے تو اُسکو رحمت حق تعالیٰ کی جانتا ہے اس پر شکر کرتا ہے یہ صاف دلیل ہے اسکی کہ اُن دس روپیہ کا اپنے کو مستحق جانتا ہے ایک جاہل اکھڑ کے سامنے کسینے دال روٹی کھائی اور کہا کہ الحمد للہ اے اللہ تیرا شکر ہے تو بیوقوف کہتا ہے کہ توبہ توبہ ایسے ہی لوگون نے اللہ میان کی عادت بگاڑ دی کہ دال روٹی کھا کر شکر کرتے ہین بس وہ انکو دال روٹی ہی دیتے ہین ہمتو بدون بکرے کے کبھی شکر نہین کرتے پس ہمکو وہ بکرے دیتے ہین نعوذ باللہ بہرحال ہر شخص اپنے کو کسی نہ کسی حصہ رحمت کا مستحق سمجھتا ہے حالانکہ یہ غلطی ہے اگر کوئی شخص ایسا جانتا ہو جیسا کہ طرز

ف مطلب یہ ہے کہ سزا کا ہمکو صاف علم ہوتا کہ یہ گناہ کی سزا ہے اور اسباب ظاہرہ کے ساتھ اُس کا تعلق نہ جانتے ورنہ گناہون پر تو مصائب و حوادث آفاقی و انفسی سے نہایت لطیف انداز سے سزا ہوتی ہے اور بہت اور بہت سے معاف بھی ہو جاتے ہین لیکن ہمکو اپنی جہالت اور اسباب پرستی کی وجہ سے اسکا احساس نہین ہے اور اگر تھوڑے غور و فکر سے کام لین تو اُسکا ادراک کالشمس فی النہار ہونے لگے اور یہ سزا ہونا بھی عین رحمت ہے ۱۲ جامع عفی عنہ

معاملہ سے معلوم ہوتا ہے تو اسکو اس غلطی کی اصلاح کرلینا چاہئے اسلئے کہ اس کا تعلق عقیدہ سے ہے
معتزلہ کو بھی اس مسئلہ مین غلطی ہوئی ہے وہ کہتے ہین کہ اللہ تعالےٰ کے ذمہ ہمارا حق ہے اور انکو یہ
دہوکہ ہوا ہے قرآن شریف کی بعض آیتون کے نہ سمجھنے سے چنانچہ ارشاد ہے وکان حقا علینا
نصر المومنین یعنی مومنین کی نصرت ہمپر حق ہے اس آیت اور ایسکے ہم معنی اور آیات سے معتزلہ
نے یہ سمجھا کہ حق تعالیٰ کے ذمہ بندون کا حق ہے لیکن اہل سنت سمجھ گئے کہ یہ دہوکہ ہے
اسلئے کہ حق تعالیٰ غنی بالذات اور لایسئل عما یفعل انکی صفت ہے اُن پر کسی کا حق نہین
ہوسکتا جسکے ساتھ جو معاملہ چاہین کرین وہ سب مستحسن ہی اور معنی ان آیات کے یہ ہین کہ اس صیغہ سے ہمکو
نصرت وغیرہا کا یقین دلایا گیا ہے اسکو وعدۂ تفضل کہتے ہین جیسے کوئی حاکم کسی امیدوار سے
کہے کہ اب تم یقین رکھو اب ہمنے تمہارا یہ کام ضروری سمجھ لیا ہے تو وہ امیدوار وسائل جانتا ہے
کہ یہ حاکم کی مہربانی ہے ورنہ کرنا نہ کرنا دونون قانوناً انکے اختیار مین ہی انکے ذمہ لازم نہین خلاصہ
یہ ہے کہ رحمت کے دو درجہ ہین ایک کا تعلق تو اسکی ضروریات سے ہے جسکا اپنے کو مستحق سمجھتا ہے
اُس درجہ کو تو رحمۃ فرمایا اور دوسرا زائد اُسکو فضل سے تعبیر فرمایا اور آیت کے الفاظ مین غور کرنے
سے معلوم ہوتا ہے کہ یہان مراد رحمت و فضل سے قرآن مجید ہے اور اسمین بھی یہی دو درجہ ہین
ایک وہ درجہ جو مدار ہماری نجات کا ہے وہ تو ضرورت کا مرتبہ ہے اور ایک وہ جو اس سے زائد ہی
بہرحال دونون سے مراد قرآن مجید ہے اور اس پر خوش ہونیکا امر ہے یہ تفسیر اور گفتگو تو الفاظ
آیت کے خصوصیت مین نظر کرنیکے اعتبار سے تھی اب قرآن مجید مین دوسرے مقامات پر
دیکھنا چاہئے کہ ان دونون لفظون سے کیا مراد ہے تو جاننا چاہئے کہ قرآن مجید مین یہ دونون
لفظ بکثرت آئے ہین کہین دونون سے ایک ہی معنی مراد ہین کہین جدا جدا چنانچہ ایک مقام پر ارشاد ہے
ولولا فضل اللہ علیکم ورحمتہ لکنتم من الخسرین یہان اکثر مفسرین کے نزدیک فضل اور رحمت سے
حضور کا وجود باجود مراد ہے اور دوسری جگہ ارشاد ہے ولولا فضل اللہ علیکم ورحمتہ لاتبعتم
الشیطان الا قلیلا یہان بھی بقول اکثر مفسرین حضور ہی مراد ہین ایک مقام پر ارشاد ہے ولولا
فضل اللہ علیک ورحمتہ لھمت طائفۃ منھم ان یضلوک ۔ یہان مراد فضل اور رحمت سے
قرآن مجید ہے اور بعض آیات مین فضل سے مراد رحمت دنیوی اور رحمت سے رحمت دینی مراد ہے

معتزلہ کی غلطی اس مسئلہ میں کہ وہ اللہ تعالیٰ پر اپنا حق سمجھتے ہیں مع جواب

اس آیت میں رحمت و فضل سے قرآن مجید مراد ہے

دوسری آیات میں لفظ رحمت اور فضل سے کیا کیا مراد ہے

چنانچہ فضل بمعنی رزق نفع دنیوی قرآن مجید مین آیا ہے چنانچہ ارشاد ہے لیس علیکم جناح ان تبتغوا فضلا من ربکم. یہان فضل سے مراد تجارت ہے اسلئے کہ یہ آیت حج کے موقع کی ہے بعض لوگ مال تجارت حج کے سفر مین ساتھ لیجانیکو مکروہ جانتے تھے انکو ارشاد ہے کہ اسمین کچھہ گناہ نہین کہ تم (حج مین) اپنے رب کا فضل طلب کرو۔ حدیث شریف مین بھی رحمت سے رحمت دینی اور فضل سے رحمت دنیوی یعنی رزق یا اسباب رزق مراد ہے چنانچہ ارشاد ہے کہ جب مسجد مین داخل ہو تو یہ کہو اللّٰھمّ افتح لنا ابواب رحمتک یہان رحمت سے رحمت دینی مراد ہے اسلئے کہ مسجد مین وہی مطلوب ہے اور جب مسجد سے نکلو تو یہ کہو اللّٰھمّ افتح لنا ابواب فضلک اسلئے کہ مسجد سے باہر جاکر تحصیل معاش مین مشغول ہوجاتے ہین تو وہان اسکی طلب ہے اور لیجئے سورۂ جمعہ مین ارشاد ہے فاذا قضیت الصلوٰۃ فانتشروا فی الارض وابتغوا من فضل اللہ۔ یہان فضل سے مراد رزق ہے پس مجموعہ تمام تفاسیر کا دنیوی رحمتین اور دینی رحمتین ہوا اس مقام پر ہرچند کہ آیت کے سیاق پر نظر کرنیکے اعتبار سے قرآن مجید مراد ہے لیکن اگر ایسے معنی عام مراد لئے جاوین کہ قرآن مجید بھی اسکا ایک فرد ہے تو یہ زیادہ بہتر ہے وہ یہ ہو کہ فضل اور رحمت سے مراد حضور کا قدوم مبارک لیا جاوے اس تفسیر کے موافق جتنی نعمتین اور رحمتین ہین خواہ وہ دنیوی ہون یا دینی اور اس مین قران بھی ہے سب اسمین داخل ہوجاوینگی اسلئے کہ حضور کا وجود باجود اصل ہے تمام نعمتون کی اور مادہ ہے تمام رحمتون اور فضل کا پس یہ تفسیر اجمع التفاسیر ہوجاویگی پس اس تفسیر کی بنا پر حاصل آیت کا یہ ہوگا کہ ہمکو حق تعالیٰ ارشاد فرماتے ہین کہ حضور کے وجود باجود پر خواہ وجود نوری ہو یا ولادت ظاہری اس پر خوش ہونا چاہئے اسلئے کہ حضور ہمارے لئے تمام نعمتونکے واسطہ ہین حتی کہ ہمکو جو روٹیان دو وقت مل رہی ہین اور عافیت اور تندرستی اور ہمارے علوم یہ سب حضور ہی کی بدولت ہین اور یہ نعمتین تو وہ ہین جو عام ہین اور سب سے بڑی دولت ایمان ہے جسکا حضور سے ہمکو پہونچنا بالکل ظاہر ہے غرض اصل الاصول تمام مواد فضل و رحمت کی حضور کی ذات بابرکات ہوئی پس ایسی ذات بابرکات کے وجود پر جس قدر بھی خوشی اور فرح ہو کم ہے۔ بہرحال اس آیت سے عموماً یا خصوصاً یہ ثابت ہوا کہ اس نعمت عظیمہ پر خوش ہونا چاہئے اور ثابت بھی ہوا نہایت ابلغ طرز سے اسلئے کہ اول تو جار مجرور بفضل اللہ کو مقدم لائے کہ جو مفید حصر کو ہے

اُسکے بعد رحمت پر پھر جار کا اعادہ فرمایا کہ جس سے اُنمین استقلال کا حکم پیدا ہوگیا پھر اسی پر اکتفا نہین فرمایا بلکہ اُسکو مزید تاکید کیلئے فبذلک سے مکرر ذکر فرمایا اور ذلک پر جار اور فاء عاطفہ کو لائی تاکہ اُنمین اور زیادہ اہتمام ہوجاے پھر نہایت اہتمام در اہتمام کی غرض سے فلیفرحوا پر فاء لائی کہ جو مشعر ہے ایک شرط مقدر کیطرف اور وہ ان فرحوا بشیء ہے حاصل یہ ہوا کہ اگر کسی شئے کیساتھ خوش ہون تو اللہ ہی کے فضل اور رحمت کیساتھ پھر اسی کیساتھ خوش ہون یعنی اگر دنیا مین کوئی شئے خوشی کی ہے تو یہی نعمت ہی اور اسکے سوا کوئی شئے قابل خوشی کے نہین ہی اور اس سے بدلالۃ النص یہ بھی ثابت ہوگیا کہ یہ نعمت تمام نعمتون سے بہتر ہے لیکن چونکہ ہم لوگون کی نظرون مین دنیا اور دنیا ہی کی نعمتین ہین اور اُسی مین ہمکو انہماک ہے اسلئے اس پر بس نہین فرمایا آگے اور نعمتون پر اسکی تفضیل کیلئے صراحتاً ارشاد ہوا ھو خیر مما یجمعون یعنی یہ نعمت اُن تمام چیزون سے بہتر ہے جنکو لوگ جمع کرتے ہین یعنی دنیا بھر کی نعمتون سے یہ نعمت افضل و بہتر ہے پس جس نعمت پر حق تعالیٰ اس شد و مد کے ساتھ خوش ہونیکا حکم فرماوین وہ کس طرح خوش ہونیکے قابل نہوگی یہ حاصل ہوا اس آیت کا جو مبنی ہے اس پر کہ فضل اور رحمت سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم مراد لئے جاوین اور دوسرے مقام پر اس سے بھی صاف ارشاد ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ واقعی خوشی کی شئے دنیا مین اگر ہے تو حضور ہی ہین اور اُس مین ما بہ الفرح یعنی حضور کے وجود باجود پر جو خوشی کا امر ہے وہ کس بنا پر ہے اور حیثیت و جہت فرح کی کیا ہے یہ بھی مذکور ہے وہ آیۃ یہ ہے ارشاد ہے لقد من اللہ علی المؤمنین اذ بعث فیہم رسولا من انفسہم یتلو علیہم آیاتہ ویزکیہم ویعلمہم الکتاب والحکمۃ وان کانوا من قبل لفی ضلال مبین یعنی حق تعالیٰ نے مومنین پر احسان فرمایا کہ اُنمین ایک رسول اُنکے جنس سے بھیجا کہ وہ اُنپر اُنکی آیتین تلاوت کرتے ہین اور اُنکو (ظاہری و باطنی نجاستون و گندگیون سے) پاک کرتے ہین اور اُنکو کتاب و حکمت سکھلاتے ہین اور بیشک وہ اس سے پہلے ایک کھلی گمراہی مین تھے اس آیت مین یتلو علیہم آیاتہ ویزکیہم الخ سے صاف معلوم ہو رہا ہے کہ اصلی خوشی کی چیز اور ما بہ الفرح والمنۃ یہ ہے کہ حضور ہمارے لئے سرمایۂ ہدایت ہین تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ حضور کے متعلق خوش ہونیکی بہت سی چیزین

حضور کے وجود باجود پر خوشی کا امر ہے اس میں ما بالفرح کا بیان

ع ۵ بہانسے یہ بھی معلوم ہوا کہ اصلی شئے خوشی کی اور قابل اعتماد اللہ تعالیٰ کا ہمکو ایمان عطا فرمانا ہے کہ جو محض فضل ہے پس ذلک خیر مما یجمعون سے بھی فضل اور رحمت مراد ہے اور مما یجمعون اپنے عموم سے تمام احوال باطنہ کو بھی شامل ہے کہ اُن پر بھی سالک کو اگر خوشی ہو تو اسی حیثیت سے ہونا چاہئے کہ فضل ہے اپنے کسب کو مطلق دخیل نہ سمجھے ۱۲ جامع عفی عنہ

مثلاً حضور کی ولادت اور حضور کی بعثت اور حضور کے دیگر تمام حالات مثلاً معراج وغیرہ یہ سب حالات
واقعی خوشی ہونیکے ہین لیکن اس حیثیت سے کہ ہمارے لئے یہ مقدمات ہین ہدایت سعادت ابدی کے چنانچہ
اس آیت سے صاف ظاہر ہے اسلئے کہ بعثت کیساتھ یہ صفات بھی بڑہائی ہین یتلوا علیہم آیاتہ و
یزکیہم الخ پس بقاعدہ بلاغت ثابت ہوتا ہے کہ اصل مایہ المنت یہ صفات ہین باقی ولادت شریفہ
فی نفسہا یا معراج وہ بھی باعث خوشی زیادہ اسی لئے ہین کہ مقدمہ ہین اس دولت عظیمہ کے اسلئے
کہ اگر ولادت شریفہ نہوتی تو ہمکو یہ نعمت کیسے ملتی اور اسی فرق کیوجہ سے اس آیت مین تو اس مقصود کا
ذکر تصریحاً اور قصداً فرمایا اور دوسری آیت مین حضور کے وجود باجود کا ذکر اشارۃً اور ضمناً فرمایا چنانچہ
ارشاد ہے لعمرک انہم لفی سکرتہم یعمہون اسمین حضور کی بقا اور وجود کو مقسم بہ بنایا ہے اور یہ ظاہر
ہے کہ قسم مین جواب قسم مقصود ہوتا ہے اور مقسم بہ کو تبعاً ذکر کیاجاتا ہے اور ایک مقام پر حضور کی
ولادت شریفہ کو بھی اسی طرح ذکر فرمایا ہے. فرماتے ہین لا اقسم بھذا البلد وانت حل بھذا البلد و
والد وما ولد چنانچہ ما ولد کی تفسیر مین بعض مفسرین کا قول ہے کہ اسکے مصداق حضور کی ذات والا صفات ہین
مگر اس اہتمام سے نہین جیسا آیۃ لقد من اللہ الخ مین نبوت اور بعثت اور ہدایت اور تزکیہ کو بیان
فرمایا ہے اور اسی فرق کیوجہ سے فرحت مین بھی تفاوت ہوگا کہ جسقدر ولادت شریفہ پر فرحت ہونا
چاہئے اس سے زائد نبوت شریفہ پر ہونا چاہئے اگر ذکر ولادت شریفہ کیلئے مجلس منعقد کیجاوے تو ذکر
نبوۃ مبارکہ کیلئے بطریق اولی کیجاوے اور اسی طرح ان اہل مجالس کو چاہئے کہ معراج شریف اور فتح مکہ
معظمہ اور حضور کے غزوات مبارکہ اور ہجرۃ کی بھی مجالس منعقد کیا کرین اسلئے کہ جیسے ولادت شریفہ
حضور کا ایک حال ہے اسی طرح یہ بھی تو حضور ہی کے حالات ہین بلکہ بعض ان مین سے ولادت شریفہ سے
بڑھکر ہین اگر کوئی کہے کہ آجکل مجلس ولادت شریفہ مین حضور کے سب حالات کا اور احکام کا بھی ذکر کیا جاتا
ہے حضرت بس رہنے دیجئے اور حالات کا ذکر محض تعلقاً نہ بری کے یا صرف یا لا سا چھوا نیکے طور پر ہوتا
ہے بخلاف ذکر متعلق ولادت شریفہ کے کہ وہ ذکر نور سے لیکر وقت وضع و رضاع وغیرہ تک کیا جاتا
ہے اور اگر کوئی مولوی نماز روزہ کے احکام مجلس مولود مین بیان کردیتا ہے تو مین نے اہل مولد مین
سے ایک بزرگ سے سنا ہے کہ یہ کہتے تھے کہ لوگون نے آجکل یہ نئی رسم نکالی ہے کہ وعظ کہتے ہین
نماز روزہ کا اور نام کرتے ہین ذکر ولادت کا یہ خیالات ہین اہل مولد کے حالانکہ حق تعالی کے

کلام سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ زیادہ فرحت کے قابل یہی شے ہے جیسا میں نے پہلی آیۃ لقد من
اللّٰہ الخ کے ذیل میں بیان کیا ہے اب تبلائیے اس پر فرحت کون کرتا ہے اور وجہ اسکی یہ بھی
کہ ذکر ولادت میں بوجہ اسکے کہ لڑکے خوش الحان گاتے ہیں اور مضامین و روایات بھی اکثر موضوع
اور عجیب ہوتی ہیں اور اگر روایات صحیحہ بھی ہوں تو وہ ایک واقعہ اور قصہ ہے جو طبعاً دلکش ہے اسلئے اسکے
سُننے میں نفس کو حظ ہوتا ہے اور احکام میں کوئی خاص مزہ نہیں اسلئے کہ انمیں تو یہی ہوگا یہ کرو وہ کرو
تو اسمیں کیا مزہ آیا حالانکہ اصل سب مزون کی احکام ہی ہیں ایک مدت تک اُن پر التزام کیجیے اور
نفس کو خوگر بنائیے پھر اُس میں روحانی لطف دیکھئے لیکن اس میں تو لوہے کے چنے چبانے
پڑتے ہیں اور زہر کے گھونٹ پینے پڑتے ہیں اسلئے اس سے نفس بھاگتا ہے اور واقعات مولد
شریف کے ذکر میں صرف سن لینا ہوتا ہے اسلئے اسمیں نفس کو مزا آتا ہے اسی سے اُس کا
اہتمام کرتے ہیں اسی طرح تصوف کے رنگین مضامین اور عاشقانہ اشعار کی کیفیت ہے چونکہ
اسمیں افعل لاتفعل نہیں ہے اسلئے خوب مزا آتا ہے سر ہلتے ہیں بلکہ یہاں تک دیکھا جاتا ہے کہ
جو لوگ اُن اشعار و مضامین کو سمجھتے بھی نہیں اُن کو بھی وجد آتا ہے ایک قوال یہ شعر گا رہا تھا
؎ بگزید یار عشقت جگر کباب کردمارا۔ ایک گنوار کو وجد آگیا اُس سے پوچھا کہ تو نے کیا سمجھا
جو تجکو وجد آیا اُسنے کہا کہ یہ یوں کہتا ہے ڈگرے کا باپ مارا ڈگرا کہتے ہیں ہندی میں نفس کو
ہمنے یہاں تک دیکھا ہے کہ ہندوؤں کے یہاں اور رنڈیوں کے یہاں مروج مولد شریف ہوتا
ہے کہ اس میں حظ نفس ہے ورنہ ہندوؤں کو اس سے کیا تعلق غرض قرآن مجید سے تو یہ ثابت
ہوتا ہے کہ زیادہ اہتمام کے قابل نبوت اور بعثت کا ذکر ہے اور ذکر ولادت اگر کہیں آیا
ہے تو اشارۃً یا اجمالاً آیا ہے اگر کوئی کہے کہ حق تعالیٰ نے سورہ مریم میں یحییٰ علیہ السلام اور
عیسیٰ علیہ السلام کی ولادت کا قصہ مفصلاً بیان فرمایا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ قصہ مولد
عیسیٰ و یحییٰ علیہما السلام کی تفصیل بیان کرنا بھی قابل خاص اہتمام کے ہے پس اس پر ہم حضور کی
ذکر ولادت کو بھی قیاس کرتے ہیں بات یہ ہے کہ ؎ حفظت شیئاً وغابت عنک
اشیاء۔ آپنے یہ تو دیکھ لیا کہ ان حضرات کی ولادت کا قصہ اہتمام سے بیان فرمایا ہے
مگر یہ نہیں دیکھا کہ کیوں اور کس حیثیت سے ذکر فرمایا اُنکے قصہ ولادت کے اہتمام کی وجہ یہ ہے کہ ان

مجلس میلاد میں ... احکام ... اور مجلس وعظ ... [illegible]

قصہ ولادت عیسیٰ و یحییٰ علیہما السلام مذکورہ سورۂ مریم سے ... کا جواب

دونون حضرات کی ولادت ایک عجیب طریقہ سے خرق عادت کے طور پر ہوئی ہے یحییٰ علیہ السلام
کے ماں باپ تو بوڑہے بہت تہے کہ اسباب ظاہرہ کے اعتبار سے اُنمین صلاحیت ہی
توالد وتناسل کی نہ تہی چنانچہ ارشاد ہے واصلحنالہ زوجہ اسلئے اُنکی ولادت عجیب تہی اور
عیسیٰ علیہ السلام بے باپ کے ہوئے اسلئے اُنکی ولادت اس سے بہی زیادہ عجیب تہی پس حق
تعالیٰ نے ان دونون قصوں سے قدرت اور توحید پر استدلال فرمایا ہے یہ وجہ ہے ان
قصوں کے بالاہتمام ذکر کرنیکی اور حضور کی ولادت شریفہ عادت کے موافق ہوئی ہے پس اس سے
مطلقاً ذکر مولد شریف کی تفصیل کا ذکر نبوت وہجرت کی برابر محل اہتمام ہونا ثابت نہین ہوتا مگر
آج کل بعض لوگون نے خود اس مقدمہ مین بہی کلام شروع کیا ہے کہ آپکی ولادت شریفہ بطریق
متعارف ہوئی ہے چنانچہ ایک شخص کا میرے پاس خط آیا تہا اُنہین پوچہا تہا کہ کیا حضور بہی اپنی
والدہ شریفہ کے بطن سے اسیطرح پیدا ہوتے جیسے اور آدمی ہوتے مین اور کسیکا قول نقل کیا تہا کہ ران سے پیدا
ہوئے مین اسلئے کہ حضور کی شان اس سے ارفع ہے کہ محل غیر طاہر سے پیدا ہون اور پوچہا تہا کہ
اسکی کیا دلیل ہے کہ طریق معہود سے پیدا ہوئے ہین مین کہتا ہون کہ ان سائلون کو ایسے امور کے پوچہنے سے
شرم نہین آتی بہت بیحیائی اور بے ادبی اور گستاخی کی بات ہے میرا جی تو چاہتا نہ تہا کہ اس خط کا
جواب لکہون لیکن طوعاً و کرہاً لکہا تا کہ ان مخالفین کو یہ کہنے کی گنجایش نہ ہے کہ اہل حق کے پاس کوئی دلیل
نہین مین نے جواب مین یہ لکہا کہ روایات مین حضور کی ولادت کے متعلق یہ الفاظ آئے ہین ولد النبی صلی
اللہ علیہ وسلم اور یہ مقدمہ مسلمہ ہے کہ جب تک مجاز کے قرائن نہون تو الفاظ اپنے حقائق پر محمول ہوتے
ہین یعنی جبتک معنی حقیقی بن سکین مجاز کی طرف رجوع نہ کیا جاویگا اور یہ بہی مسلم ہے کہ علامت حقیقت کی
تبادر الی الفہم عند الخلو عن القراین ہے پس ان سب مقدمات سے ولد مین ولادت سے طریق معہود ہی سے
پیدا ہونا مراد لیا جاویگا یہ دلیل ہے اسکی کہ حضور بہی اسی طریق سے دنیا مین تشریف لائے ہین اب جو لوگ اسکی کوشش
کرتے ہین کہ حضور کی ولادت شریفہ کو عجیب طریقہ سے ثابت کرین اور عادت معروفہ کے موافق
پیدا ہونے کو قدح جانتے ہین حالانکہ اقرب الی الحکمۃ اُنکی شان کے اعتبار سے یہی ہے کہ جس طرح
عادۃ اللہ جاری ہے آپ اسیطرح پیدا ہون تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ یہ امر مسلم ہے کہ آدمی کو زیادہ
اُنس اُس شے سے ہوتا ہے جس سے کچہ مناسبت ہو اور جس قدر مناسبت زیادہ ہوگی اُنس زیادہ ہوگا اور

جسقدر مناسبت کم ہوگی اوسی قدر اُس سے توحش بڑہیگا اسی واسطے آدمی کو اپنے ہمجنس کیطرف زیادہ میلان
ہوتا ہے اور جانورون کیطرف کم ہے اور جنون سے اور بھی کم بلکہ توحش ہے اور اسی وجہ سے انبیاء علیہم السلام سب
آدمی ہوئے ہین فرشتون کو نبی بناکر نہین بہیجا گیا ہے اسلئے کہ اُنسے آدمیون کو توحش ہوتا اور جب
توحش ہوتا تو افادہ اور استفادہ ممکن نہین اسلئے سب عاقل آدمی ہوئے ہین جب یہ امر سمجہ مین آگیا تو اس
کے بعد سمجنا چاہیے کہ حق تعالی کو منظور ہوا کہ حضور کو محبوبیت کاملہ عطا فرمادین اور کسی کو ذرہ برابر بھی
حضور سے توحش نہو پس اسلئے بجز معجزات کے حضور کی اور کوئی حالت ولادۃ وغیرہ بھی معمول
کے خلاف نہین بنائی اسلئے کہ اگر عادۃ جاریہ کے ذرا خلاف بھی کوئی بات ہوتی تو مناسبت
مین اور پہر اسکے سبب اُنس مین کمی ضرور ہوجاتی پس ولادت بھی حضور کی کسی نئی طرز سے نہین ہوئی
اور یہی آپکی شان محبوبیت وافادہ کیلئے مناسب ہے اور اسکے خلاف کو ثابت کرنا اس حکمت کو
نظر انداز کرنا ہے بلکہ یہ حکمت یہان تک مرعی رکھی گئی ہے کہ حضور کے اکثر کمالات بھی کہ انہین معجزات بھی
داخل ہین نہایت لطیف ہین جنکا عجیب ہونا امعان نظر کو مقتضی ہے حتی کہ قرآن مجید جو حضور کا بڑا معجزہ
ہے وہ بھی سرسری نظر مین عجیب اور اعجاز کی شان انمین معلوم نہین ہوتی اسی واسطے کفار نے کہا تہا
لونشاء لقلنا مثل ھذا یعنی اگر ہم چاہین تو ہم بھی ایسا کلام کہدین لیکن اُن لوگون نے جب غور کیا اور
اپنی انتہائی قوت اسکے مقابلہ مین صرف کردی تو دانت کہٹے ہوگئے حالانکہ بڑے فصیح اور بلیغ تھے
لیکن ایک سورۃ بھی ویسی نہ لاسکے باوجود اسکے کہ حق تعالی نے اُنکو جوش دلانیکے لئے علی الاعلان
فرمایا فاتوا بسورۃ من مثلہ یعنی لے آؤ کوئی سورت اس جیسی اسکے بعد اُن کے عجز کو بھی خود فرمایا
ولن تفعلوا یعنی تم ہرگز ایسی سورۃ نہ لاسکوگے اسکو سنکر اہل عرب کو کیا کچھ جوش آیا ہوگا اور کس قدر
بل کہائے ہونگے لیکن مقابلہ نہین کرسکے اور اسی پر اکتفا نہین فرمایا بلکہ آگے ارشاد ہے فاتقوا النار
التی وقودھا الناس والحجارۃ اعدت للکافرین ۝ یعنی اگر تم اسکا مثل نہ لاسکو تو اُس آگ سے بچتے
رہو جو کافرون کیلئے تیار کیگئی ہے۔ غرض یہ معجزہ بھی نہایت غامض اور لطیف ہے اسی طرح حضور کی
ہر شان اور کمال ایسا ہی لطیف ہے جیسے کسی شاعر نے کہا ہے ۝ یزیدک وجھہ حسنا اذا
ما زدتہ نظرا۔ یعنی محبوب کا چہرہ تیرے لئے حُسن کو بڑہا دیتا جب تو اُس پر نظر زیادہ کرتا ہے چنانچہ
بعضون کا حسن تو ایسا ہوتا ہے کہ دور سے وہ اچہے معلوم ہوتے ہین لیکن پاس سے دیکھو تو کچھ بھی

حضور کے کمالات نہایت لطیف ہین

نہین جیسے شیخ شیرازی فرماتے ہین ؎ بس قامت خوش کہ زیر چادر باشد * چون باز کنی مادر مادر
باشد - اور بعضے دور سے اور سرسری نظر مین معمولی معلوم ہوتے ہین لیکن جس قدر غور کرو خوبیان معلوم ہوتی
جاتی ہین حضور کے کمالات بھی ایسے ہی ہین کہ انمین سادگی تو اسدرجہ ہے جیسے کسی شاعر نے کہا ہی

دلفریبان نباتی ہمہ زیور بستند	دلبر ماست کہ با حسن خدا داد آمد

اور نظر تامل کے بعد دلربائی کی یہ حالت ہے ؎

ز فرق تا بقدم ہر کجا کہ می نگرم	کرشمہ دامن دل میکشد کہ جا اینجاست

پس ولادت بھی حضور کی کسی عجیب طریقہ سے نہین ہوئی اور ولادۃ عیسویہ نہایت عجیب طریقہ سے
ہوئی اور چونکہ اس سے توحید پر استدلال مقصود ہے اسلئے اسکو اہتمام سے بیان بھی فرمایا خلاصہ
یہ ہی کہ مدار منت اور فرحت کا شان یتلوا علیہم آیاتہ ویزکیہم الخ کی ہے اور ولادت شریفہ اور
نشو ونما کے واقعات کی خوشی بھی اسی واسطے ہے کہ وہ واسطہ ہی اس دولت کی تحصیل کا خوب کہا ہی ؎

آن روز کہ مہ شدی نمی دانستی	کانگشت نمائے عالمے خواہی شد

چند ابیات مثنوی مولانا روم کی مع شرح مختصر بمناسبت مقام

پس اصل مین جو مقصود حالت بدریت کی ہی لیکن ہلالیت کی خوشی بھی اسی واسطے ہے کہ وہ ذریعہ
بدریت کا ہے پس اصل سرور تو اسکا ہے کہ ہمکو حضور نے بڑی نعمت عطا فرمائی باقی اسکے جس قدر
اسباب ہین وہ چونکہ اسکے وسائط ہین اسلئے انسے بھی خوشی ہے اسی فرح کو مولانا رومی اپنی مثنوی
شریف مین چند ابیات کے اندر بیان فرماتے ہین جو گویا حاصل ہی ان آیات کے مفہوم کا ان ابیات کو
مع مختصر شرح کے بیان کیا جاتا ہے پس فرماتے ہین ؎

ایہا العشاق اقبال جدید	از جہان کہنہ نو در رسید

یعنی اے عشاق مژدہ ہو کہ نیا اقبال چمکا ہے جو ایک پرانے اور نئے جہان سے پہونچا ہے
اقبال جدید سے مراد قرآن مجید ہے اور جدید اسکو کلام لفظی کے اعتبار سے کہا ہے ورنہ کلام
نفسی اور صفت الٰہیہ کے مرتبہ مین تو وہ قدیم ہے باقی رہی یہ بات کہ کلام لفظی کے اعتبار سے تو
اسکی ایک صفت کو ذکر فرمایا اور کلام نفسی کے اعتبار سے کوئی صفت ذکر نہین کی تو وجہ اسکی یہ ہی
کہ ہمکو جو خطاب ہوا ہے اور ہمکو جو یہ دولت ملی ہی تو اسی لباس یعنی کلام لفظی کیساتھ ملی ہی پس ہمارے نفع مین
یہ شان جدید ہی زیادہ دخیل اور سبب قریب ہوئی گو فی نفسہ قدیم ہے اور اسی صفت کو حق تعالیٰ

سے نے اس آیت مین ذکر فرمایا ہے مایاتیھم من ذکر من ربھم محدث الا استمعوہ وھم یلعبون اور
فرمایا ومایاتیھم من ذکر من الرحمن محدث الا کانوا عنہ معرضین اور جہان سے مراد عالم غیب ہے اور
کہنہ اسکو اسلیئے کہا کہ بہت پرانا ہے اور نو اسلیے کہ اسمین تغیر نہین ہوا الآن کما کان اسکی شان ہے
اور عالم غیب کی تو یہ شان ہے ہی آسمان جو عالم شہادت سے ہے مگر بوجہ منتہائے عالم شہادت
ہونیکے اسکو عالم غیب سے کچھ قرب ہے خود اسکی بھی یہ حالت ہے کہ باوجود اسکے کہ کسقدر پرانا ہے لیکن
اسمین کچھ تغیر نہین ہے چنانچہ حق تعالی ارشاد فرماتے ہین ماتری فی خلق الرحمن من تفاوت فارجع
البصر ھل تری من فطور یعنی اے مخاطب تو اللہ تعالی کی پیدا کی ہوئی شئے مین (آسمان مراد
ہے) کوئی تفاوت نہ دیکھیگا (اگر کچھ شک ہے) پس نگاہ اٹھا کر دیکھہ کیا کہین کوئی رخنہ دیکھتے ہو
آگے کرتا تاکید کیلئے اور نیز اسلیے کہ شاید تمہاری خاطر سے کہدو کہ نہین کہین کوئی فرق نہین اسلئے
ارشاد ہے ثم ارجع البصر کرتین یعنی پھر بار بار نظر دوڑاؤ آگے اسکا نتیجہ ارشاد ہے کہ ینقلب
الیک البصر خاسئا وھو حسیر یعنی ہم پیشینگوئی کرتے ہین کہ تمہاری نگاہ پھر پھرا کر تمہارے
پاس تھکی تھکائی واپس آجائیگی اور کہین کوئی عیب نہ پائیگی خلاصہ یہ ہے کہ مولانا ارشاد فرماتے ہین
کہ اے حق تعالے کے طالبو اے حق کے شیدائیو اے مدتون سے وادی ضلال مین بھٹکنے
والو خوش ہوجاؤ تمہارے اقبال کا ستارہ چمکا ہے یعنی عالم غیب سے قرآن مجید نازل ہوا ہے
کہ راہ حق کیطرف ہادی ہے آگے فرماتے ہین ہ

زان جہان کو چارہ بیچارہ جوست — صد ہزاران نادرہ عالم در وست

زان جہان بدل ہے جہان کہنہ سے جو شعر بالا مین ہے یعنی وہ اقبال جدید اس جہان سے آیا ہے کہ
وہ لاعلاج کا چارہ جو ہے اور لاکھون عجائبات عالم کے اسمین ہین یعنی جو شخص امراض کفر و
شرک و گناہ مین مبتلا ہو کر لاعلاج ہوگیا ہو اور اس جہان کے اطبا نے اسکو جواب دیا ہو تو اسکا
علاج اس جہان سے ہوتا ہے چنانچہ قبل از بعثت مشرکین اور کفار ایسے امراض مین مبتلا تھے کہ
وہ لاعلاج ہوچکے تھے قلوب مسخ ہوگئے تھے شر کو خیر اور خیر کو شر جانتے تھے ہزارون رسوم
جہالت کی آئین وبار عام کیطرح پھیلی ہوئی تھین کہ دفعتہً اقبال جدید کا ستارہ چمکا اور اسنے ایسا
ہدہڑ الا کہ سبکا علاج ہوگیا الا من شاء اللہ اور اگر ایسی زبردست روشنی ان پر نور افشان نہوتی تو

اُنکی درستی کی بالکل امید نہ تھی چنانچہ خود ارشاد فرماتے ہین۔ لم یکن الذین کفروا من اھل الکتاب و المشرکین منفکین حتی تاتیھم البینۃ رسول من اللہ یتلوا صحفا مطھرۃ فیھا کتب قیمۃ۔ یعنی کفار اہل کتاب و مشرکین اپنی گمراہی سے جدا ہونے والے نہ تھے جبتک اُنکے پاس ایک روشن دلیل نہ آجاوے وہ دلیل ایک ایسا رسول ہی جو اللہ کی جانب سے ہے جو پاکیزہ صحیفے پڑھے جسمین راست راست مضامین لکھے ہوئے ہون۔ دوسرے مصرعہ کا حاصل یہ ہے کہ اس جہان ہی عالم کے بیشمار عجائب ہین چنانچہ دوزخ وہان موجود ہے جسکے ہولناک اور عجائبات اور واقعات کی کسی قدر حکایت احادیث مین آئی ہے اور جنت وہان موجود ہے جسکے بیشمار اور بیرون از عقل و قیاس نعمتون کی خبر اللہ و رسول نے دی ہے اسیطرح عالم ارواح اور صراط اور میزان وہان موجود ہین اور ان چیزونکے عجیب ہونے مین کوئی شک نہین چنانچہ اسی وجہ سے ملاحدہ اور فلاسفہ نے انکے وجود ہی کا انکار کردیا ہے آگے ارشاد ہے ؎ ابشروا یا قوم اذ جاء الفرج ＊ افرحوا یا قوم اذ زال الحرج۔ یعنی اے میری قوم خوش ہوجاؤ اسلیے کہ کشادگی آگئی اور اے قوم خوش ہوجاؤ اسلیے کہ تنگی جاتی رہی مطلب ظاہر ہے قال ؎ آفتابے رفت در کازہ ہلال ＊ در تقاضا کہ ارحنا یا بلال۔ ہلال صحابی ہین مولنا نے اُنکی حکایت بیان کی ہے کہ وہ ایک اصطبل مین سائیس تھے وہ بیمار ہوگئے تھے حضور اُن کی عیادت کو وہان ہی تشریف لیگئے تھے حضور کی فیض رسانی کو مولانا بیان فرماتے ہین کہ اور فیض رسان تو ایسے ہوتے ہین کہ طالبین اُنکے دروازہ پر آتے ہین حضور کے اخلاق ایسے تھے کہ ظاہر حال کے اعتبار سے ایک شکستہ حال کے یہان آپ خود تشریف لیگئے حافظ شیرازی رح ایسے ہی لوگونکے بارہ مین فرماتے ہین ؎ مبین حقیر گدایان عشق راکین قوم ＊ شہان بے کمر خسروان بے کلہ اند۔ ایسے ہی حضرات کے بارہ مین حدیث شریف مین وارد ہوا ہے رب اشعث اغبر مدفوع بالابواب لو اقسم علی اللہ لابرہ یعنی بہت سے پراگندہ بال غبار آلودہ دروازون سے دھکے دیے ہوئے اور حالت اُنکی یہ ہے کہ اگر اللہ پر کسی بات کے متعلق قسم کھا بیٹھین یعنی قسم کھاکر یہ کہہ دین کہ اللہ ایسا ہی کرینگے تو اللہ تعالی اُنکو قسم مین سچا کردین اسی شان کو فرمایا ہے حافظ شیرازی رح نے ؎

گدائے میکدہ ام لیک مستی بین	کہ ناز بر فلک و حکم بر ستارہ کنم

اور فلک اور ستارہ پر ناز کرنا کیا تعجب ہے جب یہ حضرات خالق فلک و ستارہ پر ناز کرتے ہین

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی سطوت و شوکت جو قلوب پر تھی اُسکو تو سب جانتے ہی ہین لیکن اسکے ساتھ ہی
عناصر پر بھی آپکی حکومت تھی جیسے بطور کرامت ظاہر ہوتی ہو چنانچہ ایک مرتبہ زمین کو زلزلہ آیا تو آپنے
فرمایا اُسکنی یا ارض یعنی اے زمین ساکن ہو جا زمین فوراً ٹھہر گئی اور سنتے دریائے نیل کی کبھی یہ حالت ہوتی
کہ اُس کا پانی دفعتہً ٹھہر جاتا تھا اور اس قدر نہ بڑھتا تھا جس سے زراعت کی آبپاشی ہو سکے وہان کے
لوگ یہ کرتے تھے کہ ایک کنواری حسین لڑکی کو اُسمین چھوڑ دیتے تھے اُس وقت اُسکا پانی چڑھ آتا
تھا جب مصر فتح ہوا تو لوگون نے یہ قصہ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے
جو امیر لشکر تھے بیان کیا اُنھون نے فرمایا کہ ایسا ہرگز نہو گا مین اسکی اطلاع امیر المومنین کو کرتا ہون
وہ ضرور اسکا انتظام فرمائینگے۔ چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت مین یہ سب قصہ لکھا آپنے
اُسی وقت ایک فرمان دریائے نیل کے نام صادر فرمایا جسکا مضمون یہ تھا کہ "اے نیل تو اگر خدا
کے حکم سے چلتا ہے تو کسی شیطان کے اثر سے مت رُک" اور حضرت عبداللہ کو لکھا کہ یہ پرچہ
دریا مین ڈالدینا۔ چنانچہ حسب الارشاد وہ رقعہ دریا مین ڈالدیا دریا اس زور شور سے چڑھا کہ کبھی
اس زور سے نہ بہا تھا۔ الغرض حاصل مصرعہ اولیٰ کا یہ ہوا کہ آفتاب فیض یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم
حضرت بلال رضی اللہ عنہ کی عیادت کیواسطے اُنکے مکان پر یعنی اصطبل مین تشریف لیگئے
یہ تو حضور کا فیض باعتبار تربیت جسم کے ہوا آگے فیض روحانی و فیض باطنی کا بیان ہو کہ بلال جو کہ
ایک حبشی تھے اُنسے آپ نہایت لطف و شفقت سے باتین کرتے تھے چنانچہ اُنسے تقاضا
ارشاد فرمایا کرتے تھے کہ اے بلال ہمکو راحت دو یعنی اذان کہدو تاکہ نماز سے راحت ہو اور
نماز و اذان کی تعلیم فرمانا ظاہر ہے کہ روحانی فیض رسانی ہے قال رحمہ

زیر لب میگفتی از بیم عدو		بر منارہ رو بگو کوری او

اے بلال تم مکہ مین زیر لب آہستہ سے دشمن کے خوف سے اللہ کا نام لیتے تھے یعنی کلمہ
توحید کبھی کبھی خفیہ کہتے تھے اب مدینہ مین منارہ پر جاکر پکار کر اللہ کا نام لو یعنی اذان کہو اور
دشمن کو نامراد بناؤ اور خفیہ کہنے مین کبھی کبھی کی قید اسلئے لگائی کہ انکی تو یہ حالت منقول ہو کہ یہ ایک
یہودی کافر کے غلام تھے اور وہ انکو تمام دن دہوپ مین گرم پتھر پر لٹایا کرتا تھا اسحالت مین
بھی اُنکی زبان سے توحید کے کلمات جاری رہتے تھے اتفاقاً ایک روز حضرت صدیق اکبر رضی

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی سطوت و شوکت و قصہ دریائے نیل

بیان تصحیح ابیات مثنوی شریف

ذکر حضرت بلال رضی اللہ عنہ

حضرت صدیق رضی اللہ عنہ کا اُس طرف گذر ہوا جہاں پر حضرت بلال مبتلائے تکلیف تھے اُنکے مولی کے پاس تشریف لیگئے اور اُنکے پاس ایک غلام نصرانی عداس نامی تھا جو بہت روپیہ کماتا تھا اُسکو دیکر حضرت بلال رضی کو چھڑا لیا اُس کافر نے کہا کہ ابو بکر رضی بہت خسارہ مین رہے کہ ایسا اچھا غلام دیکر ان کو لیا ہے حضرت ابو بکر رضی نے فرمایا کہ ایک غلام کیا اگر تو اُنکے عوض مین میرا سارا گھر بھی مانگتا تو مین وہ بھی دیدیتا تو کیا جانتا ہے یہ کیا چیز ہین اور حق تعالی نے اُس کافر کے کہنے کا یہ جواب دیا ۔ والعصر ان الانسان لفی خسر الا الذین آمنوا الخ یعنی قسم ہے زمانہ کی بیشک انسان (کافر) خسارہ مین ہے مگر وہ مومن جو اعمال صالحہ کرتے ہین وہ خسارہ مین نہین ہین اسی قصہ کیطرف حضرت عمر رضی نے اس نظم مین اشارہ کیا ہے ۵ ابوبکر حبانی اللہ مالا ٭ واعتق من ذخائرہ بلالا ٭ لقد واسی النبی بکل فضل ٭ واسرع فی اجابتہ بلالا ٭ پہلے بلالا سے جو کہ ایک کلمہ ہے مراد حضرت بلال ہین اور دوسرے بلالا سے جو کہ دو کلمے ہین مراد بدون لا کے ہے معنی اشعار کے یہ ہین کہ ابو بکر رضی نے اللہ کی راہ مین مال دیا ۔ اور اپنے ذخائر سے حضرت بلال کو آزاد کیا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ہر حال کیساتھ غمخواری اور ہمدردی کی اور بدون انکار کے آنکی اجابت مین جلدی کی ان ہی حضرت بلال کی شان مین حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضرت ابو بکر رضی کی مدح کرتے ہوئے فرماتے ہین ابوبکر سیدنا واعتق سیدنا یعنی ابو بکر رضی ہمارے سردار ہین اور اُنھون نے ہمارے سردار یعنی بلال کو آزاد کیا ہے اللہ اکبر کہان حضرت عمر رضی اور کہان حضرت بلال حضرت عمر رضی کی تو وہ شان ہے کہ حضور فرماتے ہین لو کان بعدی نبیا لکان عمر یعنی اگر کوئی میرے بعد نبی ہوتا تو عمر ہوتے باوجود اس مرتبہ کے بلال رضی اللہ عنہ کو سیدنا فرماتے ہین لیکن کسی کو کیا خبر ہے کہ بلال کی کس شئے کو اُنھون نے سید فرمایا ہے اگرچہ اُس شئے مین بھی حضرت عمر رضی ہی بڑھے ہوئے تھے لیکن اُن حضرات نے اپنے کو ایسا مٹایا تھا کہ ہر ایک کو اپنے سے افضل جانتے تھے آجکل دیکھا جاتا ہے کہ تھوڑا سا پڑھ لکھکر یا کسی ادنی بات سے ایسا ناز ہو جاتا ہے کہ دماغ صحیح نہین رہتا اور جو نسب مین گھٹا ہوا ہو اگرچہ زہد تقوی مین بڑھا ہوا ہو اُس مین عیب نکالتے ہین یاد رکھو حق تعالے کے یہان نسب حسب کوئی شئے نہین جس پر چاہتے ہین فضل فرما دیتے ہین دیکھو ابو جہل شریف ہو کر مطرود ہوا اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ باوجود عبد حبشی ہونیکے مقبول ہو گئے عجیب شان ہے ۵

ز خاک مکہ بوجہل این چہ بوالعجبی ست	حسن ز بصرہ بلال از حبش صہیب از روم

غرض حضرت بلال تو بڑے علی الاعلان توحید کو ظاہر کرنیوالے ہیں شاید کبھی ایسا ہوا ہو کہ مصلحت سے کہ حضور کو کوئی تکلیف نہ پہونچائے کسی خاص موقع پر اس توحید کا اخفاء فرمایا ہو اسلئے ارشاد ہے کہ اب کوئی احتمال نہیں ہے پکار کر منارہ پر جا کر اذان کہو اور دشمن کا دل جلاؤ قال مولانا الرومی رحمہ

سید مد خور گوش ہر غمگین بشیر	خیز اے مدبر رہ اقبال گیر

یعنی اب وہ وقت آگیا ہے کہ ہر طالب دردناک اور غمگین جو درد طلب سے بیقرار ہے اسکے کان میں بشیر یعنی جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہونک رہے ہیں کہ اے بدبخت اُٹھ اقبال کا راستہ لے یعنی ہدایت کے ابواب مفتوح ہوگئے ہیں اسکو اختیار کر تمام ہوگئے اشعار مثنوی کے ان اشعار میں مولانا نے فیض وحی اور فیض نبوۃ اول بیان کیا ہے اور اس پر فرحت ظاہر کی ہے پھر صحابہ کیطرف فیض رسانی کیلئے جو حضور کی توجہ تھی اسکو بیان کیا گویا یہ اشعار ان آیات کے متقارب المعنی ہیں یہ تمام تر تقریر بطور تمہید کے تھی اور اس تقریر سے مقصود مجکو شبہات کا زائل کرنا تھا کہ جو ہم لوگوں کی نسبت میں وہ نہ اصل مقصود یہ تھا کہ اس نعمت عظیمہ پر فرحت مامور بہا کا طریقہ بیان کیا جائے اور اسمیں جو لوگوں نے افراط تفریط کی ہے انکی اصلاح کیجائے اور مخالفین کے دلائل کا جواب دیا جائے لیکن تمہید ہی میں بہت تطویل ہوگئی لیکن کچھ حرج نہیں اسلئے کہ بہت سے فوائد اس سے معلوم ہوگئے (یہاں پہونچکر نماز عصر کیلئے اُٹھے پھر بعد نماز آگے بیان ہوا) اب میں مقصود شروع کرتا ہوں تقریر سابق سے یہ تو معلوم ہوگیا کہ حضور کے وجود باجود پر فرحت مامور بہا ہے اب یہ سمجھنا چاہیے کہ اس فرحت کا طریقہ صحیحہ مقبولہ کونسا ہے سو اسکے طریقے دو ہیں ایک تو وہ طریقہ جس پر خود جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عمل فرمایا ہو اسلئے کہ جیسا امت پر اس آیت کا امتثال واجب ہے حضور پر بھی واجب ہے جیسا نبی کو نبی جاننا جسطرح امت کے ذمہ ضروری ہے اسیطرح بلا فرق اس نبی کو بھی اپنی نبوۃ کا اعتقاد فرض ہے اسلئے یہ بات دیکھنا ضروری ہے کہ حضور نے اس فرحت کو کس طریق سے ظاہر فرمایا ہے اور دوسرا طریقہ وہ ہے جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے کلیاً یا جزئیاً منقول ہو یا کسی نے ایجاد کیا ہو جسطرح سے آجکل بہت سے محبت کا دم بھرنیوالے لوگ مجالس منعقد کرتے ہیں اور ان میں سے بعض تو نرے مدعی ہی ہیں ہاں جو کچھ دیتے خرچ کرنیوالے ہیں ان میں سے اکثر کی نیت بری نہیں وہ محبت ہی سے کرتے ہیں مگر غلطی میں ہیں اسلئے کہ محبت میں غلطی بھی تو ہوجاتی ہے یہ تو ضروری نہیں کہ جس فعل کا منشا محبت ہو اسمیں غلطی نہو جیسے کوئی اللہ تعالیٰ کی

آغاز مقصود وعظ یعنی اظہار فرحت علی ذکر رسول کے طریقہ صحیحہ کی تعیین

مجالس مولد کرنیوالے [illegible]

محبت کے جوش مین مثلاً ٹھیک دوپہر کو نماز پڑہنے لگے باقی جنکا کچھ خرچ بھی نہین ہوتا بلکہ اُن کو آمدنی ہوتی ہے یعنی مولود خوان مولوی اُنہین سے تو اکثر کی نیت بھی اچھی نہین اُن کا مقصود صرف روپیہ ہی ہے بلکہ بلا کچھ عجب نہین کہ بعض کو اُن مین سے حق واضح بھی ہوگیا ہو لیکن اُنکا خیال یہ ہے کہ اگر ہم یہ طریقہ جاری نہ رکھینگے تو ہمکو جو روپیہ اور نذرانے اور جوڑے ملتے ہین وہ نہ ملینگے اسلیئے وہ چھوڑتے نہین میرے پاس ضلع رُہتک سے ایک صاحب کا خط آیا اُنہین لکھا تھا کہ یہان ایک بی بی ہین جنکا نام بوبو ہے اُنکے بابا بیٹے کی کسر ہے ورنہ سب حرف علت جمع ہوجاتے (لطیفہ کے طور پر ہے) جیسا ایک عربی کے شعر مین کسی نے یہ حرف جمع کیئے ہین سہ رأیت صبیا علی کثیب یحکی البدر والھلالا * فقلت ما اسمک فقال لولو فقلت لی لی فقال لالالا۔ شاعر نے کمال کیا ہے لولو اور لی لی اور لالالا کو خوب جمع کیا ہے ترجمہ یہ ہے کہ مینے ایک حسین لڑکے کو ایک ٹیلہ پر دیکھا اور نام پوچھا اُسنے کہا لولو مین نے کہا تو میرا ہے اُسنے کہا نہین اور یہ لولو یعنی موتی کے ہے وہ لولو نہین جس سے بچون کو ڈرا دیتے ہین اس پر ایک اور حکایت یاد آئی نصیر شاعر کا ایک لڑکا بچہ تھا ایکبار چند شعرا نصیر سے ملنے آئے نصیر موجود نہ تھا یہ بچہ تھا شعرا نے اس سے فرمایش کی کہ کوئی شعر فی البدیہ بنا کر سناؤ اُسنے عجب شعر اپنے بچپن کی شان کے موافق بیساختہ کہا سہ اے بتو مجکو در گوش دکھاتے کیون ہو * مین ہون بالا مجھے لولو سے ڈراتے کیون ہو۔ غرض اُن صاحب نے لکھا تہا کہ یہان وہ بی بی مولد شریف پڑہتی ہین اور انکا کچھ نذرانہ بھی مقرر ہے اور ایک نئی بات یہ ہے کہ عید بقرعید کی نماز بھی عورتون کو پڑہاتی ہین اور ان سب قصون کی جڑ وہی نذرانہ ہے سی واسطے مین تو اپنے دوستون سے یہ کہا کرتا ہون کہ ان بدعات کرنیوالون کو منع نہ کرو لیکن انکو دینا چھوڑ دو جب مفت محنت کرنا پڑیگی وہ خود ہی تنگ ہو کر ان بدعات کو چھوڑ دینگے اسلیئے کہ کام تو پورا کرنا پڑیگا اور ملیگا کچھ بھی نہین تو خواہ مخواہ کی مشقت بھی ہوگی اور وصول کچھ نہوگا تو خود ہی چھوڑ دینگے بہرحال مرض کے دو طریقے ہوسکتے ہین ایک مستقل اور دوسرا ترا شا ہوا گفتگو یہین ہی کہ اس بدعت کا طریق مروج کس قسم مین داخل ہے اسکے لیئے مین ایک قاعدہ کلیہ بیان کرتا ہون اُس سے یہ واضح ہوجائیگا کہ جتنی چیزین بعد خیر القرون کے ایجاد ہوئی ہین ان مین کونسی بدعت ہے اور کونسی مستحب اور مندوب اور ثابت بالشریعۃ ہین اور اسی سے یہ بھی واضح ہوگا کہ اس فہرست کے ظاہر کرنیکا آیا کوئی طریقہ معقول ہے یا نہین اور نیز طریقہ مروجہ بدعت ہے یا نہین بس جاننا چاہیئے کہ بعد خیر القرون کے جو چیز ایجاد کی گئین ہین انکی دو قسمین ہین ایک تو وہ کہ

انکا سبب داعی بھی جدید ہے اور وہ موقوف علیہ کسی ماموربہ کی ہین کہ بغیر اُنکے اُس ماموربہ پر عمل نہین ہوسکتا ہے جیسے کتب دینیہ کی تصنیف اور تدوین مدرسون اور خانقاہون کی بنا کہ حضور کے زمانہ مین انمین سے کوئی نہ تھی اور سبب داعی انکا جدید ہے اور نیز یہ چیزین موقوف علیہ ایک ماموربہ کی ہین تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ یہ سب کو معلوم ہے کہ دین کی حفاظت سب کے ذمہ ضروری ہے اسکے بعد سمجھے کہ زمانہ خیریت نشانہ مین دین کی حفاظت کیلئے وسائط محدثہ مین سے کسی شی کی ضرورت نہ تھی تعلق مع اللہ یا بلفظ آخر نسبت سلسلہ سے بہ برکت حضرت نبوۃ سب مشرف تھے قوۃ حافظہ اس قدر قوی تھی کہ جو کچھ سُنتے تھے وہ سب نقش کالحجر ہوجاتا تھا فہم ایسی عالی پائی تھی کہ اسکی ضرورت ہی نہ تھی کہ سبق کیطرح اُنکے سامنے تقریر کرین ورع وتدین بھی غالب تھا بعد اس زمانہ کے دوسرا زمانہ آیا غفلتین بڑہ گئین قوی کمزور ہوگئے ادہر اہل اہوا اور عقل پرستون کا غلبہ ہوا دین مغلوب ہونے لگا پس علماء امت کو قوی اندیشہ دین کے ضائع ہونیکا ہوا پس ضرورت اسکی واقع ہوئی کہ دین کی بجمیع اجزائہ تدوین کیجائے چنانچہ کتب دینیہ حدیث اصول حدیث فقہ اصول فقہ عقائد مین تصنیف ہوئین اور اُنکی تدریس کیلئے مدارس تعمیر کئے گئے اسی طرح نسبت سلسلہ کے اسباب تقویت ابقا کیلئے بوجہ عام صحبت نہ رہنے کے مشائخ نے خانقاہین بنائین اسلئے کہ بغیر ان چیزون کے دین کی حفاظت کی کوئی صورت نہ تھی پس یہ چیزین وہ ہوئین کہ سبب انکا جدید ہے کہ وہ سبب خیر القرون مین نہ تھا اور موقوف علیہ حفاظت دین ماموربہ کی ہین پس یہ اعمال گو صورۃ بدعت ہین لیکن واقع مین بدعت نہین بلکہ حسب قاعدہ مقدمۃ الواجب واجب واجب ہین اور دوسری قسم وہ چیزین ہین جنکا سبب قدیم ہے جیسے مجالس میلاد مروجہ اور تیجہ دسوان چہلم وغیرہا من البدعات کہ انکا سبب قدیم ہے مثلاً مجالس میلاد کے منعقد کرنیکا سبب فرح علی الولادۃ النبویہ ہے اور یہ سبب حضور کے زمانہ مین بھی موجود تھا لیکن حضور نے یا صحابہ نے یہ مجالس منعقد نہین کی کیا نعوذ باللہ صحابہ کا فہم یہانتک نہین پہونچا اگر سبب اسکا اُسوقت نہ ہوتا تو البتہ یہ کہہ سکتے تھے کہ منشاء انکا موجود نہ تھا لیکن جبکہ باعث اور بناء اور مدار موجود تھا پھر کیا وجہ ہے کہ نہ حضور نے کبھی مجلس میلاد منعقد کی اور نہ صحابہ رضی اللہ عنہم نے ایسی شے کا حکم یہ ہے کہ وہ بدعت ہین صورۃً بھی اور معنیً بھی اور من احدث فی امرنا ھذا مالیس منہ مین داخل ہوکر واجب الرد ہین اور پہلی قسم ما منہ مین داخل ہوکر مقبول ہے یہ قاعدہ کلیہ ہے بدعت اور سنت کے پہچاننے کا اس سے تمام جزئیات کا حکم مستنبط ہوسکتا ہے اور ان دو قسمون مین ایک اور فرق عجیب ہے وہ یہ ہے کہ پہلی قسم کے تجویز کرنیوالے خواص یعنی علماء ہوتے ہین اور اُسمین عوام تصرف نہین کرتے اور دوسری قسم کے تجویز کنندہ عوام کالانعام ہوتے ہین اور وہی اُسمین

[illegible]

ہمیشہ تصرفات کیا کرتے ہین چنانچہ مولد شریف کی مجلس کو ایجاد بھی ایک بادشاہ نے کیا ہی کہ اُسکا شمار عوام ہی مین ہی اور عوام ہی اب تک اُسمین تصرفات بھی کر رہے ہین چنانچہ چند روز سے اُسمین ایک اور ترقی بھی ہی کہ اُس دن عید منانے لگے ہین اور اُسکا نام رکھا ہے عید میلاد النبی پرانی رسم مولد کے متعلق تو علمائے مستقل رسائل لکھے ہین جیسے براہین قاطعہ وغیرہ اور احقر نے بھی اصلاح الرسوم مین مفصل بحث لکھی ہی لیکن اس نئی رسم کے متعلق جسکا نام عید میلاد النبی رکھا گیا ہی اب تک کوئی رسالہ نظر سے نہین گذرا اگرچہ اجمالاً اپنے گذشتہ دو سال کے دو وعظ مین اسکا کچھ بیان کیا ہی جو طبع ہو گیا ہے لیکن مفصل بحث اسکے متعلق نہین کیگئی آج اسی کے متعلق بیان کرنیکا ارادہ ہی لیکن تمہید مین دیر ہوگئی خیر مقصود اکثر مختصر ہی ہوتا ہے اسلیئے اسمین زیادہ دیر نہوگی لیکن اتنا مختصر بھی نہوگا کہ کوئی پہلو رہ جائے - جاننا چاہیے کہ عید میلاد النبی کے نام سے جو ایک رسم شائع ہوئی ہی اسکے متعلق دو کلام ہین ایک تو اس کے نامشروع ہونیکے متعلق دلائل دوسرے مخالفین کے دلائل کا جواب اسکے بعد سمجھیے کہ شریعت کے دلائل چار ہین کتاب - سنت - اجماع - قیاس انشاء اللہ چارون سے گفتگو کی جاویگی اول کتاب اللہ کو لیجیے حق تعالیٰ ارشاد فرماتے ہین ام لھم شرکاء شرعوا لھم من الدین ما لم یاذن بہ اللہ یعنی کیا اُنکے لیئے شرکا ہین کہ اُنھون نے اُنکے لیئے دین کی وہ بات مقرر کردی جسکی اللہ تعالیٰ نے اجازت نہین دی - یہ آیت صاف بتلا رہی ہے کہ دین کی بات بدون اذن الٰہی یعنی بدون دلیل شرعی کسی کو مقرر کرنا مذموم و مستنکر ہے یہ تو کبریٰ ہی اور صغریٰ یہ ہے کہ عید میلاد النبی دین ہی کی بات سمجھکر بلا دلیل مقرر کیگئی ہے اور دلیل نہونا جزئیاً تو ظاہر ہے کہ یہ امر شریعت مین نہین ہے امر مستحدث ہی اگر احتمال ہی تو اسکا ہی کہ کسی کلیہ مین داخل کرتے ہونگے مفصل گفتگو تو اُن کلیات کی جسمین یہ داخل ہو سکتی ہی آگے آویگی باقی مجملاً یہ سمجھ لینا چاہیے کہ سبب داعی اس کا قدیم ہے خواہ وہ فرح ہو یا اظہار شوکت اسلام ہو کہ وہ بھی قدیم ہے بہر حال ان مین سے جو بھی سبب ہو تو ہم یہ کہتے ہین کہ جبکہ یہ سبب حضور اور صحابہ و خیر القرون کے زمانہ مین بھی موجود تھا اور وہ حضرات قرآن و حدیث کو خوب سمجھنے والے تھے اور ایسا سمجھتے تھے کہ اُسکو دیکھکر اب اجتہاد کو جائز نہین رکھا گیا پس جب مسلم ہو چکا کہ وہ کتاب و سنت کو ہم سے زیادہ سمجھنے والے تھے اور یہ سبب بھی اُسوقت موجود تھے یعنی اظہار فرح اور شوکت اسلام کی اُسوقت بھی ضرورت تھی بلکہ اسوقت سے زیادہ ضرورت تھی مگر اُن حضرات نے اس پر عمل نہین کیا پس معلوم ہوا کہ کسی کلیہ مین داخل کرنا اسکا صحیح نہین اور یہ بالکل امر مستحدث اور جدید ہے کہ جسکی کچھ اصل نہین اور

بدعت کی حقیقت یہی ہی کہ غیر دین کو دین سمجھکر کیا جاوے اور اسکو یہ لوگ دین سمجھتے ہین پس یہ بدعت واجب الترک ہے یہ تو قرآن مجید سے اسکے متعلق کلام تھا - اب حدیث لیجیے حضور ارشاد فرماتے ہین من احدث فی امرنا ھذا مالیس منہ فھو رد یعنی جو شخص ہمارے اس دین مین وہ شے نکالے جو اُس مین سے نہین پس وہ واجب الرد ہے جو تقریر آیت کے ذیل مین کلی ہے وہی یہان بہی ہی اور مراد نئی شے سے وہ ہی جسکا سبب قدیم ہوا اور پھر اسوقت معمول بہ ہوئی ہو باقی سبب جدید ہوا اور نیز وہ موقوف علیہ کسی مامور بہ کی ہو وہ ما منہ مین داخل ہوکر واجب ہے - اور دوسری حدیث لیجیے مسلم کی روایت ہی قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تختصوا لیلۃ الجمعہ بقیام من بین اللیالی ولا تختصوا یوم الجمعہ بصیام من بین الایام الا ان یکون فی صوم یصومہ احدکم یعنی جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ شب جمعہ کو اور راتون مین سے شب بیداری کیساتھ خاص مت کرو اور یوم جمعہ کو ایام مین سے روزہ کیساتھ خاص مت کرو مگر یہ کہ اُن مین کوئی تم مین پہلے سے روزہ رکھتا ہو اس حدیث سے یہ قاعدہ کلیہ نکلا کہ جو تخصیص منقول نہو وہ منہی عنہ ہے یہ دوسری بات ہی کہ جمعہ کے روز روزہ رکھنا کیسا ہے ہمارے علمانے دوسری دلیل مستقل سے جواز کا حکم دیا ہے اور نہی کو عارضی کہا ہے اسوجہ سے کہ روزہ رکھکر وظائف جمعہ سے ضعیف نہو جاوے یہ فرعی گفتگو ہے یہان تو صرف اس قاعدہ کلیہ کا مستنبط کرنا مقصود ہے سو اس قاعدہ کی صحت مین مجوزین صوم جمعہ کو بھی کلام نہین ہو غرض یہ قاعدہ کلیہ کہ تخصیص غیر منقول دین کے اندر جائز نہین صحیح ہی یہ تو کبری ہے اب خاص یوم ولادت کو عید منانیکی تخصیص دیکھیے کہ یہ تخصیص کیسی ہے ظاہر ہے کہ منقول نہین ہے اور نہ تخصیص عادی ہی بلکہ اسکو دین کی بات سمجھتے ہین چنانچہ اسکے تارک کو ملامت کرتے ہین اور بددین سمجھتے ہین اگر تخصیص عادی ہوتی تو ملامت نہ کرتے اور نہ اُسکو بددین جانتے جیسے کسی کی عادت ململ پہننے کی ہو تو اُسکے تارک کو ملامت نہین کرتے بہرحال اس کو دین سمجھتے ہین پس یہ تخصیص دین مین ہوئی اور غیر منقول ہوئی یہ صغری ہوا اور کبری اول آچکا ہے نتیجہ ظاہر ہے کہ یہ تخصیص ناجائز ہے بلکہ اگر غور کیا جاوے تو مقیس علیہ یعنی یوم جمعہ سے بھی یہ بڑھکر ہے اسلئے کہ یوم جمعہ کے فضائل تو احادیث مین صراحۃً وارد بھی ہین اور یوم ولادت کی کوئی فضیلت صراحۃً وارد نہین گو قواعد سے فی نفسہ یوم ولادت مین برکت اور فضیلت ہے سبب ہی مسلمان قائل ہین ایسا کون ہوگا جو اُسدن بلکہ اس ماہ کی برکت کا قائل نہو چنانچہ سیوطیؒ یا ملّا علی قاری اس ملد

حدیث اول

حدیث دوم

کی فضیلت مین فرماتے ہین ؎ لهذا الشهر فی الاسلام فضل ٭ ومنقبة تفوق علی الشهور ٭
ربیع فی ربیع فی ربیع ٭ و نور فوق نور فوق نور - اور مین اس پر اضافہ کرکے کہتا ہون ؎ ظهور
فی ظهور فی ظهور ٭ سرور فی سرور فی سرور - اور اسمین وہ پچھلے واعظون کا نام بھی آگیا نور اور ظهور
اور آج کے بیان کا نام السرور رکھتا ہون اسمین وہ بھی آگیا بس فی نفسہ برکت اور فضیلت کا انکار
نہین گفتگو اسمین ہے کہ جیسے جمعہ کے فضائل تصریحاً وارد ہین ایسے یوم ولادت کے نہین پس جسکے
فضائل منصوص ہون جب اُسکی تخصیص ناجائز ہے تو جسکے فضائل منصوص نہین جب اُسکی تخصیص کیسے جائز
ہوگی بعض لوگون نے دعوی کیا ہے کہ یوم ولادت کی فضیلت بھی حدیث مین آئی ہے چنانچہ
آیا ہے کہ حضور دوشنبہ کے روز روزہ رکھا کرتے کسی نے پوچھا کہ یا رسول اللہ آپ اس دن روزہ کیون
رکھتے ہین فرمایا ولدت یوم الاثنین یعنی مین پیر کے دن پیدا ہوا ہون تو اسکا جواب انشاء اللہ عنقریب
کے دلائل کے ذیل مین آویگا - اور تیسری حدیث سُنئے نسائی نے روایت کیا ہے قال رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم لا تجعلوا قبری عیدا و صلوا علی فان صلوتکم تبلغنی حیث کنتم ترجمہ یہ ہے کہ
جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ سلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ میری قبر کو عید مت بناؤ اور مجھ پر درود
بھیجو کیونکہ تمہارا درود میرے پاس پہونچیگا جہان کہین تم ہوگے اس حدیث مین غیر عید کو عید منانے کی
بالتخصیص ممانعت ہے شاید کوئی اسمین شبہ کرے کہ حضور کی قبر پر تو سب جمع ہوتے ہین جواب یہ ہے
کہ جانا تو جائز ہے لیکن عید کے طرز پر جمع ہونا منہی عنہ ہے مطلب یہ ہے کہ عید مین جیسے جمع ہوتے ہین اسطرح
میری قبر پر جمع مت ہو اور عید مین اسطرح جمع ہوتے ہین کہ اُسکی تاریخ معین ہوتی ہے اور نیز اسمین تداعی یعنی اسکا ایک
اہتمام ہوتا ہے کہ ایک دوسرے کو وہان جمع ہونے کیلئے بلاتا ہے پس اسطرح جمع ہونیکی ممانعت ہے
اور اتفاقی اجتماع سے ممانعت نہین ہے چنانچہ روضہ قدس کی زیارت کیلئے جو جاتے ہین تو اسمین یہ دونون
امر نہین ہین اسکی کوئی تاریخ خاص معین نہین ہے بلکہ آگے پیچھے کیفما اتفق قافلے جاتے ہین اور زیارت کرکے
چلے آتے ہین اور نہ کچھ اہتمام ہے کہ سب کا اجتماع ضروری سمجھا جاتا ہو بہرحال اس حدیث سے صراحۃً ثابت
ہوتا ہے کہ قبر شریف پر بطور عید کے جمع ہونا ناجائز ہے پس جس طرح عید مکانی ممنوع عنہ ہے اسی طرح
عید زمانی بھی منہی عنہ ہوگی اب رہ گئی یہ بات کہ اسکے بعد صلوا علی فان صلوتکم تبلغنی حیث کنتم بڑھانے
سے تو اجتماع کا عدم جواز بھی مفہوم ہوتا ہے جیسا علت فان صلوتکم ظاہراً اس پر دال ہے چنانچہ شراح نے

مختلف توجیہات اسکی کی ہین میرے ذہن مین سب سے اقرب توجیہ اسکی یہ آتی ہو کہ اس سے مقصود یہ ہو کہ اس
نہی لاتجعلوا مین اہل بدعات یہ عذر کر سکتے تھے کہ ہم تو صلوۃ یعنی درود شریف پڑہنے کیلئے حضور کے
روضۂ اقدس پر جمع ہوتے ہین اور صلوۃ مامور بہ ہے تو ہمارا اجتماع جائز ہوگا تو حضور اس شبہ کا جواب
دیتے ہین اور اس احتمال کا استیصال فرماتے ہین کہ درود شریف یہان آنے پر موقوف نہین ہے جہان
کہین تم ہوگے درود شریف میرے پاس پہونچتا ہی اسلئے یہ عذر غیر موجہ ہے اور اس سے ایک بہت
بڑی بات مستنبط ہوتی ہی کہ صلوۃ جسکے بعض افراد مندوب اور بعض واجب اور بعض فرض مین جب اُس
کیلئے عید کے طرز پر جمع ہونا جائز نہین ہی تو کسی اور غرض مخترع کیلئے جمع ہونا تو کیسے جائز ہوگا لیکن اس
سے کوئی یہ شبہ نہ کرے کہ خود زیارت کیلئے جانا بھی جائز نہین اسلئے کہ وہان جب جاتے مین تو مقصود
اصلی صلوۃ نہین ہو بلکہ زیارت مقصود ہے اور وہ بدون حضور قبر ہر جگہ ممکن نہین اور زیارت کا مندوب
ہونا دوسری روایات سے ثابت ہوتا ہی بلکہ قرآن شریف سے بھی اُسکا استحباب معلوم ہوتا ہی چنانچہ ارشاد ہو
ولو انهم اذ ظلموا انفسهم جاءوك فاستغفروا الله واستغفر لهم الرسول لوجدوا الله توابا رحيما
ترجمہ یہ ہے کہ جب ان لوگون نے اپنے نفسون پر ظلم کیا تہا یعنی معاصی ان سے سرزد ہوئے تھے اگر اسوقت
یہ لوگ آپکی خدمت مین آتے اور وہان آکر اللہ تعالی سے مغفرت طلب کرتے اور رسول یعنی آپ بھی انکے
لئے دعائے مغفرت فرماتے تو بیشک اللہ تعالی کو توبہ کا قبول کرنیوالا اور رحم فرمانیوالا پاتے اور جاؤک
(آپکے پاس آتے) یہ عام ہے خواہ حیات مین ہو یا بعد الممات ہو اس سے زیارت کا مندوب ہونا بلکہ تاکد
معلوم ہوتا ہے اور اس پر بشارت ہی کہ وہان حاضر ہوکر توبہ کرنے سے توبہ قبول ہوتی ہی ایک لطیفہ
یاد آیا کہ کانپور کے ایک مدرسہ مین بچون کا امتحان ہو رہا تہا انکو چہل حدیث یاد کرائی گئی تہی ممتحنین مین ایک
صاحب اہل ظاہر بھی تھے حدیث یہ آئی من حج ولم یزرنی فقد جفانی یعنی جس نے حج کیا اور میری زیارت
نہ کی تو اُس نے میرے ساتھ بیمروتی کی وہ صاحب کہنے لگے کہ یہ حدیث تو حیات کیساتھ مخصوص
ہے بچہ کیا جواب دیتا وہ آگے پڑہنے لگا اتفاق سے اس کے بعد یہ حدیث تہی من زارنی بعد
مماتی فکانما زارنی فی حیاتی یعنی جسنے میری زیارت میری وفات کے بعد کی تو گویا اُس نے میری
زندگی مین میری زیارت کی ایک مولوی صاحب اُنکے پاس بیٹھے تھے اُنہون نے فوراً کہا کہ

زیارت قبر شریف کا باعث قربت و عبادت اور مستحب ہونا

ع اہل ظاہر کہتے ہین کہ زیارت قبر نبوی کیلئے سفر کرنا ناجائز ہے ۱۲

مولانا آپکا جواب ہو گیا دیکھئے ہمین صاف ارشاد ہے کہ جو بعد ممات کے زیارت کرے وہ ایسا
ہی ہے جیسے حیات مین زیارت کی اور زیارت فی الحیوٰۃ کی مشروعیت آپ بھی ملتے ہین۔ بہر حال ان
زیارت کیلئے جاتے ہین صلوٰۃ سفر سے مقصود بالذات نہین اور زیارت کی کوئی تاریخ معین نہین ہے
اور نہ اہتمام عید کا سا ہے پس اُسکی ممانعت نہین اسی طرح اور بھی جن حدیثون سے بعض لوگون نے اسکی
ممانعت سمجھی ہے اُن کو غلط فہمی ہوئی ہے زیادہ تر ایسے لوگ اس حدیث کو پیش کیا کرتے ہین لاتشد
الرحال الا الی ثلثۃ مساجد المسجد الحرام ومسجدی ھذا والمسجد الاقصیٰ الخ
یعنی کجاوے مت باندھو مگر تین مسجدون کیطرف مسجد حرام و مسجد نبوی اور مسجد اقصیٰ تقریر اُنکے استدلال
کی یہ ہے کہ حضور نے سفر کی ممانعت فرمائی ہے مگر ان تین مسجدون کیجانب پس معلوم ہوا کہ مدینہ طیبہ اگر
سفر کرکے جاوے تو مسجد کی نیت سے جاوے روضہ اقدس کا قصد نہ کرے کہ وہ ان ثلثہ کا غیر ہے یہ ہے تقریر
اُنکے استدلال کی جواب یہ ہے کہ اصل یہ ہے کہ مستثنیٰ جنس مستثنیٰ منہ سے ہو یہان مستثنیٰ مساجد ہین پس
مستثنیٰ منہ بھی مسجد ہی ہونا اصل ہے کہ وہی جنس قریب ہے پس تقریر کلام کی ہوگی لاتشد الرحال الی مسجد
الا الثلثۃ مساجد یعنی کسی مسجد کیطرف سفر کرکے مت جاؤ مگر ان تین مسجدون کیطرف پس قبر شریف
سے اس حدیث مین کوئی تعرض ہی نہین اُسکی زیارت کا تاکد بحالہ دوسری احادیث سے ثابت ہے
اور ان تین مسجدون کی تخصیص اسلئے فرمائی کہ ان مین مضاعفت اجر کی منصوص ہے اور کسی مسجد کیلئے
منصوص نہین ہے پس حاصل حدیث کا یہ ہے کہ ثواب کی زیادتی کے اعتقاد سے کسی مسجد کیطرف سفر
نکرو اسلئے کہ کسی مسجد کیلئے زیادتی ثواب کی منقول نہین ہے بہر حال خاص زیارت قبر شریف کے
قصد سے بھی سفر کرنا مندوب ہے چوتھی حدیث یہ ہے کہ عید کے روز کچھ لڑکیان کھیل رہی تھین
اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم تشریف رکھتے تھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ تشریف اور اُنھون نے اُن لڑکیونکو
ڈانٹا حضور نے فرمایا ان لکل قوم عیدا وھذا عیدنا یعنی اے عمر منع نکرو ہر قوم کی ایک عید ہوتی ہے
اور یہ ہماری عید ہے اس حدیث مین علت اُنکے کھیلنے کے اباحت کی یہ فرمائی کہ یہ ہماری عید ہے ایمین
جواز لعب کو یوم عید ہونے سے معلل فرمایا گیا جس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ یہ حکم عید کیساتھ خاص ہے
سو اگر ہر شخص کو عید بنانا جائز ہو تو ہر روز ایسا لعب جائز ہو جاویگا اور تخصیص منصوص باطل ہو جاویگی جس
سے کلام شارع کا الغاء لازم آویگا یہ تو قرآن و حدیث سے ممانعت اس عید مخترع کی ثابت ہوئی

دلیل سوم اجماع

اب رہا اجماع سو اس سے بھی ثابت ہی تقریر اُسکی یہ ہے کہ قاعدہ اصولیہ ہے کہ تمام امت کا کسی امر کے ترک پر
متفق ہونا یہ اجماع ہوتا ہے اُسکے عدم جواز پر چنانچہ فقہانے جابجا اس قاعدہ سے استدلال کیا ہے
جسطرح سے کہ صحابہ رضی اللہ عنہم بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے کسی فعل کو ہمیشہ ترک کرنے سے استدلال
کرتے تھے مثلاً وہ فرماتے ہین کہ حضور نے عید کی نماز پڑھی لیکن نہین اذان اور تکبیر نہین تھی سی طرح جس شے
کو تمام امت نے ترک کر دیا ہو وہ واجب الترک ہو اسی بنا پر فقہانے صلوٰۃ عیدین مین بلا اذان و تکبیر کہا ہے پس اگر
یہ قاعدہ مسلم نہوتا تو آج سے عیدین مین اذان اور تکبیر کا بھی اضافہ کر دینا چاہیے اور اگر مسلم ہی تو اس قاعدہ سے
اور جگہہ بھی کام لو اس پر ایک یہ شبہ ہوسکتا ہے کہ تمام امت نے عید میلاد النبی کو ترک نہین کیا اسلیے کہ
اسی تو آخر ہم بھی ہین سو ہم اسکو کرتے ہین پس اجماع کہان رہا جواب سکا یہ ہے کہ اصول فقہ کا قاعدہ مسلمہ
کہ اختلاف متاخر اتفاق متقدم کا رافع نہین ہے یعنی جس امر پر تمام امت کا اتفاق زمانہ سابق مین متحقق
ہوچکا ہو اب اس اتفاق کو بعد کا اختلاف نہ اٹھاویگا پس جبتک تم لوگون نے اسکو ایجاد نہین کیا تھا
اُسوقت تک تو امت کا اسکے ترک پر اتفاق تھا اب وہ اتفاق مرتفع نہین ہوسکتا اس قاعدہ کی ایک جزئی
اور ہے کہ علماء حنفیہ نے نماز جنازہ کا تکرار جائز نہین کہا اور دلیل بھی لکھی ہے کہ صحابہ اور تابعین سے ثابت نہین
غرض یہ قاعدہ مسلمہ ہے کہ امت کا کسی امر کو ترک کرنا اسکے عدم جواز کی دلیل ہے پس بفضلہ تعالیٰ اجماع

دلیل چہارم قیاس

امت سے بھی ثابت ہوگیا کہ یہ عید بدعت اور امر مخترع واجب الترک ہے۔ اب رہا قیاس تو قیاس کی دو
قسمین ہین ایک تو وہ قیاس جو مجتہد سے منقول ہے اور ایک وہ جو مجتہد سے منقول نہو اور یہ قاعدہ کہ غیر
مجتہد کا قیاس مقبول نہین ہے یہ اُن واقعات مین ہے کہ جو مجتہدین کے زمانہ مین پائے گئے ہین اور جو نئے
واقعات پیش آوین اُنمین قیاس غیر مجتہد کا معتبر ہے چنانچہ جس قدر نئی تجارتین اور ایجادات اس زمانہ
مین ہوئی ہین سب کا حکم قیاس سے ہی ثابت ہوتا ہے مع ہذا ہم خود قیاس نہین کرتے اسلیے ہمکو قیاس کرنیکی ضرورت

[illegible] دلائل مع جوابات

تو جب تھی جبکہ سلف کے کلام مین اس سے تعرض نہوتا اسلیے کہ اُن حضرات کا قیاس ہمارے قیاس پر مقدم
ہے اور اُنکے کلام مین اس سے تعرض ہے چنانچہ تمہید الشیطان و صراط مستقیم مین بہت زور شور سے اس پر
گفتگو کی ہے اور فیصلہ کیا ہے کہ کسی زمان یا مکان کو عید بنانا ممنوع ہے اُسمین کی کچھ ضروری عبارت اشاعت کیواسطے
آخر مین کردیجاویگی چنانچہ اب ایسا ہی کیا گیا اس قیاس سے بھی اس عید کا ناجائز ہونا ثابت ہوا۔ یہ تو ہمارے
دلائل تھے۔ اب مجوزین عید کے دلائل کی تقریر اور انکا جواب سُنیے اور انکی طرف نسبت دلائل کی

مینے اس احتمال سے کر دی ہے کہ شاید ان میں سے کبھی کوئی انسے استدلال کرنے لگے ورنہ مینے یہ دلائل اُنسے منقول نہیں دیکھے بلکہ وہ تو اگر برسوں بھی کوشش کریں تو انکو ایک دلیل بھی میسر نہو اسی واسطے جی تو نہ چاہتا تھا کہ انکو دلائل دئے جاویں لیکن صرف اسوجہ سے کہ کسی کو کوئی گنجائش نہ رہے اسلئے میں دلائل کو بھی مع جواب نقل کئے دیتا ہوں اول وہ آیت قل بفضل اللہ وبرحمتہ فبذلک فلیفرحوا سے استدلال کر سکتے ہیں کہ اس آیت سے فرحت کا ماموربہ ہونا ثابت ہوا اور یہ عید بھی اظہار فرحت ہے لہذا جائز ہے جواب ظاہر ہے کہ اس آیت سے فقط فرحت کا ماموربہ ہونا نکلا اور گفتگو اس ہیئت خاص میں ہے لہذا اس آیت سے اسکو کوئی مس نہیں اور اگر اس کلیہ میں داخل کرنا اسکا صحیح ہو تو فقہاء نے کتب فقہ میں جن بدعات کو روکا ہے وہ بھی کسی نہ کسی ایسے ہی کلیہ میں داخل ہوسکتی ہیں چاہیے کہ وہ بھی جائز ہو جاویں حالانکہ کتب فقہ جو مسلم عند الفریقین ہیں انمیں انکی ممانعت مصرحاً مذکور ہے اور ان اہل زیغ کو ہمیشہ یہ دھوکہ ہوتا ہے اور یا تجاہل ہے کہ یہ سمجھتے ہیں کہ ہمارے اور اہل حق کے قضیہ کا موضوع ایک ہے اسی بنا پر اہل حق پر اعتراض کرتے ہیں چنانچہ یہاں بھی مغالطہ ہے ہم جس بات کو ناجائز کہتے ہیں وہ ہیئت خاصہ ہے اور جو فرحت آیت فلیفرحوا سے ثابت ہوتی ہے وہ فرحت مطلقہ ہے پس یہ یوں سمجھتے ہیں کہ یہ لوگ فرحت کو منع کرتے ہیں حالانکہ یہ صحیح نہیں بلکہ اگر غور سے کام لیا جاوے تو ہم اس فرحت پر زیادہ عمل کرتے ہیں اسلئے کہ یہ موجدین عید تو سال بھر میں ایک ہی مرتبہ خوش ہوتے ہیں اور درمیان میں انکی فرحت منقطع ہو جاتی ہے اور ہم ہر وقت خوش ہیں پس جو فرح کو منقطع کردیں وہ آیت کے تارک ہیں ہم تو کسی وقت بھی قطع نہیں کرتے پس ہم بفضلہ تعالیٰ آیت پر بھی ہر وقت عمل کرتے ہیں اور دلائل منع بدعات پر بھی عامل ہیں اور اہل بدعات کو دو نو امر نصیب نہیں ہیں خلاصہ یہ ہوا کہ فرح ماموربہ کے تین درجے ہیں افراط ۔ تفریط ۔ اعتدال ۔ تفریط تو یہ ہے کہ تحدید بالحجر المحجر کر دیں کہ فلاں وقت پر یہ فرح ختم ہوگئی جیسا بعض خشک مزاجوں کے کلام سے مترشح ہوگیا ہے اور افراط یہ ہے کہ فرح کو جاری رکھیں مگر حدود شرعیہ سے تجاوز کریں جیسا اہل تحدید بالحجر المحجر کا طریق متعارف ہوگیا اور اعتدال اہل اللہ کا طریق ہے پس ہم نہ محجر دین ہیں نہ مجدد بلکہ مدیم ہیں والحمد للہ علیٰ ذلک ۔ دوسرا استدلال موجدین کا اس حدیث سے ہوسکتا ہے کہ جب ابولہب نے حضور کی ولادت کی خبر سُنی تو خوشی میں آکر ایک باندی

عہ اسلئے کہ اہل نسبت ایمان کی بشاشت اور اُسکے ذوق سے ہر وقت محظوظ رہتے ہیں اور اہل حق ہی بہت سے اولو اس دولت سے مشرف ہیں و ذلک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء وھذا ھو الفرح المامور بہ کما ھو فی تفسیر الائمۃ ۱۲ جامع

آزاد کردی تھی اور اس پر عقوبت میں تخفیف ہوگئی پس معلوم ہوا کہ ولادت پر فرح جائز و موجب برکت ہے
جواب اسکا بھی ظاہر ہے کہ ہم نفس فرحت کے منکر نہیں ہیں بلکہ اُس پر ہم وقت سوال ہیں گفتگو تو ہیئت
کذائیہ میں ہے۔ تیسرا استدلال اس آیت سے ہو سکتا ہے حق تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں واذ قال الحواریون
یعیسی بن مریم ھل یستطیع ربک ان ینزل علینا مائدۃ من السماء الی قولہ ربنا انزل علینا
مائدۃ من السماء تکون لنا عیدا لاولنا واخرنا وایۃ منک یعنی یاد کرو اس وقت کو جبکہ حواریوں نے
کہا کہ اے عیسیٰ بن مریم کیا یہ ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ ہم پر آسمان سے ایک خوان نازل فرمادیں عیسیٰ علیہ
السلام کی اس دعا تک کہ اے اللہ ہم پر آسمان سے خوان نازل فرما کہ وہ ہمارے لیے عید بن جاوے
ہمارے پہلوں کیلئے اور ہمارے پچھلوں کیلئے اور ایک نشانی قدرت کی ہو آپکی طرف سے اس آیت سے
معلوم ہوا کہ عطاء نعمت کی تاریخ کو عید بنانا جائز ہے اور ہمارے اصول میں یہ طے ہو چکا ہے کہ امم سابقہ
کے شرائع اگر حق تعالیٰ ہم پر نقل فرما کر ان پر انکار نفرماویں تو وہ ہمارے لیے حجت ہیں اور یہاں کوئی
انکار نہیں پس معلوم ہوا کہ عطاء نعمت کی تاریخ کو عید بنانا جائز ہے اور حضور کی ولادت ظاہر ہے کہ
نعمت عظیمہ ہے پس آپکی تاریخ ولادت کو عید بنانا جائز ہوگا جواب اسکا یہ ہے کہ یہ ضروری نہیں کہ اس امر پر
انکار اسی جگہ ہو جہاں وہ منقول ہو دیکھئے۔ واذ قلنا للملئکۃ اسجدوا لادم میں سجدہ تحیۃ منقول ہے
اور سجدہ تحیۃ و سجدہ تعظیمی ہماری شریعت میں منسوخ ہو چکا لیکن یہاں اُس پر انکار منقول نہیں اس کیلئے دوسرے
دلائل ہیں اسی طرح یہاں سمجھئے کہ جو آیات و احادیث ہمنے عید بنانے کی ممانعت میں اپنے دلائل میں بیان
کی ہیں وہ اسپر انکار کیلئے کافی ہیں یہ جواب تو اس تقدیر پر ہے جبکہ آیت کے معنی یہی ہوں جو مستدلین نے
بیان کئے ہیں ورنہ اس آیت سے یہ ثابت ہی نہیں ہوتا کہ عیسیٰ علیہ السلام کا مطلب یہ ہے کہ نزول مائدہ
کی تاریخ کو عید بناویں اسلئے کہ تکون میں ضمیر مائدہ کیطرف راجع ہے پس اُس سے یوم نزول المائدہ لینا مجاز ہوگا
اور یہ قاعدہ ہے کہ جبتک حقیقی معنی بن سکیں مجاز کیطرف رجوع نکیا جاویگا پس معنی یہ ہیں تکون المائدۃ
سرورا لنا یعنی وہ مائدہ ہمارے لئے سرور کا باعث ہو جاوے عید کے معنی متعارف نہیں ہیں بلکہ عید کا
اطلاق مطلق سرور پر بھی آتا ہے یہ کیا ضرور ہے کہ جہاں کہیں لفظ عید آوے اُس سے عید میلاد ہی مراد ہو
جیسے حضرات شیعہ کے نزدیک جہاں کہیں م۔ت۔ع آتا ہے اُس سے متعہ کا جواز ہی نکال لیتے ہیں
اُنکے نزدیک گویا شیخ سعدی کے شعر تمتع ز ہر گوشہ یافتم سے بھی متعہ نکلتا ہے اور آیت ربنا استمتع

تیسرا استدلال آیت واذ قال الحواریون الخ سے مع جواب

بعضنا ببعض کے بھی یہی معنی ہین کہ اے رب ہمارے ہمارے بعض نے بعض سے تمتع کیا ہے ایسے ہی ان
حضرات کے نزدیک جہان کہین ع ی۔ دوسرے اُس سے عید میلاد النبی کا جواز ثابت ہوتا ہے چوتھا استدلال
اس قصہ سے ہوسکتا ہے کہ حدیث مین آیا ہے کہ جب آیت الیوم اکملت لکم دینکم الآخر نازل ہوئی
تو ایک یہودی نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہا کہ اگر یہ آیت ہمپر نازل ہوتی تو ہم اس
دن کو عید بنا لیتے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا کہ یہ آیت عید کے ہی دن نازل ہوئی
ہے یعنی یوم جمعہ اور یوم عرفہ کو نازل ہوئی ہے اور ترمذی مین ہے کہ حضرت ابن عباس رضہ نے
اس آیت کی تفسیر مین فرمایا ہے نزلت فی یوم جمعۃ ویوم عرفۃ یہ حدیث کا مضمون ہے تقریر استدلال کی اس حدیث سے یہ ہے
کہ حضرت عمر و ابن عباس رضی اللہ عنہما نے عید بنانے پر انکار نہین فرمایا معلوم ہوا کہ عطائے نعمت کی تاریخ
کو عید بنانا جائز ہے اگرچہ یہ استدلال اُنکو قیامت تک بھی نہ سوجھتا لیکن ہم نے تبرعاً نقل کیا ہے
کہ اُنکو اسمین بھی گنجایش ہوسکتی ہے اسکے دو جواب ہین ایک جواب تو یہی ہے کہ تم جو یہ کہتے ہو کہ انکار نہین کیا
تو یہ کیا ضرور ہے کہ انکار یہان ہی منقول ہو چنانچہ ہمارے فقہا نے تعریف یعنی یوم عرفہ مین حجاج کے
مشابہت سے جمع ہونے پر انکار فرمایا ہے یہ تو ضروری نہین ہے کہ اُسی مقام پر انکار کرین نیز حضرت ابن
عباس نے تخصیص کو لیس بشئ کہا ہے حالانکہ وہ منقول بھی ہے مگر صرف عادت کو عبادت سمجھنے سے اُنہون نے
یہ انکار فرمایا تو غیر منقول کو قربت سمجھنا تو اُنکے نزدیک زیادہ منکر ہوگا اور حضرت عمرؓ کا انکار اجتماع علی
شجرۃ الحدیبیہ پر مشہور ہی ہے پس دونون حضرات کا انکار ایسے امور پر ثابت ہوگیا گو ہر مقام پر
منقول نہو۔ دوسرا جواب یہ ہے کہ وہ شخص مسلمان نہ تھا یہودی تھا اُسکو خاص طور پر الزامی جواب
دیا کہ ہمارے یہان تو پہلے سے عید ہے بلکہ اس جواب سے خود معلوم ہوتا ہے کہ عید بنانا جائز نہین
یعنی مطلب حضرت عمرؓ کا یہ ہے کہ ہماری شریعت مین چونکہ تعیید جائز نہین ہے اسلئے ایسے عوارض سے
ہم کسی دن کو اپنی طرف سے عید نہین بنا سکتے تھے مگر خدا تعالیٰ نے پہلے ہی سے اُس یوم کو عید بنا دیا۔
پانچوان استدلال اس حدیث سے وہ کرسکتے ہین کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پیر کے
دن روزہ رکھا کسی نے وجہ پوچھی تو یہ ارشاد فرمایا ذلک الیوم الذی ولدت فیہ یعنی یہ اس
دن پیدا ہوا ہون اس حدیث سے معلوم ہوا کہ یوم الولادۃ عبادت اور قربت کا دن ہے اور فرحت
وسرور علی الولادۃ قربت ہے لہذا یہ جائز ہے اسکے بھی دو جواب ہین اول تو یہ ہے کہ ہم یہ تسلیم نہین

کرتے کہ یوم ولادۃ ہونا علت روزہ رکھنے کی ہو اسلیئے کہ دوسری حدیث مین اسکی علت یہ منقول ہو کہ
حضور نے فرمایا جمعرات اور پیر کو نامہ اعمال پیش ہوتے ہین تو میرا جی چاہتا ہے کہ میرے اعمال روزہ
کیحالت مین پیش ہون اس سے صاف معلوم ہوا کہ علت صوم کی عرض اعمال ہو پس جب یہ علت ہوئی تو ولادت
ذکر فرمانا محض حکمت ہوگا اور مدار حکم کا علت ہوتی ہو اب آپ لوگ جو دیگر قربات کو قیاس کرتے ہو
تو تمنے حکمت کو اصل علت ٹھرادیا حالانکہ حکمت کیساتھ حکم دائر نہین ہوتا - دوسرا جواب یہ ہے کہ ہم
تسلیم کرتے ہین کہ علت حکم کی یہی ہو لیکن علت کی دو قسمین ہین ایک وہ علت جو اپنے مورد کیساتھ خاص
ہو - اور ایک وہ جسکا تعدیہ دوسری جگہہ بھی ہو اگر یہ علت متعدیہ ہو تو کیا وجہ ہے کہ اس مین تلاوت
قرآن اور اطعام طعام وغیرہ کا کیون منقول نہین اور نیز مثل صوم یوم الاثنین کے کہ یوم ولادت ہے
تاریخ ولادت مین بھی کہ ۱۲ ربیع الاول ہو روزہ رکھنا چاہیئے دوسرے یہ کہ نعمتین اور بھی ہین مثلاً ہجرت
فتح مکہ معراج وغیرہا آپنے انکی علت سے کوئی عبادت کیون نہ فرمائی پس اس سے معلوم ہوا کہ علت اگر یہ
تو عام ہے بلکہ اسی مقام کیساتھ خاص ہو - اور اصل مدار روزہ رکھنے کا وحی ہو باقی حکمت کے طور پر ولادۃ کو
ذکر فرمایا ورنہ دوسری نعمتون کے دن بھی روزہ و تعیید چاہیئے اور اگر اسپر کہا جاوے کہ تخصیص یوم ولادت کی
وجہ یہ ہے کہ یہ اصل ہو تمام نعمتون کی پس ولادۃ اور ہجرت وغیرہ مین یہ فرق ہو اس فرق کی وجہ سے یہ
تخصیص کیگئی تو ہم کہتے ہین کہ حمل اسکی بھی اصل ہو اسکو اصل ٹھرانا چاہیئے پھر حیرت یہ ہے کہ یوم الولادت
دوشنبہ کے روز تو عید نہ کرین اور تاریخ الولادت یعنی ۱۲ ربیع الاول کو عید مناوین یوم الاثنین مین تو حضور
نے ایک عبادت بھی کی ہو اور تاریخ ولادت مین تو کچھہ بھی منقول نہین ہو پس اہل دلیل کا مقتضی تو یہ تھا
کہ ہر پیر کو عید کیا کرین غرض اس حدیث سے بھی مدعا موجدین عید کا ثابت نہین ہوتا یہ تو ان حضرات کے
نقلی دلائل سے تھے اب ہم اس بات مین عقلی گفتگو کرتے ہین اس لئے کہ ان لوگون مین بعضے عقل پرست
بھی ہین اور وہ اس عید مین کچھہ عقلی مصلحتین پیش کیا کرتے ہین جو راجع ہین ملک اور قوم کیطرف اسلیئے ہم
اس طرز پر بھی اس مسئلہ کو بیان کئے دیتے ہین جاننا چاہیئے کہ جسقدر عبادات شارع علیہ السلام نے
مقرر فرمائی ہین انکے اسباب بھی مقرر فرمائے ہین اور اس اعتبار سے ماموربہ کی چند قسمین نکلتی ہین اول
تو یہ کہ سبب مین تکرار ہو یعنی سبب بار بار پایا جاتا ہو سبب کے مکرر ہونے سے مسبب بھی مکرر پایا جاویگا
مثلاً وقت صلوٰۃ کیلیئے سبب ہے پس جب وقت آویگا صلوٰۃ بھی واجب ہوگی اسی طرح صیام رمضان

کیلئے شہود شہر سبب ہے جب شہود شہر ہوگا صوم واجب ہوگا اور عید کیلئے فطر اور اضحیٰ کیلئے یوم اضحیٰ بھی ایسا ہی سبب ہے دوسری قسم یہ ہے کہ سبب بھی ایک اور سبب بھی ایک جیسے بیت اللہ شریف حج کیلئے چونکہ سبب ایک ہے اسلئے مامور بہ یعنی حج بھی عمر بھر میں ایک ہی فرض ہے یہ دونوں قسمیں تو مدرک بالعقل ہیں اسلئے کہ عقل بھی اسی کو مقتضی ہے کہ سبب کے تکرار اور توحد سے مسبب متکرر اور متوحد ہو تیسری قسم یہ ہے کہ سبب ایک ہو اور مسبب کے اندر تکرار ہو جیسے حج کے طواف میں رمل کا سبب اظہار قوت تھی اب اظہار قوت تو ہے نہیں اسلئے کہ قصہ اسکا یہ ہوا تھا کہ جب مدینہ طیبہ سے مسلمان حج کیلئے مکہ معظمہ آتے تو مشرکین نے کہا تھا کہ ان لوگوں کو یثرب کے بخار نے ضعیف اور بودا کر دیا ہے تو حضور نے صحابہ سے فرمایا کہ طواف میں رمل کریں یعنی شانے ہلاتے ہوئے اکڑ کر طواف کرو تاکہ ان کو قوت مسلمین کی مشاہدہ ہو اب سبب تو نہیں لیکن مامور بہ یعنی رمل فی الطواف بحالہ باقی ہے یہ امر غیر مدرک بالعقل ہے اور جو امر خلاف قیاس ہوتا ہے اس کیلئے نقل اور وحی کی ضرورت ہوتی ہے اب ہم پوچھتے ہیں کہ عید میلاد النبی کا سبب کیا ہے ظاہر ہے کہ حضور کی ولادت کی تاریخ ہونا ہے اب ہم پوچھتے ہیں کہ وہ تاریخ گذر گئی یا بار بار آتی ہے ظاہر ہے کہ وہ ختم ہو گئی کیونکہ اب جو ۱۲ ربیع الاول کی تاریخ آتی ہے وہ اس خاص یوم الولادۃ کی مثل ہوتی ہے نہ کہ عین اور یہ ظاہر ہے پس مثل کیلئے وہی حکم ثابت ہونا کسی دلیل نقلی کا محتاج ہوگا بوجہ غیر مدرک بالعقل ہونیکے قیاس اسمیں حجت نہیں ہوگا لیکن یہاں یہ شبہ ہو سکتا ہے کہ حضور نے یوم الاثنین میں روزہ رکھنے کی وجہ ولدت فیہ سے فرمائی ہے تو اسمیں بھی یہ کلام ہو سکتا ہے کہ یوم الولادۃ تو گذر گیا ہے اب یہ اسکا مثل ہے اسکو حکم اصل کا کیوں ہوا جواب یہ ہے کہ یہ صوم تو خود منقول ہے اور آپنے وحی سے روزہ رکھا ہے اسلئے اس پر قیاس نہیں ہو سکتا۔

اب ہم تبرعاً ان حضرات کی بھی ایک عقلی دلیل لکھکر اور اسکا جواب لکھکر اس مضمون کو ختم کرتے ہیں وہ یہ ہے کہ یہ مقابلہ ہے اہل کتاب کا کہ وہ ولادت مسیح کے دن عید کرتے ہیں ہم مقابلہ کیلئے حضور کے یوم ولادت میں عید کرتے ہیں تاکہ اسلامی شوکت ظاہر ہو جواب یہ ہے کہ یہ تو اسوقت کسی درجہ میں صحیح ہوتا کہ جب ہمارے یہاں اظہار شوکت کیلئے کوئی شئے نہ ہو ہمارے یہاں جمعہ عیدین سب اظہار شعائر اسلام کے لئے ہیں دوسرے یہ کہ اگر انکا مقابلہ ہی کرنا مقصود ہے تو انکے یہاں اور دونوں میں بھی عیدین اور میلے ہوتے ہیں تمکو بھی چاہئے کہ ہر ہر دن کے مقابلہ میں تم بھی عید کیا کرو اسی طرح عاشورا کے دن تعزیہ داری بھی کیا کرو تاکہ اہل تشیع کا مقابلہ ہو چنانچہ بعض جاہل محض مقابلہ کیلئے ایسا کرتے بھی ہیں جناب اگر یہی مصلحت ہے تو

ہندؤون کے یہان ہولی دوالی ہوتی ہے تم بھی اُنکے مقابلہ کیلئے ہولی دوالی کیا کرو مین ایک قصہ بیان کرتا ہون اُس سے آپ کو معلوم ہوگا کہ یہ اصل اور قاعدہ آپکا بالکل بے اصل ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک سفر مین تھے کفار نے ایک درخت بنا رکھا تھا اُسپر ہتھیار لٹکاتے تھے اور اُسکا نام ذات انواط رکھا تھا بعض صحابہ نے عرض کیا کہ یارسول اللہ اجعل لنا ذات انواط یعنی یارسول اللہ ہمارے لئے بھی آپ ایک ذات انواط مقرر فرما دیجئے یعنی کوئی ایسا درخت ہمارے لئے بھی آپ مقرر فرما دیجئے کہ اُس پر ہم ہتھیار کپڑے وغیرہ لٹکا دیا کرین دیکھئے بظاہر اسمین کچھ حرج معلوم نہین ہوتا اسلئے کہ کسی درخت پر کپڑے یا ہتھیار لٹکا دینا ایک امر مباح ہے اسمین تشبہ بھی کچھ نہین لیکن چونکہ صورۃً انکی مشابہت تھی اسلئے حضور کا چہرہ مبارک متغیر ہوگیا اور فرمایا سبحان اللہ یہ تو ایسی ہی بات ہوئی جیسے قوم موسیٰ نے موسیٰ علیہ السلام سے کہا تھا اجعل لنا الٰھا کما لھم اٰلھۃ پس جب ہی مشابہت کو بھی حضور نے ناپسند فرمایا تو جس صورت مین انکی پوری شکل بنائی جاوے یہ تو بطریق اولیٰ ناجائز ہوگا یہ اس بات مین گفتگو تھی جو اختصار کیساتھ بیان کیگئی غرض عقل سے نقل سے ہر طرح بحمد اللہ ثابت ہوگیا کہ یہ عید مخترع ناجائز اور بدعت واجب الترک ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ ہمکو فرحت کا حکم ہوا ہے اور اُسکی تجدید یا تجدید کا حکم نہین بلکہ فرح دائم اور مسرت دائمی کا حکم ہے اسلئے کسی خاص دن کو اسکے لئے مخصوص نہ کرین اور ہر وقت اس آیت پر عمل کرین چونکہ یہ باب سرور اور فرحت کے مامور بہ ہونے کے باب مین ہے اسلئے مین اسکا نام السرور رکھتا ہون اور عید المیلاد النبی پر چونکہ اسمین مفصل کلام ہے اسلئے اسکو ارشاد العباد فی عید المیلاد کے لقب سے ملقب کرتا ہون اب اللہ تعالیٰ سے دعا کرین کہ اللہ تعالیٰ

ہمکو اپنی مرضیات کی توفیق عطا فرماوین اور بدعات اور

تمام نامرضیات سے محفوظ رکھین آمین

یارب العالمین

ضمیمہ وعظ ہذا

اب حسب وعدہ مذکورۂ وعظ بعض عبارات صراط مستقیم وتعبید کے آخر میں ملحق کیجاتی ہیں

فائدہ فی الروایات المتعلقۃ بتعیید یوم من الایام وتقییدہ ببعض الاحکام

فی تبعیین الشیطان تقریب اغاثۃ اللہفان لابن القیمؒ ومن ذلک اتخاذھا (ای القبور) عیداً وھو ما یعتاد قصدہ من مکان وزمان فالزمان کقولہ صلی اللہ علیہ وسلم یوم عرفۃ ویوم النحر وایام منی عیدنا اھل الاسلام رواہ ابوداؤد وغیرہ والمکان کما روی ابوداؤد فی سننہ ان رجلا قال یا رسول اللہ انی نذرت ان انحر ببوانۃ قال انما وثن من اوثان المشرکین او عید من اعیادھم قال لا قال فاوف بنذرک وکقولہ لا تجعلوا قبری عیدا وھو ماخوذ من المعاودۃ والاعتیاد فاذا کان اسما للمکان فھو المکان الذی یقصد الاجتماع فیہ قصدہ للعبادۃ او لغیرھا کما ان المسجد الحرام ومنی ومزدلفۃ وعرفۃ والمشاعر جعلہا اللہ عیداً للحنفاء ومثابۃ کما جعل ایام التعبید فیہا عیدا وکان للمشرکین اعیاد زمانیۃ و مکانیۃ ابطلہا الاسلام وعوض الحنفاء من الزمانیۃ عید الفطر وعید النحر وایام منی ومن المکانیۃ الکعبۃ وعرفۃ ومنی والمشاعر الخ صـ۲۱۷ فی القول الفاصل الفارق بین الصراط المستقیم لابن تیمیۃؒ ومن المنکرات فی ھذا الباب سائر الاعیاد والمواسم المبتدعۃ فانہا من المنکرات المکروھات سواء بلغت الکراھۃ التحریم او لم تبلغہ وذلک ان اعیاد اھل الکتاب والاعاجم نہی عنہا لسببین احدھما ان فیہا مشابھۃ للکفار والثانی انہا من البدع فما احدث من المواسم والاعیاد فھو منکر وان لم یکن فیہ مشابہۃ لاھل الکتاب لوجہین احدھما ان ذلک داخل فی مسمی البدع والمحدثات فیدخل فیما رواہ مسلم فی صحیحہ الی ان قال وایاکم ومحدثات الامور فان کل بدعۃ ضلالۃ ثم قال

هذه القاعدة قد دلت عليها السنة والاجماع مع ما في كتاب الله من الدلالة عليها ايضاً قال الله تعالى ام لهم شركاء شرعوا لهم من الدين ما لم يأذن به الله وفيه عن الصراط المستقيم ايضاً فاما اتخاذ اجتماع راتب يتكرر بتكرر الاسابيع والشهور والاعوام غير الاجتماعات المشروعة فان ذلك يضاهي الاجتماعات للصلوات الخمس والجمعة والعيدين والحج وذلك هو المبتدع المحدث ففرق بين ما يتخذ سنة وعادة فان ذلك يضاهي المشروع وهذا الفرق هو المنصوص عن الامام احمد وغيره من الائمة آلخ وفيه عن فتح الباري وقد مضى في كتاب العلم ان ابن مسعودؓ كان يذكر الصحابة كل خميس الى قوله وقد كان ذلك في عهد النبي صلى الله عليه وسلم لكن لم يجعله راتبا كالخطبة الجمعة بل بحسب الحاجة آلخ

خلاصہ مقصود وعظ یعنی حصہ دلائل وجواب دلائل متعلقہ عید المیلاد رقم زدۂ حضرت مولنا صاحب مدظلہم العالی

یہان دو مقام پر کلام ہوا ایک دلائل تعیید کے غیر مشروع ہونیکے دوسرے جواب اہل تعیید کے دلائل کے سو امر اول کا بیان یہ ہے کہ اسمین چند دلائل ہین نمبر اول قرآن مجید مین ہے ام لھم شرکاء شرعوا لھم من الدین ما لم یاذن بہ اللہ اس سے ثابت ہوا کہ کوئی امر بدون اذن شرعی دین کے طور پر معتبر کرنا جائز نہین ہے اور بدعت یہی ہے یہ تو کبری ہوا اور صغری ظاہر ہے کہ یہ عمل کہین وارد نہین جزئیاً تو ظاہر ہے اور کلیاً بھی نہین اور یہ محتاج بیان ہے کیونکہ اہل ابتداع اسکو کسی کلیہ مین داخل کر سکتے ہین مگر وہ ادخال بدلیل قوی غیر صحیح ہے وہ دلیل یہ ہے کہ جو داعی ہے اسکے ایجاد کا خواہ اظہار سرور و فرح نعمت الٰہیہ پر یا اظہار شوکت اسلام بمخالفین پر وہ داعی جدید نہین قدیم ہے اور باوجود اسکے کسینے خیر القرون مین ایسا عمل نہین کیا اور وہ حضرات قرآن مجید و حدیث شریف کو تمام امت سے زیادہ سمجھنے والے تھے پس ثابت ہوا کہ یہ ادخال صحیح نہین ۔ نمبر ۲ ۔ حدیث صحیح ہے من احدث فی امرنا ھذا ما لیس منہ فھو رد ۔ اسمین بھی وہی تقریر ہے جو ابھی مذکور ہوئی ۔ نمبر ۳ ۔ مسلم کی روایت ہے قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تختصوا لیلۃ الجمعۃ بقیام من بین اللیالی ولا تختصوا یوم الجمعۃ بصیام من بین الایام الا ان یکون فی صوم یصومہ احدکم ۔ اس حدیث سے تخصیص غیر منقول بطور قربت کا منہی عنہ ہونا

بطور قاعدہ کلیہ کے ثابت ہوا گو بعض علماء نے صوم جمعہ کو بانفرادہ بھی جائز رکھا مگر وہ بھی اس کلیہ کو مانتے ہین اُنھون نے اس تخصیص کو نقل سے ثابت کر کے اجازت دی ہی اور نہی کو اعتقاد وجوب وغیرہ پر محمول کیا ہے سو یہ دوسری بات ہی مقصود ہمکو صرف اس کلیہ کی صحت کا ثابت کرنا ہی سو وہ بالاجماع ثابت ہی یہ تو کبریٰ ہوا اور صغریٰ ظاہر ہے کہ عمل مبحوث فیہ مین صریح تخصیص ہی اور تخصیص بھی بطور دین و عبادت کے کیونکہ اسکو عوام کیا بلکہ خواص بھی دین کی بات سمجھتے ہین جسکی کھلی نشانی یہ ہے کہ اس تخصیص کے تارکین کو دینا بُرا سمجھتے ہین اور تخصیصات عادیہ مین ایسا نہین سمجھتے دوسری علامت اسکے تخصیص عادی نہ سمجھنے کی یہ ہے کہ اسمین کبھی تقدیم و تاخیر گوارا نہین کرتے اور تخصیصات عادیہ مین عوارض سے تقدیم و تاخیر ہو جاتی ہی پس یقیناً یہ تخصیص منہی عنہ مین داخل ہی بلکہ اُس سے بھی بڑھکر کیونکہ یوم جمعہ کے تو فضائل بھی وارد ہین جب اسمین ایسی تخصیص جائز نہین تو جس تاریخ کے فضائل بھی منقول نہین اسمین ایسی تخصیص کب جائز ہوگی اور اسکے منقول ہونے پر جو ان موجدین کا استدلال ہی اُسکا جواب وہان آویگا جہان دوسرے مقام پر کلام ہوگا۔ یہ دلائل عامہ ہین آگے دلیل خاص ہی درباب خصوص تعیید کے۔ نمبر ۲۔ نسائی نے حدیث روایت کی ہی قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لاتجعلوا قبری عیدا وصلوا علی فان صلاتکم تبلغنی حیث کنتم یہ حدیث صریح ہی اس امر مین کہ عید کے طرز پر کہ اسمین اہتمام اجتماع کا ہوتا ہے جمع ہونے کو منع فرمایا ہی اور اس اجتماع کی اگر کوئی تاویل کرتا کہ ہمتو صلاۃ کیلئے جمع ہوتے ہین جیسا عادت ہی اہل ابتداع کی کہ کلیات منقولہ مین زبردستی جزئیات مبتدعہ کو داخل کیا کرتے ہین اُسکو رد فرما دیا کہ صلاۃ ہر جگہ سے ہو سکتی ہی یہ اجتماع پر موقوف نہین اور اس رد سے بہت بڑی بات ثابت ہوگئی کہ جب صلاۃ کیلئے جو کہ مندوب و قربت ہے ایسا اجتماع کالعید جائز نہین تو دوسرے اغراض کیلئے جو اس سے بھی ادنی ہین ایسا اجتماع کہان جائز ہوگا یہ حدیث خاص عید کی تخصیص کی نہی پر دال ہی کہ کسی عید کا ابتداع ناجائز ہے اور اس تقریر سے نفس زیارت قبر نبوی یا اُسکے لئے سفر کرنیکی نہی نہین لازم آئی کیونکہ وہان صرف زیارت سے برکات حاصل کرنا مقصود ہی جو کہ دوسری روایات سے مندوب ہے وہان تاریخ مقصود نہین اور نہ محض صلاۃ کیلئے سفر کیا جاتا ہے جس پر صلوا علی فان صلاتکم تبلغنی حیث کنتم سے شبہ ہو سکے۔ نمبر ۳۔ حدیث مین ہی کہ عید کے روز خاص طرح کی طرح و سرور پر حضرت عمرؓ نے انکار فرمایا تھا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہذا عیدنا اس سے صاف معلوم ہوا کہ اپنے سے عید بنانا جائز

نہین ورنہ یہ تعلیل خاص رہیگی۔ عید منقول کیساتھ کیونکہ جس روز کو کوئی عید بنالے وہان ہی یہ تعلیل جاری ہوجاویگی علاوہ اسکے
خاص ہونا تعلیل کا صاف ظاہر ہے اور عدم تخصیص سے الغاء کلام شارع لازم آویگا۔ یہ تو دلائل کتاب و سنت سے ہین
نمبر ۶۔ امت کا اجماع کسی امر کے ترک پر یہ اجماع ہی جس سے استدلال کرنا خلفاً عن سلف منقول ہی چنانچہ
ماہر اصول و فقہ پر مخفی نہین جیسا عیدین مین اذان نہونے کو اسی غرض کیلئے نقل کیا گیا ہی اور جمعہ مین صلوٰۃ کی
تقدیم کو خطبہ پر بنظر انکار سے دیکھا گیا ہے حنفیہ نے صلوٰۃ جنازہ کے عدم تکرار یا صلوٰۃ علی القبر کی نفی پر
اسی سے استدلال کیا ہی کہ سلف نے نہین کیا۔ یہی قصہ عید میلاد مین ہے کتاب و سنت کے بعد یہ اجماع ہوگیا
نمبر ۷۔ علماء نے اپنی کتب مین اسی سے بحث بھی کی ہی کما فی تبعید الشیطان و فی الصراط المستقیم۔
پس یہ شبہ بھی جاتا رہا کہ شاید تمہارے استدلال مین کوئی خدشہ ہو پس قیاس بھی اس پر دال ہوگیا۔ دوسرا
مقام جواب سے موجدین کے دلائل کا اور جو دلائل مین نقل کرتا ہون اپنے اُنسے نہین منقول نہین دیکھے اور شاید
اُنکے ذہن مین بھی نہ آئے ہون مگر احتیاطاً تمام محتملات کا جہان جہان گنجایش محتمل تھی انسداد کئے دیتا ہون۔
نمبر ۱۔ یہ جو آیت سب سے بڑی ہی اسمین احتمال ہی کہ شاید استدلال کرین جواب ظاہر ہے کہ فرح کو کون منع کرتا ہے
اُسکی خاص ہیئت کو منع کرتے ہین اور اُسکا جواز آیت مین منقول نہین اگر ایسے کلیات سے استدلال ہو تو فقہاء
کی تصریحاً منع کی ہوئی بدعات صلاۃ الرغائب وغیرہ سب جائز ہونگی کسی کلیہ مین تو وہ بھی داخل ہین اور یہی
ایک خرابی ہے اہل بدع مین کہ تامل نہین کرتے کہ قضیہ ناسیہ مین موضوع اور ہے اور قضیہ مجوزہ مین اور پھر تناقض
کہان کہ ایک کے اثبات سے دوسرے کی نفی ہوجاوے اسکی نظیر الزنجی اسود والزنجی لیس باسود ہے
بلکہ اگر غور سے کام لیا جاوے تو اس آیت پر ہم زیادہ عامل ہین اسلئے کہ موجدین کا فرح تو متجدد ہی جسکے
معنی یہ ہین کہ درمیان مین فرح نرہا تھا پھر تازہ کیا ہی اور ہمارا فرح دائم ہے پس آیت اُنکے خلاف ہوگی جو فرح کو
منقطع سمجھتے ہون یعنی اس نعمت کا شکر ترک کردیا ہو جسکو حق تعالیٰ نے لقد من اللہ الخ مین بھی ذکر فرمایا
ہے اور اس آیت مین بھی فضل و رحمت کی سب سے بڑھکر فرد وجود باجود ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا پس
جو فرح کو منقطع کرچکے ہون وہ آیت کے مخالف ہونگے جیسے کہ جو فرح کو متجدد کرتے ہین وہ دوسری آیت
تا حینئذ من الابتداع کے خلاف کرتے ہین حاصل تقریر کا یہ ہے کہ اس فرح کی تجدید تو تفریط ہی اور اسکی تجدید
بالتجیم افراط ہے اور اسکی اوامت مطلوب ہی سو بحمد اللہ تعالیٰ ہم اس نعمت اوامت سے مشرف کئے گئے ہین نہ تجدید مین نہ تجدید
نمبر ۲۔ ایک استدلال مشہور ہے کہ ابولہب نے ثویبہ کو آزاد کردیا تھا اور اسکو تخفیف ہوگئی جواب اسکا بھی یہی جو گذرا کہ

نفس فرح کو کون منع کرتا ہی مگر ان سے قیود و خصوصیات یا تعیید کیسے ثابت ہوئی۔ نمبر ۳۔ شاید کوئی اس آیت سے استدلال کرے قال عیسیٰ بن مریم اللھم ربنا انزل علینا مائدۃ من السماء تکون لنا عیداً لاولنا و آخرنا الآیہ۔ کہ دیکھو اس مین مصرح ہی کہ یوم عطائے نعمت کو عید بنانا تجویز کیا اور اصول مین مقرر ہے کہ اذا قص اللہ الخ اور اس پر بیان انکار کیا نہیں گیا پس حجت ہمارے لئے بھی ہوجاویگی جواب اسکے دو ہین اول یہ کہ یہ ضرور نہین کہ اُسی جگہہ انکار ہو شریعت مین کہین بھی ہو کافی ہی چنانچہ سجدہ ملائکہ لآدم علیہ السلام و سجدۂ والدین و اخوۂ یوسف علیہ السلام جس جگہہ منقول ہی وہان انکار نہین اور پھر فقہائے نے سجدۂ تحیۃ للمخلوق کی حرمت مانی ہی اور اس تعیید کے انکار کے دلائل شرعیہ اول منقول ہوچکے ہین پس استدلال تام نہ ہا دوسرا جواب ہی کہ اس آیت مین یوم نزول مائدہ کا عید بنانا مذکور ہی نہین صرف مائدہ کیطرف ضمیر راجع ہی اور عید بمعنی سرور ہی یعنی وہ مائدہ ہمارے اول و آخر کیلئے مایہ سرور بنجاوے کہ اس نعمت پر دائماً فرحان و شادان و شاکر رہین کما ذکر فی فضل اللہ و رحمتہ نمبر ۴ بخاری مین قصہ ہی کہ ایک یہودی نے حضرت عمرؓ سے کہا کہ اگر آیۃ اکملت ہم پر نازل ہوتی تو ہم اس یوم کو عید بنا لیتے۔ جسکے جواب مین حضرت عمرؓ نے فرمایا نزلت یوم جمعۃ و عرفۃ و کلاھما بحمد اللہ لنا عید اور طبری اور طبرانی مین ہے وھما لنا عیدان اور ترمذی مین ہی کہ حضرت ابن عباسؓ نے یہ جواب دیا نزلت فی یوم عید من یوم جمعۃ و یوم عرفۃ دیکھو ان دونون حضرات نے تعیید پر انکار نہین کیا بلکہ اسکو ثابت کیا کہ اس روز ہماری بھی عید تھی اسکے بھی دو جواب ہین ایک یہ کہ انکار اُسی جگہہ ضرور نہین جیسا کہ مذکور ہوا دلائل شرعیہ انکار کے کافی ہین چنانچہ ہمارے فقہا سے تعریف پر انکار کہ وہ بھی ایک عید ہی اور حضرت عمرؓ سے شجرہ حدیبیہ پر اجتماع کا انکار کہ وہ بھی مشابہ عید کے تھا منقول ہی جس سے معلوم ہوتا ہی کہ وہ ایسی تعیید کو جائز نہ سمجھتے تھے نیز حضرت ابن عباسؓ کا قول صحیحین و سنن ترمذی نسائی مین مروی ہی لیس التحصیب بشئ انما ھو منزل نزلہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کذا فی التعلیق الممجد حالانکہ تحصیب منقول ہی لیکن صرف اتنی بات پر کہ کوئی شخص عادت کو عبادت سمجھ جاوے اُسکو لیس بشئ کہتے ہین تو جو سرے سے منقول ہی نہو نہ کیا ہو خصوصاً اسکو عبادت سمجھنا اُنکے نزدیک کسقدر قابل انکار ہوگا اور بیان ہی آ سے معلوم ہوا کہ اُنسے جو تعریف مذکور نقل کیگئی ہی وہ روایت یا اس علت سے جسپر اُنکا فتوی التحصیب کے باب مین ہی معلول ہی یا ماؤل ہی تو قصد دعا للاحرام بلا تشبہ باہل عرفات کیا تھا دوسرا جواب یہ ہی کہ یہودی کو اس مسئلہ فرعیہ کے بتلانیکی حاجت نہ تھی کہ یہ تعیید کیسی ہے بلکہ اسکو ایک خاص طرز پر جواب دیا کہ تو جو کہتا ہی کہ ایسی نعمت عظمی مین عید نہین ہوئی یہ غلط ہی ہم تو پہلے عید کرتے ہمارے

یہان پہلے سے عید ہی تہا اگر غور کیا جاوے تو اس سے بھی نکیر علی التعیید ثابت ہوتا ہے یعنی ہماری شریعت مین چونکہ ایسے اسباب سے عید کرنا درست تہا اور اللہ تعالی کو اسکے نزول کے یوم کو عید کرنا مقصود تہا اسلئے ایسے ہی دن نازل فرمایا کہ عید بھی ہوجاوے اور بدعت سے بھی بچے رہین ۔ نمبر ۵ - ایک احتمال اس حدیث سے استدلال کرنیکا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم دوشنبہ کے روز روزہ رکھتے تھے اور سوال کیا گیا تو آپنے فرمایا ذلک الیوم الذی ولدت فیہ اس سے معلوم ہوا کہ یوم ولادت مین کچھہ قربات ادا کرنا مشروع ہے اور فرح وسرور یا اجتماع للذکر وتقسیم طعام یا شیرینی یہ سب قربات ہین پس یہ بھی مشروع ہوگئے جواب اسکے دو ہین ۔ ایک تو یہ کہ حدیث مین ایک دوسری وجہ بھی منقول ہے وہ یہ کہ ان یوم مین اور خمیس مین بھی اعمال پیش ہوتے ہین مین چاہتا ہون کہ عالت صوم مین میرے اعمال پیش کئے جاوین پس اس صورت مین احتمال ہوگیا کہ ذلک الیوم الذی ولدت فیہ علت نہو بلکہ علت تو عرض اعمال ہو اور وہ حکمت ہو اور حکمت کیساتھہ حکم دائر نہین ہوتا دوسرے دو حال سے خالی نہین آیا یہ علت عام اور یہ حکم موافق قیاس کے ہے یا علت خاص اور حکم خلاف قیاس ہے اگر شق اول ہے تو کیا وجہ کہ یوم الاثنین مین کہ یوم ولادت ہے نوافل اور تلاوت قرآن و اطعام طعام حضور صلی اللہ علیہ وسلم یا صحابہ سے منقول نہین باوجود تو فر رغبت الی الخیر کے نیز ربیع الاول کی ۸ یا ۱۲ کہ تاریخ ولادت ہے خود روزہ کیون منقول نہین نیز ولادت جیسی نعمت ہے بہت سی اور نعمتین بھی آپکو عطا ہوئین بنوت ہجرت فتح مکہ وغیرہا انکے ساتھہ کسی عبادت کو معلل کیون نہین فرمایا پس معلوم ہوا کہ نہ علت عام ہے نہ حکم موافق قیاس کے ہے علت بھی خاص ہے اور حکم بھی خلاف قیاس ہے اور ایسا امر مدار اسکا وحی اور نقل ہے پس اس حالت مین قیاس کہان جائز ہوگا خاصکر غیر مجتہد کو جبکہ ایسے مقام پر مجتہد کو بھی جائز نہین اگر کسیکو شبہ ہو کہ یہ تو موافق قیاس کے ہے لیکن اور نعمتین فرع ہین اور ولادت اصل ہے اسلئے اس روز قربات مشروع ہوئین تو جواب اسکا یہ ہے کہ محل ولادت کی بھی اصل ہے اس تاریخ مین کوئی قربت کیون نہین مشروع ہوئی پھر یہ کہ دوسری قربات آپسے خود یوم ولادت یا تاریخ ولادت مین کیون منقول نہین علاوہ اسکے اگر اس سے استدلال کیا جاوے تو حیرت ہے کہ یوم ولادت کہ یوم الاثنین ہے جو کہ حدیث مین مذکور بھی ہے اس مین تو عید نکرین اور تاریخ ولادت جس مین کوئی چیز بھی حضور سے منقول نہین اس مین عید کرین پس چاہئے کہ ہر دوشنبہ کو وہی اہتمام کیا کرین جو ۱۲ ربیع الاول کو کیا جاتا ہے یہ گفتگو تھی دلائل سمعیہ مین جانبین سے اب ہم اہلسنت کی طرف سے ایک عقلی دلیل بھی بیان کرتے ہین وہ یہ کہ شریعت مین ہر فعل کا ایک سبب خاص ہوتا ہے اور اس سببیت اور مسببیت کی تین صورتین شریعت مین پائی جاتی ہین ایک یہ کہ سبب بھی بار بار پایا جاتا ہے اور مسبب بھی بار بار پایا جاتا ہے جیسے اوقات صلوۃ صلوۃ کے لئے اور رمضان

صوم کے لئے فطر صیام عید کے لئے یوم اضحی اضحیہ کے لئے دوسرے یہ کہ سبب بھی ایک ہی ہے مسبب بھی ایک جیسے بیت اللہ حج کے لئے اور یہ دونون امر مدرک بالعقل ہین اور اور تیسری صورت یہ کہ سبب ایک بار پایا گیا اور مسبب بار بار پایا جاوے جیسے مشرکین کو قوت دکھلانے کے لئے رمل کیا گیا تھا پھر اراءۃ قوت تو نہ رہی مگر رمل رہ گیا اور یہ امر مدرک بالعقل نہین اسلئے اس مین بجز وحی کے کوئی سبیل نہین جب یہ قاعدہ ممہد ہوگیا اب ہم پوچھتے ہین کہ عید میلاد کا سبب کیا ہے ظاہر ہے کہ صرف حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت کی تاریخ ہونا اب دیکھیے کہ وہ تاریخ واحد ہے جو منقضی ہوگئی یا متجدد ہے ظاہر ہے کہ وہ منقضی ہوچکی دوسری تاریخ اسکا عین نہین صرف مثل ہے اور مثل کا مدار حکم ہونا کسی دلیل سے ثابت نہین پس اس حالت مین عید کا متجدد ہونا امر غیر مدرک بالعقل ہوگا اس لئے محتاج وحی ہوگا قیاس اس مین حجۃ نہوگا اور وحی ہے نہین اس لئے اسکو زیادت علی الشرع کہین گے اور اس سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد ذالك الیوم الذی ولدت فیہ پر شبہ کیا جاوے کہ وہ یوم تو منقضی ہوگیا تھا جواب یہ ہے کہ اس صورت مین ہم کہہ چکے ہین کہ وحی کی ضرورت ہے اور آپ کے پاس اس حکم پر وحی تھی اور جس طرح یہ ہمارے پاس دلیل عقلی ہے اسی طرح ان کے پاس بھی ایک دلیل عقلی ہے وہ یہ کہ اس مین مقابلہ ہے اہل کتاب کا کہ وہ ولادت مسیح علیہ السلام کے دن اظہار شوکت کرتے ہین پس ہم ولادت نبویہ کے روز کرتے ہین اس کا جواب ایک تو یہ ہے کہ ہمارے لئے اظہار شوکت کا دن شارع علیہ السلام مقرر فرما چکے ہین عید بقر عید بلکہ ہر جمعہ پھر اس اختراع کی کون حاجت ہی دوسری اگر یہی بات ہے کہ ان کے ہر عمل کے مقابلہ مین ایک ایسا ہی عمل ہو تو چاہیئے کہ اہل سنت محرم کی دسوین بھی کیا کرین تاکہ اہل تشیع کے مقابلہ مین اظہار شوکت اہل حق ہو اور نیز عوام ان کی دسوین مین جانے سے بچین اور اگر اس کا کوئی التزام کرے تو اس کے جواب کے لئے ایک حکایت نقل کرتا ہون کہ جونپور مین ایک صاحب ہر مہینہ کی دسوین کو مجلس کیا کرتے تھے اور ایسی ہی مصلحت بیان کرتے تھے ایک محقق عالم نے ان سے کہا کہ اگر ایسی ہی مصلحت ہے تو ہنود کے ہولی دوالی ہوتی ہے تو چاہیئے مسلمان بھی ایک ہولی دوالی کیا کرین اسی راز کی بنا پر

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسے مقابلہ پر انکار صریح فرمایا ہے جبکہ صحابہ نے عرض کیا کہ اجعل لنا ذات انواط کما لھم ذات انواط تو آپ نے فرمایا یہ تو ایسی ہی بات ہوگئی جیسے بنی اسرائیل نے کہا تھا اجعل لنا الٰھا کما لھم آلھۃ اور جاننا چاہئے کہ بعض مقامات پر ایک مجلس رجبی کے نام سے بتخصیص تاریخ ۲۷ رجب نہایت اہتمام سے منعقد ہوتی ہے دلائل مذکورہ منع کے اور جوابات و شبہات جواز اس میں بھی اکثر جاری ہیں بس اس کا حکم بھی یہی ہے کہ وہ بھی داخل بدعت ہے۔

کتبتہ لیلۃ الاثنین ثامن ربیع الاول تاریخ المولد الشریف عند کثیر من العلماء سنہ ۱۳۲۳ ھجری

ثم بعد ھذا التحریر ذکر ھذا المضمون تقریرا یوم الجمعۃ ثانی عشر من الشھر المذکور تاریخ المولد الشریف علی القول المشھور من السنۃ المذکورۃ

اطلاع

متعلق دفتر دعوات عبدیت

مقام بنت ضلع مظفرنگر

جوکہ میرے بڑے لڑکے برخوردار رفیق احمد سلمہ الصمد نے تھانہ بھون ضلع مظفرنگر میں مطبع موسوم امداد المطابع جاری کیا ہے اور وہاں سے ایک رسالہ الامداد بسرپرستی طبیب الملت حکیم الامت حضرت مولانا محمد اشرف علی صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ ماہوار شائع ہونا شروع ہوگیا ہے جسکی نسبت اشتہارات علیحدہ طبع ہوکر شائع ہوچکے ہیں اسلئے ہمنے بغرض آسانی طالبین و شائقین دعوات عبدیت کے اپنا دفتر دعوات عبدیت بنت ضلع مظفرنگر کا ماہ رجب ۳۳ھ سے متعلق امداد المطابع تھانہ بھون کردیا ہے اور بہت سامان وہاں بھیجدیا ہے۔ جن حضرات کو ضرورت ہوتا جرانہ نرخ پر مال بکفایت منشی رفیق احمد ایڈیٹر الامداد تھانہ بھون ضلع مظفرنگر سے طلب فرماویں:-

الملتمس:- محمد صدیق احمد - بنت ضلع مظفرنگر

حکیم الامت حضرت مولانا تھانوی مدظلہم العالی کے مواعظ

حضرت مولانا موصوف کے مواعظ کا مطالعہ کرنا تجربہ اور مشاہدہ سے نہایت ہی مفید ثابت ہوا ہے انکے بکثرت دیکھنے سے دین اور دنیا دونوں درست ہوجاتے ہیں اسلئے ان مواعظ کے ضبط اور طبع کا اہتمام شروع کیا گیا ہے چنانچہ جو مواعظ ابتک طبع ہوچکے ہیں انکی فہرست مع قیمت درج ذیل ہے:-

دعوات عبدیت					قیمت
دعوات عبدیت جلد اول مشتمل بر دس وعظ و سوا سو ملفوظات					عہ
//	جلد دوم	//	و	//	۸عہ
//	جلد سوم	//	و	//	۱۰عہ
//	جلد چہارم	//	و	//	۲عہ
//	جلد پنجم	//	و دو سو پچاس		۱۳عہ
(باقی پانچ جلدیں دعوات عبدیت کی تیار ہو رہی ہیں)					

(مواعظ متفرقات)	قیمت		قیمت		قیمت
النور	۲ر	الظہور	۲ر	فوائد الصحبۃ	۲ر
تذکیر الآخرۃ	۱ر	انقلاب امت	۲ر	تجارۃ آخرۃ	۲ر
اشرف المواعظ کلاں جلد اول جس میں سات وعظ ہیں					۵ر
//	جلد دوم	//	پانچ	//	۵ر
اغلاط العوام					۱ر

ملنے کا پتہ:- محمد عبداللہ عفی عنہ مدرس مدرسہ امداد العلوم تھانہ بھون ضلع مظفرنگر

الرحمٰن علّم القرآن خلق الانسان علّمه البيان

سلسلۂ علوم قرآن نمبر ۱

متعلقہ

فصاحت و بلاغت

علم الاستفهام من القرآن

مصنفہ ابوالبرکات محمد عبید اللہ مولوی فاضل خادم علوم کتاب و سنت ادام اللہ فیوضہ

قد طبع فی المطبع القاسم الواقع فی حیدرآباد
دکن صانہا اللہ عن الشر والفتن

کتاب مندرجہ ذیل پتہ سے بھی مل سکتی ہے حیدرآباد دکن کوچہ ضیار تیغی بازار غیسی میاں مولوی سید محمد عبدالرؤف صاحب

فہرست کتاب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ الذی انزل آیات القرآن تذکرۃ لاولی الاحلام وجعل
کلمۃ الاستفہام تبصرۃ لاولی الافہام والصلوۃ والسلام
علی سیدنا محمد ن الذی خص بالکلام المعجز من بین الانام و
علی آلہ وصحبہ الذین سبقوا فی مضمار الفصاحۃ والبلاغۃ واقتدوا
بہدیہ وسلکوا سبل السلام

رسالہ علم الاستفہام من القرآن سلسلہ علوم قرآن کا پہلا نمبر ہے
جس مین اقسام استفہام سے بحث کی گئی ہے انشاء اللہ تعالی اسکے بعد دوسرے رسالے
بھی فصاحت و بلاغت قرآن کے متعلق ہدیہ ناظرین کئے جائینگے بشرطیکہ زمانہ ہمکو فرصت
دے اور پبلک اسکو قدر کی نگاہون سے دیکھے۔

اس امر کی بہت ضرورت تھی کہ فصاحت و بلاغت قرآن کے مسائل اردو زبان مین
حل کئے جائین اور مخالفین اسلام جو تعصب کی پٹی آنکھون پر لگا کر قرآن پر بیجا حملے
کر رہے ہین اون کو روکا جائے اور کور باطنی سے انکے دیدۂ بصیرت پر جو ظلمت
کفر اور نفاق کا پردہ چھا گیا ہے اوسکو اٹھا کر یہ امر بخوبی وضاحت کیساتھ دکھلا دیا جائے
کہ قرآن عظیم الشان زندہ معجزہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے جسمین اکثر علوم کے
حقایق اور غوامض موجود ہین کہ جن سے عام تو کجا خاص خاص لوگ بھی ناواقف ہین

قرآن عظیم الشان ایک دریائے ناپیدا کنار ہے کہ جسکا نہ اور ہے نہ چھور اسمین بکثرت ایسے
قیمتی آبدار موتی بھرے ہین جو بحر فصاحت و بلاغت کے غواص ہین اور اس عروس نوبہار سے
وہی متلذذ ہوتے ہین جنھون نے اپنی عمر کا پورا حصہ علوم عربیہ مین خرچ کر دیا ہے

محدرات سراپردہ ہائے قرآنی ؂ چہ دلبرند کہ دل می برند پنہانی

سلسلۂ علوم قرآن کو مین نے دو حصون مین تقسیم کیا ہے ایک حصہ متعلق فصاحت
و بلاغت کے ہے دوسرا حصہ متعلق احکام کے ہے حضرات فصاحت و بلاغت کلام ربانی
کے شیدا اور اردو لٹریچر کے دلدادہ ہین انکے لئے یہ سلسلہ اس وجہ سے مفید ہے
کہ اسمین فصاحت و بلاغت کے مسائل اردو زبان مین حل کئے گئے ہین اور علاوہ
شواہد قرآنی کے اردو اساتذہ کے اشعار بھی جہانتک ہوسکے ذکر کئے ہین تاکہ
عربیت کے ساتھ اردو لٹریچر اور تقریر بھی درست ہو اور اسپیچ اور لکچرون (خطبون)
مین کافی مدد ملے

دوسرا حصہ جو متعلق احکام قرآن کے ہے وہ فی الحقیقت قرآن عظیم الشان کی
بسیط فہرست ہے جسکی ترتیب حروف تہجی سے رکھی گئی ہے اور الگ الگ
ابواب قائم کرکے ہر ایک باب کا نام جداجدا عنوان سے رکھا گیا ہے جن لوگون کو
قرآن کے فقہی مسائل حاصل کرنا ہو ان کو یہ فہرست از حد مفید ہوگی کیونکہ ہر ایک
باب کے متعلق سب آیتون کو ایک جگہ جمع کردیا ہے اور پھر عربی اور اردو دونون حیثیت
سے ترتیب حروف تہجی ملحوظ ہے احکام قرآن کے رسالے انشاء اللہ تعالی اسکے
بعد شایع ہونگے غرضکہ میرا ایمان ہے ان دونون حصون کے سلسلے
پبلک کو بیحد مفید ہونگے۔

اگرچہ بہی خواہان قوم اور ہمدردان اسلام مسلمانونکے تنزل کے بہت کچھ اسباب بیان کرتے ہین لیکن ہمارا جہانتک خیال ہے اور جس حدتک ہمکو تجربہ ہے مسلمانون کے تنزل کا بڑا سبب قرآن وحدیث سے غفلت اور انکے احکام کی عدم تعمیل ہے اور اسکی کھلی دلیل یہ ہے کہ عرب کے لوگ جہالت اور وحشت اور نااتفاقی مین ضرب المثل تھے اور غیر اقوام یعنے رومیون اور فارسیون کے غلام بن رہے تھے لیکن جب کتاب وسنت کا نور اونمین پھیلا تو بجاے نفاق کے اتفاق اور بجاے وحشت کے اخوت اور بجاے جہالت کے تہذیب آگئی یہانتک کہ شاہان روم اور ایران کو اپنا تابعدار بنالیا ساری دنیا کو ہلا کر چھوڑ دیا اگر مسلمان آج بہی قرآن وحدیث پر حتی الامکان عمل کرین اور فضول قصون اور ناولون اور غیر ضروری کتابون کے مطالعہ سے احتراز کرین تو پہر انکی ترقی انکو مدارج کمال تک پہنچادے۔

افسوس ہے کہ مسلمان ایسی کتاب کو جو جامع شریعت وطریقت اور جامع تمام مصالح تمدن وسیاست ہے چھوڑکر فضول کتابون مین اپنا وقت ضایع کرتے ہین۔

غیر حق را می دہی رہ در حریم دل چرا ٭ می کشی بر صفحہ ہستی خط باطل چرا

از رباط تن چو بگذشتی دگر معمورہ نیست ٭ زاد راہے بر نمی داری ازین منزل چرا

تمام صحابہ وتابعین اور تمام ائمہ مجتہدین (رضی اللہ عنہم اجمعین) اور تمام اولیاء اللہ اور صوفیہ کرام (رحمہم اللہ اجمعین) سب کا ماخذ و تمسک یہی کتاب وسنت ہے اور سب اولیاء اللہ اس امر پر متفق ہین کہ صوفی کا کوئی مقام بغیر اتباع سنت کے نہین ہو سکتا افسوس ہے ان کچھ صوفیون پر جو کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ کو چھوڑکر اپنی طرف سے من گھڑت باتین دین مین داخل کرکے لوگون کو گمراہ کرتے ہین

اور ضلّوا فاضلّوا کے مصداق بن رہے ہیں۔ ع

خلاف پیمبر کسے رہ گزید ۔ کہ ہرگز نخواہد بمنزل رسید

اور بعض ناواقف جہال صوفیہ بلا تقلید اور بلا تحقیق ایسے جھوٹے اور بے اصل قصے کرامات کے اولیاء اللہ کی طرف منسوب کرتے ہیں کہ جن پر مخالفین اسلام قہقہا اور تمسخر اسلام پر مضحکہ اڑاتے ہیں اور دین اسلام کی طرف سے لوگوں کو بدگمان کرتے ہیں اس سے کوئی یہ نہ سمجھے کہ معاذ اللہ ہم اولیاء اللہ کے کرامات کے منکر ہیں ہرگز ہرگز ہمارا ایسا اعتقاد نہیں کیونکہ کرامات کا ماننا ایک اعتقادی مسئلہ ہے لیکن ایسے بے اصل کرامات کہ جس سے باری تعالیٰ کی ذات اور صفات کی توہین ہو یا اسکی ذات اور صفات میں شرک لازم آوے ہم کو بھی نہیں ملتے فَلَا تَکُوْنُوْا مِنْ جُہَّالِ الصُّوْفِیَّةِ فَاِنَّھُمْ لُصُوْصُ الدِّیْنِ۔

اللہ تعالیٰ ہر مسلمان کو توفیق اتباع شریعت محمدی نصیب کرے اور اس خاکسار ناچیز کو جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے سلسلہ علوم قرآن کے شروع کرنیکی توفیق عطا فرمائی ہے ویسا ہی اللہ تعالیٰ اپنے فضل اور تائید سے اسکو تمام بھی کرادے اَللّٰھُمَّ وَفِّقْ لَنَا بِالْخَیْرِ وَاجْعَلْ خَوَاتِمَ اُمُوْرِنَا بِالْخَیْرِ وَجَنِّبْنَا عَنْ کُلِّ سَیِّئَةٍ وَضَیْرٍ۔

استفہام کی حقیقت اور اسکے اقسام

استفہام حقیقی

استفہام کے حقیقی معنے کسی بات کا دریافت کرنا یا کسی واقعہ کا پوچھنا ہے لیکن بیانیین کی اصطلاح میں استفہام وہ کلام ہے کہ جس کے ذریعے سے متکلم کسی امر کی تصدیق یا کسی بات کا [illegible] کرے یعنے متکلم استفہامیہ جملے سے کسی امر کا واقع ہونا یا نہ واقع ہونا دریافت کرے

یا کسی چیز کی صورت حال یا کسی شخص کا فعل پوچھتا ہے جیسے ءَاَنْتَ فَعَلْتَ
هٰذَا بِاٰلِهَتِنَا یٰۤاِبْرٰهِیْمُ ۞ قَالَ بَلْ فَعَلَهٗ كَبِیْرُهُمْ هٰذَا فَسْــٴَـلُوْهُمْ
اِنْ كَانُوْا یَنْطِقُوْنَ (انبیاء ع ۵) بت پرستوں نے کہا اے ابراہیم کیا یہ (حرکت)
ہمارے معبودوں کے ساتھ تم نے کی ہے ابراہیم نے کہا نہیں بلکہ انکے اس بڑے بت نے کیا
ہے اگر یہ (بت) بولتے ہوں تو انہیں سے پوچھ دیکھو۔

کبھی استفہام حقیقی معنے سے الگ ہوکر مجازی کئی معنوں میں مستعمل ہوتا ہے

(۱) استفہام انکاری | استفہام انکاری وہ کلام ہے کہ جس سے متکلم کو کسی امر کی نفی منظور ہوتی ہے گو حرف استفہام اثبات ہی پر آوے

اور اس امر پر دو دلیلیں ہیں ایک تو یہ کہ استفہام انکاری میں حرف استفہام کے بعد (اِلَّا) آتا ہے جیسے فَهَلْ یُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الْفٰسِقُوْنَ (احقاف ع ۴) اسکی تقدیر مَا یُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الْفٰسِقُوْنَ ہے یعنے نہیں ہلاک ہوگی مگر وہی

لے جب بت پرست کسی میلے کو گئے تو انکے پیچھے ابراہیم علیہ السلام نے سب بتوں کو توڑ پھوڑ کر بڑے بت کو صحیح وسالم چھوڑ دیا اور تبر بڑے بت کے گلے میں ڈالدیا جب میلے سے بت پرست لوٹے تو کہنے لگے یہ ہمارے بتوں کو کسنے توڑ ڈالا ایک نے اونمیں سے کہا ہونہ ہو یہ کام جوان ابراہیم کا ہے پھر انہوں نے ابراہیم سے پوچھا ءَاَنْتَ فَعَلْتَ الخ) ابراہیم علیہ السلام نے جوابدیا اگر بت بولتے ہوں تو بڑے بت سے پوچھو وہاں کیا تھا بت نہ منہ سے بولے نہ سر سے کہیلے آخر کش ابراہیم علیہ السلام نے الزامی حجت قائم کرکے کہدیا تم اور تمہارے بت دونوں پر تف ہے ایسی چیز کی پرستش کرتے ہو جو بولتے تک نہیں اور تمکو نہ نفع پہنچا سکتے ہیں نہ نقصان جب جلکو کہیلنے ہوئے تو ابراہیم علیہ السلام کے جلانیکی فکر کی اللہ تعالی نے ابراہیم علیہ السلام کو بچالیا
استفہام حقیقی کی مثال اردو میں ظفر کا شعر ہے ۔ اے بتو دل اور بت کو ہمنے دیدیا ہے اے ظفر دیکھیں خدا کرتا ہے کیا

تو تم جو بدکار ہو اور خدا کے حکم سے روگردان دوسری دلیل یہ ہے کہ استفہام انکاری والے جملے پر جملہ منفیہ کا عطف ہوسکتا ہے اگر مقصود استفہام سے نفی نہ ہوتی تو جملہ منفیہ کا عطف جملہ مثبتہ پر کیسے ہوسکتا ہے جیسے فَمَنْ یَّهْدِیْ مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِیْنَ (روم ۳ ع) کون اُس کو راہ پر لائے جسے اللہ نے گمراہ کیا اور اونکے لئے کوئی مددگار نہین یعنے جسے اللہ گمراہ کرے اُسے کوئی ہدایت پر لا نہین سکتا اور جو خدا کی راہ سے بھٹک گئے اونکا کوئی مددگار نہین اس مثال مین جملہ منفیہ کا عطف جملہ مثبتہ پر ہے اور مقصود نفی ہے۔

استفہام انکاری اگر ماضی پر آوے تو اُس سے مقصود مخاطب کی تکذیب ہوتی یعنے مضمون جملہ کے واقع ہونے کا جو مخاطب مدعی ہے وہ غلط ہے یعنے مضمون جملہ واقع نہین ہوا جیسے اَشَهِدُوْا خَلْقَهُمْ سَتُكْتَبُ شَهَادَتُهُمْ وَيُسْئَلُوْنَ (زخرف ۳ ع) یعنے کافر جو فرشتون کو اللہ کی بیٹیان قرار دیتے ہین اس دعوے مین وہ جھوٹے ہین کیا وہ فرشتون کی پیدائش کے وقت موجود تھے (یعنے موجود نہ تھے) جب موجود نہ تھے تو اون کو کیونکر معلوم ہوا کہ فرشتے اللہ کی بیٹیان ہین[۱] خیر اونکی یہ بات لکھہ لی جائیگی اور قیامت مین اون کی پوچھ ہوگی اور ایسا ہی مثال سے

---

[۱] خدا کی نعمتون کا مقتضی یہ تہا کہ اسکی تسبیح اور تقدیس کی جاتی اور اوسکو ہر عیب سے منزہ سمجہا جاتا اسکے برخلاف اوسکے لیے اولاد ٹھہرائی گئی اور اولاد بھی ایسی کہ جو خود کو پسند نہین یہ بڑی ادبی پر بے ادبی ہے ایک بے ادبی تو یہ کہ کہا جائے اسکو اولاد ہے حالانکہ توالد اور تناسل سے وہ بالکل پاک ہے دوسری بے ادبی یہ کہ فرشتے اللہ کی بیٹیان ہین حالانکہ جب اوسکو اولاد ہی نہین تو بیٹیان کہان غرضکہ اللہ تعالی نے اس آیت مین انکے اس زعم فاسد کا انکار کیا اور کہدیا کہ وہ اولاد سے بالکل پاک ہے یہ محض تمہارے توہمات ہین جو تمنے گھڑ لیے ہین ۱۲

اَفَاَصْفٰىكُمْ رَبُّكُمْ بِالْبَنِيْنَ وَاتَّخَذَ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ اِنَاثًا کیا اللہ تعالیٰ نے
تمھارے لئے بیٹے چن لئے اور اپنے لئے فرشتون کو بیٹیان قرار دیا یعنے
خدا نے ایسا نہین کیا یہ محض تمھارے توہمات ہین کہ جنکے تم تابع ہوکر خدا پر جھوٹ
باندھتے ہو۔

استفہام انکاری[۵۱] اگر مضارع پر آئے تو اُس سے تکذیب کا مقصود یہ ہوتا ہے کہ اس جملہ کا
مضمون آیندہ زمانہ مین واقع نہو گا جیسے اَنُلْزِمُكُمُوْهَا وَاَنْتُمْ لَهَا كٰرِهُوْنَ (ہود
ع ۳) نوح علیہ السلام نے کہا اس دین کا راستہ (جو بالکل کھلا ہوا ہے) کیا زبردستی سے ہم تم پر
لازم کرینگے کہ خواہ مخواہ خوشی سے بھی اسکو مان لو بلکہ وہ ایسا واضح ہے کہ تم اسکو خوشی سے مان سکتے ہو

۴۔ استفہام توبیخی استفہام توبیخی بھی استفہام انکاری کے قریب قریب ہے
بلکہ بعض علماء نے کہا ہے کہ استفہام توبیخی استفہام انکاری ہی ہے لیکن فرق
استفہام انکاری اور توبیخی مین اسی قدر ہے کہ استفہام انکاری مین جملہ
استفہامیہ سے اوس جملے کا ابطال مقصود ہوتا ہے اسی واسطے اُسکا دوسرا
نام استفہام ابطالی ہے اور استفہام توبیخی مین مخاطب سے جو فعل یا ترک
واقع ہوا ہے اُس پر ملامت کی جاتی ہے یعنے استفہام توبیخی مین یا تو یہ بتلایا
جاتا ہے کہ جو مضمون جملہ نہ واقع ہونا چاہئے تھا وہ کیون واقع ہوگیا آیندہ سے
وہ واقع نہ ہو جیسے اَفَعَصَيْتَ اَمْرِیْ (طٰہٰ ع ۵) موسیٰ علیہ السلام نے

---

۵۱ استفہام انکاری کی مثال مین غالب مرحوم کے یہ دو اشعار ہین۔

۵۲ سخن مین خامۂ غالب کی آتش افشانی ٭ یقین ہے ہمکو بھی لیکن اب اُس مین دم کیا ہے۔

۵۳ کیا فرض ہے کہ سب کو ملے ایک سا جواب ٭ آؤ نہ ہم بھی سیر کرین کوہ طور کی۔

استفہام تقریری | تقریر کہتے ہین کسی امر کے برقرار رکھنے کو اس صورت مین استفہام
تقریری کے معنے یہ ہوے کہ جو امر مخاطب اور متکلم کے پاس ثابت ہے اوسی پر متکلم
جملۂ استفہامیہ سے اقرار لیتا ہے جیسے هَلْ يَسْمَعُونَكُمْ إِذْ تَدْعُونَ أَوْ
يَنْفَعُونَكُمْ أَوْ يَضُرُّونَ (شعراء ع) یعنے ان بتون کو جو تم پکارتے ہو کیا وہ سنتے ہین یا
تم کو نفع پہونچاتے ہین جب یہ امر مسلم ہے کہ پکارنا اوسیکو چاہیے جو سنے اور نفع بھی دے
جب سنتے بھی نہین اور نفع بھی نہین دیتے تو پھر اون کو پکارنا بیکار ہے سو چاہیے
اللہ تعالی کو پکارو جو سنتا بھی ہے اور نفع بھی دیتا ہے استفہام تقریری مین گو استفہام
نفی پر آوے لیکن مقصود اوس سے اثبات ہوتا ہے اور اوسکی وجہ یہ ہے کہ کلام
ایجابی کا عطف اوس پر صحیح ہوتا ہے اگر مقصود نفی سے اثبات نہ ہوتا تو جملہ مثبتہ کا عطف
جملہ منفیہ پر کیسا ہو سکے جیسے أَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ وَوَضَعْنَا عَنْكَ
وِزْرَكَ الَّذِي أَنْقَضَ ظَهْرَكَ (سورۂ الم نشرح ع) اے پیغمبر کیا ہم نے
تمہارا سینہ نہین کھولا یعنے کھول دیا اور رکھ دیا تمہارے اوپر سے تمہارا بوجھ جو تمہاری
کہ جسنے تمہاری پیٹھ توڑ دی تھی یعنے اللہ تعالی نے تمہارے اگلے اور پچھلے گناہ سب

ف سورۂ الم نشرح مکہ مین اتری سینہ کھول دینے یا تو یہ مراد ہے کہ اوسمین تمنے نبوت کا نور
پھیلا دیا یا اوس سے مراد شق صدر ہے کہ جو انحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی کم سنی مین کیا گیا تھا اللہ تعالی
نے تمام دنیاوی کثافتون سے آپ کا سینہ پاک کر کے اوسمین نبوت کا نور بھر دیا تھا اسکا قصہ مشہور ہے
استفہام تقریری کی مثال اردو مین غفران مکان حضرت نواب میر محبوب علیخان بہادر مرحوم مغفور
سابق فرمانروائے دکن کا شعر ہے ؎ دل مین گر تو نہین پھر کیا ہے ؛ گل مین گر بو نہین تو پھر کیا ہے
(غالب) ہان بھلا کر ترا بھلا ہوگا ؛ اور درویش کی صدا کیا ہے

معاف کردیے) اس مثال مین ہمزہ استفہامیہ گو نفی پر آیا ہے لیکن مقصود اس سے
اثبات ہے غرضکہ استفہام تقریری کبھی اثبات پر آتا ہے اور کبھی نفی پر لیکن مقصود
اس سے اثبات ہی ہوتا ہے کیونکہ نفی کی نفی اثبات ہے خلاصہ یہ نکلا کہ استفہام تقریری
سے مقصود اقرار لینا ہے جو اثبات ہے

۵ استفہام تعجبی جس کلام مین متکلم اظہار تعجب استفہام کے پیرایے مین
کرے وہ استفہام تعجبی ہے جیسے سلیمان علیہ السلام کا ہدہد کو دریافت کرنا
مَالِيَ لَآ اَرَى الْهُدْهُدَ اَمْ كَانَ مِنَ الْغَآئِبِيْنَ تعجب ہے کہ ہدہد کو مین
نہین دیکھتا یا حقیقت مین وہ غائب ہے استفہام تعجبی کی دوسری مثال كَيْفَ
تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَكُنْتُمْ اَمْوَاتًا فَاَحْيَاكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ اِلَيْهِ
تُرْجَعُوْنَ (بقرہ ۳ ع) تعجب[۵] ہے کہ تم خدا سے کیسے منکر ہو حالانکہ تم بے جان تھے
پھر تم مین جان ڈالدی پھر تمکو مار ڈالیگا پھر جلائیگا پھر تم کو اسکی طرف لوٹ جانا ہے

۵ اس آیت مین اللہ تعالی نے منکرین خدا اور منکرین قیامت پر تعجب ظاہر کیا ہے اور ارشاد فرمایا
کہ تعجب ہے تمکو وجود نے نیست سے ہست کیا پھر نیست کرکے ہست کرنا کیا مشکل ہے کیونکہ دنیا کے سب موجودات کا
یہی حال ہے کہ معدوم سے موجود ہوتے ہین اور موجود سے معدوم جب کوئی چیز بلا وجہ موجود نہین ہوتی
تو عالم کا موجود ہونا یا تمہارا پیدا ہونا بلا سبب کیون ہوا اسکا بھی کوئی نہ کوئی سبب ہے اور وہ سبب مین
ہون اور کوئی منکرین خدا اور قیامت کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی صناع سے کہے کہ تو اپنے مصنوعات
کو مکرر نہین بنا سکتا وہ بہت ہی ہنسے گا اور تعجب ظاہر کریگا۔ ان کا ٹھٹھے کے دہریونکا بھی حال ہے
کہ خدا کی قدرتون کو روز دیکھتے مین پھر منکر ہی رہتے ہین۔ استفہام تعجبی کی مثال میر انیس کا یہ شعر ہے

نرغے خنجر سے ہوا جو وہ چکر کس کا ہے ۔ ایک ذرا غور سے دیکھو یہ سر کس کا ہے۔

کبھی ایسا ہوتا ہے کہ ایک مثال میں کئی قسم کے استفہام بن سکتے ہیں جیسے
اَتَأۡمُرُوۡنَ النَّاسَ بِالۡبِرِّ وَتَنۡسَوۡنَ اَنۡفُسَكُمۡ وَاَنۡتُمۡ تَتۡلُوۡنَ الۡكِتٰبَ ؕ اَفَلَا تَعۡقِلُوۡنَ
(بقرہ ع) کیا تم لوگوں کو تو نیکی کا حکم کرتے ہو اور اپنی خبر ہی نہیں لیتے (یعنے خود عمل
نہیں کرتے) اور کتاب توریت پڑھتے ہو کیا تم کو عقل نہیں ہے اس مثال میں استفہام
تقریری بھی ہو سکتا ہے اور استفہام تعجبی بھی۔

۶ استفہام عتابی | متکلم جس کلام کے ذریعہ سے مخاطب پر تنبیہاً عتاب کرے
وہ استفہام عتابی ہے[۵] جیسے اَلَمۡ يَاۡنِ لِلَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اَنۡ تَخۡشَعَ قُلُوۡبُهُمۡ
لِذِكۡرِ اللّٰهِ وَمَا نَزَلَ مِنَ الۡحَقِّ (حدید ع) کیا ایمانداروں کے لئے وہ وقت
نہیں آیا کہ اللہ تعالی کے ذکر سے اور اللہ تعالی کی طرف سے جو قرآن اترا ہے اسکے سننے
سے انکے دل پگھل جائیں یعنے اس قساوت قلبی کی بھی انتہا ہے کہ باوجود اللہ کے ذکر
کے اور قرآن کی آیتوں کے سننے پر بھی دل نہیں پسیجتے اس صورت میں قہر خدا اور
غضب الٰہی نہ نازل ہو تو پھر کیا ہو فرق عتاب اور توبیخ میں اسقدر ہے کہ توبیخ میں
سرزنش زیادہ ہے اور عتاب میں کم۔

۷ استفہام تذکیری[۶] | جس استفہام کے ذریعہ سے متکلم اگلے واقعات کو بر سبیل اجمال

---

[۵] استفہام عتابی کی مثال اردو میں ذوق کا یہ شعر ہے۔
بغل سے لے گئے دل کو نکال کر وہ صریح ٭ جو مانگا تو کہا آنکھیں نکال کے کیسا
(حسد ہے) دل لیکے پھر اصاف مکر جاتے ہیں کیسا ٭ جو بھلا لوگوں تو کھینچتے ہیں کہ بد نما کیا ہے کیسا
[۶] استفہام تذکیری کی مثال آزاد کا یہ شعر ہے۔
کہاں ہے لشکر ہامان کہاں ہے قوم ثمود ٭ کہاں ہے لشکر فرعون جاہ ذی الاوتاد۔

یاد دلائے وہ استفہام تذکیری ہے یعنے جملہ استفہامیہ ایک اشارہ ہوتا ہے قصہ گذشتہ
کی طرف اور بخوف طوالت پورا قصہ ذکر نہین کیا جاتا صرف اشارۃً ایک جملہ اسکا بسبیل
ایجاز بیان کیا جاتا ہے جیسے اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يَا بَنِيْٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا
الشَّيْطٰنَ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ (یٰس ع ۴) یعنے ہمنے تمسے کیا یوم میثاق اسبات کا
عہد نہین لیا تھا کہ اے آدم کی اولاد شیطان کی عبادت نہ کرنا لیکن پھر تم اُس عہد کو
بھول گئے اب ہم پھر تمکو وہ یوم میثاق کی بات یاد دلاتے ہین کہ تم شیطان کے کہے پر مت چلو
اور اسکو اپنا دشمن جانو کیونکہ وہ تمہارا کھلا دشمن ہے اور خدا کی عبادت کرو کیونکہ
وہی مستحق عبادت ہے یا جیسے جناب باری کا ارشاد اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ اِنِّيْٓ اَعْلَمُ
غَيْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ کیا مین نے تمسے نہین کہا تھا کہ مین آسمان اور زمین کی
پوشیدہ باتونکو جانتا ہون اس استفہامیہ جملہ مین اشارہ ہے اُس قول کیطرف جو اللہ تعالیٰ
نے پہلے فرشتون سے کہا اِنِّيْ جَاعِلٌ فِي الْاَرْضِ خَلِيْفَةً قَالُوْٓا اَتَجْعَلُ فِيْهَا مَنْ
يُّفْسِدُ فِيْهَا وَيَسْفِكُ الدِّمَاۗءَ وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ
قَالَ اِنِّيْٓ اَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ پروردگار نے فرشتون سے کہا مین زمین مین اپنا
ایک نائب بنانا چاہتا ہون فرشتون نے کہا اے پروردگار کیا تو زمین مین ایسے
شخص کو پیدا کریگا جو فساد مچائے اور خونریزی کرے اور ہم تیری تسبیح اور تقدیس کرتے
ہی ہین اسوقت خدا نے کہا کہ آدم کے پیدا کرنے مین جو مصلحت ہے اُسکو مین ہی جانتا ہون
تم نہین جانتے اس پورے قصے کیطرف اشارہ صرف اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ سے کیا گیا اور
بخوف طوالت پورے قصے کو ذکر نہین کیا۔

۸ استفہام افتخاری | متکلم اپنے کلام مین تفخر جتلانے کی غرض سے جو استفہام لائے

وہ استفہام افتخاری[1] ہے جیسے فرعون کا موسیٰ سے کہنا اَلَیْسَ لِیْ مُلْکُ مِصْرَ (زخرف ع ۵) کیا مجھکو مصر جیسی سلطنت نہیں ملی ہے مجھکو بڑا فخر اس بات کا ہے کہ میں مصر جیسی سلطنت کا مالک ہوں۔

۹ استفہام تفخیمی[2] | جو استفہام کسی چیز کی عظمت بتلانے کی غرض سے لایا جائے وہ استفہام تفخیمی ہے جیسے مَالِ هٰذَا الْكِتٰبِ لَا يُغَادِرُ صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً اِلَّآ اَحْصٰىهَا (سورۂ کہف ع) گناہ گاروں کو جب نامۂ اعمال دے جائینگے تو وہ ڈر ڈر کر کہینگے یہ ہمارا نامۂ اعمال کیا ہی بڑا لکھتا ہے کہ جسمیں چھوٹا گناہ چھوٹا ہے نہ بڑا گناہ سبا سبھی نوشتہ میں موجود ہے۔

۱۰ استفہام تہویلی یا تخویفی | جو استفہام کسی امر آئندہ کے رفعت سے مخاطب کو دہشت زدہ کرنے کی غرض سے لایا جائے وہ استفہام تہویلی[3] ہے جیسے اَلْحَآقَّةُ مَا الْحَآقَّةُ وہ حادثۂ قیامت جو حق کو باطل سے جدا کردے گا اور ضرور ہوکر رہے گا اُس کو تم کیا سمجھتے ہو وہ کیا واقعہ ہے وہ ایک بڑا عظیم الشان واقعہ ہے۔

۱۱ استفہام تسہیلی[4] یا تخفیفی | جو استفہام بغرض تسہیل یعنی کسی کام میں یا سانی

---

[1] مثال استفہام افتخاری (آتش) یاں مدعی حسد کرے نہ داد تو دے ۔ آتش غزل یہ تونے لکھی عاشقانہ کیا

[2] مثال استفہام تفخیمی (میر انیس) ذبح خنجر سے ہوا جو وہ یہ کس کا ہے ۔ یک ذرا غور سے دیکھو کہ یہ سر کس کا ہے
(طور) تیغ ہے اوس نظر کا کیا کہنا ۔ لیکن اپنے جگر کا کیا کہنا۔

[3] استفہام تہویلی کی مثال ع کیا بلا کوئے بتاں بھی ہے جگہ کی شئی ۔ قدم رکھا جو ... نے پیچھے دیکھا۔

[4] مثال تسہیل (ذوق) کیا اگر تم جو آئے گھڑی دو گھڑی کے بعد ۔ سینے میں ہوگی سانس اڑی دو گھڑی کے بعد۔

بتلانے کی غرض سے لایا جائے وہ استفہام تسہیلی ہے جیسے مَاذَا عَلَيْهِمْ لَوْ آمَنُوا (نساء ع) یعنے اون پر کیا ایسا بوجھا دشوار ہے کہ جو ایمان لے آئیں وہ تو ایک آسان چیز ہے جو اون پر لازم کیگئی ہے اور ایمان کے لانے مین اونکا کوئی حرج نہین بلکہ سراسر فائدہ ہی فائدہ ہے۔

۱۲- استفہام تہدیدی یا وعیدی وہ استفہام کہ جس کے ذریعہ سے متکلم اگلے واقعات کو یا بعد کے شدائد کو یاد دلا کر دہمکی دیتا ہے استفہام تہدیدی[۱] ہے جیسے أَلَمْ نُهْلِكِ الْأَوَّلِينَ (مرسلت ع) کیا ہم نے اگلون کو ہلاک نہین کیا یعنے تم کس غرّے پر ہو اگر تم بھی ایسی ہی نافرمانیان کروگے تو تم کو بھی ہلاک کرینگے۔

۱۳ استفہام تسویہ جس استفہام مین دو باتون کو برابر ٹھیرایا جائے وہ استفہام تسویہ[۲] ہے جیسے سَوَاءٌ عَلَيْهِمْ أَأَنْذَرْتَهُمْ أَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ (بقرہ ع) اے پیغمبر تمہارا ان کافرون کو ڈرانا یا نہ ڈرانا دونون برابر ہین وہ تو ایمان لانے والے نہین۔

۱۴ استفہام امری[۳] متکلم کو کلام سے استفہام مقصود نہ ہو بلکہ اُس جملہ استفہامیہ کا حکم بجالانا مقصود ہو جیسے أَأَسْلَمْتُمْ (آل عمران ع) یعنے اسلام لے آؤ یا فَهَلْ أَنْتُمْ مُنْتَهُونَ (مایدہ ۲ع) کیا تم باز نہین آتے

---

[۱] مثال تہدیدی (شہیدی) یہی باتین ہی کہتا ہے ہی چاہت نیا پیا رے کیا تیامت ہوئے تخفی پہ آنا دل کا۔

[۲] مثال تسویہ ۔ شغل بہتر ہے عشق بازی کا ۔ کیا حقیقی و کیا مجازی کا۔

[۳] مثال امر (سہرانیس) افسوس اسی طور سے غفلت مین رہو گے ۔ کیا آخری بلبلا کی زیارت نہ کروگے

یعنی برائیوں سے باز آؤ اور جیسے اَلْصَّبِرْ نَفْسَكَ (فرقان ع ۶) یعنی صبر کرو۔

۵ استفہام تنبیہی جس استفہام کے ذریعہ سے متکلم مخاطب کو کسی بات پر آگاہ کرتا ہے وہ استفہام تنبیہی[۵] ہے اور یہ استفہام بمعنی امر کی ایک قسم ہے جس سے مقصود اس فعل کا کرنا ہوتا ہے جیسے اَلَمْ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ (فرقان ع ۵) اے پیغمبر کیا تم نے اپنے مالک کی قدرت نہیں دیکھی کہ اس نے سایہ کو کیونکر پھیلایا یعنے اس امر کو دیکھو کہ اللہ تعالیٰ سایہ کو کیونکر پھیلاتا ہے اور وہ کس طرح سے بڑہتا گھٹتا ہے۔

۶ استفہام ترغیبی جو استفہام کسی امر کی طرف رغبت دلانے کی غرض سے لایا جائے وہ استفہام ترغیبی[۶] ہے جیسے مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا یعنے کون شخص ہے جو اللہ تعالیٰ کو قرضہ حسنہ دے یہاں قرضہ حسنہ پر ترغیب دینے کے لئے استفہام استعمال کیا گیا اور ایسا ہی جملہ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى تِجَارَةٍ تُنْجِيْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ (صف ع ۱) کیا میں تم کو ایسی تجارت جو عذاب الیم سے نجات دے نہ بتا دون یعنے مین تم کو ایسی تجارت کی طرف رغبت دلاتا ہون کہ جو عذاب الیم سے نجات دے اور آخرت مین فائدہ پہونچائے وہ تجارت کیا ہے ایمان اور عمل صالح۔

---

[۵] مثال استفہام تنبیہی (نسیم) ای سفیدی عمر کیون غفلت مین کہوتا ہے؛ کداو ٹھہ صبح قیامت ہوگی تو کس نیند سوتا ہے

[۶] مثال استفہام ترغیبی (نذیر احمد) ای قوم تری سہت و غیرت کو کیا ہوا؛ تو بے قصور وار تو کس کا گلہ کر رہا ہے۔ (سید احمد) یار ہون غمگسار کیا کہنا؛ اور ہلین ایسے یار کیا کہنا؛ پاؤن پڑ کر اسے منا لا یا؛ ہاتہہ تو لاؤ یار کیا کہنا؛

۱۷ استفہام نہی [1] استفہام سے مقصود کسی امر کی ممانعت ہوتی ہے جیسے أَتَخْشَوْنَهُمْ فَاللَّهُ أَحَقُّ أَن تَخْشَوْهُ (توبہ ع۲) کیا تم کافروں سے ڈرتے ہو حالانکہ اللہ زیادہ مستحق ہے کہ اس سے ڈرو یعنی منافقین اور مشرکین اور کفار سے مت ڈرو۔

۱۸ استفہام دعائی [2] جس استفہام سے مقصود دعا ہو جیسے أَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ السُّفَهَاءُ مِنَّا (اعراف ع۱۹) موسیٰ علیہ السلام نے کہا اے پروردگار کیا تو ہم کو اس وجہ سے ہلاک کرتا ہے کہ ہم میں سے بیوقوفوں نے بت پرستی کی یعنی اے پروردگار ہم کو بیوقوفوں کے کرتوتوں پر ہلاک مت کیجیو۔

استفہام نہی اور استفہام دعائی میں اسی قدر فرق ہے کہ اگر ادنیٰ اعلیٰ سے کسی امر کے نہ کرنے کی درخواست کرے تو وہ استفہام دعائی ہے اور اگر اعلیٰ ادنیٰ کو کسی امر کے نہ کرنے کو کہے تو وہ استفہام نہی ہے۔

۱۹ استفہام تمنی [3] جس استفہام کے ذریعہ سے متکلم کسی بات کی آرزو کرتا ہے وہ استفہام تمنی ہے جیسے فَهَل لَّنَا مِن شُفَعَاءَ فَيَشْفَعُوا لَنَا (اعراف ع۶) دوزخی آرزو کریں گے ہائے کوئی ہمارے سفارشی ہیں جو اس وقت ہماری سفارش کرکے ہم کو عذاب سے نجات دیں۔

---

[1] مثال استفہام نہی (داغ) دل بیمار سنا ہے کہ تمھیں [illegible] نصیحت ناصح کرتا ہے کیا
[2] مثال استفہام دعائی (راحت) [illegible] کچھ [illegible] تم بھی [illegible]
[3] مثال استفہام تمنی (ناسخ) وحشت سے کب وطن میں پہنچونگا کہ جیتا اب تو سال آ پہنچا۔ (درد) [illegible] یعنی کبھی تو اپنا بھی دل شاد تھا۔

۴۰ استفہام استرشادی[لہ] — متکلم اپنے کلام میں کسی امر کے بھلائی کی درخواست کرتا ہے اور اگر یا مخاطب پر اعتراضاً کلام نہیں لاتا یا کہ محض ارشاد طلب کرتا ہے۔ اس کلام کو استفہام کے پیرائے میں ادا کرتا ہے جیسے اَتَجْعَلُ فِيْهَا مَنْ يُّفْسِدُ فِيْهَا یعنے اے پروردگار ہم تیری جناب میں استرشاداً عرض کرتے ہیں نہ بسبیل اعتراض کہ کیا تو زمین میں ایسے شخص کو پیدا کرتا ہے کہ جو فساد مچائے اور خونریزی کرے۔

۴۱ استفہام استبطائی[سے] — متکلم اپنے کلام میں کسی امر کے وقوع میں دیر ہونی کو ظاہر کرتا ہے۔ ایسا استفہام استبطائی ہے جیسے مَتٰى نَصْرُ اللّٰهِ یعنے اللہ کی مدد کب آئے گی یعنے اللہ کی مدد آنے میں بہت دیری ہوئی چنانچہ اوسکے جواب میں جناب باری ارشاد فرماتا ہے اَلَآ اِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ (۲۲ سورۂ بقرہ) یعنے آگاہ ہو جاؤ اللہ تعالیٰ کی مدد عنقریب آنے والی ہے۔

۴۲ استفہام عرض[سہ] — جس استفہام سے مقصود متکلم کو کسی امر کا پیش کرنا ہو وہ استفہام عرض ہے جیسے اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ (نور ۳ ع) کیا تم اس بات کو نہیں چاہتے کہ اللہ تعالیٰ تمہارے گناہ بخشدے یعنے ہم تمہارے اس بات کو پیش کرتے ہیں کہ تم اپنے گناہوں کی معافی چاہو

لہ مثال استفہام استرشادی (غالب) ہم ہیں مشتاق اور وہ بیزار ؛ یا الٰہی یہ ماجرا کیا ہے

سے مثال استفہام استبطائی — رات اور رات بھی جدائی کی ؛ اب نکلتا ہے آفتاب کہاں

سہ مثال استفہام عرض (امیر) — دیر سے آئے ہو کیا ابھی نہ گھر جاؤگے ؛ کچھ خیال تو میرے گھر کا نہ لکھواؤگے

۴۲ استفہام تحضیضی — جو استفہام کسی بات پر مخاطب کو برانگیختہ کرنے کی غرض سے لایا جاوے وہ استفہام تحضیضی ہے جیسے اَلَا تُقَاتِلُوْنَ قَوْمًا نَّكَثُوْٓا اَيْمَانَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ عَهْدِهِمْ (توبہ ۲ع) کیا تم ایسی قوم سے نہیں لڑتے کہ جنھوں نے اپنے معاہدے کو توڑ دیا بعد عہد کرنے کے یعنی تم کو آمادہ کیا جاتا ہے کہ ایسی قوم سے جو نقض عہد کرے ضرور اُن سے لڑو۔

۴۳ استفہام تجاہل عارفانہ — جان بوجھ کر انجان بننے کی غرض سے جو استفہام لایا جاوے وہ استفہام تجاہل عارفانہ ہے جیسے ءَاُنْزِلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ مِنْۢ بَيْنِنَا (ص ۱ع) کیا ہم کو چھوڑ کر محمد پر قرآن اتارا گیا ہے یہاں پر اس جملے کے کہنے والے مشرکین ہیں گو وہ اس بات کو جانتے تھے کہ محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر قرآن اترا ہے لیکن پھر بھی انجان بن کر اس جملہ کو انھوں نے استعمال کیا کہ ہم کو چھوڑ کر محمد پر قرآن کیوں اترا ہم پر نہ اترا ہوتا۔

۱؎ یہ واقعہ صلح حدیبیہ کا ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور قریش کے کافروں کے درمیان قرار پائی تھی لیکن کفار مکہ شرائط صلح پر قائم نہ رہے اور عہد کو توڑ دیا۔ واقعہ یہ ہے کہ مکے کے کافروں نے حدیبیہ میں دس برس کیلئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے صلح کی اس شرط پر کہ جو لوگ مسلمانوں کی پناہ میں ہیں ان پر مکہ والے حملہ نہ کرینگے اور جو حملہ کرینگے ان کی مدد کرینگے اور مسلمان ان لوگوں پر حملہ نہ کرینگے جو مکہ والوں کی پناہ میں ہیں جو حملہ کرینگے ان کی مدد کرینگے مکہ والوں کی پناہ میں بنی بکر کی قوم تھی اور مسلمانوں کی پناہ میں خزاعہ کی قوم تھی اتفاقاً بنی بکر اور خزاعہ کی قوم میں جنگ ہوئی مکے کے کافروں نے اپنے عہد کا کچھ خیال نہیں کیا اور بنی بکر کی ہتیاروں سے مدد کی یہ حال دیکھ کر خزاعہ میں سے ایک شخص عمرو بن سالم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور فریاد کی کہ مکے کے کافروں نے عہد کو توڑ دیا آپنے فرمایا اچھا ہم بھی تمہاری مدد کرینگے اسکے بعد آپ نے مکہ پر لشکرکشی کی اور مکہ فتح کیا غرضکہ یہ آیت کافروں کے جو اپنا عہد توڑتے تھے اُنسے قتال کرنیمیں نازل ہوئی ہے۔

وہ اون ستاروں کو جن کو وہ پوجتے تھے پوجا کرتے تھے یعنے ہم چھوڑنے والے نہیں۔

۳۲ استفہام تاکیدی — جس استفہام سے مضمون جملہ سابقہ کی تاکید مقصود ہو وہ استفہام تاکیدی جیسے اَفَمَنْ حَقَّ عَلَيْهِ كَلِمَةُ الْعَذَابِ اَفَاَنْتَ تُنْقِذُ مَنْ فِي النَّارِ (زمر ع) کیا جس پر عذاب لازم ہو گیا ہے آیا تو اوسکو آگ سے نکال سکتا ہے یعنے ہرگز ہرگز ایسے شخص کو جسکے حق میں عذاب لکھا گیا ہے اوسکو تم نہیں نکال سکتے یہاں دوسرا جملہ پہلے جملے کی تاکید کے لئے لایا گیا ہے۔

۳۳ استفہام اخباری — جس استفہام سے مقصود کسی بات کی خبر دینا ہو وہ استفہام اخباری ہے جیسے اَفِي قُلُوبِهِمْ مَرَضٌ اَمِ ارْتَابُوا (نور ع) یعنے اون کے دلوں میں یا تو بیماری ہے یا شک میں پڑے ہوئے ہیں یہاں جملہ استفہامیہ سے مقصود خبر دینا ہے یعنے یا تو دلوں کے بیمار ہیں یا شک میں پڑ گئے ہیں۔

۳۴ استفہام تکثیری — جس استفہام میں کسی چیز کی بہتات بتلائی جاوے وہ استفہام تکثیری ہے جیسے كَمْ مِنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنَاهَا یعنے بہت ساری بستیوں کو ہم نے ہلاک کر دیا۔

۳۵ استفہام تقلیلی — جس استفہام میں کسی چیز کی قلت بتلائی جاوے وہ استفہام تقلیلی

ف مثال استفہام تاکیدی (ف) [illegible] کہا ہے تجھے لازم ہے [illegible] پس ایسی باتیں اپنی طرف سے جوڑ بیٹھے [illegible] استفہام خلیلی [illegible] شہیدی کا [illegible] ہو [illegible] مشعور کر دوں گیا۔

مثال استفہام تکثیری (ف) [illegible] کسی میں [illegible] لوگ کرتے ہیں بری بات کا چرچا [illegible]

مثال استفہام تقلیلی (ف) [illegible] استفہام تقلیلی کی مثال [illegible] سے نہیں [illegible]

کلمات استفہام

کلمات استفہام گیارہ ہیں ہمزہ۔ ھَل۔ مَا۔ مَن۔ اَیُّ۔ لِمَ۔ کَیفَ۔ اَینَ۔ اَنّٰی۔ مَتٰی۔ اَیَّانَ ۔

(ہمزہ و ھل) ہمزہ طلب تصور اور طلب تصدیق دونوں کیلئے آتا ہے اور ھل محض طلب تصدیق کیلئے

اور باقی حروف صرف طلب تصور کے لئے اردو میں ان دونوں لفظوں کا ترجمہ (کیا) ہے۔

(ما) ما استفہامیہ کے معنی اَیُّ شَیْءٍ کے ہوتے ہیں یعنے کیا چیز کونسی چیز کیسی چیز کیا حسب موقعہ اسکا ترجمہ

ہوتا ہے اس سے عام غیر ذوی العقول یا انکی صفات پوچھی جاتی ہیں جیسے مَا لَوْنُهَا اس کا رنگ کیسا ہے

(مَن) اس سے ذوی العقول کا تعین پوچھا جاتا ہے اردو میں اسکا ترجمہ (کون) ہے جیسے مَن بَعَثَنَا مِن مَرقَدِنَا

(اَیُّ) جس کسی امر میں دو باہم شریک ہوں تو ایک کو دوسرے سے جدا کرنیکے لئے اَیُّ لایا جاتا ہے اردو میں اسکا

ترجمہ (کونسا) ہے جیسے اَیُّکُم زَادَتهُ هٰذِهِ اِیمَانًا۔

(لِمَ) حرف تعلیل ہے کسی چیز کی علت پوچھنے کے لئے آتا ہے اردو میں اس کا ترجمہ (کیوں یا کس لئے) ہے

جیسے لِمَ تَقُولُونَ مَا لَا تَفعَلُونَ۔ کیوں کہتے ہو ایسی بات کو جسکو خود تم نہیں کرتے۔

(کَیفَ) کسی چیز کی حالت دریافت کرنیکے لئے آتا ہے جیسے قرآن شریف میں کَیفَ تَکفُرُونَ بِاللّٰہِ استعمال کیا ہے

اور اس سے مراد یا تنبیہ ہے یا توبیخ یا تعجب اردو میں اسکا ترجمہ (کیا) یا (کیونکر) ہے۔

(اَینَ) استفہام مکانی ہے یعنے اس سے کسی جگہ کا سوال ہوتا ہے اردو میں اسکا ترجمہ (کہاں) ہے جیسے

اَینَ تَذهَبُونَ۔ کہاں چلے جاتے ہو۔

(اَنّٰی) استفہامیہ یا تو معنی میں کیف کے ہوتا ہے یعنے (کیسے) جیسے اَنّٰی یُحیِی اللّٰہُ هٰذِهِ بَعدَ مَوتِهَا

یا معنی میں اَینَ یعنے کہاں سے جیسے اَنّٰی لَکِ هٰذَا ای من این لک ہذا۔ یہ کہاں سے تیرے لیے آگیا

[illegible]

[illegible]

الرَّحْمٰنُ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ خَلَقَ الْاِنْسَانَ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ

تفصیلی اشتہار نمبر ۲

اشاعت سلسلۂ علوم قرآن مجید

و

اظہار اعجاز فرقان حمید

منجانب مولوی حافظ عبد المجید صاحب وظیفہ یاب علاقہ پائگاہ نواب صاحب وقار الامراء بہادر مرحوم ساکن ملک پیٹھ نمبر ۱۸۹/۶
حیدرآباد دکن

و مولوی حافظ عبد الحمید صاحب (اٹاوی) ساکن کنٹہ روڈ نمبر ۱۱۱/۱
حیدرآباد دکن

یہ اشتہار شائقین کو مفت مل سکتا ہے

در مطبع اختر دکن واقع افضل گنج طبع گردید

ربیع الثانی سنہ ۱۳۳۳ھ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَنْزَلَ الْقُرْاٰنَ فِیْهِ تِبْیَانٌ لِکُلِّ شَیْءٍ وَّهُدًی وَّرَحْمَةً وَّبُشْرٰی لِلْمُسْلِمِیْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِیْنَ

ہر مسلمان پر عام اس سے کہ وہ کسی فرقے سے تعلق رکھتا ہو جیساکہ قرآن مجید کا صحیح پڑھنا اوس کو لازم ہے ویساہی قرآن کی معانی سمجھکر اوس کی مطابق عمل کرنابھی ضروری ہے جیساکہ خود ذات باری عز اسمہ فرماتا ہے اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ قُرْاٰنًا عَرَبِیًّا لَّعَلَّکُمْ تَعْقِلُوْنَ (یوسف اع) اور دوسری جگہ ارشاد فرماتاہے۔ اِتَّبِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَیْکُمْ مِّنْ رَّبِّکُمْ وَلَا تَتَّبِعُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِیَآءَ قَلِیْلًا مَّا تَذَکَّرُوْنَ (اعراف اع) اگرچہ اس وقت تک قرآن مجید کے بہت تفاسیر اور تراجم عربی اور فارسی اور اردو زبان مین تصنیف ہوے ہین اور ہر ہر مفسر اور مترجم نے اپنے مذاق علمی اور معلومات کے مطابق کلام ربانی کی تفسیر اور اوس کا ترجمہ کیاہے لکن ابھی تک قران مجید کے اون مضامین کو اردو زبان مین

لہ ہم نے اس قران کو عربی زبان مین اس لئے اتارا ہی کہ تم عرب کی لوگ مادری زبان مین ہونیکی وجہ سے اوس کو بخوبی سمجھ سکو گے (ای لوگو یہ قرآن) جو تمہارے پروردگار کی طرف سے تم پر اترا ہی اوسی کی ہدایت پر چلے جاؤ اور خدا کے سوا اپنے بنائی ہوئی کارسازون (یعنی معبودان باطل) کی پیروی نہ کرو تم لوگ تو غور کر بہت کم کام مین لاتی ہو۔

کسی نے حل نہیں کیا جن مضامین سے فصاحت وبلاغت قرآن معلوم ہو اور نہ اون
مسائل سے بحث کی ہے جن سے اعجاز قرآن اور اوس کا مافوق الطاقۃ البشریہ ہونا ثابت
ہو قرآن کے فصاحت وبلاغت کی سمجھنے اور اوس کی وجوہ اعجاز پر واقف ہونے میں علما تو
کجا بعض خاص خاص لوگ بھی عاجز ہیں غرضکہ قرآن پاک کی مضامین اور دقائق کی سمجھنے
کے لیے مختلف علوم کی ضرورت ہی اور وہ علوم کا ایک ایسا مخزن و معدن ہے جس کی مختلف
قسم کے جواہر کی آبداری لآلی عقول حکما کو ماند کرتی ہے اور وہ ایک ایسا بحر ناپیداکنار ہی
جس میں بڑے بڑے فصحا اور بلغا غواصان علوم غوطہ زنی کرتے ہیں لیکن اوس کی تہ تک
نہ پہونچنے کا اعتراف کرتے ہیں اوس کی دُر شاہوار اور جواہر زواہر کی آب وتاب سے
اون کی زبانیں تنقیح اور تنقید سے عاجز ہیں خلاصہ یہ کہ قرآن مجید کی ایک ایک آیت ایک
عروس زیبا ہے جو مختلف بے بہا جواہر اور گہرہاے ابدار سے مُحلّی اور مزیّن ہے اور
اپنے لاثانی جمال جہان آرا سے ایک عالم پر خورشید تابان کی طرح پرتو افگن ہے۔

اعجاز قرآن کو وہی سمجھ سکتے ہیں جنہوں نے اپنی عمر کا ایک بڑا حصہ علوم عربیہ کے
دقائق سمجھنے میں صرف کر دیا ہے اور اوس کے حقائق پر وہی حضرات واقف ہو سکتے
ہیں جنہوں نے فصاحت وبلاغت کی تمام مسائل اور نیز مختلف علوم وفنون کے اصول
سے پوری واقفیت حاصل کی ہو قرآن مجید جیسا کہ من وجہ آسان اور سلیس ہی ویسا ہی
من وجہ مشکل اور عویص بھی ہے آسان تو اس وجہ سے کہ اوسکی عبارت سلیس تعقید
معنوی اور لفظی سے معرّی غرابت سے خالی وَلَقَدْ[۱] یَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّکْرِ
فَہَلْ مِنْ مُّدَّکِرٍ (قمر ع) اور مشکل اس وجہ سے کہ وہ جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم

۱ ہم نے قرآن کو لوگوں کی نصیحت پذیر ہونے کے لئے آسان کر دیا ہی تو کوئی ہی کہ نصیحت پذیر ہو۔

کا زندہ معجزہ ہے جو تا قیام قیامت باقی رہے گا جس کی مثل ایک سورت کا بھی پیش کرنا طاقت بشری سے خارج ہے ۔ وَاِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ[۱] (بقرہ ع)

الحاصل یہ کلام مقدس باعتبار معانی ظاہری کے آسان ہے اور باعتبار حقائق اور بلاغت و دقائق فصاحت اور اسرار خفیہ اور رموز مخفیہ کے مشکل تفہیم معانی کے متعلق بہت تراجم اور تفاسیر عربی اور فارسی اردو زبان مین ہو گئے ہین جن علما نے اس کی معانی سمجھانے مین کوشش بلیغ کی ہے اللہ تعالی اون کے کوشش کو مقبول فرمائے اور اون کے فیوض علمیہ سے تمام جہان کو فیضیاب کرے ۔

جب ذات باری تعالی خود قرآن مجید مین یہ ارشاد فرماتا ہے وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ[۲] اور دوسری جگہ ارشاد فرماتا ہے مَا فَرَّطْنَا فِي الْكِتٰبِ مِنْ شَيْءٍ[۴] تیسری آیت مین ارشاد ہوتا ہے وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ[۳] غرضکہ متعدد آیات سے قرآن عظیم الشان کا جامع علوم و فنون ہونا معلوم ہوتا ہے چنانچہ اسی امر کے ثابت کرنے کے لیے علما متقدمین نے بہت کچھ کتابین عربی زبان مین

---

[۱] اور جو ہم نے اپنے بندے (محمد) پر (قرآن) آتارا ہے اگر تم کو (اس کے منجانب اللہ ہونے مین) شک ہو تو اس جیسی ایک سورت تم بھی بنا لاؤ اور اللہ کے سوا اپنے حمایتون کو (بھی) بلا لو۔

[۲] اور (اے پیغمبر) ہم نے تم پر (یہ) کتاب نازل کی ہے (جس مین) ہر چیز کا بیان (شافی) ہے اور مسلمانون کے لئے ہدایت اور رحمت اور خوشخبری ہے ۔

[۳] اور دنیا کی (تر و خشک (سب چیزین ہی تو) کتاب واضح مین لکھی ہوئی موجود ہین ۔

[۴] ہم نے اس کتاب مین کسی چیز کو نہین چھوڑا۔

تصنیف کی ہین منجملہ اونکے ایک کتاب الاتقان لعلوم القرآن مولانا علامۂ جلال الدین سیوطی رحمہ اللہ کی ہے جس ہین بعض بعض علوم کو شواہد قرآن سے علامہ موصوف نے بتادیا ہے مگر اوس ہین بھی تمام علوم وفنون کا استقصا بدرجۂ کمال نہین کیا گیا ہے جن کا اشارہ آیات مذکورین ہے اوس کے سوا اور بھی علما اور کملائے صوفیہ نے اسرار اور شواہد قرآن کے بیان ہین مختلف کتب اور رسائل تصنیف کئے ہین مگر کوئی کتاب جوان سب مختلف بیانات کی جامع ہو نہین ملتی علی الخصوص اردو زبان ہین الحاصل ان علوم کے خزاین اگر ہین تو وہ عربی زبان ہی ہین ہین اردو زبان ہین نہین جس کو ہر کوئی سمجھ سکے نظر بوجوہ بالا اس مختصر اور موجز اور جامع اور محیط قانون ربّانی کے متعلق ہم بھی یہی کہینگے ع بہت کچھ ہو چکی خدمت بہت کچھ اب بھی باقی ہے) اسی ضرورت کو محسوس کر کے ہمارے فاضل برادر عزیز عالیجناب مولانا مولوی حاجی حافظ ابو البرکات محمد عبید اللہ صاحب (مولوی فاضل) ہمشیرہ زادۂ نواب وقار نواز جنگ بہادر نے سلسلۂ علوم قرآن کو ایک وسیع پیمانہ پر ترتیب دیا ہے اور آپ نے اپنے اوس وعدے کی تکمیل ہے جسکا ذکر آپ نے اپنی کتاب تعلیم العقائد ہین اجمالاً کیا تھا آپ نے سلسلۂ علوم قرآن کو آٹھ حصون پر تقسیم کیا ہے پہلا حصہ سلسلۂ فصاحت و بلاغت قرآن (۲) دوسرا حصہ سلسلۂ احکام قرآن (۳) تیسرا حصہ سلسلۂ اخلاق قرآن (۴) چوتھا حصہ سلسلۂ علم تصوف قرآن (۵) پانچوان حصہ سلسلۂ علوم الہیئۃ قرآن (۶) چھٹا حصہ سلسلۂ علوم طبیعیۂ قرآن (۷) ساتوان حصہ علوم ریاضیۂ قرآن (۸) آٹھوان حصہ علوم متفرقۂ قرآن

(۱) سلسلۂ فصاحت و بلاغت قرآن

اس سلسلے ہین اسلوب آیات قرآنی اور ترکیب نظم قرآن اور اوس کی تقدیم اور تاخیر کے

فوایداور ہر ہر جملے مین جو لفظ اختیار کیا گیا ہے اوسکی خوبیان بیان ہونگین اس سلسلے مین مندرجہ ذیل علوم ہون گے -

علم الاستفہام - علم الامر - علم النہی - علم الدعا و علم الندا ر علم التمنی والترجی - علم الخطابہ - علم الخبر - علم الانشا علم الایجاز - علم الاطناب - علم المساوات - علم البیان - علم المجاز - علم الاستعارہ - علم التشبیہ - علم التعریض والکنایہ - علم الفصل والوصل - علم البدیع - علم اللغہ - علم الصرف - علم النحو - علم الاعراب وغیرہ -

۲ - ا سلسلۂ فقہ قرآن

علم فقہ کے متعلق دو علوم ہین ایک اصول فقہ دوسری احکام فقہ اصول فقہ کے سلسلے مین یہ علوم ہونگے علم العام والخاص - علم النص - علم الظاہر - علم المشکل - علم المجمل - علم الامر - علم النہی - علم المطلق علم المقید - علم المشترک - علم الماوّل - علم المتشابہ - علم الاستدلال - علم القیاس -

۲ - ب سلسلۂ احکام قرآن

احکام فقہیہ کے سلسلے مین یہ علوم ہونگے -

علم الایمان - علم الاسلام - علم الطہارۃ - علم الصلوۃ - علم الزکوۃ - علم الصوم - علم الحج - علم النکاح - علم الطلاق - علم الحدود - علم البیع - علم الربا - علم الحقوق - علم القضا - علم الفرایض - علم الوصایا وغیرہ

۳ سلسلۂ اخلاق قرآن

علم آداب الاکل - علم آداب الکلام - علم آداب المعاشرۃ مع الاخوان - علم آداب السیاحۃ علم الصبر - علم الشکر - علم الخوف والرجا - علم ذم الغضب والحقد والحسد - علم ذم الدنیا وذم البخل وذم حب المال - علم ذم الجاہ والریا - علم الکبر والعجب وغیرہ -

۴ سلسلۂ تصوف قرآن

اس سلسلے مین مندرجہ ذیل علوم ہون گے گویا یہ سلسلہ خلاصہ ہوگا اون احکام کا کہ جن کا استنباط صوفیہ کرام رحمہم اللہ اجمعین آیات قرآنی سے کرتے ہین -

علم المعارف - علم المعاملات - علم الاحوال - علم المنازل - علم المنازلات - علم المقامات وغیرہ

(۵) سلسلہ علوم الٰہیۃ قرآن

اس سلسلے میں مندرجہ ذیل علوم ہونگے۔

علم آیات اللہ تعالیٰ۔ علم اسمار اللہ تعالیٰ۔ علم صفات اللہ تعالیٰ۔ علم التوحید۔ علم التنزیہ والتشبیہ علم الملائکہ۔ علم آثار القیامہ۔ علم الحشر۔ علم الجنۃ۔ علم النار۔ علم النبوۃ۔ علم الوحی وغیرہ۔

(۶) سلسلہ علوم طبعیہ قرآن

علم الارض (زمین)۔ علم السمار (آسمان)۔ علم المار (پانی)۔ علم الھوار۔ علم النار (آگ)۔ علم تکوین الاحجار (پتھر)۔ علم تکوین النبات (نباتات)۔ والاشجار۔ علم تکوین الحیوانات۔ علم الروح۔ علم کیفیۃ اعضار الانسان۔ علم النفس والقوے علم الحرکۃ۔ علم السکون۔ علم السحاب (ابر)۔ علم الاظلال۔ علم البرق۔ علم التوالد والتناسل علم الطب والادویہ۔ علم المناظر۔ علم الامکنۃ۔ علم النور علم الظلمۃ۔ علم المعادن (بجلی)۔ علم الکیمیار وغیرہ۔

(۷) سلسلہ علوم ریاضیہ قرآن

علم الحساب۔ علم الکرۃ۔ علم النجوم۔ علم الھندسہ۔ علم المثلث۔ علم الاعداد۔ وغیرہ۔

(۸) سلسلہ علوم متفرقہ قرآن

علم التاریخ۔ علم القصص۔ علم السیر علم المغازی۔ علم فواصل الآیات۔ علم معرفۃ اسمار القرآن۔ علم معرفۃ آداب تلاوت القرآن۔ علم القراۃ۔ علم معرفۃ من نزال فہیم القرآن۔ علم معرفۃ جمعہ وترتیب علم معرفۃ خواص السور۔ علم معرفۃ فواتح السور۔ علم معرفۃ کیفیۃ تحمل القرآن۔ علم الکلام۔ علم المناظرہ علم العلل۔ علم الحجج۔ علم البراھین۔ علم النسخ۔ علم التفسیر۔ علم الحدیث۔

سلسلہ علوم قرآن کی ضرورت

سلسلہ علوم قرآن کی کچھ تو ضرورت اوپر بیان ہو چکی ہے اور کچھ یہاں بیان کیجائیگی۔

(۱) سب سے پہلی ضرورت سلسلہ علوم قرآن کی اس وجہ سے ہے کہ اثبات اعجاز قرآن مختلف علوم کے ذریعے سے کیا جائے تاکہ عام خاص سب لوگوں کو معلوم ہو جائے کہ قرآن کریم حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا زندہ معجزہ ہے جو قیامت تک باقی رہے گا۔ اور جناب سرو

کائنات محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہی کا مبارک سینہ اور نورانی قلب مہبط فیوض ربانی تھا جو لذتنے علوم اور دقائق کا بار اوٹھاتے ہوئے تھا۔ وَلَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ لَّرَاَیْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْیَةِ اللّٰهِ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ یَتَفَكَّرُوْنَ

(۲) دوسری ضرورت سلسلۂ علوم قرآن کی اس وجہ سے ہے کہ اکثر مخالفین اسلام خصوصاً آریہ وغیرہ مذہبی تعصب کیوجہ سے قرآن پاک پر بیجا اعتراضات کرتے ہین اور عدم وقوف عربیت کیوجہ سے جوجی مین آیا قرآن پاک کی نسبت اعتراض لکھہ بیٹھتے ہین نہ اوس کے محل کو سمجھتے ہین نہ سیاق عبارت کو معلوم کرتے ہین اس لئے آخرکو منہ کی کہاتے ہین بلکہ بعضے نادان کم عقل مخالفین قرآن کا معارضہ سہل سمجھکر کچھ غلط سلط عبارت بناکر مسیلمہ کذاب کی طرح یہ دعوے کرتے ہین کہ دیکھو ہم نے بھی قرآن کی کئی سورتین بنادین ایک نو آریہ نو جو پہلے مسلمان تھا سوہی اور کلکتوہی سورتین بناکر شائع کی ہین حالانکہ اوس بیچارے کی استعداد اور لیاقت پر نظر کیجئے تو اوس کی بات صحیح عربی کا ایک فقرہ نکلنا بھی خارج از امکان ہے کہلے کہلے اغلاط صرفی اور نحوی اوس کی بنائی ہوئی سورتون مین موجود ہین جنکو دیکھکر اہل علم لوٹتے لگاتے ہین اور ایک ذٹل کی طرح خیال کرتے ہین مگر ناواقف عوام خصوصاً مخالفین اونکو سنکر پھول جاتے ہین اور سمجھتے ہین کہ حقیقۃً یہ سورتین فصاحت و بلاغت مین قرآن کی مثیل ہین کس برتے پر تتا پانی ۔

پس ایسے ناواقف مخالفین اسلام کو سلسلۂ علوم قرآن یہ بتائے گا کہ معاذ اللہ قرآن پر شبہات وارد کرنے سے پہلے یا اوس کا معارضہ کرنے سے پہلے عربیت مین کافی استعداد اور حوصلہ پیدا کیجئے اور اوس مین جو جو علوم ہین اون پر وقوف حاصل کیجئے اون اصول ومبادی سے واقف ہونیکے بعد جو اعتراض یا شبہ وارد ہو اوسکو پیش کیجئے اوسکا کافی جواب عمدہ پیرائے مین دیا جائیگا جو اون کے سمجہ مین آجائیگا۔

(۳) تیسری ضرورت سلسلۂ علوم قرآن کی اس وجہ سے ہے کہ ائمہ مجتہدین کے جو اجتہادات

لے (اے محمد) ہم اگر یہ قرآن کسی پہاڑ پر اتارتے ہوتے (اور آدمی کیطرح وہ سمجھتا) تو اوسکو دیکھہ لیتے کہ خدا کے ڈر کے مارے جھک پڑا ہوتا اور پھٹ پڑا ہوتا ہم یہ مثالین لوگونکے سمجھنے اور سمجھنے کے لئے بیان کرتے ہین

اون کے استنباطات قرآن کریم سے ہین عام کیا خاص لوگ بھی اون کے اصول اور قواعد
پہ واقف نہین اس لئے سلسلہ علوم قرآن مین فقہی اور اصولی مسائل کو بھی بیان کیا جائیگا تاکہ
مقلد اور غیر مقلد دلون کو فائدہ ہو۔

۴ چوتھی ضرورت سلسلۂ علوم قرآن کے قایم کرنے سے یہ بھی ہے کہ آجکل علوم مغربیہ کے شیدائی
اور نئی روشنی کے دلدادہ بعض اوقات یہ کہہ بیٹھتے ہین کہ قرآن کیا ہے بیش ازین نیست کہ اخلاقی
قصص کا مجموعہ ہی پس اسی ضرورت سے ہم نے خاصکر ایک جدا سلسلہ علوم طبعیہ اور ریاضیہ
کا بھی رکھا ہے تاکہ معلوم ہو کہ قرآن مجید صرف اخلاقی قصون سے بحث نہین کرتا اور اوس مین جو
واقعات اور قصص ہین وہ حقیقت واقعی رکھتے ہین جو ادب اور عبرت آموز ہین ان کے علاوہ
علوم مادیہ اور طبعیہ کے اصول کیطرف بھی اون مین بالاجمال اشارہ ہے۔

۵ پانچوین ضرورت سلسلۂ علوم قرآن سے یہ بھی ہے کہ علماء ظاہری محض ظاہری معنے قرآن
کو سمجھکر اوسی پر اکتفا کرتے ہین اور اوس کے حقائق اور مغز سے واقف نہوکر صوفیہ کرام رحمہم اللہ
پر بے موقع اعتراض کر بیٹھتے ہین اس لئے ایک حصہ تصوف کا بھی رکھا ہے تاکہ جو لوگ مذاق
تصوف سے مالامال ہین اونکو حقائق باطنی معلوم ہون اور اسرار صوفیہ کرام سے بیحد التذاذ حاصل ہو

۶ چھٹی ضرورت جو سب سے زیادہ ہے وہ یہ ہے کہ مسلمانون کی اخلاقی حالت اسوقت
بہت بگڑ رہی ہے اور اسی وجہ سے مسلمانون مین آپس مین پھوٹ اور نفاق اور تحاسد اور
تباغض اور منازعات کا مرض متعدی پھیلا ہوا ہے سچائی اور راستی اور عدل اور سلامت
روی کا التزام اونھون نے بالکل چھوڑ دیا ہے اس لئے سلسلۂ علوم قرآن اون کے روحانی
امراض کا معالج ہوگا اور سارے اخلاقی آداب اور طرز معاشرت اور طریق تمدن کو بتائیگا
جس سے مسلمانون کی دینی اور دنیوی ترقی ہوگی بشرطیکہ مسلمان احکام قرآن پر عمل کرین۔

سلسلۂ علوم قرآن کیا کام کرے گا

سلسلۂ علوم قرآن مسلمانون کے لئے ایک نعمت غیر مترقبہ ہے جو مسلمانوںمین ترقی کی روح

پہونچیگا - اور اون کے اخلاق اعمال طرز معاشرت تدبیر تمدن مین یوماً فیوماً اصلاح کرے گا
جو حضرات اردو زبان کی ترقی چاہتے ہین سلسلۂ فصاحت و بلاغت قرآن ایسی باریکیان
اور قواعد بتائیگا کہ اگر اون قواعد کو اردو مین استعمال کرین اور فصاحت بلاغت قران سے جو
جدید اصطلاحات اونکو حاصل ہون اون اصطلاحات کی اشاعت اردو زبان مین کرین تو
علاوہ توسیع اشاعت زبان اردو کے اعلیٰ درجہ کے انشاپرداز ہون اور جن حضرات کو اسپیچ یا
خطبے یا وعظ کا شوق ہوا ونکو فصاحت بلاغت قرآن ایسے ایسے اصول فن تقریر کے سکھائیگا
جن سے وہ عام جلسون مین تقریر کر سکینگے اور اپنی جادو بیانی سے ایک عالم کو مسخر کرلین گے کیونکہ
اس سلسلے مین بعض بعض مقامات پر علاوہ آیات قرآنی کے شواہد کے عربی یا فارسی یا اردو شعرا
کے اشعار اور ضرب الامثال توضیح مسائل کی غرض سے استشہاد مین لائے جائینگے تاکہ
اون طلبہ کو جو مطول اور مختصر کے مشکل مضامین اردو مین سمجھنا چاہتے ہین اونکو اردو مین فصاحت
بلاغت کے دقیق دقیق مسائل حل شدہ ملینگے -

اصول فقہ کے پڑہنے والون کو توضیح اور تلویح مسلم الثبوت جمع الجوامع کے حل شدہ مسائل
اردو زبان مین شواہد قرآنی کے ساتھ دستیاب ہونگے

جو حضرات تصنیف اور تالیف مین مصروف ہین اونکو بھی سلسلۂ علوم قران کی اس وجہ سے
ضرورت ہی کہ یہ سلسلہ جب مختلف علوم سے بحث کریگا تو بہت کچھ ذخیرہ اونکو حل شدہ مسائل
قرآن کا شواہد قرانی کے ساتھ ملیگا کیونکہ ہر ہر علم کے مسائل سے پہلے اوس کی ضروری تعریفات
اور مبادی بیان کرگئے ہین تاکہ مشکل مسائل کا سمجھنا آسان ہو جایگا آیات کا ترجمہ معہ
حوالہ سورہ اور رکوع کیا گیا ہے اور ہر ہر آیات سے جو مضامین نکلتے ہین اور جن جن آیہ نے
اون سے استدلال کیا ہے اوسکو بھی بخوبی کہولا ہے اور ذرا سے شبہ کو بخوبی حل کیا ہی
غرضکہ بحمد اللہ یہ سلسلۂ علوم قرآن انشاء اللہ تعالیٰ ہر خاص و عام کو مفید ہوگا قاریان قرآن کو قرأت
صوفیون کو تصوف طالبین تفسیر کو تفسیر و حدیث شائقین فقہ کو فقہ مشتاقان اصول و بیان کو اصول

دبیان اور شیدایان علوم مغربیہ کو طبعیات اور ریاضیات کے مسائل سکھلائے گا۔

سلسلۂ علوم قرآن کی اشاعت کہاں سے ہوگی

اگرچہ مولوی صاحب موصوف کا یہ منشا تھا کہ سلسلۂ علوم قرآن دہلی مین قایم کیا جاتا کیونکہ شہر دہلی ہمیشہ سے علماء دین کا محط رحال رہا ہے لکن چونکہ مولوی صاحب موصوف کا مولد اور مسکن حیدرآباد فرخندہ بنیاد ہے اور اسی دولت ابد پایدار کے وہ نمک خوار قدیم مین اور نیز اسوقت حیدرآباد دکن بوجہ قدردانی آقاے ولی نعمت اعلیحضرت بندگانعالی حضور پرنور مظفر الدولہ مظفر الممالک نظام الملک فتح جنگ آصف جاہ سابع واسطہ طلوع انوار العلم والعرفان وسیلۃ ظہور آثار العدل والاحسان نواب میر عثمان علیخان بہادر جی سی ایس آئی خلد اللہ ملکہ وسلطنتہ وادام اللہ عزہ وشوکتہ۔

ادام العلی رب الوری بوجودہٖ ورَوّی بریاض العلم من فیض جودہٖ

علما اور فضلا کا مرجع اور مسکن ہے اور اعلیحضرت حضور پرنور کو چونکہ علوم وفنون سے خاصتہً علوم دینیہ سے زیادہ دلچسپی ہے چنانچہ اسی دلچسپی اور قدردانی کا اثر ہے کہ اس وقت حیدرآباد دکن علوم فنون کے شاداب چمنون سے رشک گلشن ہے اور اسی آفتاب علم وحکمت سے ہر در ودیوار روشن ہے اور ہر خاص وعام اپنے آقائے ولی نعمت والی ملک وملت کی مدح سرائی مین یون نغمہ زن ہے۔

ہست عثمان علیخان مطلع انوار علم	گشتہ روشن از ضیائے علم او دربار علم
ناخن فکرش کشاید عقدۂ سربستہ را	جودت طبعش کند حل مشکل اسرار علم
لطف وانعامش مسخر اہل عالم را کند	مالدار علم شد از فیض او نادار علم
طالبان علم را کردہ تونگر از عطا	عالمان مخمور بادہ گشتہ او خمار علم
ارزش فضل وہنر در عہد تو بالا گرفت	ای کف جود ونوالت ابر گوہربار علم
دیدنی باشد کمال افتخار و رفعتش	ہست زیب افسر تو گوہر شاہوار علم

ماکه قایم کرده ایم این سلسله را بهر دین
گوهر سود است ارزان لیکه در بازار علم

این شجرها نشانده ایم از برای فیض عام
حق پژوهان بهره گیرند از آثار علم

گمرهان را هم هدایت می کند این سلسله
غافلان جاهلان را هم کند هشیار علم

ماحی کفر و ضلالت قامع بنیاد جهل
حاوی احکام قرآن جامع اسرار علم

معنی فرقان که قوت روح باشد بے گمان
طالبان علم اکنون برخورند از بار علم

هست حکم دانش بوا این بادهٔ گلفام را
مژده ده ساقی بیا بند این زمان سرشار علم

چون نه بر آید امیدم از عطاے شاه ما
هست از انعام شاهی رونق بازار علم

بلبل توحید هر دم نغمه سنجی میکند
با دیار رب خرم و شاداب این گلزار علم

نظر برین حقوق ملکی کا لحاظ رکھکر اس کا صدر مقام حیدر آباد دکن ہی قرار دیا گیا ہے اگر موقعہ ملا تو اس کی شاخیں دہلی۔ لکھنو۔ مراد آباد۔ لاہور وغیرہ ممالک مین بھی کھول دیجا سکین

سلسلہ علوم قرآن کی رفتار سست کیون ہے

سلسلۂ علوم قرآن کی رفتار جو اس وقت دھیمی سے ہے اوس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ مولوی صاحب ممدوح کے پاس نہ اسقدر سرمایہ ہے کہ اس کو سرعت کے ساتھ چلائین اور نہ ایسی کوئی جایداد ہے کہ جو اس دینی خدمت کے لیے وقف کر دیجاے جو کچھ مولوی صاحب موصوف کی قلیل تنخواہ سے ہے وہ اسی سلسلے کے طبع مین خرچ ہو جاتی ہے اگر روساے ذوی الاقتدار اور حکام عالی مقام جنکو قرآن پاک سے سچی محبت ہو۔ (اور یون تو ایمان کی بات ہے کہ سبھی کو ہونا چاہیے) اور اس دینی کام کو ضروری سمجھتے ہون تو کچھ امداد چندے کے طور پر عطا فرما کر اسکی اعانت فرمائین تو کچھ بعید نہین کہ اس کی رفتار تیز ہو جاے اگرچہ فی الحال اس کے چھوٹے چھوٹے رسالے ہین لیکن جب بڑے بڑے مباحث بیان کئے جاینگے تو وہ ضخیم کتابون کی صورت اختیار کرتے جاینگے جس کے طبع کے لیے ایک رقم کثیر کی ضرورت ہوگی غرضکہ شایقین علوم قرآن جو کچھ رقم سالانہ یا ششماہی یا سہ ماہی یا ماہانہ یا ایک مشت عطا

فرمائینگے وہ بہت شکریہ کے ساتھ منظور کی جائیگی اور جو کچھ آمدنی اور خرچ اس کے طبع کا ہوگا وہ سالانہ رپورٹ مین چھاپ دیا جائیگا جس سے واضح ہو جائیگا کہ صرف طبع ہی کے کام مین لگائی گئی ہے کیونکہ فہرست منسلکہ مین ہر علی کا اسم گرامی معہ تعداد چندہ و خرچ طبع درج رہیگا۔

سلسلۂ علوم قرآن علما سے کس قسم کی اعانت چاہتا ہے

قرآن مجید مین اس قدر علوم ہین کہ جن کا حساب ہو نہین سکتا قُل لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمَاتِ رَبِّي لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ أَن تَنفَدَ كَلِمَاتُ رَبِّي وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهِ مَدَدًا کہف ۱۲ ع ۱۲ غرضکہ اون علوم کا احاطہ سواے ذات باری تعالیٰ اور حضور اکرم سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے سینۂ مبارک کے کسی اور قلب سے ہو نہین سکتا کہ اوس کے پورے مضامین پر حاوی ہو سکے لکن مَا لَا يُدْرَكُ كُلُّهُ لَا يُتْرَكُ كُلُّهُ پر مولوی صاحب عمل پیرا ہوکر اس سلسلہ علوم قرآن کو بغرض اثبات اعجاز قرآن و اصلاح حالت مسلمانان حَفِظَهُمُ اللہ اس کام کو اپنے ذمے لیا ہے اگر سب علمار ذوی الکرام اور مصنفین ذوی الاحتشام اس دینی کام مین مولوی صاحب موصوف کا ہاتھ بٹائین تو کچھ عجب نہین کہ یہ کام بہت جلدی جلدی ہونے لگے ورنہ مولوی صاحب تو اپنی وسعت اور طاقت کے موافق اس خدمت قرآن کو ہمہ تن مستعدی سے بجالارہے ہین اگر کوئی صاحب کسی خاص فن مین کمال رکھتے ہون وہ اپنی تصنیف کو (اسطرح پر کہ علمی مضامین کو قرآنی شواہد کے ساتھہ ثابت کیا ہو) دفتر اشاعت سلسلہ علوم قرآن مین بھیجدین تو بعد تنقید ارکین اشاعت علوم قرآن و گنجائش سرمایہ اونہین کے نام نامی سے وہ کتاب دفتر اشاعت علوم قرآن مین چھپ سکے گی اگر کوئی صاحب اسی سلسلہ علوم قرآن کی ترتیب مین کوئی مفید راے دفتر اشاعت علوم قرآن مین بھیجدین تو بہت شکریے کیساتھہ لیجائیگی۔

سلسلۂ علوم قرآن عام غیر مستطیع اشخاص سے کیا چاہتا ہے

چونکہ یہ قرآن عظیم الشان کی خدمت ہے جس کی سعی و اشاعت مین ہر مسلمان کو من حیث الاسلام

ثواب حاصل کرنا ضرور ہے اس لئے جن صاحب کے پاس سلسلۂ علوم قرآن کا کوئی سا نمبر پہونچے یا اشتہار نمبر ۱ یا تفصیلی اشتہار نمبر (۲) پہونچے تو اونکی خدمت مین یہ عرض ہے کہ براہ کرم آیت تعاونوا علی البر والتقوی ولا تعاونوا علی الاثم والعدوان وحدیث الدال علی الخیر کفاعلہ پر عمل پیرا ہوکر اپنے دوسرے برادران اسلام کو اس سلسلے کی خریدنے کی ترغیب اور تحریص دین جو صاحب آٹھ خریدار سلسلۂ علوم قرآن کے فراہم کردینگے اور اون خریدارون سے پیشگی قیمت (جس کی تفصیل آگے آتی ہے) وصول ہوجائیگی اون کی نام سلسلۂ علوم قرآن مفت جاری ہوگا

سلسلۂ علوم قرآن اڈیٹران و مدیران رسالہ جات سے کس امر کا خواہان ہے

تمام مدیران اخبار و شیعیان رسالہ جات جن کو سلسلۂ علوم قرآن کے اشتہار نمبر ۱ و ۲ و ۱۰ اور رسالہ جات نمبر ۱ و ۲ و ۳ پہونچین اونکی قلمی اعانت سے ہمکو امید ہے کہ اس سلسلے کی متعلق ایک مختصر اور مفید ریویو اپنے اخبار گہربار مین چھاپ کر قرآن کی اشاعت فرمائین نیز جس قدر اشتہارات ارسال خدمت کئے جاتے ہین اونکو اپنے خریدارون اور دوست و احباب مین تقسیم کردین

واعظون اور خطیبون اور قوم کی لیڈرون کو سلسلۂ علوم قرآن کی لئے کیا کرنا چاہئے

واعظان خوش بیان اور مقرران خوش الحان سے بھی ہمکو امید ہے کہ جو جو نمبر سلسلۂ علوم قرآن کی خدمت اقدس مین پہونچین مضامین قرآن کی اشاعت بذریعہ وعظ کرین اور اشتہار نمبر ۱ و ۲ و رسالہ جات نمبر ۱ و ۲ و ۳ خدمت مین پہونچین تو از راہ ہمدردی قرآن اسکی اشاعت کی متعلق بھی ضمناً وعظ مین ذکر فرمادین اور مناسب ہوگا کہ ان اشتہارات کی مضمون کو جو ماقل و دل ہے پڑھکر سنادین کیونکہ مقصود اشاعت علوم قرآن سے اصلاح حال مسلمین ہے۔

سلسلۂ علوم قرآن کے نسبت بعض حضرات کی توہمات

سلسلۂ علوم قرآن کی نسبت جو بعض حضرات اپنی غلط فہمی سے یہ سمجھے ہوئے ہین کہ مولوی صاحب موصوف اہل قرآن سے ہین اگر اہل قرآن کے یہ معنے ہین کہ قرآن پاک اون کا ماخذ اور متمسک ہے تو بیشک جیسا کہ قرآن عظیم الشان سب ائمہ مجتہدین اور علما سلف اور خلف کا ماخذ و متمسک ہے مولوی صاحب کا بھی

وہی مسلک ہے اگر اہل قرآن سے وہ فرقہ مراد ہے جو فرقہ چکڑالویہ سے نامزد ہے جو محض قرآن ہی کو مانتے ہین
اور حدیث کو نہین مانتے تو حاشا وکلا مولوی صاحب موصوف نہ اوس کی طرفدار ہین نہ حامی کیونکہ
اسی سلسلۂ علوم قرآن مین حتی الامکان قرآن مجید کے جہانتک شواہد ملسکتے ہین استشہاد مین لائے
جاتے ہین اگر قرآن سے کوئی آیت نہ ملے تو حدیث وغیرہ سے استشہاد کیا جاتا ہے غرضکہ مولوی صاحب
موصوف حسب آیت ارشاد جناب باری وَمَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوا
حدیث شریف کو قرآن کی شرح اور فقہ کو شرح الشرح قرآن سمجھتے ہین چنانچہ جب علم الحدیث من القرآن
اور علم الفقہ من القرآن انشاء اللہ تعالی طبع ہوگا اوس سے ناظرین خود سمجھہ جاوینگے کہ سلسلۂ علوم قرآن سے کس قدر
تعلق حدیث اور فقہ سے ہے۔

سلسلۂ علوم قرآن کی کیا حیثیت ہوگی

سلسلۂ علوم قرآن نہ کوئی روزانہ یا ہفتہ وار اخبار ہے اور نہ ماہواری رسالہ بلکہ جدا جدا حصون کے
متعلق علیحدہ علیحدہ علوم کی متفرق رسالے یا کتابین ہین جو غیر موقت الشیوع شایع ہونگے اسمین نہ کوئی
پولٹیکل مضامین ہونگے نہ اور سیاسی سی اسکو بحث ہوگی اس کا موضوع صرف قرآن پاک کی وہ آیات اور مضامین
ہونگے جو مختلف علوم کی مسائل کی تمثیل مین بطور استشہاد لائی جاوینگی یہ سلسلہ مذہبی جھگڑون اور منازعات
سی بالکل مبرا اور فضول اور لاطائل بحثون سی بالکل خالی اور تعصبات مذہبیہ کی جوشیلے مضامین سی بالکل
پاک وصاف ہوگا۔ اگر سلسلۂ علوم قرآن کی مضامین پر کوئی صاحب کسی قسم کا اعتراض کرینگے تو اگر وہ اعتراض
قابل جواب ہوگا تو بہت متانت اور تہذیب سی اوسکا جواب دیا جاویگا ورنہ خاموشی اختیار کیجاویگی۔

سلسلۂ علوم قرآن کا تبادلہ اخبار ورسالہ جات ودیگر کتب سے

اگر کوئی صاحب اپنا روزانہ یا ہفتہ وار اخبار یا ماہوار رسالہ یا قرآن مجید کی متعلق اپنی کوئی جدید
تصنیف تبادلہ مین بھیجدین تو مولوی صاحب اوسکو بہت شکریہ کے ساتھہ لینے پر راضی ہین۔

سلسلۂ علوم قرآن کی اشاعت کس طرح سے ہوگی

جب سلسلۂ علوم قرآن کی کتابین چھپ کر تیار ہوجاوینگی تو جن حضرات نے پیشگی رقم عطا فرمائی ہے اونکی خدمت

مین غور اور جن حضرات ذی کو اسکی خریدی کی درخواست بھیجی ہے اونکی درخواست پر بشرطیکہ پہلے یا اونکا وسکی قیمت بھیجی جاے یا وی پی کی اجازت ہو) روانہ کئے جائینگے -

سلسلۂ علوم قرآن کی ہر جز کی قیمت ار رکھی گئی ہے جو صاحب سالانہ عیصر ۸ر پیشگی مرحمت فرمائینگے اونکو سال مین ۴۲ ہجز کی حجم کی رسالے پہونچینگے اسوقت تک سلسلۂ علوم قرآن کی تین نمبر یعنی علم الاستفہام من القران نمبر (۱) علم الامر من القرآن نمبر (۲) علم النہی من القران نمبر (۳) طبع ہوچکی ہین جن صاحب کو نمونتہً ان رسالون کا دیکھنا منظور ہو وہ مذکورہ قیمت یعنی مع محصول جملہ ۸ر بھیجکر یا بذریعہ وی پی منگواکر ملاحظہ فرماسکتی ہین اگر آئندہ کو خریداری منظور ہو تو اپنا پتہ صاف لکھکر مندرجہ ذیل پتون سی منگوا سکتی ہین حیدرآباد دکن قریب مسجد حیرت آباد بنگلہ نواب وقار نواز جنگ بہادر - مولانا مولوی ابوالبرکات محمد عبید اللہ صاحب مولوی فاضل خادم علوم کتاب و سنت و مدیر اشاعت علوم قرآن -

براہ کرم خریدارون کو اپنا پتہ صاف خط مین لکھنا چاہئے کیونکہ یہ دیکھا گیا ہے کہ بعض اوقات شکستہ خط مین پتہ لکھنے سی ایصال رسالہ جات مین تعویق واقع ہوتی ہے خط مین شہر محلہ یا ڈاکخانہ عہدہ یا پیشہ کی صراحت بخوبی ہونا چاہئے

فہرست ابواب علوم مین ترتیب رہیگی یا نہین

سلسلۂ علوم قرآن جن علوم سی بحث کرتا ہے - اوس مین حتی الامکان مولوی صاحب موصوف سلسلے کو ملحوظ رکھینگے بشرطیکہ اوسکے مصارف طبع کا کافی انتظام ہو جاے - ورنہ سلسلے مین تقدیم و تاخیر ضرورۃً ہو جایا کریگی غرضکہ مولوی صاحب موصوف تاامکان وسعی بلیغ انشاء اللہ تعالی اس سلسلے کو جاری رکھینگے چنانچہ اسی دینی خدمت کی لئے آپ نے اپنی بقیہ زندگی کو خدمت قرآن کی لئے وقف کر دیا ہے اللہ تعالی اونکی مساعی جمیلہ مین برکت دے اور اس سلسلۂ علوم قرآن کو ترقی عطا فرمائے تاکہ اس سی مسلمانون کی دینی اور دنیوی اصلاح ہو -

وَاللّٰہُ ھُوَ الْمُوَفِّقُ لِلصَّوَابِ اِلَیْہِ الْمَرْجِعُ وَالْمَآب -

المشتہران

حافظ عبد المجید و خلیفہ یاب علاقہ پائیگاہ سر وقار الامرا مرحوم ساکن حیدرآباد دکن بلک سیٹھہ نمبر مکان ۶/۱۸۹

حافظ عبد الحمید اناوی ساکن حیدرآباد دکن گنٹہ روڈ نمبر مکان ۱۱۰

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّأُولِي النُّهَىٰ

سلسلۂ علوم قرآن نمبر ۳

متعلقۂ

فصاحت وبلاغت

عِلمُ النَّہیِ مِنَ القُرآنِ

اس رسالہ مین لفظ نہی اور صیغۂ نہی اور انکے حقیقی و مجازی معنون سے بحث ہے

مصنفہٗ

عالیجناب ابو البرکات محمد عبید اللہ صاحب (مولوی فاضل) خادم علوم کتاب و سنت

قد طبع فی مطبع اختر دکن واقع فضل گنج فی حیدرآباد دکن

سنہ ۱۳۳۳ ہجری

قیمت فی جلد ۳/

اس کتاب کے ملنے کا پتہ - حیدرآباد دکن خیریت آباد متصل مسجد بنگلہ نواب وقار نواز جنگ بہادر - ابو البرکات محمد عبید اللہ (مولوی فاضل)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ خَلَقَ فَسَوّٰی وَقَدَّرَ فَھَدٰی وَالصَّلٰوۃُ وَ

السَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَمَرَ مَنِ اتَّقٰی وَنَھٰی مَنِ انْتَھٰی

وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ ذَوِی الْمَجْدِ وَالنُّھٰی

رسالہ علم النہی من القرآن سلسلہ علوم قرآن کا نمبر ۸ ہے جیسے امر کے حقیقی اور مجازی معنے ہوتے ہیں ویسے ہی نہی کے بھی حقیقی اور مجازی معنے ہوتے ہیں جیسا کہ امر سے امتثال امر لازم ہے ویسا ہی نہی سے ترک منہی عنہ ضروری ہے شائقین مضامین قرآن کو جیسا امر کے معانی سمجھنا ضرور تھا ویسا ہی نہی کے دقائق پر بھی واقف ہونا لازم تھا اسیوجہ سے علم الامر کے بعد علم النہی کا رسالہ طبع کرایا گیا تقسیم نہی کیوقت چند قسمیں امر کی اوبھی نکل آئیں نہی کے بیان میں امر کے اقسام کا بیان کرنا خلاف موضوع تھا اس لئے بقیہ اقسام امر کو نہیں ذکر کیا انشاء اللہ تعالی طبع ثانی میں بقیہ اقسام امر کو بھی علم الامر میں درج کیا جائیگا اس کتاب میں بھی تلازم امر و نہی کی بحث میں جوامر کا ذکر کیا گیا ہے وہ نہی کی ضمن میں بیان کیا گیا ہے اس لئے کہ امام سکاکی رحمۃ اللہ تعالی نے ایک مقام میں امر و نہی کو ایک جگہ بیان کیا ہے ہم نے بھی مجبوراً انہیں کی تقلید کی۔

اَللّٰھُمَّ وَفِّقْنَا اَنْ نُطِیْعَ لِاَمْرِکَ وَنَجْتَنِبَ عَنْ نَھْیِکَ

ابوالبرکات محمد عبید اللہ خادم علوم کتاب و سنت

المرقوم ۱۰ محرم الحرام ۱۳۳۳ ہجری۔

تعریفات

علم النہی | جس علم مین صیغہ نہی سے بحث ہو وہ علم النہی ہے

موضوع علم نہی | علم النہی کا موضوع صیغہ نہی ہے۔

نہی | اعلی مرتبے کا شخص اگرادنی کو کسی امر سے روک دے تو ایسا روکنا نہی یا ممانعت کہلاتا ہے۔

ناہی یا مانع | جو شخص کسی شخص کو کسی امر سے (عام اس سے کہ وہ فعل ہو یا ترک فعل) روک دے تو روکنے والا ناہی یا مانع کہلاتا ہے۔

منہی عنہ | جس امر سے منع کیا جائے (عام اس سے کہ وہ فعل ہو یا کسی فعل سے باز رہنا ہو) وہ منہی عنہ یا ممنوع ہے

حرام | وہ امر کہ جس سے باز رہنا ضروری ہو اور اوس کے کرنے پر وعید آئی ہو حرام ہے۔

مکروہ | جس کام کا نہ کرنا کرنے سے اولی ہو مکروہ ہے۔

مکروہ تحریمی | جس امر کا نہ کرنا کرنے سے اولی ہو اور اوس کے کرنے مین ارتکاب حرام کا اندیشہ ہو اور اوس فعل کی حرمت دلیل ظنی سے ثابت ہو تو ایسا فعل مکروہ تحریمی ہے۔

مکروہ تنزیہی | جس امر کا نہ کرنا کرنے سے اولی ہو اور وہ فعل حلت کے قریب ہو لیکن نزہت کے خلاف ہو اور اوس کے کرنے مین کوئی عذاب کی وعید نہ آئی ہو تو ایسا فعل مکروہ تنزیہی ہے

تحریم یا حرمت | اگر کسی امر کی ممانعت دلیل قطعی سے کیجائے تو وہ تحریم یا حرمت ہے۔

مکروہ تحریمی | اگر کسی امر کی ممانعت دلیل ظنی سے کیجائے تو وہ مکروہ تحریمی ہے

اس سے فرق حرام اور مکروہ تحریمی مین ہو گیا۔ کیونکہ تحریم مین دلیل قطعی کی ضرورت ہے

اور بکر وہ تحریری ہین دلیل ظنی کی

دلیل قطعی | جس دلیل سے یقین حاصل ہو وہ دلیل قطعی ہے ف آیات قرانی اور احادیث متواترہ اولیہ قطعیہ ہین

دلیل ظنی | جس دلیل سے یقین نہ ہو لیکن ظن غالب اوس کی صحت کا ہو وہ ظنی ہے ف احناف کے پاس آیات قرانی اور احادیث متواترہ مفید یقین ہین ان کے سوا اور جو صحیح احادیث مشہور ہین وہ سب مفید ظن ہین لیکن محدثین کے پاس علاوہ آیات قرانی کے احادیث صحیحہ مشہورہ بھی مفید یقین ہین بشرطیکہ وہ صحیح ہون اور اونکی شہرت قریب تواتر کے ہو۔

مکلف | وہ عاقل اور بالغ مسلمان (خواہ وہ مرد ہو یا عورت) جس پر اوامر اور نواہی کی بجا آوری لازم ہے مکلف ہے۔

طالب | جو شخص امر و نہی کا صیغہ اپنے کلام مین لاتا ہے طالب ہے

مطلوب منہ | امر و نہی کے صیغے سے طالب جس کسی شخص کو مخاطب کرتا ہو وہ مطلوب منہ ہے

مطلوب | جس امر کی درخواست امر و نہی کی صیغے سے کی جاتی ہے وہ مطلوب ہے۔

قبیح لعینہ | جو امر فی نفسہ برا ہو اور اوس کی برائی مین دوسرے امور عارضی کا لحاظ نہ ہو ایسا امر قبیح لعینہ ہے اس کا دوسرا نام قبیح لنفسہ بھی ہے۔

قبیح لغیرہ | جو امر فی نفسہ برا نہ ہو لیکن دوسرے عوارض کی وجہ سے اوس مین برائی آئی ہو اور اونہین عوارض کی وجہ سے وہ امر معیوب ٹھہرایا گیا ہو تو ایسا امر قبیح لغیرہ ہے۔

امر | اس باب مین امر سے مراد فعل یا ترک فعل ہے بشرطیکہ سیاق عبارت اس کے خلاف نہ ہو۔

لفظ نہی کی تحقیق

لغوی معنے نہی کے کسی شخص کو کسی فعل سے سختی کے ساتھہ باز رکہنے کے ہین جیسے وَمَا اٰتٰکُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْہُ وَمَا نَھٰکُمْ عَنْہُ فَانْتَھُوْا (حشر ع ۱) اے مسلمانو پیغمبر جو (مال یا حکم) دے تم اوسکو لے لو اور جس سے تمکو باز رکہے اس سے تم باز رہو۔ کسی شخص کو کسی فعل سے باز رکہنا دو طرح سے ہوتا ہے قول سے جیسے ہم صراحتہً کہدین کہ تم اس کام کو مت کرو فعل سے جیسے کوئی شخص کوئی کام کرتا ہو ہم اوس کو ہاتہہ سے روک دین پہر قول سے بہی روکنا دو طرح سے ہوتا ہے یا تو صیغہ نہی کا لایا جاتا ہے جیسے لَا تُشْرِكْ بِاللّٰہِ (لقمان ع ۲) اللہ کے ساتھہ دوسرے کو شریک مت کر یا صیغہ امر کا لایا جاتا ہے اور مراد اوس سے نہی ہوتی ہے جیسے فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ (حج ع ۴) بتون کی گندگی سے بچو (یعنے اونکی پرستش مت کرو) اور جہوٹ بولنے سے بچتے رہو (یعنے جہوٹ مت بولو) پہر ممانعت قولی کی تین صورتین ہین (۱) محض لفظ نہی سے کسی کام کو روک دین جیسے کہین لَا تَفْعَلْ کَذَا یعنے ایسا مت کر (۲) کبہی لفظ اور معنی دونون اعتبار سے کسی کام سے روک دیا جاتا ہے جیسے وَلَا تَقْرَبَا ھٰذِہِ الشَّجَرَۃَ فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ اور تم دونون (یعنے آدم اور حوا) اوس درخت کے پاس نجاؤ اور اگر ایسا کروگے تو گنہگارون مین شریک ہوگے (بقرہ ع ۴) ف یعنے تم دونون نہ اوس درخت کے پاس جاؤ اور نہ کہاؤ (۳) کبہی محض معنے کے اعتبار سے ممانعت ہوتی ہے نہ لفظ کے اعتبار سے جیسے وَاَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَاْوٰى (النزعت ع ۲) ف اور جو کوئی اپنے مالک سے اس وجہ سے ڈرا کہ مجہے (ایک نہ ایک روز

ضرور حساب کتاب کے لئے) اپنے پروردگار کے سامنے کھڑا ہونا ہوگا اور اپنے نفس کو بُری خواہش سے روکتا رہا تو اوس کے رہنے کی جگہ بہشت ہوگی ف یہان لفظ نہی سے یہ مراد نہین ہے کہ انسان اپنے نفس سے بصیغہ نہی مخاطب کرے کہ تو ایسا مت کر بلکہ مراد یہ ہے کہ اپنے نفس کو خواہشات سے روکے اور نفس کو اپنا تابع کرے نہ یہ کہ خود اوس کا تابع ہوجائے غرض کہ نہی مین نہی قولی اور فعلی دونون داخل ہین۔

اِنْتِهَاءٌ لفظ نہی سے مشتق ہے جسکے معنے کسی فعل سے باز رہنے کے ہین جیسے فَاِنِ انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (بقرہ ۲۴ع) پھر اگر وہ (لڑائی سے) باز آجاوین اور اسلام قبول کرلین تو اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

اِنْهَاءٌ - یہ لفظ بھی نہی سے مشتق ہے جس کے معنے ابلاغ (پہونچا دینا) ہین

نُهًى - نُهْيَةٌ کی جمع ہے ایسی عقل جو انسان کو امور قبیحہ سے روکتی ہے

تلازم امر و نہی

امر و نہی مین باعتبار اون کے مفہوم کے کچھ ایسا تلازم ہے کہ امر و نہی کے ظاہر مفہوم کو لے لو اور پھر اوس مفہوم کے ضد کو خیال کرو تو امر مین نہی کی صورت اور نہی مین امر کی صورت نظر آئیگی جیسے ہم کہین لَا تَنَازَعُوْا (انفال ۶ع) جھگڑو نہین اس کا مطلب یہ ہے کہ اُتْرُكُوا النِّزَاعَ یعنے جھگڑا چھوڑ دیا جیسے ہم کہین وَافْعَلُوا الْخَيْرَ (حج ع) نیکی کرو اس کا مطلب یہ ہے لَا تَنْتَهُوْا عَنِ الْخَيْرِ یعنے نیکی کرنے سے باز نہ رہو اب سوال یہ ہے کہ امر و نہی کے مفہوم مخالف کو چھوڑ کر مفہوم موافق کیون اختیار کیا جاتا ہے یعنے امر مین امر کے صیغے کو اور نہی مین نہی کے صیغے کو کیون لاتے ہین

اس کا جواب یہ ہے کہ کبھی بہ نسبت امر کے نہی مین زیادہ اختصار ہوتا ہے جیسے اوپر کی مثال
مین لاتنازعوا بہ نسبت اتر کوالتنزاع کے مختصر ہے اور کبھی بہ نسبت نہی کے امر مین زیادہ اختصار
ہوتا ہے جیسے وَافْعَلُوا الْخَيْرَ زیادہ مختصر ہے بہ نسبت لَا تَنْتَهُوا عَنِ الْخَيْرِ کے
کبھی نہی مین زیادہ مبالغہ ہوتا ہے بہ نسبت امر کے جیسے لَا تُشْرِكْ بِاللهِ مین زیادہ
مبالغہ ہے بہ نسبت وَحِّدِ اللهَ کے کیونکہ ثبوت پر جب نہی لائی جاتی ہے تو وہ زیادہ
بلیغ ہوتی ہے بہ نسبت اثبات کے کبھی نہی کے صیغے لانے سے حصر مقصود ہوتا ہے
اس لئے امر کا صیغہ چھوڑ کر نہی کو اختیار کیا جاتا ہے جیسے اَلَّا تَعْبُدُوا اِلَّا اِيَّاهُ (یوسف ع)
مین حصر عبادت ہے بہ نسبت اُعْبُدُوا اللهَ کے یعنے عبادت اوسی کی کرو اور کسی کی
نہین کلام عرب مین اِلَّا اگر بعد لا کے آئے تو اوس سے حصر کا فائدہ ہوتا ہے۔ کبھی لفظ امر
مین تہدید اور وعید زیادہ ہوتی ہے بہ نسبت نہی کے اس لئے نہی کے صیغے کو چھوڑ
کر امر کا صیغہ اختیار کرتے ہین جیسے اِعْمَلُوا مَا شِئْتُمْ اِنَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيْرٌ
(سورہ ہود ع) تم جو چاہے کرو اللہ تمہارے کارروائیون کو دیکھ رہا ہے یہان تہدید
اور شدت وعید کی غرض سے امر کا پیرایہ اختیار کیا گیا او نہی کے صیغہ کو چھوڑ دیا گیا دیکھو
علم الامر من القران صفحہ ۹ غرضکہ امر و نہی کے صیغے جہان جہان استعمال کئے جاتے ہین
اون سے مختلف اغراض ہوتے ہین اگر ہم اون اغراض کی تفصیل کرنا چاہین تو یہ رسالہ
ہمارا طویل ہو جائیگا ناظرین جب اقسام نہی پر واقف ہون گے تو خود بخود یہ بات معلوم
ہو جائیگی کہ امر و نہی کے صیغے کیون استعمال کئے جاتے ہین اور اون سے کیا کیا
فوائد حاصل ہوتے ہین۔

حقیقت امر و نہی

جیسے کہ امر طلب کی ایک قسم ہے ویسے ہی نہی بھی طلب کی ایک قسم ہے امر ہو یا نہی یہ دونون درخت انشا کی شاخین ہین امر مین اگر حکم کسی کام کے کرنے کا ہے تو نہی مین حکم اوس کام کے نہ کرنے کا ہے۔ فرق امر و نہی مین ہے تو اسی قدر ہے کہ امر مطلقاً فعل کے وقوع کو چاہتا ہے۔ خواہ اوس فعل کا وقوع سر دست ایک مرتبہ ہو یا بار بار ہوتا رہے برخلاف نہی کے نہی سے مقصود یہ ہوتا ہے کہ وہ فعل واقع نہ ہو عام اس سے کہ وہ فعل اوسیوقت موقوف کر دیا جائے یا کسی وقت بھی واقع نہ ہو۔

امر و نہی سے استمرار اور انقطاع کب سمجھا جائیگا۔ امام سکاکی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہین کہ امر اور نہی کے صیغون مین آمر و ناہی کے خواہش کو دیکھا جائے گا کہ آمر اور ناہی صیغہ امر و نہی کو کس غرض کے لئے لائے ہین اگر صیغہ نہی یا امر کے لانے سے آمر اور ناہی کی یہ غرض ہے کہ جو فعل اب اس وقت نہین ہو رہا ہے وہ فعل کیا جائے یا جو فعل اب ہو رہا ہے وہ سر دست موقوف کر دیا جائے اس صورت مین امر اور نہی کے لانے سے یہ مقصود ہو گا کہ وہ فعل یا ترک فعل اس وقت ہو نہ ہمیشہ کے لئے مثلاً جیسے کوئی شخص بیٹھا ہو ہم اوس سے کہین اِذْهَبْ چلے جاؤ اس کا مطلب یہ ہے کہ اس وقت چلے جاؤ یا کوئی جا رہا ہو ہم اوس سے کہین لَا تَذْهَبْ مت جاؤ اس کا مطلب یہ ہے کہ اس وقت مت جاؤ یہ نہین ہے کہ ہمیشہ کے لئے چلے جاؤ یا ہمیشہ کے لئے بیٹھے رہو۔

اگر آمر اور ناہی صیغۂ امر اور نہی کو اس غرض سے لائین کہ جو حالت جاریہ ہے وہ یا تو ہمیشہ کے لئے جاری رہے یا ہمیشہ کے لئے موقوف کر دی جاوے اس صورت

یعنی امر و نہی کے صیغے لانے سے یہ مقصود ہوگا کہ یہ کام ہمیشہ جاری رہے یا ہمیشہ کے لئے موقوف کر دیا جائے مثلاً ہم اسکول کے طالب علموں سے کہیں جو ہمیشہ پڑھتے رہتے ہیں تَعَلَّمُوا الْعِلْمَ یعنے علم سیکھو اس کا یہ مطلب ہے کہ تم تحصیل علم کو جاری رکھو یا جیسے کوئی شخص شراب پیا کرتا ہے ہم اوس سے کہیں لَا تَشْرَبِ الْخَمْرَ شراب مت پی اس کا مطلب یہ ہے کہ تم شراب کبھی مت پیو خلاصہ یہ کہ امر اور نہی کے صیغے کسی حالت واقعی (عام اس سے کہ وہ حالت واقعی فعل ہو یا ترک فعل) کو منقطع کر دینے کے لئے لائے گئے ہیں تو اون سے استمرار مراد نہیں ہوگا بلکہ اوس کام کو ایک مرتبہ کرنا یا ایک مرتبہ کے لئے موقوف کر دینا مراد ہوگا اور اگر امر و نہی کے صیغے کسی امر واقعی کے (عام اس سے کہ وہ فعل ہو یا ترک فعل) جاری رکھنے کے لئے لائے گئے ہیں تو اون سے مراد استمرار ہوگا یعنے وہ کام ہمیشہ کیا جائے یا ہمیشہ موقوف رہے۔

توضیح انقطاع و استمرار

امر انقطاعی | اگر امر کا صیغہ اس لئے آیا ہے کہ جو فعل واقع میں نہیں ہوا ہے وہ واقع ہو جائے اس سے مراد یہ ہے کہ وہ فعل ایک مرتبہ یا اس وقت ہو یہ نہیں کہ ہمیشہ وہ فعل ہوتا رہے۔

نہی انقطاعی | اگر نہی کا صیغہ اس لئے لایا گیا ہے کہ جو فعل واقع میں ہو رہا ہے وہ نہ ہو تو اس سے مقصود یہ ہے کہ وہ فعل اس وقت واقع نہ ہو نہ یہ کہ ہمیشہ واقع نہ ہو۔

امر استمراری | اگر امر کا صیغہ اس لئے لایا گیا ہے کہ جو فعل واقع میں ہو رہا ہے وہ آیندہ بھی ہوتا رہے تو اس سے مطلب یہ ہوگا کہ اس فعل کو آیندہ بھی جاری رکھو اور ہمیشہ کرتے رہو۔ کیونکہ اگر اس وقت ہی جاری رہنا مراد ہو تو تحصیل حاصل ہے اس لیے کہ وہ تو ہو رہا ہے

نہی استمراری | اگر نہی کا صیغہ اس لئے لایا گیا ہے کہ جو امر برا ہے اور وہ نہ ہونا چاہیے۔

وہ ہمیشہ کے لئے نہ ہو تو اوس سے قائل کا منشا یہ ہے کہ وہ آیندہ کسی زمانہ مین کبھی نہ ہو کیونکہ
اوس فعل کی قباحت اس امر کی مقتضی ہے کہ اوس کا وقوع کسی زمانہ مین نہ ہو جیسے شرک کی
ممانعت کفر کی تہدید عقوق والدین وغیرہ چنانچہ اس کی مثالین ہم اوپر بیان کر چکے ہین اور
آیندہ تقسیم نہی مین بہی معلوم ہو جائینگی۔

اوپر کے بیان سے واضح ہو گیا کہ امر و نہی کی (با عتبار حالت موجودہ کے) چار قسمین
ہین۔ امر استمراری۔ امر انقطاعی نہی استمراری نہی انقطاعی یہ تقسیم امر اور نہی کی حالت
موجودہ کے اعتبار سے ہے پہر طالب اور مطلوب منہ کا الگ لحاظ ہے اگر طالب اور
مطلوب منہ ایک مرتبہ کے ہین تو امر التماسی اور نہی التماسی ہے اگر طالب کا مرتبہ مطلوب منہ
سے بڑہکر ہے تو امر اور نہی حقیقی ہین اگر طالب کا مرتبہ مطلوب منہ سے کم ہے تو امر دعائی اور
نہی دعای ہین پہر طالب کی حالت کا الگ لحاظ ہے اگر طالب نے حکم کسی کام کے کرنے
کا شدت سے دیا ہے تو وہ طلب امر مین جاکر وجوب کا جامہ پہن لیتی ہے اور نہی مین
تحریم کا پہر طالب کے اغراض کو الگ دیکہا جائے گا اگر امر و نہی کے صیغے کسی مصلحت
دنیوی کے غرض سے لائے گئے ہین تو وہ امر ارشادی اور نہی ارشادی ہے اگر ڈرانے
کے لئے لائے ہین تو امر انذاری اور نہی انذاری ہے اگر ایذان کے لئے یعنی خبر دینے
کے لئے لائے ہین تو امر ایذانی اور نہی ایذانی ہے پہر امر و نہی کے صیغون کا الگ لحاظ
ہے اگر اون مین کسی امر کی قید لگا دی ہے تو امر مقید اور نہی مقید ہے اگر قید نہین ہے تو
امر مطلق اور نہی مطلق ہے پہر ماموربہ اور منہی عنہ کا خیال کرو اگر ماموربہ اور منہی عنہ متعدد
ہین تو امر تعددی اور نہی تعددی ہے پہر تعدد مین اگر جمع اور تفریق ہے تو امر جمعی اور نہی
جمعی اور امر تفریقی اور نہی تفریقی ہے غرضکہ مختلف اعتبارات سے مختلف اقسام

امر و نہی کے پیدا ہوتے ہیں جن میں سے ہر ایک کی تفصیل اور توضیح ہم آئندہ اقسام میں بیان کرینگے اور ہر ایک کی مثال قرآن سے دینگے

نہی کا حقیقی معنے

نحویوں اور صرفیوں کی اصطلاح میں نہی مضارع کا وہ صیغہ ہے کہ جس پر لائے جازمہ لایا جاتا ہے جیسے لَا تَفْعَلْ - لَا تَضْرِبْ - لَا تَقُلْ وغیرہ -

اصولئین اور بیانئین کے اصطلاح میں نہی وہ کلام ہے کہ جس کے ذریعے سے اعلیٰ مرتبے کا شخص ادنی کو کسی بات سے روکنے کا حکم دے اب عام اس سے کہ وہ نہی کا صیغہ ہو یا نہی کا صیغہ نہ ہو امر ہو یا مضارع ہو امر جیسے فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ اور مضارع جیسے وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَاۗءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ (نحل ۱۳ع) اور اللہ بے حیائی (فسق فجور اور زنا لواطت وغیرہ) اور برے کام (جو شرع کے خلاف ہوں) اور ظلم سے (یا بغاوت اور حسد سے) منع کرتا ہے لیکن اس کتاب میں زیادہ تر ہم صیغہ نہی سے بحث کرینگے -

نہی سے مجازی معنے کب لئے جائینگے | ہم تعریف نہی میں بیان کر چکے ہیں کہ اعلیٰ مرتبہ کا شخص اگر ادنی کو کسی امر سے روک دے تو نہی ہے اور یہی نہی کا حقیقی معنے ہے لیکن اس امر کی بہت ضرورت تھی کہ ہم یہ بتلا دیں کہ کہاں ہم نہی کا حقیقی معنے مراد لینگے اور کہاں مجازی معنے اس کا قاعدہ یہ ہے کہ نہی کا صیغہ جہاں کہیں آئے گا تو وہاں پر دیکھا جائیگا کہ کوئی قرینہ حقیقی معنے سے پھر جانے کا ہے یا نہیں اگر کوئی قرینہ حقیقی معنے سے پھرنے کا نہیں ہے تو نہی اپنے حقیقی معنے پر رہیگی اور اگر کوئی قرینہ حقیقی معنے سے مجازی معنے کیطرف

پھیرنے کا ہے تو وہان پر نہی اپنے مجازی معنے مین مستعمل ہوگی حقیقی اور مجازی معنے کی تعریف ہم علم امر مین بیان کر چکے ہین یہان اس کے دہرانے کی ضرورت نہین ہے ہان یہان بہی ہم نے نہی جہان جہان حقیقی اور مجازی معنے مین استعمال پائی ہے اوس کے طرف اشارہ کر دیا ہے۔

اقسام نہی

نہی کی تقسیمین مختلف اعتبارات سے ہوتی ہین اس رسالہ مین ہم نے نہی کی تقسیمین پانچ اعتبارات سے کی ہین (۱) تقسیم نہی باعتبار حالت موجودۂ کلام (۲) تقسیم نہی باعتبار حالت طالب (۳) تقسیم نہی باعتبار مراتب طالب (۴) تقسیم نہی باعتبار اغراض طالب (۵) تقسیم نہی باعتبار منہی عنہ۔

تقسیم نہی باعتبار حالت موجودۂ کلام

نہی انقطاعی جس نہی سے مقصود یہ ہو کہ جو فعل اس وقت ہو رہا ہے وہ نہ ہو نہی انقطاعی ہے جیسے نوح علیہ السلام کا اپنے بیٹے کے نجات کے لئے ذات باری تعالیٰ سے عرض کرنا اور جناب باری کا فَلَا تَسْـَٔلْنِ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ (ہود ع۴) سے جواب دینا (ترجمہ) اے نوح جس امر کی مصلحت تمکو معلوم نہین ہے اوس امر مین ہم سے درخواست مت کرو۔ ف اس آیت مین ہمیشہ سوال کرنے کی اللہ تعالےٰ نے ممانعت نہین کی کیونکہ اوس کے بعد حضرت نوح علیہ السلام نے بہت ساری دعائین مانگین بلکہ اوس وقت جو انہون نے اپنے بیٹے کے نجات کی بارے

مین درخواست کی اوس وقت اون کو سوال سے ممانعت کی گئی یعنے تمہارے بیٹے کے عمل جو برے ہین اور ہم کو اوس کا علم نہین ہے اور اوس کی مصلحت سے تم واقف نہین ہو اوس کے بارے مین ہم سے پوچھا پاچھی مت کرو۔

نہی انقطاعی کب استمرار کا فائدہ دیگی: نہی انقطاعی مین کلام کے سیاق اور قرینۂ حالیہ اور مقالیہ کو دیکھا جائے گا اگر مقصود شارع کا اوس نہی سے اوس فعل کو سر دست موقوف کرنا مراد ہے تو وہ نہی انقطاعی رہے گا ورنہ انقطاعی نہی استمراری ہو جائیگی جیسے یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُیُوْتًا غَیْرَ بُیُوْتِكُمْ حَتّٰى تَسْتَاْنِسُوْا وَ تُسَلِّمُوْا عَلٰۤى اَهْلِهَاؕ ذٰلِكُمْ خَیْرٌ لَّكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ (نور ۴ ع)

اے ایمان والو اپنے گھرون کے سوا پرائے گھرون مین مت گھسو جب تک کہ اون گھر والون سے اذن نہ لے لو اور باہر رہکر سلام نہ کر لو یعنے پرائے گھرون مین جب جانا چاہو تو پہلے اذن لو اور باہر سے سلام علیک کہو یہ اذن لینا اور سلام علیک کرنا تمہارے لئے بہتر ہے تاکہ تم یاد رکھو اور نصیحت پذیر ہو عرب مین یہ دستور تھا کہ بلا اذن بلا تکلف دوسرے کے گھرون مین چلے جاتے اللہ تعالےٰ نے بلا اذن گھرون مین داخل ہونے کو منع کر دیا اور یہ حکم ہمیشہ رہا یعنے کبھی کسی کے گھر مین بلا اذن نہ جائے ہان البتہ کوئی ایسی خاص ضرورت ہو مثلاً کسی کے گھر مین آگ لگ گئی ہو یا کسی کی جان جاتی ہو تو بلا اذن جا سکتا ہے غرضکہ مجبوری کی حالت جدا ہے

۲ نہی استمراری: جس نہی مین کسی امر کی ممانعت ہمیشہ کے لئے ہو وہ نہی استمراری ہی استمراری کی مثالین قرآن مین بہت مل سکتی ہین مثلاً لقمان علیہ السلام کا اپنے بیٹے سے کہنا لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ ؔؕ اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِیْمٌ (لقمان ۲ ع)

بیٹا۔ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک مت کر کیونکہ شرک بہت بڑا ظلم ہے۔ ف یعنے تم شرک کسی وقت کسی حالت مین کبھی نہ کرو کیونکہ شرک ایک ایسی قبیح چیز ہے کہ کسی وقت مین کسی حالت مین نہ ہونا چاہیئے۔

تقسیم نہی باعتبار حالت طالب

(۱) نہی تحریمی جس صیغہ نہی سے ممانعت کسی امر کی شدت کے ساتھہ سمجھی جاسے اور ثبوت اوس ممانعت کا دلیل قطعی سے ہو۔ اور اوس امر ممنوع کے کرنے پر سزاے دنیوی یا اخروی مرتب ہو تو ایسی نہی نہی تحریمی ہے جیسے وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنَا اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً وَّمَقْتًا وَسَآءَ سَبِيْلًا۔ (بنی اسرائیل سہع) زنا کے پاس ہی نہ جاؤ کیونکہ وہ تو ایک بڑے درجے کی بیحیائی اور بری روش ہے۔ ف اس لئے کہ طریقہ جائز یعنے نکاح کا عمدہ طریقہ موجود ہوتے ہوے پھر طریقہ ناجائز (یعنے غیر کی عورت یا اوس کی بہن یا اوس کی بیٹی سے تعلق پیدا کرنا) برا طریقہ ہے اس آیت مین لَا تَزْنُوْا نہ کہکر لَا تَقْرَبُوا الزِّنَا کہا گیا اس مین بلاغت یہ رکہی گئی کہ زنا کرنا تو کجا زنا کے قریب بہی نہ جاو یعنے زنا کے اسباب جہان ہون وہان سے بہی بہاگو غرض کہ یہان زنا کی ممانعت نہی تحریمی ہے اور سزاے دنیوی اوس کی اگر محصن ہے تو رجم ہے اور اگر محصن نہین تو اسّی کوڑے ہین۔

حرمت کن کن الفاظ سے ثابت ہوتی ہے | یہ ضرور نہین ہے کہ کسی امر کی حرمت نہی کے صیغے سے ہو بلکہ اثبات حرمت علاوہ صیغہ نہی کے اور چھہ امور سے بہی ہوتی ہے۔

(۱) تحریم اور اوس کے مشتقات سے جیسے حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ اُمَّهٰتُكُمْ الخ (سورۂ نسا سہع) تمہاری مائین تم پر حرام ہین اور الخ۔

(۲) نفی سے جیسے لَا تُقْبَلُ صَلٰوۃٌ بِغَیْرِ طُھُوْرٍ وَّلَا صَدَقَۃٌ مِّنْ غُلُوْلٍ (حدیث ابوداود ترمذی) یعنے بغیر طہارت کے نماز مقبول نہین اور مال خیانت کا صدقہ مقبول نہین یعنے بغیر طہارت کے نماز پڑہنا اور چوری اور خیانت کرکے صدقہ دینا دونون ممنوع ہین۔

(۳) لَا یَحِلُّ سے جیسے لَا یَحِلُّ لَکُمْ اَنْ تَرِثُوا النِّسَآءَ کَرْھًا (سورہ نساء ع ۳) تمکو حلال نہین ہے کہ عورتون کو میراث سمجھکر زبردستی اون پر قبضہ کرلو۔

(۴) لَا یَاْمُرُ سے جیسے لَا یَاْمُرَکُمْ اَنْ تَتَّخِذُوا الْمَلٰٓئِکَۃَ وَالنَّبِیّٖنَ اَرْبَابًا (آل عمران ۸ ع) اور وہ تم کو کبھی حکم نہین کریگا کہ فرشتون اور نبیون کو اپنا رب بناؤ۔

(۵) لَا یُحِبُّ سے جیسے اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ کُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ (لقمان ۲ ع) اللہ تعالے اترا کر چلنے والے اور فخر کرنے والے کو دوست نہین رکہتا ہے۔

(۶) امر سے جیسے وَذَرُوْا ظَاھِرَ الْاِثْمِ وَبَاطِنَہٗ (انعام ۲ ع) ظاہری گناہ جیسے زنا شراب خواری چوری لواطت خیانت وغیرہ اور باطنی گناہ جیسے خودپسندی ریاکاری کینہ۔ کبر نفاق۔ مکر وغیرہ ان سب کو چھوڑ دو۔

نہی کراہت جس نہی مین کسی امر کا نہ کرنا کرنے سے اولی ٹہیرایا گیا ہو تو ایسی نہی نہی کراہت ہے جیسے وَلَا تَیَمَّمُوا الْخَبِیْثَ مِنْہُ تُنْفِقُوْنَ وَلَسْتُمْ بِاٰخِذِیْہِ اِلَّآ اَنْ تُغْمِضُوْا فِیْہِ (بقرہ ۳۷ ع) اللہ کے راہ مین ردی مال دینے کا ارادہ تک مت کرو۔ تم ردی مال کو اللہ کی راہ مین خرچ کرتے ہو حالانکہ (وہی چیز اگر تم کو دیجائے تو تم اوس کو کبھی خوشی سے نہ لو مگر یہ کہ دیدہ و دانستہ اوس کے لینے مین چشم پوشی کر دینے ردی مال کا دینا اللہ کے راہ مین برا ہے اس مثال سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ ردی مال کا اللہ کے راہ مین نہ دینا دینے سے بہتر ہے بہتر یہ ہے کہ اللہ کی راہ

ہین جو مال دیا جاے وہ مال طیب اور حلال ہو۔

اقسام نہی باعتبار مراتب طالب

باعتبار مراتب طالب کے نہی کی تین قسمین ہین نہی حقیقی نہی التماسی نہی دعائی نہی حقیقی کی دو قسمین ہین یعنے نہی تحریمی اور نہی کراہت ان ہر دو کا ذکر اوپر ہو چکا باقی دو قسمین یہ ہین۔

(۵) نہی التماسی — برابر والا اپنے ہم مرتبہ شخص کو جب کسی بات سے منع کرے تو ایسا روکنا نہی التماسی ہے جیسے موسیٰ علیہ السلام کا خضر علیہ السلام سے کہنا لَا تُؤَاخِذْنِي بِمَا نَسِيتُ وَلَا تُرْهِقْنِي مِنْ أَمْرِي عُسْرًا (کہف ۰ ع ۱) موسیٰ علیہ السلام نے خضر علیہ السلام سے کہا کہ ہماری بھول چوک پر ہم سے مواخذہ مت کرو اور ہمارے کام کو مشکل مین نہ ڈالو۔ ف حضرت موسی اور حضرت خضر برابر مرتبے کے تھے یہان پر نہی کا صیغہ اونہون نے ازراہ التماس استعمال کیا۔

(۶) نہی دعائی — ادنی مرتبے کا شخص اعلی مرتبے والے شخص سے جب کسی امر سے نہ کرنے کی درخواست کرے تو ایسی نہی نہی دعائی ہے جیسے رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَدُنْكَ رَحْمَةً إِنَّكَ أَنْتَ الْوَهَّابُ (آل عمران ع ۱) اے پروردگار ہمکو ہدایت کرنے کے بعد پھر ہمارے دلون کو ہدایت سے نہ پھیرو (یعنے بعد ہدایت کے پھر ہمارے دلون کو ڈانوان ڈول نہ کرو) اور اپنی بارگاہ سے ہم کو رحمت کی خلعت عطا فرما کیونکہ تو بڑا بخشنے والا ہے۔ ف اس آیت مین بندے جو نہایت ہی کم مرتبہ رکھتے ہین اپنے پروردگار عالی شان اور عالی مرتبت سے درخواست اور عرض کرتے ہین کہ اے ہمارے مالک ہمارے دلون کو بعد ہدایت کے پھر ڈانوان

ڈول نہ کروے یعنے ہدایت پرہم کو ثابت قدم رکھہ اس آیت سے معلوم ہوا کہ ہدایت اور گمراہی سب اوسی کے طرف سے ہے اور خداوند کریم پر کوئی امر واجب نہیں ہے جیسا کہ معتزلہ سمجھتے ہین بلکہ جو وہ چاہے کرے اوس کی عنایت اور مہربانی ہے۔

اقسام نہی باعتبار اغراض طالب

۷ نہی ارشادی جس نہی سے مقصود اوس فعل کی قطعاً ممانعت نہ ہو بلکہ اوس فعل کی ممانعت کسی مصلحت دنیوی کے غرض سے رکھی گئی ہو تو ایسی نہی نہی ارشادی ہے جیسے یَآاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَاتَسْاَلُوْا عَنْ اَشْیَآءَ اِنْ تُبْدَلَکُمْ تَسُؤْکُمْ مایدہ ۱۴ع ۱۴ مسلمانو ایسی باتین مت پوچھو جو اگر بیان کی جائین تو تم کو بری لگین رف یعنے بے ضرورت سوال مت کرو کیونکہ بے ضرورت سوال کرنے سے کچھ فائدہ نہین ہوتا بلکہ اور مشکل پڑجاتی ہے حدیث شریف مین ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے لوگو اللہ نے تم پر حج فرض کیا۔ ایک شخص نے پوچھا ہر سال۔ آپ خاموش ہو رہے اوس نے تین بار یہی پوچھا۔ آپ نے فرمایا اگر مین ہان کہہ دیتا تو ہر سال حج فرض ہو جاتا پھر تم نہ کر سکتے پہلی امتین بہت کچھ پوچھا پاچھی کرنے سے تباہ ہو گئین حدیث شریف مین ہے کہ اگلے لوگ ایک چیز کو خواہ مخواہ پوچھتے وہ حلال ہوتی پھر اور زیادہ پوچھا پاچھی کرتے وہ حرام ہو جاتی غرضکہ اس آیت مین مطلق سوال سے ممانعت نہین ہے بلکہ بے ضرورت سوال سے ممانعت کی گئی ہے دنیوی مصلحت بے ضرورت سوال کی ممانعت مین یہ ہے کہ وقت ضائع ہوتا ہے دوسرے مجیب کے پاس سائل کی حماقت معلوم ہوتی ہے کہ اس کا سوال بے موقع اور نامناسب تھا سائل کی حق مین دقتین بڑھ جاتی ہین بندے کی شان یہ ہے کہ مولا نے جو کچھ فرمایا سن لیا زیادہ

چنانچہ ویسا کیا تو ظاہر ہو گیا اونکا قرآن مجید مین کہ بے ضرورت سوالوں سے سوال کرنے
مین بھی کیونکہ بنی اسرائیل نے بلا ضرورت سوال کئے بے ضرورت سے ہوئے ضرورت اور بے
موقع سوال کئے ... گاے کے ذبح کرنے کا حکم ہوا تہا کوئی
سی گاے لیکر ذبح کر دیتے چھٹی ہوتی اوس مین لگے موشگافیان کرنے اوس کا رنگ کیسا
ہوگا اوس کی عمر کتنی ہوگی ہم کو گاے مین اشتباہ ہو گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے بھی تعیین
بڑھا دین اوس بے ہودہ سوال کا نتیجہ یہ ہوا کہ بڑی مشکل سے گاے اس قیمت پر ملی کہ
بعد ذبح اوس گاے کی کہال سونے سے بھر دی جائے غرضکہ بیہودہ سوال کا یہ نتیجہ تہا
جس کا خمیازہ اون کو اوٹھانا پڑا کراہت اور ارشاد مین فرق اسی قدر ہے کہ کراہت مین مصلحت
امر دینی کے متعلق ہے اور ارشاد مین مصلحت امر دنیوی کے متعلق ہے غرض کہ یہان
نہی نہی ارشادی ہے۔

نہی تنزیہی | جس نہی مین کسی فعل کا حکم شدت کے ساتھہ نہ ہو اور اوس فعل کا نہ کرنا کرنے
سے اولی ہو تو ایسی نہی تنزیہی ہے جیسے وَلَا تَنْسَوُا الْفَضْلَ بَيْنَكُمْ (بقرہ ۳۱ ع)
اور آپس مین ایک دوسرے پر احسان کرنے مین ست چوکو یعنے اگر مرد نے عورت
کو قبل خلوت صحیحہ کے طلاق دیدی ہے تو عورت کو نصف مہر کے مطالبہ کا حق ہے اور
مرد پر نصف مہر واجب الادا ہے پہر اگر دونون ایک دوسرے کیساتھہ احسان کرنا
چاہین (یعنے عورت نصف حق اپنا چھوڑ دے یا مرد نصف حق پر اکتفا نہ کرکے پورا مہر
عورت کو دیدے تو اختیار ہے اور اچھا ہے جو ایک قسم کا احسان ہے غرض کہ
ایک دوسرے کیساتھہ احسان کرنا اولی اور بہتر ہے اور احسان کو بہول جانا تنزیہہ
کے خلاف ہے۔

(۹) نہی تعقیبی جس نہی سے مقصود کسی کام کا انجام کار بتلانا ہو وہ نہی تعقیبی ہے جیسے
وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا بَلْ اَحْيَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ
يُرْزَقُوْنَ (آل عمران ع ۱۷) اے پیغمبر جو لوگ اللہ کی راہ میں شہید ہوئے اون کو تم مردہ
نہ سمجھو بلکہ وہ اپنے مالک کے پاس زندہ ہیں اون کو روزی ملتی ہے ف یہ آیت
شہیدون کی فضیلت میں اتری ہے جو اللہ کی راہ مین جان دیتے ہین یعنے اے محمد
تم شہیدون کا انجام کار موت سمجھتے ہو ایسا نہین ہے بلکہ اون کا انجام ابدی زندگی ہے
وہ اپنے مالک کے پاس چین سے زندہ ہین اور اون کو عمدہ عمدہ نعمتین جنت مین ملتی ہین
اس مین علما کا اختلاف ہے کہ شہیدون کی روحین بعد شہادت کے کہان رہتی ہین۔
بعض کہتے ہین کہ شہیدون کی روحین قبرون مین لوٹا دی جاتی ہین۔ وہ وہان چین سے
رہتے ہین جنت کے میوون کی خوشبو آتی ہے لکن صحیح حدیث مین آیا ہے کہ شہیدون
کی روحین سبز چڑیون کی قالب مین جنت مین رہتی ہین اور عرش کے نیچے جو سونے کی
قندیلین لٹکی ہوئی ہین اون مین بسیرا کرتی ہین اور پروردگار کی تسبیح اور تقدیس کرتی رہتی ہین۔
اور کہتی ہین کہ کاش ہمارے بہایون کو بہی ہمارے حال کی خبر ہوتی تو وہ بہی شہادت
کی آرزو کرتے۔

(۱۰) نہی ایاسی جس صیغۂ نہی سے مقصود متکلم کا مخاطب کو بالکل ناامید کرنا ہو ایسی نہی
نہی ایاسی ہے جیسے يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَعْتَذِرُوا الْيَوْمَ اِنَّمَا تُجْزَوْنَ
مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ (تحریم ع ۱) کافرو آج کے دن تم کچہ عذر معذرت (ہمارے دربار مین)
مت پیش کرو تم کو تمہارے اعمال کی ضرور سزا ملنے والی ہے ف قیامت کے دن جب
دوزخ سامنے لائی جائیگی اوس وقت اللہ تعالے کافرون کے امیدون کو قطع کرنے

کے لیے کہے گا کہ اب تم چاہتے ہو کہ عذر وحیلہ کر کے عذاب دوزخ سے بچ جاؤ گے
تم کسی طرح بچنے والے نہیں کیونکہ عذر معذرت معافی چاہنے کا وقت جا چکا دنیا مین
اگر کفر وشرک سے توبہ کر لیتے تو ہم معاف کر دیتے اب یہان تمہارے عذر وحیلے
سب بے کار ہین جاؤ اپنے کیے کی سزا پاؤ۔

(۱۱) نہی تقلیلی یا تحقیری | جس صیغہ نہی سے مقصود کسی امر کی حقارت یا قلت بتلانا ہو ایسی
نہی نہی احتقاری یا تقلیلی ہے جیسے وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ إِلَىٰ مَا مَتَّعْنَا بِهِ
أَزْوَاجًا مِّنْهُمْ زَهْرَةَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا لِنَفْتِنَهُمْ فِيهِ وَرِزْقُ رَبِّكَ خَيْرٌ
وَأَبْقَىٰ (طٰہٰ ع) اے پیغمبر ہم نے جو مختلف قسم کے لوگون کو عمدہ عمدہ ساز
وسامان دیئے ہین تم اون کے طرف (خواہش کر کے) اپنی نظر نہ دوڑاؤ اور لیعنے ان
ساز وسامان کو اپنی نظرون مین حقیر سمجھو) یہ ساز وسامان اور یہ تزک وشان اون کو
دنیا مین آزمانے کے لئے دیا گیا ہے کہ ان نعمتون کو پا کر ہمارا شکر کرتے ہین یا ہم کو
بھول کر کفران نعمت کرتے ہین اور تمہارا مالک جو تم کو آخرت مین دیگا وہ ان نعمتون
سے کہین بہتر اور پایدار ہے ف یعنے یہ دنیوی نعمتین اخروی نعمتون کے مقابلہ مین
کچھ بھی وقعت نہین رکھتین یہ نہایت ہی حقیر وہ نہایت ہی عظیم یہ نہایت ہی قلیل وہ نہایت
ہی کثیر فرق تحقیر اور تقلیل مین یہ ہے کہ تحقیر کیفیت شے مین ہوتی ہے اور تقلیل مقدار
شے مین غرضکہ دنیوی نعمتین اخروی نعمتون کے مقابلہ مین حقیر بھی ہین اور قلیل بھی۔

(۱۲) نہی انذاری | جس صیغہ نہی سے مخاطب کو آیندہ کسی امر ہولناک سے ڈرانا مقصود
ہو تو ایسی نہی نہی انذاری ہے جیسے وَلَا تُخَاطِبْنِي فِي الَّذِينَ ظَلَمُوا إِنَّهُم مُّغْرَقُونَ
(ہود ع) اے (نوح) (ان) ظالمون کے بارے مین ہم سے گفتگو نہ کرو یہ ضرور

ڈوبنے والے ہین تو اس آیت مین مطلق گفتگو کرنے سے اللہ تعالے نے نوح کو منع نہین کیا بلکہ آیندہ چلکر اون کے غرق کی خبر دینا مقصود تہی اس وجہ سے اوس وقت اون کے متعلق گفتگو کرنے سے ممانعت کی۔

(۱۳) نہی ایذانی | وَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ غَافِلًا عَمَّا يَعْمَلُ الظّٰلِمُوْنَ (ابراہیم ۷ ع)
اسے پیغمبر کہین تم ایسا سمجہو کہ اللہ تعالے ان ظالمین کے اعمال سے غافل ہے بلکہ خوب خبردار ہے یہان نہی اپنی حقیقی معنے پر نہین ہے کیونکہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کبہی اللہ کو غافل نہین سمجہتے تہے بلکہ اوس کو عالم جانتے تہے پہر نہی جو لائی گئی ہے تو محض اس امر پر آگاہ اور خبردار کرنے کے لئے لائی گئی ہے۔ کہ کہین ان کے ڈہیل دینے سے اور اون کو دنیا کا عیش و آرام دینے پر یہ خیال نہ ہو جائے کہ ہم غافل ہو گئے ہین یہ خیال غلط ہے بلکہ ہم اون کے ہر ہر ذرہ کی کاروائیون پر مطلع ہین اور ہم اون کی بہت جلد خبر لینے والے ہین۔

جس نہی کی حقیقی معنے مقصود نہو وہ نہی ایذانی ہے جیسے

(۱۴) نہی تذلیلی | جس صیغہ نہی کو بغرض تذلیل مخاطبین لائین تو ایسی نہی تذلیلی ہے جیسے اِخْسَئُوْا فِيْهَا وَلَا تُكَلِّمُوْنِ (مومنون ۵ رکوع) (جب دوزخی دوزخ مین چلے جائینگے اور وہان کے شدت عذاب سے گہبرائینگے اور چلاکر کہین گے رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْهَا فَاِنْ عُدْنَا فَاِنَّا ظٰلِمُوْنَ اسے پروردگار ہمکو دوزخ سے نکال اگر پہر ہم برے اعمال کرین تو ہم گنہکار ہین اللہ تعالے جواب دیگا۔ اِخْسَئُوْا فِيْهَا وَلَا تُكَلِّمُوْنِ یعنے اسے کتو دور ہو جاؤ مجہہ سے بات مت کرو یعنے تم مثل کتون کے ذلیل و خوار ہو اور لائق ہم سے کلام کرنے کے نہین ہو۔

(۱۵) نہی تشاوری | جس نہی سے مقصود کسی امر مین رائے دینا ہو وہ نہی تشاوری ہے جیسے قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ لَا تَقْتُلُوْا يُوْسُفَ (یوسف ۱ ع) (یوسف کے بہائیون مین

حضرت یہودا نے کہا تمہاری تو یہ رائے ہے کہ یوسف کو قتل ہی کرو لیکن ہم مشورہ دیتے ہیں کہ یوسف کا مار ڈالنا مناسب نہیں بلکہ اوس کو ایک گہرے کوئیں میں ڈال دو تو مناسب ہے۔

ادنیٰ بے ادبی | جس میں بھی سے مقصود ادب مخاطبین ہو وہ بھی بے ادبی ہے جیسے یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِیِّ وَلَا تَجْهَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ اَنْ تَحْبَطَ اَعْمَالُكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ (حجرات ع ۱)

اے ایمان والو اپنی آوازوں کو نبی کی آواز سے اونچی نہ ہونے دو اور پیغمبر سے اسطرح پکار کر بات مت کرو جیسے تم آپس میں ایک دوسرے سے پکار کر باتیں کرتے ہو ایسا نہ ہو کہ تمہاری اس طرز روش سے تمہارے نیک اعمال اکارت ہو جائیں اور تمکو خبر نہ ہو ف یعنی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دربار کا ادب یہ ہے کہ آوازیں تمہاری بلند نہ ہوں اور ایک دوسرے کو جیسا کوئی پکارتا ہے ویسا پکارنا نہ ہو بلکہ نہایت ادب سے گفتگو کرو اس آیت کا شان نزول یہ ہے کہ بنی تمیم کا قافلہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا حضرت ابوبکرؓ نے کہا یا رسول اللہ قعقاع بن معبد کو اون کا سردار بنائے حضرت عمرؓ نے کہا نہیں اقرع بن حابس کو بنائے حضرت ابوبکرؓ نے کہا کہ تم میرا خلاف کرنا چاہتے ہو حضرت عمرؓ نے کہا نہیں میں تمہارا اختلاف کرنا نہیں چاہتا تھا اسی پر دونوں کی آوازیں بلند ہوگئیں اتنے میں یہ آیت اوتری جب یہ آیت اوتری تو حضرت ابوبکرؓ نے کہا خدا کی قسم میں آج سے آپ سے اوسی طرح باتیں کرونگا جیسے کوئی سرگوشی کرتا ہے کہتے ہیں جس وقت یہ آیت اتری تو ثابت بن قیس صحابی جن کی آواز بہت بلند تھی رنجیدہ ہو کر گھر میں بیٹھ رہے اور کہنے لگے میں ہی آنحضرت

سے پکار پکار کر باتیں کیا کرتا تھا میرے سب اعمال اکارت ہو گئے ایک روز حضور
اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یاد فرمایا کہ ثابت کہاں ہے صحابہ نے کہا ثابت اپنے کو دوزخی
سمجھے ہوئے بیٹھے ہیں آپ نے فرمایا نہیں وہ بہشتی ہے پھر یمامہ کے دن شہید ہوئے
صحیح حدیث میں ہے کہ آدمی ایک بات منہ سے نکالتا ہے اور اوس کو بڑی نہیں سمجھتا
لیکن اوس کی وجہ سے اوس کا شمار دوزخیوں میں ہو جاتا ہے خلاصہ یہ ہے کہ حضور
اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حیات بابرکات میں بھی ادب صحابہ کا یہ تھا کہ جب کہنا ہوتا
تو آہستہ باتیں کرتے اب بھی حدیث شریف اور قرآن مجید کا بھی ادب ہے کہ کلام
الٰہی جہاں پڑھا جائے یا حدیث شریف کا جہاں کہیں درس ہو وہاں غل نہ مچائیں
اور کلام الٰہی اور حدیث نبوی سے کسی اور کے قول کا معارضہ نکریں اگر کچھ شبہ ہو تو
آہستہ ادب سے پوچھیں۔

(۱۶) نہی امری | جس کلام میں نہی کا صیغہ لایا جائے لیکن مقصود اوس سے امر ہو تو ایسی
نہی امری ہے جیسے وَمَا لَكُمْ أَلَّا تُنفِقُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَلِلَّهِ مِيرَاثُ
السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ (حدید ع) اور تم کو کیا ہو گیا ہے جو اللہ تعالےٰ کی راہ میں
(اپنا مال خرچ نہیں کرتے حالانکہ زمین و آسمان کا وارث اللہ تعالےٰ ہی ہے (جب
سب مال اوسی کا ہے تو تم کو دینے میں کیا عذر ہے) یعنے اللہ کی راہ میں اللہ کا مال
دو تم اپنا مال سمجھکر روک نہ رکھو ہاں مگر ایسا دو کہ جو بر محل اور بر موقع ہوئے بے موقع اور بے
محل صرف کر کے مسرف نہ بنو کیونکہ اللہ تعالےٰ مسرفوں کو دوست نہیں رکھتا غرضکہ اس
آیت میں لاتنفقو کہا گیا ہے اور مراد اوس سے انفقو کہا گیا ہے۔

(۱۷) نہی سببی | جس صیغہ نہی میں اسناد فعل کی سبب منہی عنہ کے طرف کی گئی ہو ایسی

نہی سببی ہے جیسے لَا یَفْتِنَنَّکُمُ الشَّیْطَانُ (اعراف ع) اے آدمیو
(خیال رکھو) کہیں شیطان تم کو فتنے میں ڈال نہ دے (یعنے بہکا نہ دے) کیونکہ وہ
تو تمہارا دشمن ہے اس جملہ کی تقدیر لَا تَفْتَتِنُوْا بِفِتْنَةِ الشَّیْطَانِ ہے یعنے
تم شیطان کے فتنے اور بہکانے میں نہ آجاؤ۔ چونکہ فتنے کا سبب شیطان ہی اس
لئے فتنے کی اسناد شیطان کے طرف کی گی اور مقصود یہ رکھا گیا کہ تم فتنۂ شیطان
میں نہ پھنس جاؤ۔ کیونکہ کلام میں کبھی اسناد سبب کے طرف کرنا زیادہ بلیغ ہوتا ہے
بہ نسبت مسبب کے طرف اسناد کرنے کے۔ کیونکہ اسباب اشیاء کو دور کرنا زیادہ
موثر ہوتا ہے بہ نسبت مسببات کے دور کرنے کے۔

(۱۸) نہی سببی | جس صیغہ نہی میں اسناد فعل کی کسی امر کے نتیجہ کے طرف ہو تو ایسی نہی نہی
سببی ہے جیسا کہ سورۂ نمل میں اللہ تعالےٰ نے ایک چیونٹی کا واقعہ بیان کیا ہے
جب سلیمان علیہ السلام کا لشکر وادی نمل (جو شام اور طائف کے درمیان ہے)
کے قریب پہونچا تو ایک چیونٹی نے اپنے ساتھی چیونٹیوں سے کہا یَا اَیُّهَا النَّمْلُ
ادْخُلُوْا مَسٰكِنَكُمْ لَا یَحْطِمَنَّكُمْ سُلَیْمٰنُ وَجُنُوْدُهٗ وَهُمْ لَا یَشْعُرُوْنَ
(نمل ۲ع) (ترجمہ) اے چیونٹیو اپنے سوراخوں میں گھس جاؤ اور (پھر وہاں سے
نکلو نہیں) کہیں تم کو سلیمان اور اوس کے لشکر والے بے خبری میں کچل نہ ڈالیں یعنے
چلنے میں اور ہجوم میں اون کو خیال نہ رہے اور تم پر پاؤں رکھدیں اور تم مسل جاؤ۔
چیونٹی نے حضرت سلیمان علیہ السلام کیساتھ یہ گمان نہ کیا کہ وہ عمداً اور قصداً کچل دینگے
بلکہ یہ کہا کہ بے خبری میں شاید اون سے ایسا نہ ہو جائے اس جملہ کی تقدیر لَا تَخْرُجُوْا
مِنْ مَسَاكِنِكُمْ فَیَحْطِمَنَّكُمْ ہے یعنے تم اپنے سوراخوں سے نکلو نہیں کیونکہ

اگر نکلو گے تو تم کو سلیمان کا لشکر روند ڈالے گا یہان سبب نہی کو یعنے خروج کی ممانعت
کو چھوڑکر جزا اور نتیجہ خروج کے طرف (یعنے روندیکے) اسناد سلیمان اور لشکر سلیمان کیطرف کی
گئی کیونکہ یہان اختصار مین زیادہ مبالغہ ہے بنسبت تطویل کے جیسے کہتے ہین۔

لَا اُرِيَنَّكَ هٰهُنَا مین تم کو یہان نہ دیکھون اس کی تقدیر یہ ہے لَا تَكُنْ هٰهُنَا
فَارَاكَ یعنے تم یہان رہو ہی نہین تاکہ میری نظر تم پہ پڑے یعنے تم نکلو ہی نہین
تاکہ سلیمان کا لشکر تم کو کچل ڈالے۔

(۱۹) نہی تسویہ۔ جس صیغہ نہی مین کسی فعل کے کرنے یا نہ کرنے دونون کو برابر ٹھیرا گیا ہو
تو ایسی نہی نہی تسویہ ہے نہی تسویہ ہمیشہ امر تسویہ کے ساتھ ہوتی ہے جیسے اِسْتَغْفِرْ
لَهُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ فَلَنْ يَغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ (توبہ ع) اے محمد تم ان
(منافقین) کے لیئے خدا سے بخشش مانگو یا نہ مانگو دونون برابر ہین اگر تم ستر
بار بھی ان کے لیئے بخشش مانگو گے تو اللہ ہرگز بخشنے والا نہین۔ یہان نہی عنہ استغفار
اور عدم استغفار کو برابر ٹھیرایا گیا ہے۔

اقسام نہی باعتبار منہی عنہ

(۲۰) نہی مطلق۔ جس نہی مین کسی امر کی قید نہ ہو وہ نہی مطلق ہے جیسے يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ
اٰمَنُوْا لَا تَتَّبِعُوْا خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ (نور ع) اے ایمان والو
شیطان کے قدم بقدم مت چلو یعنے شیطان کی پیروی کسی حالت کسی وقت بھی نہ
کرو کیونکہ وہ دشمن ہے اور دشمن سے ہر حالت مین بچنا ضرور ہے معلوم نہین کس
وقت اور کس حالت مین چکمہ دیکر راہ حق سے پھرا دے۔ اَللّٰهُمَّ اَعِذْنَا مِنْ

الشیطان وکیدہٖ۔

(۲۱) نہی مقید | جس نہی میں کسی بات کی قید لگادی جائے نہی مقید ہے۔ نہی مقید کے کئی اقسام ہیں اگر قید شرطی ہے تو نہی شرطی ہے اور قید صفت کی ہے تو نہی مقید بقید صفت ہے اور اگر قید کسی خاص زمانہ کی ہے تو نہی مقید بقید زمان ہے اور اگر کسی خاص مکان کی ہے تو نہی مقید بقید مکان ہے۔

(۲۲) نہی شرطی | جس نہی میں قید شرطی ہو وہ نہی شرطی ہے جیسے یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْٓا اٰبَآءَكُمْ وَاِخْوَانَكُمْ اَوْلِیَآءَ اِنِ اسْتَحَبُّوا الْكُفْرَ عَلَى الْاِیْمَانِ (توبہ ۳ع) اے ایمان والو اگر تمہارے باپ اور بھائی ایمان کو چھوڑ کر کفر کو عزیز رکھیں تو ان کو اپنا رفیق مت بناؤ یعنے اون کی دوستی چھوڑ دو یہاں مطلق ماں باپ اور بھائیوں سے دوستی اور محبت رکھنے کی ممانعت نہیں ہے بلکہ وہ جب کفر کو عزیز رکھتے ہیں تب اون سے دوستی رکھنے کو منع کیا گیا ہے یہاں پر اِن استحبوا الکفر الخ جملہ شرطیہ ہے۔

(۲۳) نہی مقید بقید صفت | جس نہی میں کسی خاص حالت یا صفت کی وجہ سے کسی امر سے ممانعت کی گئی ہے تو ایسی نہی مقید بقید صفت یا حالت سے ہے جیسے وَلَا تَاْكُلُوْا مِمَّا لَمْ یُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَیْهِ وَاِنَّهٗ لَفِسْقٌ (انعام ۱۴ع) جس جانور پر اللہ کا نام (کاٹتے وقت) نہ لیا گیا ہو اوس کو مت کھاؤ اور یہ گناہ کا کام ہے ف یعنے نہ کھانے کا حکم اوس ذبیحہ کے ساتھ ہے کہ جس پر اللہ کا نام نہ لیا گیا ہو اور جس ذبیحہ پر اللہ کا نام لیا گیا ہو اوس کو کھاؤ کیونکہ اوس سے پہلے فکلو مما ذکر اسم اللہ آچکا ہے۔ اللہ کا نام خواہ عمداً نہ لیا جائے یا سہواً ہر حال میں وہ جانور حرام ہے بعضوں نے کہا اگر بھول سے

شکیے تو حلال ہے اور اگر عمداً ترک کرے تو حرام (یہ حنفیہ کا مذہب ہے) شافعیہ
کہتے ہیں کہ ہر حال میں حلال ہے یعنے مسلمان کا ذبیحہ ہر حال میں حلال ہے خواہ
وقت ذبح کے نام لیوے یا نہ لیوے وہ اس آیت کا مطلب یہ لیتے ہین کہ اللہ کے سوا دوسرے
کسی کا نام کسی جانور پر لیا جاوے تو وہ حرام ہے۔

(۴۴) نہی مقید بقید زمان یا نہی موقت جس صیغہ نہی میں کسی فعل کی ممانعت کسی وقت خاص
تک محدود ہو تو ایسی نہی کو نہی موقت کہتے ہیں یا نہی موقت ہے جیسے لَا تَحۡلِقُوۡا رُءُوۡسَكُمۡ حَتّٰى
يَبۡلُغَ الۡهَدۡىُ مَحِلَّهٗ (بقرہ ۲۴ ع)

جب تک قربانی اپنے مقام پر نہ پہونچ جائے اپنے سر نہ منڈاؤ یعنے
احرام کہولنے اور سر نہ منڈوانے کا حکم قربانی اپنے مقام پر پہونچنے تک ہے جب قربانی
اپنے مقام پر پہونچ گئی تو سر بہی منڈالے اور احرام بہی کہول ڈالے اس کی توضیح یہ ہے
کہ مثلاً کسی شخص نے حج یا عمرے کی نیت کر لی اور راستہ میں دشمن اوس کو روک لیں۔ اور
اس وجہ سے وہ خانہ کعبہ تک نہ پہونچ سکے تو اوس پر بالاتفاق قربانی کرنی لازم ہے
اب رہی یہ بات کہ وہ قربانی کب اور کہاں کی جائے اس میں ائمہ مجتہدین کا اختلاف
ہے حضرت امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ کی یہ رائے ہے کہ حرم میں کی جاوے اسطرح پر کہ وہ شخص
قربانی کے جانور کو کسی اور شخص کے ہاتہہ خانہ کعبہ کو بہیجدے اور اوس کے قربانی کرنے
کا دن حج کا احرام باندہنے کی صورت میں یوم نحر یعنے دسوین ذیحجہ اور عمرے کی صورت مین
کوئی خاص دن مقرر کر دے اوس دن یہ شخص اپنی جگہ سر منڈوا کر احرام اتار دے اور
امام شافعی رحمہ اللہ کہتے ہین کہ اس قربانی کا حرم مین ہونا ضرور نہین ہے جس جگہ وہ شخص روکا
گیا ہے وہی اوس کا محل ہے قربانی وہین کر کے احرام اتار دے جیسا کہ جناب سرور

کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا تھا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عمرہ کی نیت سے
مکہ تشریف لئے جاتے تھے مدینہ مین کافرون نے آپ کو روک دیا آپ نے وہین قربانی
کرا کر سب کے احرام اتروا دئے۔ دوسری مثال نہی موقت کی وَلَا تَقْرَبُوْهُنَّ
حَتّٰى يَطْهُرْنَ (البقرہ ۲۸ع) حائضہ عورتون سے مقاربۃ (جماع) نہ کرو جب تک کہ
وہ حیض سے پاک نہ ہولین یعنے مقاربت حائضہ کی ممانعت طہارت کے زمانے
تک ہے بعد طہارت کے مقاربت جائز ہے۔

(۲۵) نہی مقید بمکان یا نہی مکانی | جو نہی کسی مکان کے ساتھ مختص ہو وہ نہی مکانی ہے
جیسے يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا إِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ فَلَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ
الْحَرَامَ بَعْدَ عَامِهِمْ هٰذَا (توبہ ۴ع) اے ایمان والو مشرک تو یقینی گندے
ہین تو اس سال کے بعد وہ ادب والی مسجد کے نزدیک نہ آئین یعنے مشرکون کو مسجد
حرام مین داخل ہونا بوجہ اونکی نجاست کے حرام ہے اور اونکو ممانعت مسجد حرام مین داخل
ہونے سے کی گئی ہے نہ دوسرے مقامات سے اب اس مین علما کا اختلاف ہے
کہ دوسرے مسجدون مین مشرک کا جانا درست ہے یا نہین اہل مدینہ نے کہا کہ درست
نہین شافعی رحمہ اللہ کہتے ہین سوائے مسجد حرام کے اور مساجد مین درست ہے کیونکہ
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ثمامہ کو مسجد مین باندھا تھا حالانکہ وہ مشرک تھا امام ابوحنیفہ رح
کہتے ہین کہ ذمی کافر اور مشرک مسجدون مین ضرورت سے جا سکتا ہے۔

(۲۶) نہی غیر شرطی | جس نہی مین کسی امر کی شرط نہ ہو ایسی نہی غیر شرطی ہے جیسے
يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاتَّقُوا اللّٰهَ إِنَّ اللّٰهَ
سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ (حجرات ۱ع) اے ایمان والو اللہ اور اسکے رسول سے (حد سے) بڑھ کر نہ
(چلو)

ہین) اون حدون سے آگے نہ بڑہو اور اللہ سے ڈرو کیونکہ اللہ سنتا اور جانتا ہے
ف۔ یعنے کسی جانتے ہین اللہ اور رسول کے حکم کے خلاف نہ کرو اور اون کے مقررہ
حدود سے آگے قدم نہ رکہو۔

نہی غیر مشروطی اور نہی مطلق مین عام خاص مطلق کی نسبت ہے نہی غیر مشروطی عام ہے
اور نہی مطلق خاص کیونکہ ہوسکتا ہے کہ ہر نہی مطلق غیر مشروطی ہو لکن ہر غیر مشروطی مطلق ہونا
ضرور نہین ہے کیونکہ جو نہی مقید بقید صفت یا بقید زمان یا بقید مکان ہون وہ نہی غیر
مشروطی ہین اس وجہ سے کہ شرط اون مین نہین ہے لکن مطلق نہین ہین اس لئے کہ قید زمان
یا صفت یا مکان کی اون مین ہے۔

(۲۷) نہی جمعی | جس نہی مین دو یا دو سے زیادہ باتون کے جمع کرنے کی ممانعت ہو اور
الگ الگ کرنے کی اجازت ہو ایسی نہی نہی جمعی ہے۔ جیسے وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَهُمْ
اِلٰٓى اَمْوَالِكُمْ اِنَّهٗ كَانَ حُوْبًا كَبِيْرًا (نساء ع ۱) یتیمون کے مال اپنے مالون
کے ساتہہ گڈمڈ کر کے مت کہاؤ یہ تو بڑا گناہ ہے ف جاہلیت کا یہ قاعدہ تہا کہ یتیم کا
مال اپنے مال مین خورد برد کرنے کی نیت سے ملا دیتے اللہ تعالےٰ نے اس سے منع
فرمایا کہ یتیم کے مال کو اپنے مال کے ساتہہ خرچ مین جمع مت کرو وہ اپنا مال الگ کہائے
تم اپنا مال الگ کہاؤ اوس کا حساب کتاب الگ رکہو اپنا حساب کتاب الگ رکہو لکن اگر
یتیم کے مال کو اوس کے فائدے کی غرض سے ملا لین تو کچہ حرج بہی نہین ہے جیسے سورہ بقر کے
۲۶ رکوع مین ہے وَاِنْ تُخَالِطُوْهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ فِى الدِّيْنِ یعنے اگر تم نیک نیتی سے
اون کے خرچ کو اپنے خرچ کے ساتہہ ملا لو یا مال تجارت مین اونکے فائدے کی غرض سے
اون کو شریک کر لو تو اس مین کچہ حرج بہی نہین ہے اگرچہ تفریق مال کی آیت منسوخ ہے اور

ملانے کی اجازت ہے لیکن یہاں پر ہمکو اس کے نسخ سے بحث نہیں ہے کیونکہ یہاں ہم کو
نہی جمعی کی مثال لانا مقصود ہے اس وجہ سے اس آیت کو ہم یہاں لائے ہیں انشاء اللہ
تعالےٰ جب علم النسخ من القرآن چھپے گا وہاں نسخ کی آیتوں سے اور اوس کے مصالح
سے عقلی بحث کریں گے ممانعت جمعی کی مثال اور بھی مل سکتی ہے گو اوس میں صیغہ نہی کا
نہیں ہے جیسا کہ اللہ تعالےٰ نے حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ اُمَّهٰتُكُمْ الخ کے تحت میں
جمع بین الاختین کو قید نکاح میں لانے سے منع کیا ہے۔ ہاں ایک بہن کے مرجانے کے
بعد دوسرے سے یا ایک کے طلاق دینے کے بعد دوسرے سے نکاح کرسکتا ہے۔

(۲۸) نہی تفریقی یا تفرقی | جس صیغہ نہی میں کئی امور کو یا کسی مہتم بالشان امر کو جدا جدا کرنے کی
ممانعت ہو اور ملکر کرنے کا حکم نکلے تو ایسی نہی نہی تفریقی ہے نہی تفرقی یا تفریقی بعد
امر جمعی کے یا قبل امر جمعی کے آیگی جیسے يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ
وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ۝ وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا
تَفَرَّقُوْا وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ
فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖٓ اِخْوَانًا وَكُنْتُمْ عَلٰى شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنْقَذَكُمْ مِّنْهَا
كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ۝ وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ
اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ
وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ تَفَرَّقُوْا وَاخْتَلَفُوْا مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ
وَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝ يَّوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوْهٌ وَّتَسْوَدُّ وُجُوْهٌ فَاَمَّا
الَّذِيْنَ اسْوَدَّتْ وُجُوْهُهُمْ اَكَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا
كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ۝ وَاَمَّا الَّذِيْنَ ابْيَضَّتْ وُجُوْهُهُمْ فَفِيْ رَحْمَةِ اللّٰهِ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ

تِلْكَ اٰيَاتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ وَمَا اللّٰهُ يُرِيْدُ ظُلْمًا لِّلْعٰلَمِيْنَ (اٰل عمران ا ع)

اے ایمان والو اللہ سے ڈرو جیسا کہ حق ڈرنے کا ہے اور مرتے تک اسلام پر قایم رہو اور سب ملکر اللہ کی رسی (یعنے قرآن اور دین کو) مضبوط پکڑو اور پھوٹ نکرو اور اللہ کے اوس احسان کو یاد کرو جب تم ایک دوسرے کے دشمن تھے پھر اللہ نے تمہارے دلون مین الفت پیدا کر دی اور تم اس نعمت قرآن کے بدولت ایک دوسرے کے حق مین مثل بھائی کے ہو گئے۔ تم تو آگ کے گڑہے (یعنے دوزخ) کے کنارے ہی آ گئے تھے اللہ نے تمکو بچا لیا۔ تمہارے راہ راست پر آنے کے لئے اللہ اپنے احکام کو کھول کھول کر بیان کرتا ہی اور تم مین ایک ایسا گروہ بھی ہونا چاہئے کہ جو لوگونکو نیک کام کیطرف بلائے اور برے کامون سے منع کرے اور آخرت مین ایسے لوگ بامراد ہونگے۔ اور اون جیسے (یعنی مثل یہود اور نصارے) نہ ہو جو ایک دوسرے سے الگ ہو گئے اور کھلے کھلے احکام پہونچنے کے بعد آپس مین اختلاف کر لیا (جیسے یہود اور نصاریٰ) اور یہی لوگ ہین کہ جن کو بڑا عذاب آخرت مین ہوگا۔ آخرت کے دن بعض لوگون کے منہ سفید ہونگے اور بعض لوگون کے سیاہ جو لوگ روسیاہ ہین اون سے کہا جائیگا کہ تم ایمان لانے کے بعد کافر ہو گئے تھے اب اپنی کفر کی سزا مین عذاب کے مزے چکھو اور جو لوگ سفید رو ہونگے وہ اللہ کی رحمت یعنے بہشت مین ہونگے ہمیشہ وہ اوسی مین رہین گے (اے پیغمبر) یہ واقعی اور سچی اللہ کی آیتین ہین جو ہم (جبرئیل کے معرفت) تم کو پڑہ پڑہ کر سناتے ہین اور اللہ جہان کے لوگون پر ذرا بھی ظلم کرنا نہین چاہتا۔ جمع ہو یا تفرق جس جمع اور تفرق سے کسی قسم کا نتیجہ نہ ہو ایسی جمع بے حاصل ایسی تفرق ناکارہ۔ اصل تو جمع سے تفرق کسی ضرورت ہوتی ہے لکن ہم مسلمانون کی جمع اور تفرق دونون ناکارہ ہین سب قومین اپنی اجتماعی قوۃ سے سب قسم کے قومی کامون مین فائز المرام ہوتی ہین اور

ترقی کے اعلی منازل طے کئے جاتی ہین لیکن نہ معلوم ہم مسلمانون مین کیون ایسا پہوٹ کا مرض پیدا ہوگیا ہے۔ کہ ہم کوئی بہی قومی کام اجتماعی قوۃ سے کرنا چاہتے ہین تو اوس کا انجام یہ ہوتا ہے کہ وہ مثل تار عنکبوت یا مغرزہ عورت حمقا رکہ جو دن بہر چرخہ لیکر کاتتی اور پہر شام مین سب دہاگون کو توڑکر رکہدیتی) چند روز درست ہوکر پہر ٹوٹ جاتا ہے وَلَا تَكُونُوا كَالَّتِي نَقَضَتْ غَزْلَهَا مِنْ بَعْدِ قُوَّةٍ أَنْكَاثًا معلوم یہ ہوتا ہے کہ قران عظیم الشان نے جو ہم کو تفرق کی ممانعت کی ہے اوس پر ہمارا عمل ہی نہین ہے اور تفرق کے اسباب پر ہم واقف ہی نہین ہین اور اگر واقف بہی ہین تو زبانی جمع اور خرچ بہت عمل اس پر کچہ بہی نہین ہین اسلیئے ہم مختصر بحث اختلاف اور اتفاق کے متعلق کئے دیتے ہین تاکہ عامۃ المسلمین اس مرض مہلک (پہوٹ) سے بچین اور اپنے اصلاح دینی اور دنیوی کے لیئے اتفاق اور یکجہتی پیدا کرین۔

اختلاف اور اتفاق آپس مین ایک دوسرے کے ضد ہین۔ لکن باوجود ضد ہونے کے پہر تعجب ہے کہ جہان اتفاق ہے وہان اختلاف کی بہی جہلک ہے جہان قدرت خداوندی کی گوناگون نیرنگیان ہین وہان اوسکی قدرت کے یہ بہی کرشمے ہین کہ ہر چیز کو اوس کے ضد کیساتہہ پیدا کیا ہے ظلمت کے ساتہہ نور کفر کے ساتہہ اسلام اتفاق کے ساتہہ اختلاف آب وہوا کا اختلاف صورتون کا اختلاف سیرتون کا اختلاف عقائد کا اختلاف اعمال کا اختلاف۔ غرضکہ دنیا بہر کے اختلاف لے لو اوس کے ساتہہ ہی اتفاق کا بہی جزو لاینفک لگا ہوا ہے ملکی اتفاق قومی اتفاق مذہبی اتفاق آرائی اتفاق شخصی اتفاق جمہوری اتفاق ہمارے تو سمجہہ مین نہین آتا کہ کیون لوگ اتفاق کو محمود سمجہتے ہین اور اختلاف کو مذموم حالانکہ جب اتفاق ہوگا تو حسب اقتضائے طبیعت اختلاف کا پایا جانا لازمی ہے۔ ہمارا تو یہ خیال ہے کہ مطلقاً نہ اتفاق برا ہے نہ اختلاف۔ کلیۃً نہ اتفاق اچہا ہے نہ اختلاف۔ اگر برے ہین تو دونون

اور اچھے ہین تو دونون۔ اصل حقیقت یہ ہے کہ ہر چیز حد اعتدال پر ہو تو اچھی ہوتی ہے اگر حد اعتدال سے متجاوز ہو تو بری یہی حال اتفاق اور اختلاف کا ہے اگر اختلاف حد اعتدال پر ہے تو اچھا ہے اور اگر حد اعتدال سے بڑھکر ہے یعنے نفسانیت اور گالی گلوج اور کفر کے فتوے تک پہونچ گیا ہے تو برا ہے ایسا ہی اگر اتفاق درجۂ اعتدال پر ہے اور اوس سے ملکی اور قومی اصلاح مقصود ہے تو مستحسن اور اگر حد اعتدال سے بڑھکر تعدّی اور عُدوان تک پہونچ گیا ہے تو مذموم خلاصہ یہ کہ اختلاف کی دو قسمین ہین ایک محمود دوسری مذموم ایسا ہی اتفاق کی بھی دو قسمین ہین ایک محمود دوسری مذموم۔

اختلاف محمود جو اختلاف بغرض اظہار حق یا بغرض انکشاف امر واقعی یا حل مطالب یا بغرض فصل خصومات ہو محمود ہے۔ محمود کیا بلکہ ایک حد تک ضروری ہے کیونکہ اگر ایسا نہ ہو تو مباحثہ اور مناظرہ علما یا اختلاف آراکین مجالس شوریٰ بے کار ہون حالانکہ اس اختلاف سے عمدہ نتائج مرتب ہوتے ہین ہر فریق مخالف کو اپنے حقوق کے اظہار کا موقع ملتا ہے بحث اور مناظرے سے مطالب اور مسائل حل ہوتے ہین تمام مقدمات امور شرعی اور قانونی اور سیاسی کا تصفیہ ہوتا ہے اسی قسم کے اختلاف کے محمود ہونے پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہی اِخْتِلَافُ عُلَمَاءِ اُمَّتِیْ رَحْمَةٌ۔

اختلاف مذموم جو اختلاف از راہ تعصّب مذہب و عناد یا بغرض توہین یا از راہ نفسانیت بدنیتی سے کیا جائے وہ اختلاف مذموم ہے۔ مذموم کیا بلکہ مُہلک قوم اور مخرب ملک اور ملت ہے فی زمانا بعض مسلمانون مین عموماً اور بعض مشائخین اور علمائے دین خصوصاً اسی قسم کا اختلاف ہے کہین تو پرانے خلافت کے جھگڑے چھیڑے جاتے ہین کہین تفضیل صحابہ کی بحث ہے کہین تقلید اور غیر تقلید کی موشگافی ہے کہین آمین بالجہر اور رفع یدین مین نزاع ہی

غرضکہ ہمیں جھگڑے ذاتی جھگڑے قومی جھگڑے شہری جھگڑے خانگی جھگڑے
دینی بھی جھگڑے ان جھگڑوں نے مسلمانوں کا بیحد خراب کر رکھا ہے جزئی مسائل میں اسقدر
اختلاف ہے کہ آئے دن تحقیر اور تفسیق و تشنیع سے اسلام کٹ رہا ہے اگر اس قسم کے مذہبی
جھگڑوں کو ہم تھوڑی دیر کے لیے اصولی بھی مان لیں تاہم فی الوقت ضروری نہیں ایک حکیم کا
مقولہ ہے اِذا تحقق المرضان فدا اوّلاً الاخطر جب تجھے دو مرض لاحق
ہوں تو جو مرض خطرناک ہے اوس کا پہلے علاج کر یہ تو دیکھا نہیں جاتا کہ اسلام کی بنیادیں
کھوکھلی ہو رہی ہیں یعنی عقاید اور ضروری اعمال اور اخلاق بگڑ رہے ہیں واجبات ترک
ہو رہے ہیں اون کو چھوڑ کر اسلام کے جزئی مسائل پر اختلاف کیا جا رہا ہے اس وقت
اس امر کی بہت ضرورت ہے کہ تمام مسلمان اصول اسلام کے پابند رہیں اور اون فرعی
مسائل سے پہلو تہی کریں کہ جن کی اشد ضرورت نہیں ہے آج کل کا اختلاف ایسا مذموم
اختلاف ہے کہ جس سے شیرازہ اسلام کے اوراق پریشان نظر آرہے ہیں سب ہمدردان
قوم اور مصلحان مذہب کا فرض ہے کہ روز و شب اس امر میں غور و خوض کریں کہ مسلمانوں میں
کن کن وجوہ سے اختلاف مذموم پیدا ہو گیا ہے اور وہ کونسے اسباب ہیں کہ جس کے ذریعہ
سے اونمیں اتفاق محمود ہو سکتا ہے غرضکہ جہاں تک ہو سکے سب ہمدردان قوم تحریراً
وتقریراً اس امر میں سعی بلیغ کریں کہ اختلاف مذموم مسلمانوں سے اٹھ جائے اور اتفاق
محمود پیدا ہو جس کے بارے میں خود خداوند کریم ارشاد فرماتا ہے لَا تَفَرَّقُوْا اور حضور اکرم
صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں لَا تَحَاسَدُوْا وَلَا تَبَاغَضُوْا وَكُوْنُوْا عِبَادَ اللّٰهِ
اِخْوَانًا (حدیث کنز العمال) آپس میں حسد نہ کرو اور نہ بغض و کینہ رکھو۔ اور سب ملکر
ایک ہی مالک کے سچے بندے اور ایک دوسرے کے بھائی ہو جاؤ

اتفاق محمود وہ امور کو جو عقلاً یا شرعاً یا قانوناً مستحسن ہون اور اوس مین عامۂ خلائق کا عموماً اور مسلمانون کا خصوصاً فائدہ ہو ان سب امور مین مسلمانون کا ایک ہونا اتفاق محمود ہے اور ایسا اتفاق مسلمانون کے لئے بہت ضروری ہے اس کی تفصیل یہ ہے کہ مسلمان امور کلیہ اور اصول دین اور اخلاق مین ایک رہین اور ایسے قومی کامون مین جس مین عامۂ خلائق کا فائدہ ہو ایک دوسرے کی اعانت کرین اور ذاتی اغراض اور مذہبی تعصبات کو اوس مین دخل نہ دین مصیبت اور راحت مین اور قومی خدمات مین ہر مسلمان جان اور مال سے ایک دوسرے کا شریک اور معین رہے کیونکہ اس قسم کے اتفاق سے ملک اور اہل ملک کو فائدہ ہوتا ہے تجارت اور زراعت اور صنعت اور حرفت کو ترقی ہوتی ہے قوم کی دینی اور اخلاقی حالت درست ہوتی ہے بشرطیکہ ایسی اعانت لوجہ اللہ ہو اور اوس مین غرض ذاتی شامل نہ ہو۔

اتفاق مذموم جو امر قانوناً یا شرعاً یا عقلاً ممنوع ہو اوس مین کسی خاص فرقے یا قوم یا اشخاص کا ایک ہونا اتفاق مذموم ہے اور ایسا اتفاق قانون اور شریعت مین دونون طرح ممنوع ہے ایسے اتفاق سے سب مسلمانون کو بچنا چاہیئے اتفاق محمود کے مستحسن ہونے اور اتفاق مذموم کے ممنوع ہونے کے لئے یہ آیت کافی ہے تَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ حسن سلوک اور نیکی اور تقویٰ مین تم سب آپس مین ایک دوسرے کی اعانت کرو اور گناہ اور تعدی یا بغاوت پر باہم ایک دوسرے کی اعانت نہ کرو (مایدہ اع)

ہمدردان قوم اور مصلحان ملک و ملت مسلمانون کے تنزل پر آٹھ آٹھ آنسو روتی ہین اور دن رات اس بات کی متلاشی رہتے ہین کہ مسلمانون مین اتفاق کیون نہین ہوتا

لکن یہ دیکھا نہین جاتا کہ یہ ادبار اور پہوٹ کے اسباب کیا ہین ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ أَيْدِي النَّاسِ خداے جل وشانہ نے ہمکو ایک ایسا موجز اور مختصر دستور العمل دیدیا تہا کہ اگر ہم اوس پر عمل کرتے تو ہمارے سب اخلاق اور اعمال درست ہوجاتے لکن افسوس ہم نے اوس عطیہ عظمی کی کچہ قدر نہین کی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ جس کو ہم آج دیکہہ رہے ہین نَسُوا اللّٰهَ فَنَسِيَهُمْ حکیم امت روحی فداہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر ہر روحانی مرض کا علاج اور اوس کے اسباب اور پرہیز کو تبلا دیا اور اسباب نفاق اور اتفاق کو قرآن وحدیث مین واضح کردیا دقائق وغوامض اور مشکلات مسائل فقہیہ جو قرآن وحدیث مین تہے اون کو مفسرین اور محدثین اور ائمہ مجتہدین نے حل کردیا ۔ غرضکہ شریعت محمدیہ بالکل کامل اور مکمل واضح اور مُبیّن ہوگئی باوجود اس تکملہ کے اگر ہم اپنی بداعمالیون کو دور نہ کرین اور اپنے امراض روحانیہ کا علاج قرآن وحدیث کے مطابق نہ کرین اور شرک اور کفر اور بدعت کی گندگیون سے پرہیز نہ کرین تو اس مین حکیم کا کیا قصور اور اسلام کیون بدنام محض ہماری غفلت اور بداعمالیون کا ثمرہ ہے کہ جو آج ہم کو مل رہا ہے ۔ جو لوگ قرآن وحدیث کو چہوڑکر دوسرے اسباب کو مسلمانون کی ترقی اور اتفاق کا ذریعہ سمجہتے ہین اون کی مثال ایسی ہے شعر

یار در خانہ و من گرد جہان میگردم ۔ آب در کوزہ و من تشنہ دہان میگردم

اسباب نااتفاقی پر غور کیجیے قرآن کریم مین اگر اوسکا علاج نہ ملے تو ہمارا ذمہ نااتفاقی کیون پیدا ہوئی اتلاف حقوق سے ۔ پہوٹ کا مرض کیون پہیلا نفسانیت سے تو حید اسی لئے آئی تہی کہ سب ایک دل ہوکر ایک ہی خدا کو پوجین اور سب مل کر اوسی کے آگے

سر خم کریں احکام خداوندی کی تعمیل ایک ہی کتاب (قرآن) کے مطابق کریں اگر وہ سمجھ میں نہ آئے اور اوس میں وضاحت سے حکم نہ ملے تو حدیث شریف دیکھیں جب توحید اور اخلاص اوٹھ گیا تو شیطان علیہ اللعنہ نے شرک کا جال ڈالا اور سب کو ضلالت میں ڈبودیا سنت کی کساد بازاری ہونے لگی بدعت کا بازار گرم ہوا پھر مسلمان ذلیل اور خوار اور گرفتار تنزل اور ادبار ہوئے تو کیا ہو غرضکہ ہم مسلمان زبانی کلمہ گو اور ادعائے مسلمان ہیں عمل ہمارا بالکل اس کے خلاف ہے جب خدا ایک رسول ایک کتاب ایک پھر اختلاف اور تنازع کیوں وَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِیْ شَیْئٍ فَرُدُّوْهُ اِلَی اللّٰهِ وَالرَّسُوْلِ

ہمارے ہمدرد قوم ڈاکٹر محمد اقبال صاحب نے جواب شکوہ میں خوب مسلمانوں کی حالت کا خاکہ کھینچا ہے۔

نظم

منفعت ایک ہے اس قوم کی نقصان بھی ایک — ایک ہی سب کا نبی - دین بھی ایمان بھی ایک
حرم پاک بھی - اللہ بھی قرآن بھی ایک — کچھ بڑی بات تھی ہوتے جو مسلمان بھی ایک

فرقہ بندی ہے کہیں اور کہیں ذاتیں ہیں
کیا زمانے میں پنپنے کی یہی باتیں ہیں

کون ہے تارک آئین رسول مختار — مصلحت وقت کی ہے کس کے عمل کا معیار
کس کی آنکھوں میں سمایا ہے شعار اغیار — ہو گئی کس کی نگہ طرز سلف سے بیزار

قلب میں سوز نہیں روح میں احساس نہیں
کچھ بھی پیغام محمد کا تمہیں پاس نہیں

جا کے ہوتے ہیں مساجد میں صف آرا تو غریب — زحمت روزہ جو کرتے ہیں گوارا تو غریب
نام لیتا ہے اگر کوئی ہمارا - تو غریب — پردہ رکھتا ہے اگر کوئی تمہارا تو غریب

امرا نشۂ دولت میں ہیں غافل ہم سے
زندہ ہے ملتِ بیضا غربا کے دم سے

واعظِ قوم کی وہ پختہ خیالی نہ رہی برق طبعی نہ رہی شعلہ مقالی نہ رہی
رہ گئی رسمِ اذاں روحِ بلالی نہ رہی فلسفہ رہ گیا تلقینِ غزالی نہ رہی

مسجدیں مرثیہ خواں ہیں کہ نمازی نہ رہے
یعنی وہ صاحبِ اوصافِ حجازی نہ رہے

جب ہم کلمہ گو ہیں اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سید المرسلین سمجھتے ہیں تو ہمارا فریضہ ہے کہ جو کچھ پیغام حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خدائے جل شانہ کے طرف سے لائے ہیں اوس کو سمجھیں اور محض سمجھے ہی پر اکتفا نہ کریں بلکہ اوس کے مطابق عمل بھی کریں جب ہم مسلمان قرآن عظیم الشان پر بخوبی عمل ہونے لگیں گے تو اوسی سے ہمارے دین اور دنیا کی اصلاح ہوگی اور اوسی کی بدولت ہم میں اخوت اور سچی ہمدردی پیدا ہوگی بشرطیکہ ہمارے عملوں میں خلوص ہو نیتوں میں فتور نہ ہو حب دولت و جاہ نہ ہو شرک اور کفر کی گندگیوں سے ہم پاک ہوں خدا اور رسول کی اطاعت میں پورے سرگرم رہیں غرضکہ قرآن عظیم الشان ہی ہمارے لئے ایک ایسا عمدہ دستور العمل ہے جس کی بدولت ہمارے کل منازعات اور اختلافات مٹ سکتے ہیں جیسا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث مبارک سے اس کا پتہ چلتا ہے۔

عَنِ الْحَارِثِ الْاَعْوَرِ قَالَ مَرَرْتُ فِي الْمَسْجِدِ فَاِذَا النَّاسُ يَخُوْضُوْنَ فِي الْاَحَادِيْثِ
فَدَخَلْتُ عَلٰى عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَاَخْبَرْتُهٗ فَقَالَ اَوَقَدْ فَعَلُوْهَا قُلْتُ نَعَمْ
قَالَ اَمَا اِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَلَا اِنَّهَا سَتَكُوْنُ

فِتْنَةٌ قُلْتُ مَا الْمَخْرَجُ مِنْهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ كِتَابُ اللّٰهِ فِيْهِ نَبَأُ مَا قَبْلَكُمْ وَخَبَرُ مَا بَعْدَكُمْ وَحُكْمُ مَا بَيْنَكُمْ هُوَ الْفَصْلُ لَيْسَ بِالْهَزْلِ مَنْ تَرَكَهُ مِنْ جَبَّارٍ قَصَمَهُ اللّٰهُ وَمَنِ ابْتَغَى الْهُدٰى فِيْ غَيْرِهٖ أَضَلَّهُ اللّٰهُ وَهُوَ حَبْلُ اللّٰهِ الْمَتِيْنُ وَهُوَ الذِّكْرُ الْحَكِيْمُ وَهُوَ الصِّرَاطُ الْمُسْتَقِيْمُ هُوَ الَّذِيْ لَا تَزِيْغُ بِهِ الْأَهْوَاءُ وَلَا تَلْتَبِسُ بِهِ الْأَلْسِنَةُ وَلَا يَشْبَعُ مِنْهَا الْعُلَمَاءُ وَلَا يَخْلَقُ عَنْ كَثْرَةِ الرَّدِّ وَلَا تَنْقَضِيْ عَجَائِبُهُ هُوَ الَّذِيْ لَمْ تَنْتَهِ الْجِنُّ إِذْ سَمِعَتْهُ حَتّٰى قَالُوْا إِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا يَهْدِيْ إِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ۔ مَنْ قَالَ بِهٖ صَدَقَ وَمَنْ عَمِلَ بِهٖ أُجِرَ وَمَنْ حَكَمَ بِهٖ عَدَلَ وَمَنْ دَعٰى إِلَيْهِ هُدِيَ إِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ۔

(حدیث رواہ الترمذی والدارمی) (ترجمہ) حارث اعور کہتے ہین کہ مین ایک دن مسجد چلا گیا اتفاق سے کیا دیکھتا ہون کہ لوگ مسجد مین بیٹھے ہوئے (دنیا کی) باتین کر رہے ہین مین حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور آپ کو خبر دی آپ نے فرمایا کیا واقعی مین لوگون نے ایسا ہی کیا مین نے کہا ہان آپ نے فرمایا مین نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے کہ قریب مین فتنے اور فساد ہون گے (یعنے بہت کچھ اختلاف اور قتل اور فساد ہوگا اور جدے جدے مذاہب نکلینگے) پھر مین حضرت سے پوچھا یا رسول اللہ اون فتنون سے بچنے کی کیا صورت ہے آپ نے فرمایا اون سے بچنے کی صورت یہی ہے کہ قران (پڑھے جاؤ) وہ اللہ کی ایسی کتاب ہے جس مین اگلون کی بھی قصے ہین اور آیندہ ہونے والے واقعات کی بھی خبر ہے (یعنے اگر تم کو قصے اور کہانیون سے رغبت ہے تو قرآن پاک مین اگلے انبیاء کے قصص ہین اور اگر آیندہ کے حالتون سے مطلع ہونا چاہتے ہو آیندہ ہونے والے امور کی پیشین گوئیان بھی ہین یعنے آثار اور

احوال قیامت دوزخ کے عذابات اور جنت کی نعمتون کا اوس مین ذکر ہے) وہ تمہارے
قضایا کے فیصل کرنیوالی کتاب ہے (جس مین کفر وایمان حلال وحرام اور تمام
شرایع اسلام اور معاملات درج ہین) وہ ایسی کتاب ہے کہ جو حق کو باطل سے جدا کرتی
ہے جس مین کوئی بیکار لفظ نہین جس متکبر نے قرآن کو تکبر کی راہ سے نہ التفات کر کر چہوڑ دیا
(یعنے نہ اوس کو سمجہا نہ اوس پر عمل کیا) اللہ تعالے اوس کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیگا (یعنے
اوس کو ذلیل وخوار کر دیگا اور اپنی رحمت سے اوسکو دور کر دیگا) اور جس نے ہدایت
قرآن کو چہوڑ کر دوسری کتابون اور علمون مین اپنی ہدایت تلاش کی وہ گمراہ ہو گیا قرآن اللہ
تعالے کی رسی ہے (یعنے معرفت اور قرب الہی کا وہی ذریعہ ہے اور قرآن خود تمہارا حکیم ہے
(یعنے تمہارے روحانی امراض کا وہی مُعالج ہے جو حکمت کی باتین اور روحانی امراض
کا علاج بتلاتا ہے) اور وہی سیدہا راستہ ہے جو سعادتِ ابدی کے طرف تم سب کو لے
چلتا ہے) اور وہ ایسی کتاب ہے کہ جو اوس کی پیروی کرے وہ نہ خواہش نفسانی کا مطیع
ہو اور نہ باطل کے طرف اوس کا میلان ہو اس کا مطلب یہ ہے کہ خواہش پرست اوسکو
اپنی مرضی کے موافق تغیر او رتبدیل نہین کر سکتے (اور اوس کی عبارت ایسی فصیح اور بلیغ ہے
کہ دوسرے کسی زبانون مین نہین ملتی اوس کے مطالب نکالنے سے علما سیر نہین ہوتے
یعنے گوناگون مسائل اور مطالب اوس سے نکلتے چلے جاتے ہین (ف۔ سبحان اللہ
ابتک قرآن مجید کے کسقدر تفاسیر اور تراجم ہوئے اور ہر شخص نے اپنے علم سے کس
کس قسم کے مطالب قرآن سے نکالے ہین ہم نے بہی سلسلہ علوم قرآن کا قایم کیا ہے
اللہ تعالے ہی سے اسکی اجرا اور تکمیل مین ہم مدد چاہتے ہین اَللّٰھُمَّ اشْرَحْ صُدُوْرَنَا بِالْقُرْاٰنِ)
بار بار پڑہنے سے وہ پُرانا نہین ہوتا (یعنے ہر دفعہ پڑہنے سے جدی جدی لذت ملتی ہے

قرآن کے عجائبات کی انتہا نہیں ہے انتہا اوس سے مطالب نکلے چلے جاتے ہیں حتیٰ کہ جنون نے بھی جب قرآن سنا تو اوس کی عجیب و غریب عبارت پر فریفتہ ہوکر کہنے لگے کہ
اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا یَّهْدِیْۤ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ یعنی قرآن عجیب و غریب کلام ہے کہ جو ہم کو ہدایت کا راستہ بتلاتا ہے اور قرآن سے جس نے تمسک کیا اوس نے نجات پائی جس نے قرآن پر عمل کیا اوس کو اجر ملا جس نے قرآن کے مطابق فیصلہ کیا وہ عادل کہلایا جس نے قرآن کی طرف لوگوں کو بلایا وہ سیدھے راستے پر لوگوں کو لے چلا اَللّٰهُمَّ
ارْفَعْنَا بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ وَاَلِّفْ بَیْنَ قُلُوْبِنَا بِالْاٰیَاتِ وَالذِّکْرِ الْحَکِیْمِ وَاَصْلِحْ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِکَلَامِكَ الْقَدِیْمِ وَصَلِّ عَلٰى سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَوْضَحَ دِیْنَكَ الْقَوِیْمَ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهِ الَّذِیْنَ سَلَکُوْا طَرِیْقَكَ الْمُسْتَقِیْمَ
دوسری مثال نہی تفریقی کی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد لَا یَمْشِیَنَّ اَحَدُکُمْ فِیْ نَعْلٍ وَّاحِدٍ لِیَنْعَلْهُمَا جَمِیْعًا اَوْ لِیَخْلَعْهُمَا جَمِیْعًا تم میں سے کوئی شخص ایک جوتی پہن کر نہ چلے پہنے تو دونوں جوتیاں پہنے اوتارے تو دونوں اتارے صحیحین کی یہ حدیث ہے ہم تلازم امر و نہی میں بیان کر چکے ہیں کہ امر کو اگر ایک پہلو سے دیکھو تو نہی ہے اور نہی کو ایک پہلو سے دیکھو تو امر ہے نہی تفریقی اور جمعی کی بھی یہی حالت ہے نہی تفریقی کے مفہوم مخالف کو لو تو امر جمعی ہے جیسے لَا تَفَرَّقُوْا اوس کا مفہوم مخالف اِجْتَمِعُوْا ہوا اور وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِیْعًا میں اس کی مفہوم مخالف نہی کو لو تو لَا تَتْرُکُوا الْاِعْتِصَامَ بِحَبْلِ اللّٰهِ نہی تفریقی ہے ناظرین کو بہت تعجب ہوگا کہ یہاں لفظ تفرق سے نہی کی قسم ایک الگ نکالی گئی ہے اگر محض الفاظ سے نہیوں کے اقسام کو لیا جائے تو پھر صدہا قسمیں نہی کی نکلیں گی لیکن اگر غور اور تامل سے قرآن کے مناہی پر نظر ڈورائو تو جن جن مناہی سے خدا نے

جل شانہ نے ہمکو منع کیا ہے اون سب مناہی مین نہی تفریقی مضمر ہے کیونکہ قانون الٰہی کبھی تو مسببات سے
منع کرتا ہے کبھی اسباب سے شرک سے اللہ نے کیون منع کیا کیونکہ یہ شرک ہی کُل محبت باعث تفرق
سے ہے حقوق یتامیٰ حقوق مساکین حقوق جوار حقوق اقربا ان سب کی حفاظت کا اللہ تعالیٰ کیون حکم کیا
اور ان کے اتلاف سے اللہ نے کیون منع کیا کیونکہ ان حقوق کا اتلاف باعث تفرق فیما بین ہے
غیبت - زنا - چوری - مسخرگی - بدگمانی - ان سب سے کیون منع کیا کیونکہ یہی اسباب تفرق مسلمانان
سے ہے قرآن کی یہ بلاغت ہے کہ کہین اللہ تعالےٰ اسباب سے منع کرتا ہے اور کہین اثرات سے
اگر ہم اس امر کے اثبات کے لیے بیٹھ جاوین کہ سب مناہی مین نہی تفرقی کس طرح ہے تو یہ رسالہ
ہمارا جو مختصر ہے ایک بہت بڑا طول طویل رسالہ ہو جائیگا اس لیے ہم نے نہی تفرقی پر اس قدر
بحث کی اور مسلمانون کو اس امر پر آگاہ کر دیا کہ تفرق مسلمانون کے لیے قطعاً حرام ہے اور
اجتماع مسلمانون کے لیے واجب اور فرض ہے۔

۲۹ نہی تفریقی وجمعی | جس صیغہ نہی مین منہی عنہ کو الگ الگ کرنے کی بھی ممانعت ہو اور ملا کر کرنے کی بھی
ممانعت ہو تو ایسی نہی نہی تفریقی وجمعی ہے جیسے وَلَا تُطِعْ مِنْهُمْ اٰثِمًا اَوْ كَفُوْرًا اے محمد تم
کسی گنہگار کی اطاعت کرو اور نہ کسی کافر کی یعنے اطاعت مین نہ دونون کو جمع کرو نہ ایک کو۔

۳۰ نہی تعددی یا انہاء متعددہ | جس جملہ مین کئی نہیان حرف واو سے جمع ہو گئی ہون وہ نہی تعددی ہے اس کا
نام چاہے انہاء متعددہ رکھو چاہے نہی تعددی کہو ایسے متعدد نہیون کو جمع کرنے سے متکلم کا
مقصد یہ ہوتا ہے کہ مخاطب ان سب امور سے بچین جیسے اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ فَاَصْلِحُوْا
بَيْنَ اَخَوَيْكُمْ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ - يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ
عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنُوْا خَيْرًا مِّنْهُمْ وَلَا نِسَآءٌ مِّنْ نِّسَآءٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُنَّ خَيْرًا مِّنْهُنَّ وَلَا تَلْمِزُوْا
اَنْفُسَكُمْ وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوْقُ بَعْدَ الْاِيْمَانِ وَمَنْ

لم یتب فاولئک ھم الظلمون - یا ایھا الذین امنوا اجتنبوا کثیرا من الظن
ان بعض الظن اثم ولا تجسسوا ولا یغتب بعضکم بعضا ایحب احدکم
ان یاکل لحم اخیہ میتا فکرھتموہ واتقوا اللہ ان اللہ تواب رحیم ٥

(حجرات ع ۲) سلمان آپس مین ایک دوسرے کے بھائی ہین۔ اگر بھائیون مین کسی قسم کا بیچ ہو جائے تو اونکو آپس مین میل جول کرادو اور ڈرو امر سے تاکہ اللہ تعالیٰ تم پر رحم کرے اسے ایمان والو تم مین جو مرد ہون وہ دوسرے مردون پر ہنسین شاید وہ لوگ جن کی ہنسی اڑائی گئی ہے وہ اللہ کے پاس اچھے ہون اور تم مین جو عورتین ہین وہ دوسری عورتون پر نہ ہنسین شاید کہ وہ عورتین جن کا ٹھٹھکا اڑایا گیا ہے وہ اللہ کے پاس اچھے ہون اور نہ ایک دوسرے پر اشارةً یا زبان سے طعنہ زنی کرے اور کسی ایسے برے نام یا لقب سے جس سے وہ چڑھتا ہے نہ پکارو ایمان لانے کے بعد ایسی بدزبانی کی باتین کسی کے حق مین کرنا سب سے بڑی بدنامی کی بات ہے اور جو لوگ ایسی حرکتون سے توبہ نکرین وہ بڑے شریر ہین (طعنہ زنی بدزبانی مثلاً کسی سلمان کو کہنا او فاسق یا او منافق یا او بے وقوف یا او گدہے یا اے یہودی یا اے نصرانی یا اور اس قسم کی باتین جس سے کسی سلمان کا دل دکھے۔

اسے ایمان والو (اپنے بھائی مسلمان کے ساتھہ) بہت گمان کرنے سے بچو کیونکہ بعضا گمان گناہ ہے اور کھوج نہ کیا کرو (یعنے کسی کے عیبون کی تلاش نہ کرو) اور ایک دوسرے کی غیبت نہ کرو کیا تم مین سے کوئی اس بات کو پسند کرتا ہے کہ اپنے مرے بھائی کا گوشت کھائے (یعنی مسلمان بھائی کی عزت بمنزلہ گوشت کے ہے جب غیبت کرکے اوس کی عزت مین کوئی شخص خرابی ڈالے تو گویا اوس نے اوس کا گوشت کھایا) تم ضرور ایسی باتون سے گھن کروگے اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو بیشک اللہ تعالیٰ بڑا معاف کرنے والا مہربان ہے (فائدہ) دیکھئے

اس آیت مین بہی امر جمعی اور نہی تفریقی کے جلوے نظر آرہے ہین اصلاح ذات البین امر جمعی ہے تضحیک مسلمانان - بدزبانی - طعنہ زنی - بدگمانی غیبت - چڑانا ان سب مین نہی تفریقی پوشیدہ ہے گویا یہ اسباب باعث تفرقات ہین - اللہ تعالے نے یہان اسباب کو بیان کیا اور مراد اوس سے مسبب رکہا کیونکہ ان مناہی کا بعد امر جمعی کے آنا اس امر کو بخوبی واضح کر رہا ہے کہ یہ امور قبیحہ باعث افساد اور نفاق اور تفرقہ ہین اللہ تعالے سب مسلمانون کو ان بلاؤن سے بچائے

۳۱ نہی تعمیمی | جس نہی کا مورد عام ہو وہ نہی تعمیمی ہے یعنے جس نہی مین عام مسلمان شریک ہون اور وہ حکم سب کے لئے ہو وہ نہی تعمیمی ہے جیسے وَلَا تَتَّخِذُوا اٰیٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا (البقرہ ۲۹ ع) یعنے اے مسلمانون تم سب کو یہ حکم دیا جاتا ہے کہ اللہ کی آیتون کو ٹہٹا نہ بناؤ یعنے اوسکی آیتون کی تعظیم کرو اور اوس کے احکام پر چلو -

۳۲ نہی تخصیصی | جس نہی کا مورد خاص ہو وہ نہی تخصیصی ہے یعنے جو نہی کسی خاص قوم یا شخص کے ساتہہ مختص ہو تو ایسی نہی کو نہی تخصیصی کہتے ہین جیسے وَقُلْنَا لَهُمْ لَا تَعْدُوْا فِی السَّبْتِ اور ہم نے اون یہود سے یہ بہی کہا تہا کہ تم سفتہ کے دن شکار مت کرو یعنے سفتہ کی دن شکار کی ممانعت قوم یہود کے ساتہہ خاص تہی شخص کی مثال جیسے لَا تَعْجَلْ بِالْقُرْاٰنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ یُّقْضٰۤی اِلَیْكَ وَحْیُهٗ وَقُلْ رَّبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا اے پیغمبر (جب تک تم پر قرآن کا اترنا پورا نہو یعنی وحی ختم نہو لے) اوس کے پڑہنے مین جلدی مت کرو اور خدا سے دعا مانگو کہ اے مالک تو مجہے اور زیادہ علم دے ف جب جبرئیل علیہ السلام آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو قرآن کی آئتین لاکر سناتے تو آپ اونکی قرات ختم ہونے سے پہلے اوسکو پڑہنے لگتے شوق سے یا اس خیال سے کہ مین کہین بہول نہ جاؤن اوس وقت یہ آیت

اثر ہی نہی تخصیصی میں بعض وقت ایسا بھی ہوتا ہے کہ مورد خاص ہوتا ہے اور حکم اوسکا عام ہوتا ہے قرآن میں بہت ساری مثالیں ایسی ہیں کہ جہاں پر مخاطب سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کو کیا گیا ہے اور مراد اوس سے عام مسلمان رکھے گئے چنانچہ علم الخطابہ من القرآن میں اس کی تفصیل آئیگی یہاں پر بھی یہی صورت ہے کہ قرآن مجید کو جلدی جلدی نہ پڑھیں بلکہ سوچ اور سمجھکر پڑھیں کیونکہ یہ نہی تخصیصی میں مورد خاص ہی رہتا ہے عام نہیں ہوتا جیسے اوپر کی مثال لا تعدوا فی السبت گذر چکی

نہی کے معنوں میں علمار کا اختلاف

اس امر میں علما کا اختلاف ہے کہ کونسا معنے نہی کا حقیقی ہے اور کونسا معنی مجازی جمہور کا مذہب یہ ہے کہ تحریم نہی کا حقیقی معنے ہے اور باقی معانی (یعنے کراہت - دعا - ارشاد - تنزیہہ - تقلیل - ایاس - تسویہ - تعقیب - التماس - تذلیل - انذار - ایذان) مجازی ہیں بعض کا مذہب یہ ہے کہ کراہت نہی کا حقیقی معنے اور باقی مجازی - بعض کا مذہب یہ ہے کہ نہی تحریم - کراہت - ارشاد میں مشترک ہے حنفیہ کا مسلک یہ ہے کہ اگر نہی کا صیغہ دلیل قطعی سے آیا ہے تو نہی تحریم کے لئے ہے اور اگر دلیل ظنی سے آیا ہے تو نہی کراہت کے لئے ہے اب رہے نہی کے باقی اقسام مثلاً نہی مشروطی یا غیر مشروطی نہی مقید نہی مطلق نہی تخصیصی نہی تعمیمی نہی تعددی نہی تفریقی - نہی جمعی نہی استمراری نہی انقطاعی سو یہ قسمیں جیسے نہی کے حقیقی معنوں میں پائی جاتی ہیں ویسا ہی نہی کے مجازی معنوں میں بھی ہوسکتی ہیں ان میں سے ہر اک کی تفصیل ہم نے بخوف طوالت چھوڑدی ہے

احکام نہی یعنے اثرات نہی

احکام حکم کی جمع ہے یہاں پر مراد حکم سے یہ ہے کہ صیغہ نہی نے اثر کیا مرتب ہوتا ہے اور یا وجود

ممانعت فعل کو اگر کوئی شخص امر منہی عنہ کا مرتکب ہو جاوے تو آیا وہ فعل اوسکا بالکل باطل و ناکارہ ہے یا فاسد ہے یا صحیح ہے
اوپر ہم بیان کر چکے ہین کہ نہی کی دو صورتین ہین ایک نہی مطلق دوسری نہی مقید یہ قسمین نہی کی باعتبار کلام
نہی کی نہین یعنی اگر کلام مین شرط یا زمان یا مکان کی قید ہو تو وہ نہی مقید ہے ورنہ نہی مطلق لیکن اصولیین کی اصطلاح مین
نہی مطلق اور نہی مقید اور ہین اونکی اصطلاح مین اگر شارع نے کلام میں منہی عنہ کی فاسد ہونیکی صراحت نہین کی ہے تو ایسی نہی
نہی مطلق ہے اور اگر صراحت کر دی ہے تو نہی مقید ہے یہان مطلق اور مقید سے یہی مراد ہے۔
مطلق نہی عام اس سے کہ وہ تحریمی نہی ہو یا تنزیہی اگر عبادات مین وارد ہو تو اوس سے بطلان فعل لازم آئیگا یعنی اوسکا
فعل ناکارہ ہوگا مثلاً اگر کوئی شخص وقت کراہت مین نفل نماز پڑھے یا ایام ممنوعہ مین روزہ رکھے تو اوسکی نماز اور اوسکے
روزے باطل۔
مطلق نہی اگر معاملات مین ہو تو تین حال سے خالی نہین یا تو وہ نہی کسی امر کے فی نفسہ معیوب ہونیکی وجہ سے
وارد ہوئی ہے یا کسی امر داخلی کے وجہ سے یا کسی امر خارجی کی وجہ سے۔
اگر مطلق نہی کسی امر کے فی نفسہ قبیح ہونیکی وجہ سے یا کسی امر داخلی کیوجہ سے وارد ہوئی ہو تو ایسا فعل قبیح اور
ایسا معاملہ کالعدم ہے امر داخلی کیوجہ سے کوئی معاملہ ممنوع ہو اوسکی مثال جیسے آزاد شخص کی بیع ممنوع ہے اور اگر کوئی
شخص کسی آزاد شخص کو پکڑ کر فروخت کر دے تو ایسی بیع کالعدم ہے کیونکہ حر تملک نہین اور بیع کیلیے دو نو طرف سے مال شرط ہے
مطلق نہی اگر کسی سبب خارجی کیوجہ سے وارد ہوئی ہو تو اس صورت مین اکثر علما کا مذہب یہ ہے کہ وہ فعل نہی عنہا اگر کر دیا جائے
تو وہ عمل فاسد نہ ہوگا مثلاً غیر کی ملک کا پانی لیکر وضو کرنا جائز نہین کیونکہ اتلاف مال غیر ہے لیکن اگر کوئی شخص ایسا
کرے تو وضو اوس کا ہو جائیگا یا مثلاً اذان جمعہ کے وقت خرید و فروخت ممنوع ہے لیکن اگر کوئی شخص باوجود ممانعت
کے فروخت کرے تو اوسکی بیع نافذ ہو جائیگی۔
امام ابو حنیفہ رحمتہ اللہ فرماتے ہین کہ مطلق نہی فساد فعل کو لازم نہین کرتی بلکہ بعض مناہی بطلان فعل کو لازم کرینگے۔
اور بعض فساد فعل کو یعنے اگر فعل منہی عنہ باوجود ممانعت کے صادر ہو جائے تو وہ فعل اوسکا ناکارہ نہوگا۔ اونکے پاس
مناہی کی دو قسمین ہین ایک وہ مناہی جو قبیح لعینہ ہین جیسے زنا۔ شرک۔ کفر۔ شرب خمر وغیرہ ایسے افعال ہین کہ
انکی نہی بطلان فعل کو لازم کرتی ہے یعنی ایسے افعال باوجود ممانعت کے کیے جاوین تو وہ صحیح نہین باطل اور

ناکارہ ہین اور ایسی افعال کی نہی بمنزلہ نفی کے ہے یعنی گو کلام مین نہی کا صیغہ ہو لکن مراد اوس سے نفی ہے۔
اگر نہی ایسے مناہی پر وارد ہو جو قبیح لغیرہ ہین یعنی فی نفسہ وہ افعال برے نہین ہین لکن امر خارجی کی وجہ سے
اون مین قباحت آگئی ہے) ایسے افعال کا حکم یہ ہے کہ اون کا کرنا جائز نہین اگر باوجود ممانعت کی وہ سرزد
ہوگئے تو وہ افعال ناکارہ اور باطل نہونگے اس قاعدہ کے روسے اگر کوئی شخص ایام تشریق مین روزہ کی
نذر مان لے اور روزہ رکھہ لے تو اوس کا روزہ صحیح ہوجائیگا اگر کوئی شخص اوقات مکروہہ مین نماز پڑھ لے
تو نماز اوس کی صحیح ہوجائیگی لکن اوس کو ایسا کرنا نہ چاہیئے امام اعظم رحمہ اللہ کی دلیل یہ ہے کہ نہی کسی فعل کی
اوس فعل کے امکان وجود کو چاہتی ہے کیونکہ نہی اسی واسطے آئی ہے کہ جو کام انسان کرسکتا ہے
اوس سے اوس کو منع کیا جائے کیونکہ اگر ایسا نہو تو تکلیف بالا یطاق لازم آئیگی اور نہی کا لانا
لغو ہوگا کیونکہ منع ہم اوسی شخص کو کرینگے کہ جسکو اوس فعل کے چھوڑ دینے کی طاقت ہو اور جو فعل کر
ترک کی طاقت ہی نہین رکھتا اوس کو منع کرنا ایسا ہے جیسے اندھے کہنا کہ تو مت دیکھہ پس
قبیح لغیرہ مین اگر بعد نہی کے وہ فعل واقع ہوجائے تو اوس سے اوس فعل کا بطلان نہین لازم آتا۔
غایہ مافی الباب فاسد ہوگا اور فساد فعل مستلزم عدم وقوع فعل کو نہین کہ سری سے اوسکی فعل کا وجود ہی نہو
امام احمد رحمہ اللہ علیہ کا مذہب یہ ہے کہ مطلق نہی عام اس سے کہ وہ کسی امر داخلی کی وجہ سے ہو یا
امر خارجی کی وجہ سے ہر صورت مین بطلان فعل کو لازم کریگی اس صورت مین امام احمد رحمہ اللہ کی پاس
نہ وقت اذان کے بیع نافذ ہی نہ غیر کے ملک سے وضو کرنا صحیح ہی لکن ایک صورت مین امام رحمہ اللہ فرماتی
ہین مطلق نہی مین اگر فعل منہی عنہ مکلف سے واقع ہوجائے اور اوس منہی عنہ کی فاسد نہ ہونے پر دلیل آئی
ہو تو وہ فعل فاسد نہ ہوگا مثلاً حائضہ عورت کو حالت حیض مین طلاق دینا طلاق بدعی ہے جو ممنوع ہے پہر
باوجود اس ممانعت کے اگر کوئی شخص طلاق دے اور رجوع کرے تو اوسکی رجعت صحیح ہوجائیگی کیونکہ
ایسی صورت مین رجوع کرنیکا حکم آگیا ہے۔
نہی اگر مقید ہے یعنی جس نہی مین منہی عنہ کی فاسد ہونیکی خود شارع علیہ السلام نے صراحت کردی ہے تو ایسی
نہی پر سب علما کا اتفاق ہے کہ اگر وہ فعل منہی عنہ کیا جائے تو فاسد اور باطل ہے تمت بالخیر بحمد اللہ وعونہ

سلسلہ مجلس اشاعۃ العلوم حیدرآباد دکن نمبر (۳۴۳)

وَمَن يُعَظِّمْ شَعَائِرَ اللّٰهِ فَإِنَّهَا مِن تَقْوَى الْقُلُوبِ

الحمد للہ کہ دریں زمان سعادت اقتران کتاب مستطاب

شعائر اللہ

فی

اثبات فضائل شعر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

مولفہ فضیلت پناہ کرامت دستگاہ عالیجناب مولانا محمد سلامت اللہ صاحب سلمہ الواہب

حسب الحکم

عالیجناب شیخ الاسلام والمسلمین عمدۃ الحاج مولانا و مقتدانا مولوی حافظ محمد انوار اللہ صاحب عمت فیوضہ

باہتمام

مولانا ابو الدرجات مولوی حافظ محمد ولی الدین صاحب فاروقی مہتمم مجلس اشاعۃ العلوم

در عثمان پریس عبد الحی واقع حیدرآباد دکن بزیور طبع مزین گردید

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ الذی لم یتخذ ولدا ولم یکن لہ شریک فی الملک ولم یکن لہ ولی من الذل وکبرہ تکبیرا واصلی واسلم علی من ارسل رحمۃ للعالمین خاتم النبیین شاہدا لما کان فی الازل ومشاہدا لما یکون الی الابد ومبشرا ونذیرا وداعیا الی اللہ باذنہ وسراجا منیرا جعلہ مبارکا اینما کان ونورا بل جملۃ اجزائہ وفضلاتہ طاہرۃ ومبارکۃ وطہورا وبسمعہ سمیعا وببصرہ بصیرا فلیس کمثلہ شیٔ ولن یکون وکان بعلم اللہ علیما وبقدرتہ علی کل شیٔ قدیرا فمن استخف بشانہ العلی العظیم بتنقیص جزء من اجزائہ ولو شعرا من اشعارہ شعیرا او نقص ما ینسب الیہ ویعرف بہ وصغرہ تصغیرا کما ہو دیدن الفرقۃ المارقۃ من الدین نقیرا وقطمیرا فقد اتی بامر من اعظم الکبائر واشد المنکرات نکیرا بل استحق ان یکفر تکفیرا لانہ قد بدت العداوۃ والبغضاء من افواہہم وما تخفی صدورہم اکبر توقیرا وصلوۃ ومصادیق ان یقال لہم لا تعتذروا قد کفرتم بعد ایمانکم وارتکبتم کبیرا وصلی اللہ تعالی علی حبیبہ الجمیل الاجمل الاجل الاکمل الاعظم

از اذکیہا الانور المنور تنویرا وعلی آلہ الذین طہرہم اللہ تطہیرا واصحابہ الذین آووہ ونصروہ معاونا وظہیرا وبارک وسلم تسلیما کثیرا ما دام یتبرک باثارہ الکریمۃ ویشتاق المحب الیہا ویکون لہا نصیرا اما بعد فیقول الفقیر الی حبیب الحبیب حقیر انہ ہیرا محمد المدعو بسلامت اللہ کان اللہ ولوالدیہ فی الدنیا والاخرۃ ولا یکلہ الی نفسہ طرفۃ عین فتدمرہ تدمیرا ان ہذہ دلائل بل وسائل قلائل الی ذکر الحبیب صلی اللہ علیہ وسلم اذکر بہا اخواننا تذکیرا وانکل الاعداء واکہرہم تکہیرا۔

جاننا چاہئے کہ موئے مبارک نبوی صلے اللہ علیہ وسلم کی بزرگی اور اس کا تبرک اور موجب فیوض وبرکات وانوار ہونا ایسی چیز نہیں ہے جسکا انکار کوئی ادنے عقل والا بھی کر سکے اگرچہ اسکی دلائل ہزاروں ہین مگر بطور نظیر چند دلائل یہان ذکر کرتا ہون وما توفیقی الا باللہ وہو حسبی ونعم الوکیل۔

پہلی دلیل قال اللہ سبحانہ ومن یعظم شعائر اللہ فانہا من تقوی القلوب۔ شعائر جمع ہے شعیرہ کی اور شعیرہ کے معنی علامت ہین یعنے اللہ تعالےٰ کی جو نشانیاں ہین اُن کی تعظیم وہی کرے گا جس کے دل مین تقوی اور اللہ تعالےٰ کا ڈر ہو اگرچہ یہ آیت خاص بدنہ کے باب مین ہے مگر

موافق قاعدہ اصول العبرۃ بعموم اللفظ لا لخصوص السبب جملہ نشانیون
اور اعلام دین اور علامات الٰہیہ کو شامل ہے اسیواسطے اس آیات سے
اکابر نے اولیاء اللہ کی تعظیم کا قول کیا ہے کہ وجود انکا اعظم آیات الٰہیہ
سے امت میں سے اور جب یہ لفظ شعائر اللہ بعمومہ شامل ہوا
جمیع نشانیون کو تو حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کے موے مبارک کو بدرجہ
اولے شامل ہوگا پس اُسکی تعظیم جملہ تعظیم شعائر اللہ سے اور وہ بحکم آیت
وشہادت الٰہی دلیل ہے تقوی القلوب کی اور اللہ تعالے جسکے تقوی کی
گواہی دے اُس کی قبولیت کا درجہ کیا پوچھنا ۔ اِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ
الْمُتَّقِيْنَ وَاِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقَاكُمْ بس ہے اس سے
معلوم ہوا کہ موے مبارک کی تعظیم نکرنیوالا متقی نہیں بلکہ فاسق و فاجر ہے اور خارج
طاعۃ اللہ سے معاذ اللہ من ذالک

دوسری دلیل قَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ اِنَّ آيَةَ مُلْكِهٖۤ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ التَّابُوْتُ
فِيْهِ سَكِيْنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَبَقِيَّةٌ مِّمَّا تَرَكَ آلُ مُوْسٰى وَ
آلُ هٰرُوْنَ ۔ الآیۃ تابوت عبارت ہے اُس صندوق سے
جسمین تصویرین انبیاء علیہم السلام کی تھین جو حضرت آدم علیہ السلام سے موسیٰ
علیہ السلام تک پہنچی تھیں اور اسمین تورات کی بعض الواح اور حضرت
موسےٰ علیہ السلام کا عصا اور حضرت ہارون علیہ السلام کا عمامہ تھا

جبکہ وجہ تسکین ہونا نص قطعی سے ثابت ہے اور اسمین کوئی شبہ نہین کہ
موئے مبارک نبوی صلے اللہ علیہ وسلم عصائے موسیٰ اور عمامۂ ہارونی بلکہ
تمام دیگر انبیاء سے تبرک اور تسکین مین بدرجہا بڑھکر ہے

تیسری دلیل صحابۂ کرام کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خود موئے
مبارک حلق فرماکر تقسیم کئے ہین اگر تبرک نہ ہوتا تو تقسیم کے کوئی معنی نہین ہ

ھذا الحدیث مسطور فی الصحاح و جمیع کتب السیر و سیاتی انشاء اللہ تعالیٰ فانتظرہ

چوتھی دلیل حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کو شب معراج کی صبح کو حضور
اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ریش مبارک کے موئے مبارک عطا فرمائے

وتشرفنا بسندہٖ مختوما لاکابر دمشق عند السید الجلیل محمد حبیب
اللہ الدمشقی قد نزل فی ھذہ البلدۃ رامفور سنۃ ثلث والعشرین
بعد الالف و الثلثمائۃ من الھجرۃ علی صاحبھا افضل الصلوۃ والسلام

پانچوین دلیل حضرت خالد بن الولید رضی اللہ عنہ کو حضور نے چند موئے
مبارک عطا فرمائے تھے اور حضرت خالد نے اُسکو اپنی ٹوپی مین سی رکھا
تھا جب لڑائی مین وہ ٹوپی پہنکر گئے اللہ تعالےٰ نے برکت موئے مبارک انکو
فتح دی قال الشیخ فی المدارج (بود چند موئے از آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
در کلاہ خالد بن الولید و حاضر نشد با نہا ہیچ قتالے را مگر آنکہ داده شد نصرت انتہیٰ)

چھٹی دلیل مدارج النبوۃ مین ہے فصل در کرامات و برکات آنحضرت

در چیزے کہ لمس کردہ ومباشرت کردہ آنرا در صحیح آمدہ کہ بیرون آورد اسماء بنت ابی بکر جبہ طیالسیہ را وگفت کہ این جبہ را پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم پوشیدہ است وما می شوئیم آنرا برائے بیماران وشفا می جوئیم بآن انتہی اقول بدن مبارک سے مس ہونا لباس یا کسی چیز کا جب باعث برکت وشفائے بیمار ہے حالانکہ مس ولمس ایک وصف ہے جسم مبارک ودست مبارک کا اور وہ عرض ووصف ہے تو موئے مبارک کہ جوہر اور جزو بدن مبارک ہے کیونکر متبرک اور موجب شفائے قلب وجسم بیماران ظاہر وباطن نہ ہوگا۔

ساتویں دلیل نیز مدارج النبوۃ میں ہے وبود کاسۂ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کہ آب می انداختند در آن وشفا می جستند بآن انتہی وتقریر الدلیل ما مر

آٹھویں دلیل فیہ ایضاً وآوردہ نمیشد نزد وے صلی اللہ علیہ وسلم ہیچ یکے کہ دیوانگی ومس جن داشت مگر دست می زد در سینہ وے ومیرفت آن مس وجنون وتقریر المدعی ما مضے

نویں دلیل ایضاً فی المدارج وپیدا شدن جودت وجلادت در اسپ ابی طلحہ ببرکت سواری آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بعد ازان کہ بغایت تنگ گام بود وچنان شد کہ ہیچ اسپے ہمراہ شاہ وے ہمراہی نمی توانست کرد بوے

دسویں دلیل ایضاً پیدا شدن سرعت وچابکی در شتر جابر بعد از سستی ودماندگی بخلانیدن چوبے کہ در دست شریف بود تا آنکہ نہ توانست زمام اورا

نگہداشت و ہمچنین سوار شدن حمار تنگ گام سعد بن عبادہ را و گردانیدن وے تند و تیز کہ اسپ ترکی و ہیچ دابہ نمی توانست بوے مسابرہ کرد۔

گیارھوین دلیل۔ و جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ کہ بر پشت اسپ نمی توانست نشست و آنحضرت بر سینہ وے زد پس گشت فارس ترین عرب و ثابت ترین ایشان انتہے مدارج۔

بارھوین دلیل ایضاً و از انجملہ دادن ادست عکاشہ را شاخ درخت خرما در وقتے کہ بشکست شمشیر او و در بدر و گشتن آن در دست وے شمشیر و قتال کردن بدان ہمیشہ در مواقف و مشاہد تا وقتیکہ شہید شد در قتال اہل ردت و نام این سیف عون بود و ہمچنین دادن وے برائے عبداللہ بن جحش روز احد شاخ خرما و گشتن آن در دست وے شمشیر و دادن قتادہ بن نعمان را در شب تاریک شاخ خرما و روشن شدن آن در راہ۔

تیرھوین دلیل مفسرین نے لکھاہے کہ والشمس ضحٰہا میں محبوب اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کے مکھڑے کی قسم ہے اور والیل اذا سجی میں حضرت حبیب صلے اللہ علیہ وسلم کی زلف مبارک کی قسم کھائی ہے حضرت حق سبحانہ نے پس جسطرح دست مبارک بوجہ ید اللہ فوق ایدیہم کے موجب برکات مسطورہ ہوا اسی طرح موئے مبارک بوجہ قسم کہانے حق تعالےٰ کے اس کی عظمت اور بزرگی آیت سے ثابت ہے۔

پس اسکے برکات مین شبہ بے عقلی ہے جو چیز اللہ تعالے کے نزدیک اسقدر معظم و مکرم ہو کہ خود اسکی قسم کھائی تو اُس کی مبارکی اور عظمت مین کیا شک ہے تفسیر حسینی سورۂ والضحی مین ہے اشارت است بروشنی روئے محمد صلے اللہ علیہ وسلم وکنایت است از سیاہی موئے وئے

بیت والضحیٰ رمزے ہم از روے چو ماہ مصطفیٰ است ؎ معنی واللیل گیسوئے سیاہ مصطفےٰ است پس موئے مبارک لحیۂ مبارک کے والضحیٰ مین اور سر مبارک کے واللیل کی قسم مین داخل ہین —

چودہوین دلیل - آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے بیٹھنے کی جگہ اور تشریف آوری کی جگہ اور عبادت کی جگہ اور جس چیز سے دست مبارک کا مس ثابت ہوا ان سب کی تعظیم و اکرام خود حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کی تعظیم و اکرام ہے - پس موئے مبارک کی تعظیم و اکرام داخل تعظیم و اکرام حضرت سید انام ہے - علیہ افضل الصلوٰۃ والسلام مدارج مین ہے از جملۂ اعظام و اکبار آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اکبار جمیع انچہ متعلق است بوے از مشاہد و اماکن و معابد و انچہ دست شریف وے بدان رسیدہ و دیدہ شد ابن عمر کہ نہاد دست خود را بر جاے نشستگاہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم بعد ازان نہاد دست را بر روی خود خود و امام مالک سوار نمی شد در مدینۂ مطہرہ بر دابۂ خود و گفت شرم میدارم

از خلا کہ پی سپر کیم زینے را کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم در ان خفتہ بسم
اسپ خود وبہادہ است آنحضرت صلعم پاے مبارک خود بر آن بخشید
اسپان خود را کہ واشت ہمہ را بشافعی پس جواب دا دیہ یاند این جواب
انتھی اقول جب نشستگاہ و قدم گاہ کی تعظیم صحابہ و تابعین و اتباع تابعین
و مجتہدین وائمہ دین سے ثابت ہوئی۔ کما فی الشفا و المواہب و السیرۃ
للشامی والحلبی وغیرہا تفصیل ذالک تو موئے مبارک کا مرتبہ
تو قطعاً زمین و خاک مذکور سے بڑھا ہوا ہے۔ کما لا یخفی علی من لہ
ادنےٰ مسکۃ بالفہم وحلاوۃ الایمان۔

پندرھوین دلیل۔ خود صحابہ کرام سے تخصیص عظمت و برکت کی
بھی ثابت ہے بثبوت لامرد لہ کیف وقد اتفق علیہ اصحاب
السیر والمغازی قال فی المدارج آوردہ اند کہ ابو محذورہ رضی
اللہ عنہ موے پیشانی او دراز بود چنانکہ چون مے نشست و فرومی
گذاشت آن موہارا بر زمین میرسید گفتند چرا دراز میداری این موہارا
ونمی تراشی گفت نمی تراشم از ان جہت کہ وقتے دست شریف
آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم بآن رسیدہ۔ پس نگاہ میدارم آنہارا
تبرکاً انتہیٰ جب ایک دفعہ کسی صحابی کے بال پر دست مبارک کا
مس کرنا موجب اس کی مبارکی و تبرک کا ہوگیا صحابہ کے نزدیک تو خود

حضور کے موے مبارک کا کیا پوچھنا اور پھر اسپر کتنی مرتبہ دست
مبارک پڑے ہونگے اور پھر ہمارے واسطے کہ ہم صحابہ کرام سے
زیادہ محتاج ہین برکت اور تبرک حضور کے سبحان اللہ وبحمدہ
سبحان اللہ العظیم۔

سولہوین (۱۶) دلیل نبزنداج مین ہے ودر کلاہ خالد بن ولید سوئی
چند بود از موہاے شریف وے صلی اللہ علیہ وسلم تبرکاً وافتاد
کلاہ وے در بعضے از جنگ گاہہا پس محکم بربست کلاہ را تا باز نیفتد
وزمانہ[1] بران کشید کہ چند کس از مسلمان کشتہ شدند پس انکار کردند صحابہ
این فعل[2] را بر خالد گفت نکردم این را بسبب کلاہ بلکہ بجہت موہاے
شریف کہ دران بستہ بود نگاہ داشتہ ام تا ضائع نشود و در دستہاے
مشرکان نیفتد و برکات آن از من مسلوب نگردد انتہیٰ

سترہوین (۱۷) دلیل شواہد النبوت مین ہے زنے از یمامہ فرزندے
پیش رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم آورد کہ بر سر وے رعشے[3] بود
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم آب دہان مبارک خود بر سرے انداخت آن
ریش نیک شد از نسل آن کودک آن علت ہرگز پیدا نیامد ہمان زن پسر
دیگر را بہمین علت پیش مسیلمہ کذاب برد آب دہان نامبارک خود را بر
سر وے انداخت سراو کل شد و در نسل وے بماند انتہیٰ۔ اور

مدارج النبوۃ میں ہے وریخت آنحضرت از بقیہ آب وضوے خود در بیر قبا پس خشک نشد و کم نگشت آب او ہرگز و آب دہن شریف انداخت در چاہے کہ در دار انس بود پس نبود در مدینہ شیرین تر از وے آب و گذشت آنحضرت بہ آبے و پرسید کہ نام این چیست گفتند نام وی بیسان است و آب وے شور است فرمود نام وے نعمان است و آب وے خوش پس خوش گشت آب وے و انداخت آب دہن در دلوے از بیر و ریخت در آن و فائح گشت از وے بوے مشک انتہی نیز اسی میں ہے و در جنگ احد تیرے بچشم قتادہ بن النعمان رسید تا آنکہ افتاد بر رخسارہ وے پس رد کرد آنحضرت آنرا بجاے خود وش پس بہترین و تیز ترین دو چشم وے شد و شکست شمشیر عبد اللہ بن جحش پس داد آنحضرت او را شاخ درخت خرما پس گشت در دست وے شمشیر چنانکہ در بدر ربعکاشہ دادہ بود سواے ان مذکورات کے ہزاروں برکات و معجزات آب دہن مبارک اور دست مبارک کے کتب سیر میں مذکور ہیں اور معلوم ہے کہ آب دہن جملہ فضلات سے اور لمس و مس صفات سے ہے جب انکے آثار کرامت و برکات اسقدر ہیں تو موے مبارک جو لحیہ مبارک یا سر مبارک کے اجزا ہیں انکے برکات میں تردد نشان محرومی ہے۔

اٹھارہویں (۱۸) دلیل خود آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا تقسیم فرمانا موے سر مبارک کو حجۃ الوداع میں صحابۂ کرام کو اور صحابہ کرام کا دوسرونکو عطا فرمانا اس سے بڑھکر انکی سند اور برکات کی دلیل کیا چاہیے۔ مدارج النبوۃ میں ہے۔ بعد ازان حلاق را طلبید که معمر بن عبد اللہ نام داشت و اشارت کرد بحلاقت کہ ابتدا بجانب راست کند و قسمت کرد موہا را بر اصحاب ہر یکے را یکبار ۂ موئے یا دو تارۂ موے نصیب رسید و موہاے جانب چپ را ہمہ بابو طلحہ انصاری داد انتہے۔

انیسوین (۱۹) دلیل شواہد النبوۃ مصنفہ مولانا جامی قدس سرہ السامی مین ہے مندیلے کہ بر روے مبارک وے رسیدہ بود آتش بر آن کار نمی کرد جماعتے مہمان انس بن مالک رضی اللہ عنہ شدند بہ اسے ایشان طعام آورد چون فارغ شد کنیزک خود را آواز داد کہ فلان مندیل را بیار آن کنیزک مندیلے چرکین آورد انس وے را گفت در تنور آتش برا فروز آتش بیافروخت پس بفرمود تا آن مندیل را در میان آتش انداختند بعد ازان بیرون آوردند چون شیر سفید شدہ بود و ہیچ نسوختہ پرسیدند از وے کہ این چیست فرمود کہ این مندیلے است کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم روے مبارک خود پاک کردی ہر گاہ کہ چرکین

ہشیو دور آتش سے اندازیم پاک ملشیو دونمی سوز دانتھی جب ممسوس
دست مبارک کا یہ مرتبہ اور عزت و کرامت ہے اللہ تعالےٰ کے
نزدیک کہ اسکو دنیا کی آگ مین نہین جلا تا حرمت و کرامت حبیب
کیوجہ سے تو موے مبارک حبیب کی اللہ تعالےٰ کے نزدیک کیا
کچھ حرمت و عزت و کرامت نہوگی پس اُسکے معظمین اور متبرکین
جو شوق و محبت حبیب سے اسکی زیارت کرنیوالے اور اسکے فیوض
و برکات و انوار حاصل کرنیوالے اور حق تعالےٰ سے فیض و کرامت
اور عزت پانیوالے ہیں نار دوزخ سے کیونکر نہ محفوظ رہینگے

فاعتبروا یا اولی الابصار۔

بیسوین (۲۰) دلیل نیز حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع
مین ناخن مبارک کو ترشوا کر صحابہ کرام کے درمیان تقسیم فرمایا ہے
اور یہ تقسیم فرمانا نہین ہے مگر بوجہ تبرک کے اور اشارہ ہے طرف
کشائی محبوب کے جو محب کو محبوب کی طرف سے عطا ہو پس اسیطرح
موئے مبارک کی تقسیم سمجھنا چاہیے اور اس کے تبرک ہونے مین
کوئی شک و تردد نچاہیئے والمحروم محروم و باخر ناخن انگشتان مبارک
را تقلیم کرد و آن را نیز بر مردان قسمت کرد کذا فی المدارج ۵

اُن کے ناخن پہ فدا جان کیجئے اور ہلال عید قربان کیجئے

(۲۱) اکیسوین دلیل بول مبارک سرورعالم صلے اللہ علیہ وسلم کا پاک اور موجب شفائے ہر بیماری ہے جب بول کہ اخس ترین فضلات ہے اسمین یہ برکات ہیں تو موئے مبارک کی کیا کچھ برکات نہ ہون گے اور کیونکر شفائے باطن نہ ہوگی مدارج میں ہے قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ در شفا گفتہ کہ بہ تحقیق رفتہ اند قومے از اہل علم بطہارت حدثین از آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم واین است قول بعضے اصحاب شافعی رح واما بول را مشاہدہ کردہ اند بسیارے و نوشیدہ است ام ایمن کہ خدمت میکرد آنحضرت را آوردہ اند کہ شبہا در تحت سریر آنحضرت قدحی می نہاد کہ در آن بول میکرد شبے در آن قدح بول کردہ بود چون صبح شد فرمود یا ام ایمن بریز انچہ در آن سفال است پس نیافتند در آن چیزے گفت ام ایمن واللہ تشنہ شدم خوردم آنرا پس خندہ کرد آنحضرت و امر نکرد بغسل فم و نہی نکرد از عود و گفت درد نکند شکم تو ہرگز انتہٰی۔

(۲۲) بائیسوین دلیل ایضاً فیہ بار دیگر زنے بود کہ نام وے برکۃ بود و نیز خدمت می کرد آنحضرت را پس بخورد بول را و فرمود آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم الصحت یا ام یوسف بیمار نشوی ہرگز پس بیمار نشد آن زن ہرگز مگو بیماری کہ در ان روز از عالم رفت

(۲۳) تئیسوین دلیل در بعضے روایات آمدہ است کہ مردے بول انحضرت صلے اللہ علیہ وسلم را خوردہ بود پس بوسے خوش می دمید از وے و اولاد وے تا چند پشت انتہے۔

(۲۴) چوبیسوین دلیل ایضاً در روایت است کہ مردم تبرک میکردند بول و دم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اما بول مذکور شد احادیث آن۔

اقول جب ذات مبارک و مطہر کا بول و دم تبرک ہوا اُسکا موے مبارک اور شعر اطہر کا موجب برکت نہونا اس کے کوئی معنے نہین اور جب صحابۂ کرام بول و دم سے برکت حاصل کرین اور خون و پیشاب کو تبرک گردانین تو ہم متبعین بدرجۂ اولی موے مبارک کو تبرک گرداننا چاہیے۔ لقد کان لکم فیھم اسوۃ حسنۃ۔

(۲۵) پچیسوین دلیل ایضاً فیہ واما شرب دم پس مکرر واقع شدہ است از صحابہ خوردن آن۔

(۲۶) چھبیسوین دلیل یکے حجامے حجامت کرد آنحضرتؐ را پس بیرون برد خون را و فرو برد او را در شکم خود پس دید آنحضرتؐ چہ کار کردی خون را گفت بیرون بردم تا پنہان کنم آن را انخواستم کہ خون ترا بر زمین بریزم پس پنہان کردم آن را در شکم خود فرمود بہ تحقیق حفظ کردی ذات خود را نگاہداشتی نفس خود را بعضے از اعراض و بلا انتہی۔

اقول جب خون سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا صحابہ کے نزدیک اتنا معظم و مکرم اور متبرک ہے کہ زمین میں ڈالنا اسکا روا نہیں رکھتے بلکہ اپنے سینہ کی تہ میں رکھتے ہیں اور تبرک جانکر پی جاتے ہیں اور اُسپر حضور تقریر فرماتے ہیں اور اُس سے منع نہیں کرتے بلکہ اسکی برکات کا اسطرح اظہار فرماتے ہیں کہ اس خون کی برکت سے جو تونے پی لیا اپنی جان کو تمام بلاؤں اور امراض سے محفوظ کر لیا اور تونے ہوشیاری اور دور اندیشی اور عقلمندی کی کہ میرے خون کی اسقدر عظمت اور اسکو تبرک سمجھا پھر ہم افتادوں کو موے مبارک کی کسقدر عظمت اور توقیر چاہئے بیحد شادمانی اور شکر کا محل ہے اسلئے موی مبارک کی تقسیم گویا ہمارے ہی واسطے فرمائی گئی تھی اور صحابہ کرام کو گویا ہمارے ہی لئے یہ امانت سپرد کی گئی تھی چنانچہ انہوں نے وہ امانت ادا کی ایسطرح تابعین عظام اور اتباع تابعین کرام نے تا اینکہ ہم تک ہماری امانت پہونچ گئی تو ہم اُسپر کیوں نہ قربان ہوں اور اسکی تعظیم و توقیر و تکریم کریں اور اپنے سروں پر رکھیں اور اپنا فخر سمجھکر اُسپر ہر وقت نثار ہوں اور اس نشانی سے محبوب اکرم کے ہمیشہ فیضیاب بہرہ ور ہوں۔

ومن لم یجعل اللہ لہ نورا فما لہ من نور۔

ستائیسویں (۲۷) دلیل — وارد است کہ چون مجروح شد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

روزاحد کیدجراحت اوراما لک بن سنان پدرابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ آنراپاک وسفید ساخت آنرا گفتند بنیداز خون رااز دہن گفت لا واللہ ہرگز نریزم خون آنحضرت رابرخاک پس فرو برد آنرا پس فرمود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہرکہ خواہد کہ بنگرد بمردے از اہل بہشت بنگرد بسوئے این مرد انتہی ما فی المدارج۔

اقول جب خون مبارک کی عظمت اور اظہار محبت پر وعدۂ بہشت ہے تو موے مبارک کی عظمت کرنیوالے اور اُس کی محبت وحرمت کرنیوالے ضرور مبشر بالجنۃ ہین اور منکرین اس سعادت وبشارت سے محروم ہین ایہا المسلمون دلیل از عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہما کہ حجامت کرد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم روزے پس دادمرا خون را وگفت غائب کن این را درجائے کہ کس نہ بیند دروپس نوشیدم آنرا کہ پوشیدہ تراز ان مکانے نیافتم پس گفت آنحضرت وائے ترا از مردم ووائے مردم را از تو کنایت کرد از قوت ومردانگی وشجاعت وشہامت کہ اورا ازان حاصل شود باعث حرب وقتال با مردم شد ووے رضی اللہ عنہ بیعت نہ کرد بہ یزید واقامت کرد بمکہ شریفہ وجمع شدند بروے حجاز ویمن وعراق وخراسان وجز آن وکشت اور احجاج ابن یوسف در امارت عبدالملک بن مروان وبردار کشید ولہ قصۃ طویلۃ

ودر روایتے آمدہ کہ گفت آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم مرعبداللہ
بن زبیر را وقتیکہ فرو بردخون را۔ لا تمسّك النار الا قسم الیمین
مساس نہ کند ترا آتش دوزخ مگر برائے سوگند کہ حق جل وعلا خوردہ۔
وان منکم الا وارِدھا الآیۃ ودرین احادیث دلالت ست
برطہارت بول ودم آنحضرت صلعم وبرین قیاس سائر فضلات وعینی
شارح صحیح بخاری کہ حنفی مذہب است گفتہ کہ ہمین قائل است امام
ابوحنیفہ رح وشیخ ابن حجر گفتہ کہ دلائل متکاثرہ ومتظاہرہ اند برطہارت
فضلات آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم وشمار کردہ اند آنرا ائمہ از
خصائص وے صلی اللہ علیہ وسلم کذا فی المدارج للشیخ
المحدث مولانا عبدالحق الدہلوے رحمۃ اللہ علیہ۔
اونتیسوین دلیل احادیث متعددہ بطرق مختلفہ صحاح ستہ مین وارد
ہین کہ حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے لیئے دعا مین یہ
کلمات مبارکہ فرمائے ہین۔ اللھم اجعلنی نورا وفی سمعی
نورا وفی بصری نورا وما سے نورا وخلفی نورا وفی
شعری نورا وفی بشری نورا وفی دحمی نورا وفی ایدی نورا وفی عصبی نورا
وفی عظمی نورا ومخی نورا وکلی نورا وجزئی فو نا الیس موئے مبارک کی
مبارکی اور اُسکا نور اور صاحب نور ہونا اس سے ثابت وظاہر

اور اوسنے چشم بصیرت وا سے پر روشن اور باہر۔الا من لم یجعل اللہ لہ نورا فما لہ من نور فی الدنیا ولا فی الاخرۃ لان من کان فی ھذہ اعمی فھو فی الاخرۃ اعمی واضل سبیلا۔

تیسوین (۳۰) دلیل قال اللہ سبحانہ ومن اصوافھا اوبارھا و اشعارھا اثاثا ومتاعا الی حین۔ جب جانورونکے بالون مین منفعت اور اثاث ومتاع یعنے برخورداری وانتفاع دنیوی نص قطعی سے ثابت ہے تو اشرف المخلوقات کے اشرف اشخاص کے موئے مبارک سے انتفاع اخروی ہونا بعید از عقل سلیم ہے کما لا یخفی علی من لہ قلب سلیم وفہم مستقیم۔

اکتیسوین (۳۱) دلیل نصاری حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے گدھے کے سم کے نشان کی تعظیم کرتے ہین اور حق یہی ہے کہ اپنے نبی معظم کی تعظیم اور محبت کا مقتضی یہی ہے کہ ان کی ہر چیز کی تعظیم اور اوس سے محبت ہو امت کو مگر منکرین کو باوجود دعوی امتی ہونے کے محبت اور عظمت کی بو نہین ہے ورنہ محبوب اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے موئے مبارک کی عظمت اور محبت مین کلام نہ کرتے وہ اس باب مین نصاریٰ سے بھی گئے گذرے ہین اس لئے کہ گدہے کے سم کے نشان سے حضور اکرم صلی اللہ

علیہ وسلم کے موئے مبارک کو بال برابر بلکہ لاکھوان کروڑوان حصہ اسکا
بہی اگر فرض کرو تو کچھ نسبت نہیں پس اسنے تو اس امر مین نصرانی لاکھ
درجہ بہتر ہین کہ اپنے محبوب کی نشانی کے نشان پر گرویدہ ہین واہ رے
ایمان واسلام فرقہ مارقہ کا اسی کا نام دین واسلام ہے تو ایسے اسلام
کو دور سے سو سلام ہے

تبیسوین ۳۲ دلیل قانون لغت محبت سے جو واقف اور ماہر ہے
اوسپر یہہ امر آفتاب کی طرح روشن اور ظاہر ہے کہ محبوب کی ہر چیز محبوب
ہوا کرتی ہے۔

لموٴلفہ کوئی شئے ہو کہین ہو اس کی طرف ہو منسوب ہاں ہے برابر وہی عین
سے نسبت میری ؛ مجنوں کی حکایت مشہور ہے کہ لیلی کی گلی مین ایک
کتے کو اُس نے ایک دن دیکھا تھا جب اُسکو جنگل مین وہ ملگیا
تو پیار کیا اسکو گلے سے لگایا اسکے ہاتھ پاؤن چومے اس کے لئے دامن
بچھا دیا اُسپر اُسکو بٹھایا جب اُسپر نا واقفین قانون الفت نے
اوسپر طعنہ کیا تو اُس کے جواب مین بھی قانون الفت کا دفعہ پڑھ
سنایا مواہب لدنیہ مین ہے۔ اشعار۔

رای المجنون فی البیداء کلبا	فجرّ لہ للاحسان ذیلا
فلاموہ علی ما کان منہ	وقالوا لم منحت الکلب نیلا

فقال دعوا الملام فان عینی ۔ ۔ اتہ موقفی حی لیلی

تنبیہ سوین ولیل قال اللہ سبحانہ مثل نورہ کمشکوۃ الی قولہ
تعالیٰ نور علی نور یہدی اللہ لنورہ من یشاء در روح الارواح
آوردہ کہ این نور محمدی است کذافی التفسیر الحسینی اس آیات
سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا سراپا نور ہونا ثابت ہے اور
نیز حدیث صحاح سے جو سابقا دلیل ۹ ۲ مین گذر چکی ہر ہر جزو اور کل کا
نور ہونا ظاہرا وباطنا ثابت اور نیز نور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم
کے اسمائے مبارکہ مین سے ہے کمافی الشفاء والمواہب و
المدارج وسیرۃ الشامی والحلبی وغیرہا وہو متفق علیہ اور نیز نص قرآن
سے ثابت ہے لقد جاءکم من اللہ نور وکتاب مبین۔
فالنور ہو محمد صلے اللہ علیہ وسلم والکتاب القرآن الکریم پس موئے
مبارک کے منور اور منور ہونے مین شبہ نرہا خواہ سر مبارک کے
ہون یا لحیۂ مبارکہ کے اور جب اونکا منور اور منور ہونا بوجہ نور ذات
یا نور صفات کے مبرہن ہوا تو انکے برکات وانوار مین شک نرہا
اور یہ امر بدیہی ہے کہ نور کے سامنے جو ہوگا اسکی روشنی بالضرور
اس پر پڑے گی خواہ اسکو اسکا ادراک ہو یا نہو پس موئے مبارک
کے انوار وفیضان کا ہونا اور اس سے انتفاع محبین ومعظمین کے

واسطے متعین اور مبرہن ہوگیا۔ نقلاً وعقلاً ولیس وراء العبادان قریۃ ومن کان فی ہذہ اعمی فہو فی الآخرۃ اعمی۔

چونتیسوین (۳۴) دلیل قال تعالے یا ایہا النبی انا ارسلناک شاھدا ومبشرا ونذیرا وداعیا الی اللہ باذنہ وسراجا منیرا۔ سراج کے معنی چراغ کے مشہور ہین اور ایک معنی سراج کے آفتاب کے بھی ہین اور قرآن مین بھی سراج کا اطلاق سورج پروارد ہے۔ وجعل الشمس سراجا۔ جب سراپائے رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کا آفتاب حقیقت ہونا نص قطعی سے ثابت اور موئے مبارک کا جزو بدن ہونا محتاج دلیل نہین اگرچہ جزو زائد ہے مثل ناخن قدر مقطوع ومعلوم کے مگر قبل قلم ہونے کے اوسکا اتصال آفتاب کمال سے یقیناً اس کے جمال وجلال اور عظمت اور شوکت اور ہیبت کا باعث اور کیسا باعث اور بعد انفصال اسکا تبرک ہونا اور اس کے برکات کا صحابہ پر فائض ہونا اور خود حبیب سے اوکی تقسیم کا وقوع برہان قاطع اور دلیل ساطع ہے اسکے سطوع انوار اور برکات وفیضان پر ورنہ تقسیم کا فائدہ اور صحابہ پر وقوع انواع فیضان وبرکات کا عائدہ معاذ اللہ کیا فسانہ عجائب یا داستان امیرحمزہ

ابو عمرو عیار کا قصہ اور شیخ چلی کی حکایت ہے استغفر اللہ اور جب ایسا نہین تو
پھر خفاشان منکرین کیون اس آفتاب سے آنکھین چراتے ہین اور موئے
مبارک کے مشتاقون کو منہ چڑاتے ہین شرم نہین آتی کہ اسکا انکار کرین جس
کے انوار و برکات کے اثبات پر اتنی ادلۂ قاہرہ اور براہین روشن و باہرہ آیات
و احادیث اور دلائل عقلیہ قائم ہوئے ہین انکا آفتاب کا انکار اور اسکی تعظیم و اکرام
کو بت پرستی سمجھنا اور کہنا یقیناً موجب لعنت و پھٹکار ہے کہ صحابۂ کرام
و تابعین عظام و سلاسل اولیا و مشائخ و علمائے دین الی یومنا ہذا پر
جو سلسلہ نقل مین داخل و شامل ہین طعن کی بوچھار ہے بلکہ نعوذ باللہ
خود شارع صلوۃ اللہ و سلامہ پروارد ہے۔

پینتیسوین دلیل۔ یہ ادلہ جو مین نے یہان تک مختصر ذکر کئے ہین منکرین
پر حجت کے لئے ہین جو نور باطن کی درخشانی سے ہنوز
بہرہ ور نہین اور جنکو حق تعالےٰ نے نور ادراک باطن کا ذرہ
عطا فرمایا ہے اون کے واسطے دلائل کی کچھ ضرورت نہین ؎

آفتاب آمد دلیل آفتاب   گر دلیلت باید از وی رو متاب

باطن کے چمکارہ والے کیواسطے صرف زیارت موئے
مبارک بس ہے کہ وہ اپنی دلیل آپ ہی ہین بلکہ اس کے واسطے
یہ دلائل و حجج ایسے ہین جیسے آفتاب کو روز روشن مین چراغ سے

ڈھونڈھنا ہے

زہے ناداں کہ او خورشید تاباں
بنور شمع جوید در بیاباں

منکرین کے شبہ کی تقریر روشن

اور اس کا جواب دنداں شکن

منکرون مین جو چھاجل رشید کہلاتے ہین اور یہ لوگ جنکو بشیر ونذیر بتاتے ہین جنکو اشرفی بیگم اور منور محل ہونیکا دعوے ہے جن کو واحدیت کا ادعا جن کی تحریر کا رب نام کا عرب جنکی تقریر کا فضل حفر کی زٹل اسلح عوام الناس کی انکھون مین خاک ڈالتے ہین کہ میاں اسکی سند کیا ہے کہ یہ حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کے موئے مبارک ہین یا یہ حضور کا جبہ اور قدم شریف ہے اور بالفرض اگر وہی ہون تو اس کی زیارت سے نفع کیا جب ابی بن سلول کو حضور نے خود اپنا جبہ پہنایا اوسکے منہ مین لعاب دہن ڈالا اور کچھ کام نہ آیا اور دوزخ سے نہ بچایا تو موئے مبارک یا جبہ و قدم شریف کے نقشہ کی زیارت سے کیا امید نفع اُسمین کیا دھرا ہے جس سے آخرت کا بھلا ہے یہ سانگ بدعتون کا نکالا ہے ایسی زیارت کرنے والونکا آخرت مین منہ کالا ہے اللہ رے سدریدہ دہنی عقل و انصاف

پیچ کنی مومنین محبین کے حال کو اپنے قیاس سے منافقین کے حال پر
قیاس مع الفارق کا ذکر کیا سند کی یہان تک خبر نہین کہ اپنے باپ کے
پہچاننے کا مبتدا کیا اور منتہی کیا اس موضوع کا محمول مہمل یا موضوع
شہرت یا تواتر سے باپ کی خبر کہ یہ ہمارا باپ ہے مسلم لیکن موئے
مبارک یا جبۂ شریف یا قدم شریف کی خبر غیر مسلم تمہارے باپ کی
سند مین صحابہ نہین تابعین نہین علما نہین مشایخ نہین اولیا نہین اور
موئے مبارک وغیرہ آثار شریفہ کی سند مین صحابہ و تابعین و مشائخ و اولیا
اور علمائے دین ہین لہٰذا وہ مسلم یہ غیر مسلم کیون بوجہ لانسلم لانسلم دوسرے طوک
خالیہ اور بلدان نائیہ کا علم ہے یا جہل بر تقدیر اول وہی علم یہان
اور بر تقدیر ثانی وہی لانسلم میرے احادیث کی سند مستند یا غیر مستند
اگر مستند تو وہی استناد یہان اور اگر غیر مستند تو تم عامل بالحدیث
کیسے چوتھے ان سب سے قطع نظر قرآن و رسالت کو فرمائیے
اپنا ایمان بتائیے اسکی سند کیا وہی شہرت و تواتر یا خیالی رام
و ذاکر پرشاد کی سی تو فضیلت کا شملہ بقدر علم تمہارے سر مبارک
پر ہے ہر شے کی انتہا اسکی ضد سے ہوتی ہے تمہاری دینداری
کی انتہا نے تمکو بیدینی تک پہونچایا۔ **شعر**

ولجدت حتی کدت تبخل حائلا للمنتہی و من السرور بکاء

شبہ کی دوسری تقریر
اور اس کے جواب کی تحریر

انمیں جو بڑے بھگت اور اشرف گویاں ہیں انکی یہ بڑی ہے کہ نماز نہیں روزہ نہیں ضروریات و واجبات و فرائض نہیں مگر زیارت پر مرتے ہیں اور موئے مبارک کے نام سے زیارت کرتے ہیں جب تارک واجب و فرض ہیں تو اس زیارت سے انکی مغفرت کی کیا امید فرائض جواہر نوافل اعراض ہیں
اسکا جواب یہ ہے۔ کہ یہ عامہ مومنین محبین پر محض افترا اور بہتان اور انکی غیبت ہے جس کی حرمت نصوص قطعیہ سے ثابت ہے اولاعموما یہ گمان کہ وہ تارک فرائض و واجبات ہیں کیسطرح صحیح نہیں ثانیا بالفرض بعض زائرین اگر ایسے ہیں تو غایت انکی نہیں ہے مگر یہ کہ وہ مرتکب کبائر ہیں پھر انقطاع امید مغفرت انسے محض بے دلیل بلکہ خروج عن سواء السبیل ہے جب حق تعالے فرمائے قل یاعبادی الذین اسرفوا علی انفسہم لاتقنطوا من رحمۃ اللہ ان اللہ یغفر الذنوب جمیعا۔ اور الذین اصطفینا من عبادنا فمنہم ظالم لنفسہ ومنہم مقتصد ومنہم سابق بالخیرات باذن اللہ اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرمائیں شفاعتی لاھل الکبائر من امتی۔ تو پھر مرتکب کبائر سے انقطاع امید مغفرت کیسی سمجھی جائے منکرین شفاعت البتہ

انقطاع امید مغفرت ہو ہوتا لیکن مدار اصل نجات و مغفرت کا نفس ایمان پر ہے نہ اتیان جملہ فرائض و واجبات پر جیسا کہ اہل سنت وجماعت کا اسپر اجماع ہے پس یہ عدم امید مغفرت کب قابل اصغا و لائق سماع ہے رابعاً احادیث صحاح مین وارد ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کی نسبت فرمایا تھا کہ اُس نے ایک وقت کی نماز نہ پڑھی اور جنت مین چلا گیا جس نے ایمان لاتے ہی جہاد مین شہادت پائی اس سے معلوم ہوا کہ نماز و روزہ شرط دخول جنت و مغفرت نہین تھا جس نے حضور سے پوچھا۔ متی الساعۃ یارسول اللہ اور حضور نے فرمایا ما اعددت لہا جب اُسنے کہا ما اعددت کثیر صلوٰۃ و صیام لکن احب اللہ ورسولہ جواب مین حضور نے انت مع من احببت فرمایا اور دوسری حدیث مین عموماً المرء مع من احب وارد ہے اس سے معلوم ہوا کہ مغفرت و نجات کا دارومدار اللہ و رسول کی محبت پر ہے نہ کثرت صلوٰۃ و صیام وغیرہا پر ساد ساً اصل ایمان اور حقیقت ایقان محبت اللہ و محبت رسول اللہ ہے اور اسمین شک نہین کہ زائر مقتضائے محبت حضرت رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم زیارت کا مشتاق ہوتا ہے پس اگرچہ وہ کیسا ہی گنہگار ہو یہ اشتیاق و زیارت اسکے

حقیقی ایمان کی دلیل کامل ہے پس حقیقی ایمان والے سے انقطاع امید مغفرت کا سمجھنا جہالت محض ہے سابعاً ان تقریرون میں موی مبارک کی تنقیص اور تحقیر ہے اور حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کی کسی چیز کی تنقیص موجب خروج ایمان و اسلام ہے جیسا کہ واقع ہے طائفہ بارقہ سفہاء الاحلام سے وسیاتی تحقیقہ فی اٰخر الکلام انشاء اللہ العزیز العلام ہذہ کانت جملاً معترضۃ فلنرجع الی ما کنا فیہ من ایراد الدلائل علی الفضائل۔

چھبیسوین (۲۶) دلیل شفا میں ہے۔ نام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی دار انس فعرق فجاءت امہ بقارورۃ تجمع فیہا عرقہ فسألہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن ذلک فقالت نجعلہ فی طیبنا وہو اطیب الطیب انتہی وتقریر التقریب ما مر غیر مرۃ۔

ستائیسوین (۲۷) دلیل نیز شفا میں ہے۔ ومنہ شرب مالک بن سنان دمہ یوم احد ومصہ ایاہ وتسویغہ صلی اللہ علیہ وسلم وقولہ

لن يصيبه النار

أحد وثلاثون (۳۸) دليل ايضاً فيه ومثله شرب عبد الله بن الزبير دم حجامته فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ويل لك من الناس وويل لهم منك ولم ينكر عليه۔

اربعون (۳۹) دليل فيه ايضا وقد روى نحو من هذا عنه صلى الله عليه وسلم في امرءة شربت بوله فقال لها لن تشتكي وجع بطنك ابدا ولم يأمر واحدا منهم بغسل فم ولا نهاه عن عوده وحديث هذه المرأة التى شربت بوله صحيح اخرجه البخاري في الصحيح واسم هذه المرأة بركة وقيل هي ام ايمن كانت تخدم النبي صلى الله عليه وسلم قالت وكان لرسول الله صلى الله عليه وسلم قدح من عيدان يوضع تحت سريره يبول فيه وانا عطشانة فشربته وانا لا اعلم۔

عن بركة ماد خلل فی جوفک من بولہ صلی اللہ علیہ وسلم ۱۲

چالیسویں جلد السمی شفا قاضی عیاض رضی اللہ عنہ میں ہے۔ **فصل فی عادۃ الصحابۃ**

فی تعظیمہ علیہ الصلوٰۃ والسلام واجلالہ وتوقیرہ الی قولہ) قال عروۃ بن مسعود حین وجھتہ قریش الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ورای من تعظیم اصحابہ لہ ما رأی وانہ لا یتوضأ الا ابتدروا وضوءہ وکادوا یقتتلون علیہ ولا یبصق بصاقا ولا یتنخم نخامۃ الا تلقوھا باکفھم فدلکوا بھا وجوھھم واجسادھم ولا تسقط منہ شعرۃ الا ابتدروھا واذا امرھم بامر ابتدروا امرہ واذا تکلم خفضوا اصواتھم عندہ وما یحدون الیہ النظر تعظیما لہ فلما رجع الی قومہ قال یا معشر قریش انی جئت کسری فی ملکہ وقیصر فی ملکہ والنجاشی فی ملکہ وانی واللہ ما رایت ملکا فی قومہ قط مثل محمد فی اصحابہ وفی روایۃ ان رایت ملکا قط یعظمہ اصحابہ ما یعظم محمدا اصحابہ انتہی اقول

کانت الصحابۃ رضی اللہ عنہم لا تسقط من شعر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شعرۃ الا اخذوھا وتبرکوا بھا ۱۲

مرتبہ ازشفا بعینہ ما ۱۲

وهذا الحديث رواه اصحاب السنن والصحاح وهو متفق على صحته وفيه نص على تعظيم الاصحاب شعر النبي عليه الصلوة والسلام وانه كان ذلك عادة لهم فمن لم يعظم شعر النبي صلى الله عليه وسلم كالطائفة الوهابية المارقة من الدين وهم يدعون انهم عاملون بالحديث فقد خالف طريق الصحابة رضوان الله عليهم وخالف طريق اهل السنة والجماعة كافة وله اسوة سوءة في النجدية المحقرة لشان خاتم النبيين عليه صلوات رب العالمين -

الثاني والاربعون والتسعون وليل فيه ايضا وعن انس رضی الله عنه لقد رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم والحلاق يحلقه واطاف به اصحابه فما يريدون ان تقع شعرة الا في يد رجل انتهى وهو ايضا صريح في تعظيم الصحابة شعر النبي صلى الله عليه وسلم -

الثالث والاربعون والتسعون وليل - ايضا فيه واعلم ان حرمة النبي صلى الله عليه وسلم بعد موته وتوقيره

وتعظیمه لازم کما کان حال حیاته انتہی اقول ومن جملة تعظیمه صلی الله علیه وسلم الواجب تعظیم ما نسب الیه وسیاتی التصریح بذالک عنقریب فانتظره مفتشا۔

تتمیما لمسوین ویسل ایضا فی الشفاء من اعظامه واکباره اعظام جمیع اسبابه واکرام مشاهده وامکنته من مکة والمدینة ومعاهده وما لمسه علیه الصلوة والسلام اوعرف به انتہی اقول فاذا کان الارض التی وضع فیها قدمه الشریفة صارت بذلک معظمة ودخل تعظیمها فی تعظیمه وتوقیره صلی الله علیه وسلم فشعر راسه اولحیته صلی الله علیه وسلم کیف لا یکون معظما ومکرما غایة التعظیم والتکریم مع کونه اعظم رتبة واعلی قدرا ومنزلة من القدم وارضه فمن انکره فقد انکر عظمته وقدره وخالف بداهة العقل ونظره فانما حسابه علی الله یوم القیمه حین حضره وسیعلم الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون۔

ص ای بعد وصلة اسبابه وبعوذته ۱۲

ص ای موضع الحصول الذی حصل ایضا ۱۲

ص ای المواضع التی شهدها وشاهدها ۱۲

قصة موی پیشانی

جمع الوسائل فیه ایضا وروی عن صفیة
بنت نجدة قالت كان لابی محذورة قصة في مقدم
راسه اذا قعد وارسلها اصابت الارض فقیل له
الا تحلقها فقال لم اكن بالذی یحلقها وقد مسها
رسول الله صلی الله علیه وسلم بیده انتهى۔
اقول فاذا كان الشیء الممسوس بیده صلى الله
علیه وسلم معظما ومكرما وموقرا عند اصحابه
صلی الله علیه وسلم فما بالنا لا نعظم شعر راسه ولحیته
صلی الله علیه وسلم وقد مسهما رسول الله صلی الله
علیه وسلم بیده الشریفة ما لا یعلمه الا الله سبحانه
ونحن احوج فی تعظیمه وتحصیل فیضانه من الصحابة
مع غناهم بشرف الصحبة والمجالسة والمكالمة
والمشاهدة جمال وجهه الكریم علیه افضل الصلوة
والتسلیم۔
جمع الوسائل۔ وكانت فی قلنسوة خالد بن
الولید شعرات من شعره صلی الله علیه وسلم
فسقطت قلنسوته فی بعض حروبه فشد علیها

جدید

شدة انكر عليه اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم كثرة من قتل فيها فقال لم افعلها بسبب القلنسوة بل لما تضمنته من شعر النبى صلى الله عليه وسلم لئلا اسلب بركتها وتقع فى ايدى المشركين كذا فى الشفاء

(۴۶) چھیالیسویں دلیل رئي ابن عمرؓ واضعا يده على مقعد النبى من المنبر ثم وضعها على وجهه هكذا فى الشفاء وتقرير المدعا ما مضى۔

(۴۷) سینتالیسویں دلیل كان مالك رحمه الله تعالى لا يركب دابة بالمدينة وكان يقول استحيى من الله ان اطأ تربة فيها رسول الله صلى الله عليه وسلم بحافر دابة ويروى انه وهب الشافعي كراعا كثيرة عنده فقال له الشافعي امسك منها دابة فاجابه بمثل هذا الجواب الشفاء۔

(۴۸) اڑتالیسویں دلیل وقد افتى مالك فيمن قال تربة المدينة ردية بضرب ثلاثين درة وامر بحبسه وكان له قدر وقال ما احوجه

الی ضرب عنقه تربة دفن فیها رسول الله صلی الله علیه وسلم یزعم انها غیر طیبة کذا فی الشفاء۔

اقول فاذا کانت تربة المدینة باسرها بهذه المثابة من العظمة والتوقیر فوالله لشعر راسه ولحیته صلی الله علیه وسلم اولی بالتعظیم واحری بالتکریم من التراب کما لا یخفی علی احد من اولی الالباب۔

انجاح سوم ۱۴۹ رسیل۔ فیه ایضا وجدیر لمواطن عمرت بالوحی والتنزیل واشتملت تربته علی جسد سید البشر واول ارض مس جلد المصطفی ترابها ان تعظم عرصاتها وتنسم نفحاتها وتقبل ربوعها وجدرانها انتهی۔

فاذا کان التراب والعرصات والربوع والجدران جدیرا بالتعظیم لکونه منسوبا الیه صلی الله علیه وسلم فشعره صلی الله علیه وسلم اجدر بالتکریم وکل ذلک اظهر لمن له قلب سلیم وفهم مستقیم لا ینکره

الا من لہ ذہن مستقیم وطبع سلیم۔

(۵۰) پچاسویں دلیل جلد دوم صحیح مسلم صفحہ ۴۲۱ کتاب الحج مطبوعہ مجتبائی مطبع دہلی میں ہے

عن انس بن مالک ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم اتی منٰی فاتی الجمرۃ فرماھا ثم اتی منزلہ

بمنٰی ونحر ثم قال للحلاق خذ واشار الی جانبہ

الایمن ثم الایسر ثم جعل یعطیہ الناس۔ اس حدیث سے

صراحۃً اور نصًّا عطا فرمانا موئے مبارک کا صحابہ کرام کو ثابت اور محقق ہے اور یہ بھی

واضح ہے موئے مبارک کے تبرک ہونے اور تقسیم کی اور اس کے ساتھ تبرک

حاصل کرلے اور اسکو تبرک سمجھنے اور بطور تبرک اس کو اپنے پاس رکھنے

اور اس کو لوگوں میں شایع کرنے کی کما سیاتی التصریح بذلک

من شارح الامام النووی انشاء اللہ تعالی اسی طرح وہ احادیث

جو آئندہ ہم نقل کریں گے اسی مضمون کے مصرح ہیں اور مضامین مذکورہ

کی دلیل کامل۔

(۵۱) اکاونویں دلیل۔ نیز اسی صحیح مسلم صفحہ ۴۲۱ میں ہے۔ اما

ابو بکر فقال فی روایۃ قال للحلاق ھا واشار بیدہ

الی جانبہ الایمن ھکذا فقسم شعرہ بین من یلیہ

قال ثم اشار الی الحلاق والی جانبہ الایسر

فحلقه فاعطاه امّ سلیم۔

باونویں (۵۲) دلیل اسی صفحہ (۴۲۱) مسلم میں ہے واما فی روایۃ ابی کریب قال فبدأ بالشق الایمن فوزعه الشعرۃ والشعرتین بین الناس ثم قال بالایسر فصنع مثل ذلک ثم قال ھھنا ابو طلحۃ فدفعه الی ابی طلحۃ۔

ترپنویں (۵۳) دلیل - نیز اسی صفحہ (۴۲۱) مسلم میں ہے ثم انصرف الی البدن فنحرھا والحجام جالس وقال بیده عن راسه فحلق شقه الایمن فقسمه فیمن یلیه ثم قال احلق الشق الآخر فقال این ابو طلحۃ فاعطاه ایاه۔

چونویں (۵۴) دلیل - اسی صفحہ (۴۲۱) مسلم میں ہے - عن انس لما رمی رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم الجمرۃ ونحر نسکه وحلق ناول الحالق شقه الایمن فحلقه ثم دعا ابا طلحۃ الانصاري فاعطاه ایاه ثم ناوله الشق الایسر فقال احلق فحلقه فاعطاه ابا طلحۃ فقال اقسمه بین الناس۔ اس حدیث میں جو لفظ (دعا) اور (اقسمه) ہے اس سے اہتمام شان تقسیم موئے مبارک کا خوب ظاہر ہے۔ کہ حضرت ابو طلحہ انصاری رضی اللہ عنہ کو بلا کر ان کو عطا فرمایا اور تقسیم کا صراحۃً نصاً امر فرمایا۔

پچپنویں (۵۵) دلیل۔ امام نووی شرح صحیح مسلم کے صفحہ (۲۱) میں تحریر فرماتے ہیں۔

هذا الحديث فيه فوائد كثيرة (الى ان قال) ومنها التبرك بشعره صلى الله عليه وسلم وجواز اقتنائه للتبرك ومنها مواساة الامام والكبير بين اصحابه واتباعه فيما يفرقه عليهم من عطائه وهديه انتهى۔ اس سے معلوم ہوا کہ یہ تقسیم موئے مبارک کی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اور امر فرمانا حضور کا اس کی تقسیم کے لئے درمیان اصحاب کے تا اینکہ ایک ایک دو دو تار ہر ایک کے حصہ میں آئے۔ بوجہ تبرک و اظہار تبرک موئے مبارک کے تھا۔ اور بسبب کمال غمخواری حضور کے صحابہ کے حال پر جو عاشق زار تھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اور واسطے حفظ اور ذخیرہ بنانے اور جمع کرنے اور تبرکا رکھنے کے واسطے تھا تاکہ قرون آیندہ کے مشتاقین کی تسلی و تشفی کا باعث ہو اور تاکہ اس کی زیارت سے غائبین ہمیشہ کے لئے مستفیض ہوتے رہیں اور تاکہ ہر ملک میں یہ تبرک آپ کا پہونچ جائے۔ اور قیامت تک اس کی برکات بیحد سے ہر قریب و بعید کے محبین برکت حاصل کریں۔

چھپنویں (۵۶) دلیل صحیح مسلم کتاب الفضائل صفحہ (۲۵۶) میں ہے۔

عن انس بن مالک رضہ قال کان رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم اذا صلی الغداۃ جاء خدم المدنیۃ
بآنیتھم فیہا الماء فما یؤتی باناء الاغمس یدہ فیہ
وربما جاؤہ فی الغداۃ الباردۃ فیغمس یدہ فیہا
ایضاً عن انس قال لقد رأیت رسول اللہ صلی (ص ۲۵۶ مسلم)
اللہ علیہ وسلم والحلاق یحلقہ واطاف بہ اصحابہ
فما یریدون ان تقع شعرۃ الافی ید رجل امام نووی اس پر
لکھتے ہیں۔ فی ھذہ الاحادیث بیان بروزہ صلی اللہ علیہ
وسلم للناس وقربہ منھم لیصل اھل الحقوق
الی حقوقھم ویرشد مسترشدھم ولیشاھدوا
افعالہ وحرکاتہ فیقتدی بھا وھکذا ینبغی
لولاۃ الامور وفیہا صبرہ صلی اللہ علیہ وسلم
علی المشقۃ فی نفسہ لمصلحۃ المسلمین واجابتہ
من سألہ حاجۃ او تبریکا بمس یدہ وادخالہا
فی الماء کما ذکروا وفیہ التبرک باثار الصالحین
وبیان ماکانت الصحابۃ علیہ من التبرک
باثارہ صلی اللہ علیہ وسلم وتبرکھم بادخال

یدہ الکریمۃ فی الانیۃ وتبرکھم بشعرہ الکریم وکرامھم ایاہ ان یقع شیٔ منہ الا فی ید رجل سبق الیہ انتہی۔

ستاونویں (۵۷) دلیل نیز صحیح مسلم [ص ۲۵۷] باب طیب عرقہ صلی اللہ علیہ وسلم والتبرک بہ میں ہے عن انس بن مالک قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یدخل بیت ام سلیم [۱] فینام علی فراشہا ولیست فیہ قال فجاء ذات یوم فنام علی فراشہا فاتت فقیل لہا ھذا النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی بیتک علی فراشک قال فجاءت وقد عرق واستنقع عرقہ علی قطعۃ ادیم علی الفراش ففتحت عتیدتہا [۲] فجعلت تنشف ذلک العرق فتعصرہ فی قواریرہا ففزع [۳] النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال ما تصنعین یا ام سلیم فقالت یا رسول اللہ نرجو برکتہ لصبیاننا قال اصبت **اقول** اس حدیث سے عرق مبارک کا مبارک اور تبرک ہونا اور اسے تبرک جاننے والے کو اور اس کے ساتھ برکت کے طالب کو مصیب کہنا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے صاف ثابت ہے اور اسمیں شک نہیں کہ موئے مبارک کا

[۱] م کانت محرما له صلی الله علیه وسلم
[۲] م العتیدة کالصندوق الصغیر یکون فیها الطیب
[۳] م فزع استیقظ ۱۲ ن

مرتبہ نفس تبرک ہونہیں نسبت عرق اطہر کے بدرجہا بڑھ کر ہے کما لا یخفی علی من لہ ادنی مسکۃ بالفہم پس موئے مبارک کو تبرک جاننے والے اور اسکے برکت حاصل کرنے والے اور اس کی زیارت سے حصول برکت کے امیدوار بے شبہ مصیب اور رحمت الٰہی کے امیدوار اور اس پر طعن و شبہ کرنے والے قطعاً خطاوار یقیناً گنہگار بلکہ یہ انکار بوجہ لزوم استخفاف شان حضرت ختم رسالت صلی اللہ علیہ وسلم بالضرور موجب پھٹکار۔

اٹھاونویں (۵۸) دلیل ۔ ابو داؤد صفحہ (۲۷۹) مطبوعہ مجتبائی دہلی میں ہے

عن انس بن مالک رضی اللہ عنہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رمی جمرۃ العقبۃ یوم النحر ثم رجع الی منزلہ بمنیٰ فدعا بذبح فذبح ثم دعا بالحلاق فاخذ بشق رأسہ الایمن فحلقہ فجعل یقسم بین من یلیہ الشعرۃ والشعرتین ثم اخذ بشق رأسہ الایسر فحلقہ ثم قال ھھنا ابو طلحۃ فدفعہ الی ابی طلحۃ ترجمہ مختصر حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قربانی کے دن رمی جمار کر کے اپنی ٹھیرنیکی جگہ تشریف لائے جو منیٰ میں تھی اور قربانی کرنے کے بعد نائی کو بلوایا۔ اور اپنے

سر مبارک کے سیدھی جانب اس کو دی۔ اور اس نے اسکو مونڈا اور حضور اکرم
صلی اللہ علیہ وسلم اسے تقسیم کرنے لگے درمیان ان صحابیوں کے جو حضور
کے پاس اور متصل تھے ایک ایک دو دو موئے مبارک پھر الٹی جانب
سر مبارک کی منڈوائی اور فرمایا یہاں ابو طلحہ ہیں سو ابو طلحہ کو وہ
موئے مبارک عطا فرمایا **اقول** اس حدیث سے حضور عالم
صلی اللہ علیہ وسلم کا خود تقسیم کرنا موئے مبارک کو ثابت ہے اور منشاء
اس تقسیم کا درمیان صحابہ کے تھا گویہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
کی نشانی ان کے پاس رہے اور اس سے ان کو برکت حاصل ہوتی رہے
اور ان کے ذریعے سے اور لوگوں کو جو دور و دراز کے رہنے والے
اور غائب ہیں اسکے برکات پہونچیں اور وہ اس سے مستفیض ہوں

فالمعترض علی متخذی شعرہ المبارک مبارکا و تبرکا
فی الحقیقۃ معترض علی صاحب الشرع ولا یخفی
ما فیہ من الشناعۃ و القباحۃ بل البغض و العداوۃ
اعاذنا اللہ وسائر المسلمین من امثال ھذہ الجسارۃ
الموجبۃ لسلب الایمان عند اھل الایقان۔

(۵۹) اونسٹھویں دلیل مشکوٰۃ مطبوعہ اصح المطابع لکھنؤ کے صفحہ ۳۲۲ میں ہے

عن انس ؓ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم

آتی منیٰ - فاتی الجمرۃ فرماھا ثم اتی منزلہ بمنی ونحر نسکہ ثم دعا بالحلاق وناول الحالق شقہ الایمن ثم دعا اباطلحۃ الانصاری فاعطاہ ایاہ ثم ناول الشق الایسر فقال احلق فحلقہ فاعطاہ اباطلحۃ فقال اقسمہ بین الناس متفق علیہ -

اقول اس روایت سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا امر فرمانا حضرت ابوطلحہ انصاری کو تقسیم موئے مبارک کے لئے ثابت ہے اور منشا اس امر کا بھی وہی ہے جو مذکور ہوا یعنے مستفیض ہونا صحابہ وغیرہم کا حضور کی نشانی اور موئے کے تبرک سے بہر حال خواہ حضور نے خود تقسیم فرمایا صحابہ میں یا امر فرمایا تقسیم موئے مبارک کے ساتھ دونوں صورتوں میں موئے مبارک کا تبرک ہونا اور اس تبرک سے خلق کو فیض پہونچانا ثابت ومبرہن ہے -

دلیل ساٹھویں (۶۰) مکہ شریف اور مدینہ شریف کے نقشے کاغذ پر کھنچے ہوئے کی عظمت اور گھروں میں اس کے رکھنے سے برکت متفق علیہ جمہور علمائے اعلام بلکہ کافہ اہل اسلام ہے پھر موئے مبارک کی عظمت وبرکت جو خدائی نقشہ ہے کیا اس کاغذی نقشہ منقوشہ مخلوق سے بھی کم ہوگی - ع بریں عقل ودانش بباید گریست -

دلیل اکسٹھویں (۶۱) مزار اقدس اور روضہ مقدسہ کی تصویریں کتب احادیث و سیر وغیرہا میں صدہا برس سے بنتی چلی آرہی ہیں۔ بلکہ زمانہ مشہود لہا بالخیر یعنے تابعین و اتباع تابعین سے لیکر قرناً بعد قرن آج تک بنائی جارہی ہیں تو کیا کوئی فریادی بیدادی کہہ سکتا ہے۔ کہ یہ کاغذی پیراہن پیکر تصویر مزار روشن و روضہ رشک گلشن کا مرتبہ موئے مبارک حضرت ختم مبارک صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑھا چڑھا ہے۔ تبرک اور تعظیم کے باب میں حاشا و کلا۔ اور اگر عقل و انصاف کا خون کرکے یہی تصویرکشی ذہن وہی ہیں متصور ہو تو اسکے مجنون ہونے میں کسی عاقل کو تردد نہ ہوگا۔

دلیل باسٹھویں (۶۲)۔ اس سے بڑھکر اور سنیئے اور اپنا سر دھنئے کہ کعبہ شریف اور مدینہ منیف اور مزار انور اور روضہ منور تو بڑی چیزیں ہیں۔ ان کی تصاویر اور نقشے اگر متبرک اور معظم و مکرم مان لئے گئے تو چنداں محل تعجب اور مقام استعجاب اولی الالباب نہیں۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نعل بے بہای لعل بہا کی تصویر و تمثال وہ معظم و مکرم ہیں کہ مذاہب اربعہ کے علمائے دین و اساطین شرع مبین ان کو آنکھوں سے لگاتے ہیں تبرکاً و تعشقاً اس کو چومتے ہیں۔ اور بناتے ہیں۔ اور اس کے بنانے اور پاس رکھنے کی ترغیب دلاتے ہیں۔

اور اس کے برکات اور موجب تسلی وتشفی قلوب عشاق ہونیکی تصریح فرمائی

فاعتبروا یا اولی الابصار واحترقوا ایہا الاشرار علی رغم سکر نعال الابرار وارجل الاخیار۔

دلیل تیسیوں (۳) امام عثیم بن نسطاس تابعی مدنی نے اور محدث جلیل القدر ابونعیم صاحب حلیۃ الاولیاء و ابو الفرج ابن جوزی حنبلی علامہ تاج الدین فاکہانی صاحب فجر منیر امام ابن عساکر علامہ سید سمہودی شافعی صاحب کتاب الوفا وخلاصۃ الوفا عارف باللہ محمد سلیمان جزولی صاحب دلائل و حافظ محقق ابن حجر مکی شافعی صاحب جوہر منظم علامہ حسین بن محمد صاحب الخمیس فی احوال النفس النفیس صلی اللہ علیہ وسلم و علامہ محمد بن عبد الباقی زرقانی مالکی شارح مواہب شیخ عبد الحق محدث دہلوی صاحب جذب القلوب علامہ محمد بن عمر حافظ رومی صاحب خلاصۃ الاخبار ترجمہ خلاصۃ الوفا و غیرہم نے قبور مقدسہ حضرت خاتم صلی اللہ علیہ وسلم و صدیق اکبر و فاروق اعظم صلی اللہ علیہ و علیہما وسلم کے نقشے بنائے انکو معظم و مکرم سمجھے اور سمجھائے زیارت و تقبیل کی ہدایت فرمائی اگر نہ دیکھا ہو تو اب دیکھو اور اگر دیکھے ہو تو ایمان لاؤ یا انپر اعتراض بناؤ۔ اور بے دین کہلاؤ اختیار بدست مختار ہے

گربہ مسکین اگر پر داشتے	تخم گنجشک از جہان برداشتے
زین دو شاخ گاو گر خر داشتے	ہیچکس را بدن نگذاشتے

وسیلہ چونسٹھویں (۶۴) مطالع میں شیخ علامہ محمد بن احمد بن علی فاسی قصری رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں۔ اعقب المؤلف رحمہ اللہ تعالی ورضی عنہ ترجمۃ الاسماء بترجمۃ صفۃ الروضۃ المبارکۃ موافقا ومتابعا للشیخ تاج الدین الفاکہانی فانہ عقد فی کتابہ الفجر المنیر بابا فی صفۃ القبور المقدسۃ ومن فوائد ذلک ان یزور المثال من لم یتمکن من زیارۃ الروضۃ ویشاہدہ مشتاقا ویلثمہ ویزور ویزداد فیہ حبا وشوقا۔ ترجمہ مولف رضی اللہ عنہ نے فصل اسمائے طیبہ حضور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد صفت روضہ مبارکہ کی فصل بڑھائی تبعیت وموافقت امام تاج الدین فاکہانی کہ انہوں نے بھی اپنی کتاب فجر منیر میں قبور مقدسہ کی تصویر میں خاص ایک باب ذکر کیا اور اس میں بہت سے فائدے ہیں از انجملہ ایک یہ ہے کہ جسکو روضہ مقدسہ کی زیارت میسر نہ ہو وہ اس نقشہ پاک کی زیارت کرے۔ مشتاق اسے دیکھے اور بوسہ دے۔

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت اور حضور کا شوق اس کے دل میں بڑھے۔

اقول۔ جب روضۂ مبارک کا نقشہ کاغذ پر کھینچا ہوا ایسا معظم و مکرم اور مبارک و محترم ہے۔ کہ اس کی زیارت کرنی چاہیئے۔ خصوصًا اس شخص کو جسے اصل روضۂ مبارک کی زیارت نصیب نہ ہوئی ہو اور زیارت تصویر روضہ کی موجب ہے۔ ازدیاد شوق و محبت مشتاق کی تو حضور کے جبۂ شریف یا قدم شریف یا موئے لطیف یا اور آثار شریفہ کیونکر قابل ہزار احترام اور لاکھ اکرام نہ ہوں۔ اور ان کی زیارت مشتاقوں کو کیوں کر موجب زیادت شوق و غرام نہ ہوں۔ جب نقشۂ روضۂ رشک روضۂ رضوان لایق اہتمام و اشاعت تام ہو تو خود محبوب کے جزؤ اور خاص ملبوس اور اثر منور و قدوس کیوں نہ سزاوار کروڑ اہتمام اور احق بے شمار اشاعت بین الانام کے ہوں۔

دلیل پینسٹھویں (۶۵) اسی مطالع علامہ فاسی قصری میں ہے قد کنت رأیت تالیفا لبعض المشارقۃ یقول فیہ انہ ینبغی لذاکر اسم الجلالۃ من المریدین ان یکتبہ بالذھب فی ورقۃ ویجعلہ نصب عینہ فاذ اصور قاری ھذا الکتاب الروضۃ صورۃ حسنۃ وخصوصًا بالذھب فھو من معنی ذٰلک ترجمہ بعض علمائے مشرق کی

کتاب میں دیکھا کہ وہ اس میں فرماتے ہیں جو مرید اسم پاک اللہ کا ذکر کرے تو اُسے چاہیے کہ نام پاک اللہ ایک ورق میں سونے سے لکھ کر اپنے پیش نظر رکھے پس جب اس کتاب کا پڑھنے والا روضہ مقدسہ کی خوبصورت تصویر خوشنما رنگوں سے بنائیگا بلکہ آب زر سے بنائے تو وہ اسی قبیل سے ہے۔

دلیل چہارم نیز — ایضاً فیہ قد ذکر بعض من تکلم علی الاذکار کیفیۃ التربیۃ بہا انہ اذا ذکر لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فلیشخص بین عینیہ ذاتہ الکریمۃ بشریۃ من نور فی ثیاب من نور بیض لتنطبع صورتہ صلی اللہ علیہ وسلم فی مرآۃ خیالہ و یتألف معہا تألفا یتمکن بہ من الاستفادۃ من اسرارہ والاقتباس من انوارہ صلی اللہ علیہ وسلم فان لم یرزق تشخص صورتہ فیری کانہ جالس عند قبرہ المبارک یشیر الیہ متی ذکرہ فان القلب متی ما شغلہ شیئ امتنع من قبول غیرہ فی الوقت (الی کلامہ) فیحتاج الی تصویر

الروضۃ المشرفۃ والقبور المقدسۃ لیعرف صورتہما

ویشخصہما بین عینیہ من لم یرہما من المصلین علیہ

فی ھذا الکتاب وھم عامۃ الناس وجمہورھم

ترجمہ۔ بعض اولیای کرام جنہوں نے ذکر وشغل سے

تربیت مریدین کی کیفیت ارشاد کی بیان فرماتے ہیں۔ کہ

جب ذاکر لا الٰہ الا اللہ کو محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

سے کامل کرے تو چاہیئے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا تصور

اپنے پیش نظر جمائے بشری صورت نور کی طلعت نور کے لباس میں

تاکہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی صورت کریمہ اس کے آئینۂ دل میں

جم جائے۔ اور اس سے وہ الفت پیدا ہو۔ جکے سبب اسکے حضور کے

اسرار سے فائدے لے۔ حضور کے انوار کے پھول چنے۔ اور جسے

یہ تصویر میسر نہ ہو وہ یہی خیال جمائے کہ گویا مزار مبارک کے سامنے

حاضر ہے۔ اور ہر بار جب ذکر میں نام پاک آئے۔ تصور میں مزار اقدس

کی طرف اشارہ کرتا جائے کہ دل جب ایک چیز میں مشغول ہو جاتا ہے

پھر اس وقت دوسری چیز قبول نہیں کرتا تو اب روضۂ مطہرہ اور قبور مطہرہ

کی تصویر بنانے کی حاجت ہوئی کہ جن دلائل الخیرات پڑھنے والوں نے

ان کی زیارت نہ کی۔ اور اکثر ایسے ہی ہیں وہ انہیں پہچان لیں۔

اہل ذکر کے وقت ان کا تصور ذہن میں رہتا نہیں **اقول** جب خیال میں
تصور جمانے کے لئے روضۂ نبوی اور مزار صدیق و فاروق کے نقشے و تصویر
کی حاجت ہو تو بھی آثار محبوب کی زیارت بدرجۂ اولیٰ محل ضرورت ہوگی
ہاں ہاں جو بدعتی ہیں تصور محبوب کو نماز میں ناجائز کہنے والے اور معاذ اللہ
گاؤ و خر کے تصور سے اس کو بدتر جاننے والے ہیں جیسا کہ وہابیوں کے
پیر نے اپنی صراط مستقیم میں خیال باندھا وہ خدا و رسول خدا سے لڑنے والے
ہیں اپنے خیال بدتر از خیال گاؤ و خر پر اڑنے والے ہیں۔ خدا و رسول خدا نے
نماز میں اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ کا حکم کیوں دیا تھا اپنے حبیب اکرم
صلی اللہ علیہ وسلم کا اس قدر اعظام و اکرام کیوں کیا **مصرعہ** چہ داند
بوزنہ لذات ادراک **مصرعہ** چوں ندیدند حقیقت رہ افسانہ زدند مجنوں کے
لئے ریت کا تودہ کاغذ اور اپنی انگلی کا قلم لیلیٰ کی نام کی تصویر کے واسطے
موجب تسلی و آرام اور یہ مسلمان بدنام محبوب حقیقی کے آثار و خیال ونام سے
کہنے والے رام رام واہ رے ایمان اور شاباش اے اہل اسلام۔

مثنوی شریف

دید مجنوں را یکے صحرا نورد	در بیابان غمش بنشستہ فرد
ریگ کاغذ بود و انگشتاں قلم	می نمودے بہر کس نامے رقم
گفت ای مجنون شیدا چیست این	می نویسی نام بہر کیست این

خاطر خود را تسلی میکنم	گفت مشق نام لیلی میکنم

دلیل ستائیسویں - نیز اسی کتاب مستطاب میں ہے۔ وقد استنابوا مثال النعل عن النعل وجعلوا لہ من الاکرام والاحترام ما للمنوب عنہ وذکروا لہ خواص وبرکات وقد جربت۔ ترجمہ علمائے کرام نے نعل مقدس کے نقشے کو نعل مقدس کا قائم مقام بنایا۔ اور اس کے لئے وہی اکرام واحترام ٹھیرایا جو اصل کے لئے ثابت تھا اور اس نقشہ مبارک و تصویر نعل کے لئے خواص وبرکات ذکر فرمائے اور بلا شبہ وہ تجربے میں آئے۔

دلیل اٹھائیسویں - اسی میں ہے۔ وقالوا فیہ اشعارا کثیرۃ والفوافی صورتہ وروواہ بالاسانید وقد قال القائل ؎

اذا ما الشوق اقلقنی الیھا	ولم اظفر بمطلوبی لدیھا
نقشت مثالھا فی الکف نقشا	وقلت لناظری اقصر علیھا

ترجمہ نعل مبارک کے نقشے اور اس کے شوق کے باب میں علمائے دین نے بہت سے اشعار کہے ہیں اور اس کے نقشے اور تصویر کے باب میں رسالے تصنیف کئے۔ اور اس کو سندوں کے ساتھ روایت کئے۔ اور کہنے والے

نے کہا جب اس کے شوق کی آگ میرے سینہ میں بھڑکتی ہے اور کا
دیدار میسر نہیں ہوتا تو اس کی تصویر ہاتھ پر کھینچکر آنکھ سے کہتا ہوں اسی پر بس کر

دلیل انتیسویں (۲۹) علامہ تاج الدین فاکھانی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب فجر منیر میں فرماتے ہیں۔ من فوائد ذلک ان من لم

یمکنہ زیارۃ الروضۃ فلیبرز مثالھا

ولیلثمہ مشتاقا لانہ ناب مناب الاصل

کما قد ناب مثال نعلہ الشریفۃ مناب

عینھا فی المنافع والخواص بشھادۃ التجربۃ الصحیحۃ

ولذا جعلوا لہ من الاکرام والاحترام ما یجعلون للمنوب عنہ

ترجمہ روضۂ مبارکہ کے نقشے لکھنے میں ایک فائدہ یہ ہے کہ جسے اصل روضۂ اقدس کی زیارت نہ ملے۔ وہ اس کی زیارت کرے۔ اور شوق دل کے ساتھ بوسہ دے کہ مثال اسی اصل کی قائم مقام ہے جیسے نقشۂ نعل مقدس منافع وخواص میں بالیقین اس کا قائم مقام ہے جس پر صحیح تجربے شاہد عدل ہیں۔ اور اسی واسطے علمائے دین نے نقشے کو واعظام وہی رکھا جو اصل کا رکھتے ہیں۔

دلیل تیسویں (۳۰) دلائل الخیرات کی شرح جو خود مصنف کی ہے اس میں مرقوم ہے۔ انما ذکرنھا تابعا للشیخ تاج الدین

الفاکہانی فانہ عقد فی کتابہ الفجر المنیر بابا فی

صفۃ القبور المقدسۃ وقال ومن فوائد ذلک الخ

دلیل اکیس (۲۱) امام ابو اسحاق ابراہیم اندلسی رحمۃ اللہ علیہ نے نقشۂ نعل

مبارک کے بیان میں مستقل کتاب تالیف کی نیز ان کے شاگرد شیخ

ابو سلیمان بن عساکر نے عمدہ کتاب اس باب میں مسمی بہ خدمۃ النعل

للقدم المحمدی صلی اللہ علیہ وسلم لکھی جس کے ساتھ اکابر ائمہ حدیث نے

مثل کتب حدیث کے روایۃً وسماعاً وقراءۃً اعتنا سے تام کیا اور ایسا ہی

اور علماء نے اس باب میں تصانیف کیں چنانچہ علامہ قسطلانی شارح

صحیح البخاری مواہب اللدنیہ میں فرماتے ہیں۔ قد ذکر

ابو الیمن بن عساکر تمثال نعلہ الکریم

علیہ افضل الصلوۃ والتسلیم فی جزء مفرد

روایۃ وقراءۃ وسماعاً وکذا افردہ بالتالیف

ابو اسحاق ابراھیم بن محمد بن خلف السلمی

المشہور بابن الحاج من اھل المریۃ بالاندلس

وکذا غیرھما۔

دلیل بائیس (۲۲) نیز مواہب میں ہے۔ وللہ در ابی الیمن بن

اور اللہ عزوجل ہی کے لئے خوبی ابوالیمن بن

عساکر حیث قال۔

عساکر کی بیتے کیا خوب قصیدہ مدح شبیہ شریف نعل میں لکھا جس کے چند اشعار یہ ہیں۔۱۲

نظم

یا منشداً فی رسم ربع خال	ومناشد الدوارس الاطلال
دع ندب آثار و ذکر مآثر	لاحبة بانوا و عصر خال
والثم تری الاثر الکریم فحبذا	ان فزت منه بلثم ذا التمثال
صافح بها خدا و عفر وجنة	وفی تربها وجدا و فرط تغال
یا شبه نعل المصطفی روحی الفدا	لمحلک الاسمی الشریف العال
هملت لمرآک العیون وقد نائی	مرقاها العیون بغیر ما اهمال
وتذکرت عهد العقیق فناثرت	شوقا عقیق المدمع الهطال
اذ کرتنی قدما لها قدم العلی	والجود والمعروف والافضال
لو ان خدی یحتذی نعلا لها	لبلغت من نیل المنی آمال
او ان اجفانی لوطء نعالها	ارض سمت عز ابذا الاذلال

ذیل تحریر میں نیز امام قسطلانی نے مواہب لدنیہ میں قصیدہ غرا شیخ ابو الحکم رح سے بعض ابیات مرقومہ ذیل نقل کئے۔ اور اس قصیدہ کی مدح میں ما احسنہا فرمایا اور وہ قصیدہ نقشہ نعل مبارک کے وصف میں ہے۔

مثال لنعلی من أحب هویته ۔ فها انا فی یومی ولیلی لاثمه

اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کی تصویر نعل پاک کو میں دوست رکھتا ہوں ۔ اور رات دن اسے بوسہ دیتا ہوں

أجر علی راسی ووجهی ادیمه ۔ والثمه طورا وطورا الازمه

سر اور منہ پر اسے رکھتا ہوں ۔ اور کبھی چومتا ہوں اور کبھی سینہ سے لگاتا ہوں

أمثله فی رجل اکرم من مشی ۔ فتبصره عینی وما أنا حالمه

میں اگر دیکھتا نہیں اسکو محبوب صلے اللہ علیہ وسلم کے پائے اقدس میں تصور کرتا ہوں تو شدت صدق تصور سے ۔ گویا میں اپنی آنکھوں سے جاگتے میں دیکھ لیتا ہوں

احرك خدی ثم احسب وقعه ۔ علی وجنتی خطوا هناك یداومه

اس نقشہ پاک کو اپنے رخسارہ پر رکھکر جنبش دیتا ہوں ۔ گویا اسے پہنے ہوئے میرے رخسارے پر چل رہے ہیں

ومن لی بوقع النعل فی حر وجنتی ۔ لماش علت فوق النجوم براجمه

آہ کون ایسی صورت کردے کہ وہ پائے پاک جو آسمان ہفتم کے ستاروں کی سرو نپر بلند ہوئی انکی کفش مبارک چلنے میں میرے رخسارہ پر پڑے

ساجعله فوق الترائب عوذة ۔ لقلبی لعل القلب یبرد حاجمه

میں نقشہ نعل مبارک کو اپنے سینہ پر لٹکا تعویذ بنا کر باندھوں گا ۔ شاید دل کی سوزش کو آرام ہو اور چین پائے

واربط فوق الشئون تمیمة ۔ لجفنی لعل الجفن یرقاء ساجمه

اور میں اس نقشہ نعل مبارک کو اپنی آنکھوں کے لئے تعویذ بنا کر ۔ باندھونگا شاید بہتی پلکیں رکیں

الا بابی تمثال نعل محمد ۔ لطاب احاذیه وقدس خادمه

سن لو تصویر کفش مبارک محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر میرا باپ قربان ۔ کیا اچھا ہے اس کا پہننے والا اور جو اس کی خدمت کرے پاک ہو گئے

یود هلال الافق لو انه هو ۔ یزاحمنا فی لثمه ونزاحمه

ماہ نو کی تمنا ہے کاش آسمان سے اتر کر اس نقشہ مبارک کے ۔ بوسہ میں ہم اور وہ باہم مزاحمت کرتے

وغنت باغصان الاراک حمائمہ	سلام علیہ کلما ھبت الصبا
اور جبتک درخت اراک کی ٹہنیوں پر کبوتر اس کی گائیں	اللہ تعالیٰ کا سلام آپ پر محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جبتک باد صبا چلے

دلیل چودھویں نیز مواھب میں ہے۔ من بعض ما ذکر من فضلھا

وجرب من نفعھا و برکتھا ما ذکرہ ابو جعفر احمد بن عبد المجید

وکان شیخا صالحا ورعا قال حذوت ھذا المثال لبعض الطلبۃ

فجاء نی یوما فقال رایت البارحۃ من برکۃ ھذا النعل

عجبا اصاب زوجی وجع شدید کاد یھلکھا فجعلت النعل

علی موضع الوجع وقلت اللھم ارنی برکۃ ھذا النعل فشفاھا اللہ للحین

ترجمہ اس نعل مبارک کے نقشہ کے فضائل جو ذکر کئے گئے اور اس کے

منافع و برکات جو تحریر میں آئے ان میں سے وہ ہے جو شیخ صالح صاحب

ورع و تقویٰ ابو جعفر احمد بن عبد المجید نے بیان فرمایا کہ میں نے نعل مقدس

کی مثال اور تصویر اپنے بعضے شاگردوں کو بنا دی تھی ایک روز انہوں نے

آکر کہا رات میں نے اس مثال مبارک کی عجیب برکت دیکھی میری بی بی کو

سخت درد لاحق ہوا کہ مرنے کے قریب ہوگئی میں نے اس تصویر مبارک کو

درد کی جگہ پر رکھکر یہ دعا کی کہ الٰہی اس کی برکت سے شفا دے اللہ جل شانہ نے

فوراً شفا بخشی۔

دلیل پچھترویں ایضاً قال العلامۃ القسطلانی

عن ابی اسحاق عن شیخ شیخہ ومما جوب من برکتہ

ان امسکہ عندہ متبرکا بہ کان امانا لہ من

بغی البغاۃ وغلبۃ العداۃ وحرزا من کل شیطان مارد وعین

کل حاسد وان امسکتہ الحامل بیمینہا وقد اشتد علیہا الطلق تیسر

امرہا بحول اللہ تعالیٰ وقوتہ ترجمہ نقشہ نعل مبارک کی آزمائی

ہوئی برکات سے ہے کہ جو شخص بہ نیت تبرک اسے اپنے پاس رکھے

ظالموں کے ظلم سے اور دشمنوں کے غلبہ سے امان پائے اور وہ نقشہ مبارک

ہر شیطان سرکش اور حاسد کی چشم زخم سے اس کی پناہ ہو جائے اور

عورت حاملہ شدت دردِ زہ میں اگر اسے اپنے دھنے ہاتھ میں لے بعنایت

الٰہی اس کا کام آسان ہو۔

دلیل چہاردہم (۱۴) اس نقشہ نعل مبارک کے باب میں علمائے دین کی

کثیر تصنیفات وتالیفات ہیں منجملہ ان کے علامہ تلمسانی کی النفحات العنبریۃ

فی وصف خیر البریۃ صلی اللہ علیہ وسلم اور فتح المتعال فی مدح خیر النعال

مشاہیر سے ہیں۔ ان میں اور ان کے غیر میں عجائب فضائل وبرکات

وعظیم تجلیات وقضائی حاجات جو اس نقشہ مبارکہ سے خود مشاہدہ کئے

اور سلف صالح ومعاصرین صالحین نے دیکھے کثیر لکھے ہیں جس کا جی چاہے

مطالعہ کرے اور جن علمائے دین نے نقشہ مبارکہ بنایا اور بنوایا اور تلامذہ کو

عطا فرمایا، اس سے تبرک کیا، اس کے مدائح لکھے، اس سے فیوض و برکات
حاصل کیئے۔ سر آنکھوں پر رکھنے اور بوسے کی ترغیبیں دیں، احادیث کی طرح
اس کی روایات کا اہتمام فرمائے، اس قدر ہیں کہ ان کے نام مبارک کی
فہرست لکھی جائے تو دفتر طویل چاہیئے۔ انہیں علمائے محققین و اساطین
شرع متین سے امام عبد اللہ بن عبد اللہ مدنی اجل تبع تابعین سے ہیں جو امام
مالک رضی اللہ عنہ کے بہنوئی اور حقیقی بھتیجے اور اکابر علمائے مدینہ سے
ہیں از انجملہ امام حافظ الحدیث زین الدین عراقی علامہ ابن حجر عسقلانی کے
استاذ از انجملہ علامہ ابو ذرعہ عراقی اور امام بلقینی اور امام سخاوی اور امام جلال الدین
سیوطی وغیرہم حفاظ حدیث اور ائمہ معتمدین ہیں جن کی جلالت شان و عظمت
اظہر من الشمس اور متفق علیہ اہل تحقیق ہے۔ اقول جب نقشۂ نعل شریف کے
یہ فیوضات و برکات ہیں صرف تشابہ من وجہ کی وجہ سے اور شرف نسبت سے
تو موئے مبارک جو عین جزو ہے حضرت ختم رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کا اسکے
برکات و فیوضات اور اس کے کرامات اور اس سے قضائی حاجات دفع
بلیات کا کیا پوچھنا۔ اگر برکات و فیوضات اور کرامات و قضای حاجات
و دفع بلیات موئے مبارک سے جو وقوع میں آئے ہیں اور آتے ہیں کوئی لکھنا
چاہے تو احاطۂ تحریر میں ہرگز نہیں آسکتے نہ حیطۂ تقریر میں ان کی گنجائش اور موجب
برکات ہونا اس کا تو خود تقریر سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم اور تجربۂ صحابہ

اور تقسیم حضور پر نور سے ثابت اور مبرہن ہو چکا فلا اذہو الکلام باعادتہ

دلیل شتر دہم یہاں تک جو اولہ ہیں سنے لکھے وہ موافق مسلک ارباب ظاہر کے۔ اور جو ارباب باطن ہیں ان کے واسطے ان اولہ کی کچھ ضرورت نہیں ان پر برکات اور فیضان وانوار موئے مبارک کے آفتاب کی طرح بلکہ اس سے زیادہ روشن ہیں ۵

نہ ہے ناداں کہ او خورشید تاباں	بنور شمع جوید در بیاباں

یعنے انکے واسطے ان اولہ سے اثبات ایسا ہے جیسے چراغ سے خورشید کو ڈھونڈھنا

آفتاب آمد دلیل آفتاب	گر دلیلت باید از وے رومتاب

دلیل اٹھتر دہم منکرین جو موئے مبارک کے تبرک اور اس کے فیض سے انکار کرتے ہیں۔ اور قائل ہیں اس کے عدم تبرک و عدم عظمت کے اس قول سے انہوں نے ساری امت اور سواد اعظم کو معاذ اللہ گمراہ جانا صحابہ و تابعین سے لیکر آج تک کے علمائے صالحین کو جو قائل ہیں موئے مبارک کے تبرک اور فیضان کے اور آئندہ اس قول سے اپنے خلف معتقدین کے سواد اعظم حق سے پھیرنے والے اور گمراہ کرنے والے ہیں اس سے انپر سخت خوف کفر کا عائد ہوگا شفاء قاضی عیاض میں ہے نقطع بتکفیر کل قائل قولا یتوصل بہ الی تضلیل الامۃ ترجمہ جو کوئی ایسی بات کہے جس سے امت کو گمراہ ٹھرانیکی طرف راہ نکلے یا وہ اپنے زعم میں امت کو

گمراہ ٹھیراوے وہ یقیناً کافر ہے انتہی۔
دلیل (۶۹) انانسی۔ جو موئی مبارک سندی ہیں جن کے اسناد میں صالحین علما اور سادات فضلا اور اتقیا چلے آتے ہیں اور وہ مشہور و حد تواتر کو پہونچے ہیں ان کے انکار سے اور اس تبرک کو نہ ماننے سے جناب سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر معاذ اللہ تجویز کذب ہے۔ کما لایخفی اور کذب انبیا مطلقا موجبات کفر سے ہے۔ بالاتفاق شفا میں ہے۔ من دان بالوحدانیۃ وصحۃ النبوۃ ونبوۃ نبینا صلی اللہ علیہ وسلم ولکن جوز علی الانبیاء الکذب فیما اتوا بہ ادعی فی ذالک المصلحۃ بزعمہ او لا یدعھا فھو کافر بالاجماع ترجمہ جو اللہ کی وحدانیت و نبوت کی حقانیت اور ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کا اعتقاد رکھتا ہو با اینہمہ انبیا علیہم الصلوٰۃ والسلام پر ان باتوں میں کہ وہ اپنے رب کے پاس سے لائے کذب جانے اور ان کو ان کی بات میں کاذب مانے خواہ اپنے زعم میں اس میں کسی مذہب کا ادعا کرے۔ یا نہ کرے ہر طرح بالاتفاق کافر انتہی۔ نیز اسی میں ہے۔ قال ابو حنیفۃ واصحابہ علی اصلھم من کذب باحد من الانبیاء او تنقص احدا منھم او بری منہ او شک فی شئی من ذالک فھو مرتد۔
دلیل (۷۰) اسی۔ سابقا مدارج النبوۃ اور شفا وغیرہ سے گذر چکا کہ موئی مبارک

اور جملہ آثار نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم عین تعظیم حضرت معظم اللہ تعالیٰ علیہ وسلم علی النبی
کی ہے۔ پس موی مبارک یا کسی اثر کے آثار فیض انوار حضور سے تحقیر و استخفاف
و تنقیص و توہین معاذ اللہ خود حضور کی شان اعلیٰ و اجل و اعظم و اکرم و افضل کی
تحقیر و استخفاف و تنقیص و توہین ہے۔ اور حضور کی تحقیر و توہین و استخفاف
بلا خلاف کفر ہے۔ خواہ تصریحاً ہو یا تلویحاً اشارۃً و کنایۃً ہو یا صراحۃً وعلی رق
بہر حال کفر ہے بالاتفاق شفا شریف میں ہے۔ وکذلک

من اضاف الی نبینا صلی اللہ علیہ وسلم تعمدا الکذب
فیما بلغہ واخبر بہ اوشک فی صدقہ اوسبہ او استخف بہ
او باحد من الانبیاء او ازری علیھم او اذاھم فھو کافر باجماع

خلاصہ مطلب جو شخص ہمارے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف
قصداً کذب کی نسبت کرے تبلیغ احکام شرعیہ میں یا آپ کے اخبار یعنے
خبر دینے میں یا آپ کے سچے ہونے میں شک کرے۔ یا آپ کو گالی دیوے
یا آپ کی تحقیر و توہین کرے۔ خواہ کسی نبی کی انبیا علیہم السلام سے یا انکی
حقارت و ذلت کی بات کرے۔ یا کہے یا ان کو ایذا دے تو وہ شخص بالاتفاق
کافر ہے۔ نیز شفا شریف میں ہے جمیع من سب النبی
صلی اللہ علیہ وسلم او عابہ او الحق بہ نقصا فی نفسہ
او نسبہ او دینہ او خصلۃ من خصالہ او عرض بہ

او شبہہ بشیٔ علی طریق السب لہ او الازراء علیہ

او التصغیر لشانہ او الغض منہ او العیب لہ فھو

ساب لہ وحکمہ حکم الساب یقتل ولا نستثنی

من فصول ھذا الباب علی ھذا القصد ولا نمتری

فیہ تصریحا کان او تلویحا انتہی۔ علامہ محقق چلپی

حاشیہ شرح وقایہ میں لکھتے ہیں قد اجمعت الامۃ علی

ان الاستخفاف بنبینا صلی اللہ علیہ وسلم

وبای نبی من الانبیاء کان کفر سواء فعلہ

فاعل ذلک استحلالا ام فعلہ معتقدا بحرمۃ

لیس من العلماء خلاف فی ذلک والذین نقلوا

الاجماع فیہ وفی تفاصیلہ اکثر من ان یحصوا

انتہی حاصل ترجمہ تمام امت کا اس پر اجماع ہو چکا ہے کہ تحقیر ہمارے نبی اکرم

حبیب مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی یا کسی نبی کی انبیا علیہم السلام سے کفر ہے خواہ تحقیر

کرنے والا اس کو حلال جانے یا حرام بہر صورت کافر ہے۔ اس میں کسی

عالم کا علمائے دین سے خلاف نہیں اور جن محققین نے اس اجماع کو نقل

کیا ہے اور اس میں تفصیل بات کی ہے۔ وہ بے شمار ہیں ان کا

احاطہ نہیں ہو سکتا۔ انتہی ترجمہ مع ادنیٰ توضیح۔

وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ و اشرف بریتہ و احب مخلوقاتہ

واکرم موجوداتہ محمد و آلہ وصحبہ بقدر حسنہ

وجمالہ وکمالہ وبارک

فیہا جدا وسلم تسلیماً

کثیرا ابدا

ابدا

قصیدہ غراء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یہ بخشش رحمت ختم رسالت اس کو کہتے ہیں
ہوئی ضامن ہماری خود کفالت اسکو کہتے ہیں

کیا محبوب حق نے یاد ہم کو ہم نہ تھے پیدا
محبت اس کو کہتے ہیں عنایت اسکو کہتے ہیں

صحابہ کو ہمارے واسطے موئے مبارک دیں
امانت اس کو کہتے ہیں کرامت اسکو کہتے ہیں

حبیب کبریا واقف تھے اپنے دردوالوں سے
یہ کی تسکین خاطر انکی شفقت اسکو کہتے ہیں

ہمارے واسطے اپنی نشانی دی صحابہ کو
جفا ہوتا نہ دوروں پر عدالت اسکو کہتے ہیں

دلیل اس بات کی ہے بہت واضح اگر سنئے
اسے کہتے ہیں برہان اور حجت اسکو کہتے ہیں

صحابہ کو ضرورت کچھ نہ تھی موئے مبارک کی
حضوری انکو حاصل تھی سعادت اسکو کہتے ہیں

مگر محبوب حق اپنی محبت کے سزاواروں کو
نہ بھولا غائبانہ جوش الفت اسکو کہتے ہیں

لہذا معرفت اصحاب کے ہم دور والوں کو
عطیہ اپنا بھیجا عام رحمت اسکو کہتے ہیں

یہ ہے محبوب کی اپنے نشانی اے مسلمانو
حقیقی دو جہاں کی اصل دولت اسکو کہتے ہیں

یہ جزو اس کل کا ہے عالم میں جو کل کے لئے کل ہے
لقائے جزو سے کل کی زیارت اسکو کہتے ہیں

عجب ہے قسمت ہماری ہم مشرف اس لقا سے ہیں
یہ صورت ہے حقیقت میں حقیقت اسکو کہتے ہیں

صراحت سے یہ فرمایا کہ ہم مشتاق ہیں ان کے
پیارے نبی قسم تو بس محبت اسکو کہتے ہیں

مبارک اسے زیارت کرنیوالو موئے اقدس کی
بصیرت ہو اگر حضرت کی ارادت اسکو کہتے ہیں

جو آنکھیں ہوں میسر تو فرق اس میں ہو نہیں سکتا
خدائے پاک کا فضل و ہدایت اسکو کہتے ہیں

اگر ہر موئے تن میں ہو زبان ہو شکر کی خاطر
ادا ہر گز نہ ہو شکر اس کا غفلت اسکو کہتے ہیں

جو قانون محبت سے ہیں واقف یہ وہی سمجھیں
حضوری میں جو غیبت ہو تو غیبت اسکو کہتے ہیں

نظر میں خواجۂ عالم ہے خواجہ کی عنایت سے
جو ہو انکار منکر کو شقاوت اس کو کہتے ہیں

دل مخلص خزانہ ہے عجائب فیض و برکت کا
نصیبے کی سعادت حسن قسمت اسکو کہتے ہیں

تمت

غلط نامہ شعائر اللہ

نمبر شمار	صفحہ	سطر	غلط	صحیح	نمبر شمار	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
١	١	٨	دیفن	وایدن	١٦	١٩	١٣	حب اسپر	حب
٢	٣	٦	ری امنا	ری اینا	١٧	٢١	١	لقطا	نقطا
٣	٥	١٤	برکت	ببرکت	١٨	″	٨	جیب اپائی	پس سراپائے
٤	٨	١٠	بثبوت	بثبوت	١٩	″	١١	معلوم	معلوم
٥	″	″	دالمغازی	والمغازی	٢٠	٢٢	١	شیخ چلی	شیخ چلی
٦	″	″	فی الدارج	فی الملا ارج	٢١	″	٥	اسکا انکا	اسکا انکار
٧	٩	١٠	نشوودورستہا	نشوودوردا ستہا	٢٢	″	١٤	گردلیت	گردلیلت
٨	″	١٥	انشن	وازنسل	٢٣	٢٣	١٣	اورروزح	اوردوزخ
٩	[illegible]	٦	سکاموسے	اسکے موسے	٢٤	″	١٧	انصاف	انصاف کی
١٠	١٦	″	محدت	محبت	٢٥	٢٤	٥	باب	باپ
١١	١٧	١٣	وماعی	واامی	٢٦	″	١٧	حنی	حتی
١٢	″	١٥	نشرای	لبشرای	٢٧	٢٩	١٠	لبوزنہ	لبوزبنہ
١٣	″	″	دجھی نورا	وجھی نورا	٢٨	٥٣	حاشیہ	اب	اے
١٤	١٧	١٥	ایدی سورا	ایدی نورا	٢٩	٥٨	١٥	تبتغفر	تبتکفر
١٥	١٨	١١	[illegible]	تنیر	٣٠	٥٦	٤	اس تبرک	اسکے تبرک

نمبر شمار	نام کتاب	نام مصنف	فن	تعداد صفحات	قیمت	کیفیت
۷	حکمت بالغہ جلد دوم	مولوی احمد کریم صاحب جاکوٹی	علم کلام	۲۱۲	۱۰ر	قرآن کلام الٰہی ہونے کا ثبوت اور مخالفین کے شبہات کے جواب
۸	؍؍ جلد سوم	؍؍	؍؍	۱۷۱	۸ر	؍؍
۹	السبع الاسبع عربی	؍؍	خطبہ	[illegible]	[illegible]	[illegible] فصیح و بلیغ بے نقط عربی خطبہ۔
۱۰	سرمایۂ نجات	مولوی عبد الجلیل صاحب نعمانی	فقہ	۹۶	۲؍۲	مسائل ضروریہ و ارکان اسلام و مسائل فقہیہ صوم و صلوٰۃ۔
۱۱	نقشۃ الوارث الفرائض	مولوی فتح الدین صاحب ازہر	فرائض	۰	سو روپیہ	ترکہ میت کی تقسیم مذہب اسلام و شاستر ہنود کے موافق
۱۲	تعلیمات فقہ اردو	مولوی عبید اللہ صاحب مولوی فاضل	فقہ	[illegible]	[illegible]	وضو و نماز کے شرائط و فرائض و واجبات و مفسدات و مکروہات وغیرہا۔
۱۳	خطبہ میلاد النبی اردو	مولوی سجاد مرزا بیگ صاحب	خطبہ	۴۴	۳ر	مختصر حالات پیدائش آنحضرتؐ
۱۴	العروۃ الوثقیٰ عربی	مولوی سید غلام محمد برہان الدین صاحب مہاجر۔	میلاد شریف	۱۱۴	۵ر	رویت اور فضیلت ورود جواز محفل میلاد۔
۱۵	الوسیلۃ العظمیٰ ؍؍	۰	۰	۱۲۶	۴ر	جواز قیام وقت ذکر ولادت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم۔
۱۶	زاد السبیل الی دار الخلیل اردو	مولوی سعد اللہ صاحب	مناسک حج و عمرہ	۱۳۷	۴ر	مناسک حج و عمرہ و ممنوعات و مکروہات احرام کا بیان۔
۱۷	اعلام التجرید اردو	مولوی سلامت اللہ صاحب	تجوید	۴۴	ار۶س	قرات قرآن کا مدلل ثبوت و قواعد تجوید کا بیان۔
۱۸	رفع الحجاب عن مسئلۃ الخضاب	؍؍	مسئلہ خضاب	۳۲	۲ر	کالا خضاب جائز ہونے کا ثبوت
۱۹	شعائر اللہ فی اثبات فضائل شعر رسول اللہ	؍؍	آثار و موئے مبارک	۷۰	۳ر	موئے مبارک و آثار شریفہ کی زیارت کا ثبوت۔

نمبر شمار	نام کتاب	نام مصنف	فن	تعداد صفحات	قیمت	کیفیت
۲۰	سعادت الشرافت اُردو	مولوی سلامت احمد صاحب	اخلاق	(۴۴)	ار۶مر	آہستہ اور پکار کر ذکر کرنیکا ثبوت ۔
۲۱	سفرنامہ حرمین شریفین اردو	مولوی محی الدین حسین صاحب ضاویلوی	سفرنامہ حج	۲۲۳	۱۲ار۳مر	حرمین شریفین واحکام حج وغیرہ واسفار بری و بحری کا کیفیت سہولت کے بیانات
۲۲	احسن التوضیح فی مسئلۃ التراویح	مولوی مشتاق احمد صاحب انبہٹوی	فقہ	۳۲	ار۳مر	تراویح کے بیس رکعت کا ثبوت بایراد الصحیحہ ۔
۲۳	تحقیق مسح الجوربین فارسی	״	״	۲۴	ار	پاتابو پر مسح کرنیکی تحقیق ۔
۲۴	فیصلہ شاہ صاحب دہلوی رح اردو	״	تصوف	۲۶	ار	وحدۃ الوجود کے حق ہونیپر مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی رح کا مدلل فیصلہ ۔
۲۵	ثبوت ذکر جہر اردو	״	فقہ	۱۰	۶مر	بلند آواز سے ذکر کرنیکا ثبوت ۔
۲۶	تحفۃ السالکین اردو	״	سلوک	۲۴	ار	صوفیوں کے ذکر و شغل وغیرہ کی توضیح ۔
۲۷	تفسیر سورۃ اعلیٰ فارسی	״	تفسیر	۲۴	ار	سورۂ اعلیٰ کی مفید تفسیر
۲۸	الدلیل الاقوی اردو	״	فقہ	۱۰	۶مر	کلوخ استنجا کا ثبوت ۔
۲۹	فتاوائے نظامیہ جلد اول	مولوی رکن الدین صاحب مفتی مدرسہ نظامیہ	مسائل دینیہ	۲۱۶	۱۰	مسائل دینیہ کا مفید مجموعہ
۳۰	خیر المواعظ جلد اول	مولانا مولوی نذر محمد خان صاحب نہٹوی رح	مواعظ و نصائح	۶۶۰	۵ع۵	اوامر و نواہی صحیح حدیثوں سے زبانی کئے گئے ہیں ۔
۳۱	اصطلاحات الصوفیہ عربی	علامہ کمال الدین ابوالغنائم عبدالرزاق کاشی ۔	تصوف	۱۶۸	۵ر۶مر	صوفیوں کے اصطلاحات نہایت مفید ۔
۳۲	مذہب منصور	مولوی منصور علی خان صاحب مدرس مدرسہ طبیہ آصفیہ	اتباع سنت	۳۴۴	۱۲ار	ہدایت اتباع سنت واجتناب از بدعت

المعلن

حافظ محمد ولی الدین مہتمم مجلس اشاعۃ العلوم حیدرآباد دکن

ذلک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء

مجموعہ رسائل حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی

در مطبع احمدی متعلق مدرسہ عبد الرب دہلی طبع شد

انسان العین فی مشایخ الحرمین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم ه الحمد للہ الذی جعل الحرمین خیر بلاده واسکن فیہما فی کل قرن صفوة عباده وصلی اللہ علی سیدنا محمد وآلہ وصحابہ اجمعین اما بعد میگوید فقیر ولی اللہ عفی عنہ این کلمۂ چند یست مسمی بانسان العین فی مشایخ الحرمین در ذکر بعض مشایخ صوفیہ وعلماء محدثین از اہل حرمین شریفین کہ سلسلۂ خرقۂ صوفیہ وحدیث باین فقیر بواسطۂ ایشان رسیدست جزاہم اللہ تعالی عنی خیر الجزاء شیخ احمد شناوی وے پسر علی بن عبد القدوس بن محمد عباسی شناوی ست ابا عن کابر از کبار اولیا بودند شیخ عبد الوہاب شعراوی پارۂ از احوال ایشان نوشتہ جامع بود در علم شریعت وحقیقت علم حدیث از شمس رملی واز والد خود واز سید غضنفر واز شیخ محمد بن ابی الحسن بکری روایت کردہ واز والد خود خرقہ پوشید بعد آن صحبت سید صبغة اللہ را لازم گرفت واز دست وے خرقہ پوشید واز صحبت وے بدرجات عالیہ رسید وخلیفۂ وے شد در تربیت سالکین از وے می آید کہ گفت لو کان الشعراوی حیا ما وسعہ الا اتباعی وگفتہ عہد نا بحفظ لم یحفظہ الا تبحروف گوید قبول بیعت را در عرف متاخرین اہل حرمین اخذ عہد گویند یعنی ہر کہ مشایخ صوفیہ بیعت او قبول کردند برکۂ مشایخ آن طریقہ چہ حیا وچہ موات شامل حال وے میشود وگفت :

لا یدخل النار من رآنی ورای من رآنی الی یوم القیمة گویند روزے در حجرۂ خود خفتہ بود کہ وزغی را دید کہ بر دیوار حجرہ میرود بحکم شرع خواست کہ او را بکشد شہود وحدت این داعیہ را مضمحل ساخت باز خواست کہ او را بکشد باز شہود وحدت

ان وعده را مضمحل یافت بالجمله میان این خطره متردد شد و با خرقهٔ اشتراع راستم حسنه سنگے بجانب او انداختن سنگ
خطا شد و در زرع بگر نخست بسیار خوشوقت شد و گفت الحمد لله الذی جمع الناس بین الامامین شیخ احمد قشاشی عقب
این حکایت گفت اگر آن حاضر میبودم هیچ توقف نمی کردم و سر آن ذرع را سنگ میکوفتم کما تبحر و
گویند مراد قشاشی آنست وحدت در حقیقت بوجهے واقع است و باکثرت احکام آن هیچ منافی ندارد
گو آب را نار همه در وجود یکے باشند اما چون هر یکے فواره فیض خاص شد و مظهر استعدادی خاص آمد آب از آتش
معدوم شود و آتش از آب منتفی میگردد و حکم شرع در ضبط احکام این کثرت است و شهود
کاملان آنست که آن وحدت کثرت را مزاحمت نه کند و نه کثرت وحدت را ؎ چونکه بیرنگے
اسیر رنگ شد ۞ موسوی با عیسوی در جنگ شد ۞ توفی سنة ثمان وعشرین
بعد الالف ودفن البقیع شیخ احمد قشاشی وے پسر محمد بن یونس القشاشی
المقلب بعبد النبی ابن الشیخ احمد الدجانی است دجانه بتخفیف جیم قریه ست از قری
بیت المقدس شیخ احمد دجانی از انجاست بسیار بزرگ بود و شیخ عبد الوهاب در
طبقات ترجمه وے نوشته و شیخ یونس را عبد النبی از ان گویند که مردمان را نزد
گرفتے تا در مسجد نشیند و بر نبی صلے الله علیه وسلم صلوة فرستند قشاشی از ان گویند
که برائے ستر و اخفا در مدینه قشاشه فروشی کردے و قشاشه سقط متاع را گویند
و چیزهای بے نهایت و پاپوش کهنه و مانند آن و محمد مدنی نیز عالم بود و صالح و شیخ احمد قشاشی
امام بود در علم حقیقت و شریعت چون در حقایق سخن گفتے بآیات و احادیث آن را
مبرهن ساختے صحبت بسیار مشایخ دریافت و خرقه از والد خود پوشید و فتح کار وے
بر دست شیخ احمد شناوی شد و خود را بوے منسوب کردے گویند شیخ احمد
قشاشی بسیاحت رفته بود تا مشایخ صوفیه را دریابد چون بازگشت و بجد رسید
در خواب او را نمودند که شیخ احمد شناوی استاده است و منی از ذکر وے سیلان
مے کند با جامهاے او متلطخ شده اند چون بیدار شد دانست که شیخ بمرتبه
تکمیل رسیده لیکن کسے فرزند معنوی وے پیدا نشده بود تے وے مبادرت
کرد و بشناوی چون او را دید گفت مرحبا مرحبا بمن جاء یقتبس منا علومنا و
نیز گویند که وے شبے بخواب دید که شیخ محی الدین بن عربی او را خرقه پوشانیده و خواهر
خود در عقد او در داده است که وے را معرفت وحدت وجود درست شده است و خواهر شیخ ابن

عربی روئیت بخط شیخ قشاشی یافتہ شدہ الذی تحقیق وجد انہ ان الخمیۃ الخاصۃ من
الھیۃ ینزل بھا کل واحد لھا حسب وقتہ وزمانہ غیر منقطعۃ ابد الاباد الی ان لا
یبقی علی وجہ الارض من یقول اللہ لعدم خلو المراتب الالھیۃ عن القائمین بہا
حتی یصیر القائم بہا بصفۃ الحافظ المرتبۃ لعلیین فیما قبلہ وبعدہ بانفاستہ بتم المصالح و
بقضی الحاجات لو انھم الف الف فی عدد بینھم عاد والی واحد فرد بالاحد وقد تحققنا
بذلک حقا ونزلناہ منازلۃ صدقا فمن تبعنی فانہ منی ومن عصانی فانک غفور رحیم
ومن رایتہ من مشائخی من اھل الخمیۃ المذکورۃ سندا متصلا منا الیھم من غیر انقطاع باذن اللہ
تعالی خمسۃ بتدبیر للنفس سادسھم کلبھم لا رجما بالغیب انتھی نیز گویند کہ در حاجتی از حاجات خود
کاغذ پارہ نوشت کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علیک انت اقرب الی منی ام ھذا فیمن
قرباک منی وان بعدت الا ما شفعت لی وفی قضا حاجتی کلھا الدنیویۃ والاخرویۃ
لی ولمن احببہ آمین بعد از ان بخشش راہ سید محمد بن علوی بوے نوشت رأیت
النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقول لی سلم منی علی احمد القشاشی وبشرہ بالشفاعۃ وفردا آن روز آمدہ گفت
رایت النبی صلی اللہ علیہ وسلم ثانیا سمعتہ یقول سلم منی علی احمد القشاشی وقل لہ انہ حلیبی فی الفردوس
گویند چون ذکر مقامات درمیان آمدی شیخ احمد گفتی نحن لا مقام لنا الا انا من اھل یثرب قال اللہ تعالی
یا اھل یثرب لا مقام لکم گویا اشارت میکرد بمقام بے نشانی و آنکہ وے بر قدم حضرت خاتم است صلی اللہ
علیہ وسلم از عجائب روزگار قشاشی یکی آنست کہ قرآن تمام در منام بر حضرت پیغامبر صلی اللہ علیہ
وسلم خواندہ بود وہم چنین مقدمہ عثماویہ در فقیہ مالکیہ از شیخ ابراہیم منقول است کہ
روزی قشاشی در مجلس خود این حدیث ذکر کرد کہ ما علی احدکم ان یکون فی بیتہ محمد ومحمدان
وثلثہ ہمدران ساعت بخاطر من افتاد کہ مرا سہ پسر خدائے تعالی خواہد داد واسم ہر یکے محمد باشد
بعد ازان در تامل افتادم کہ یکے را از دیگرے بچہ چیز توان شناخت برین شیخ قشاشی بر من
خاطر مشرف شد و گفت قلنی احدھم ابو سعید والثانی ابو الحسن والثالث ابو طاہر
بعد مدتے ہمین صورت متحقق شد از شیخ ابراہیم منقول است کہ قشاشی روزے بر خاطر من سخن گفت
بیل من خطور کرد کہ کاش این معاملہ بشیخ نیز گفتہ بودی شیخ بمن التفات نکرد و فرمود ولو
شاء اللہ ما تلوتہ علیکم ولا ادریکم بہ ومثل اینہا اشرافات وتصرفات از قشاشی بسیار
روایت کردہ اند بالجملہ سیرت قشاشی آن بود کہ نہ بر نمط فقہای زمانہ بودے و نہ بر وضع

زیاد و مشفقت بلکه بر طریقه توسط و بے تکلفی که نهج سنت همانست هرگز بجانب امرا نرفتے و اگر ایشان بزیارت وی آمدندی بخوش خوی و بشاشت تلقی کردی و بقدر منزلت هر یکے معامله فرمودے و کریم قوم را بمزید اکرام مخصوص کردے و امر معروف بنهایت لین او کردے و وزرایان خود را از نصیحت خالی نگذاشتی شیخ علے مغربی گفت ما خرجت من عند القشاشی نفعنا الله به الا والدنیا فی عینی احقر من کل حقیر و نفسی اذل من کل ذلیل و لو تکرر دخولی علیه مات تو فی رحمة الله تاسع عشر من ذی الحجه سنه احدی و سبعین بعد الالف

مشهد آخر علم ان الملل والمذاهب توصف بالحقية يقال ملة حقة ومذهب حق وينظر الناظر في وصف احدهما بذلك الى مطابقة الواقع له فتاملنا حقيقة هذا الواقع الذي ان وافقه الشئ كان حقا والا كان باطلا فوجدنا معنيين احدهما جلي والآخر دقيق يرى من بعد اما الجلي فان يكون كل مسئلة من الاعتقاديات مطابقة لما عليه المعتقد في الخارج مثلا يحكم بان الله يسخط ويغضب ويكون الامر كذلك وبان الحشر الجسماني كائن وهو كذلك وكل مسئلة مما يحكم فيها بوجوب وحرمة مطابقة لما عليه الامر المنعقد في الملاء الاعلى مثلا يحكم بان الصلوة واجبة ويكون في الملاء الاعلى نازل مثالي من قضاء مضمونه تحسين من تلبس بها وكونها مستلزمة ترقيه من تشبث بذيل نسمته في الدنيا والآخرة وتكفير هيأت ظلمانية عن نسمته حاصلة من قبل الاستغراق في الاحكام البهيمية كما يستلزم اكل الزنجبيل تسخين البدن وازالة البرودة عنه فهذا النازل هنالك مطابق للحكم بوجوبها وكل مسئلة فيها توقيت او تحديد مطابقة لقواعد الملة كتوقيت الصلوة بالاوقات الخمس وتحديد الزكوة بمائتي درهم وبالحول ويكون بحيث يثبت بين الاصل وبين هذه الاشباح وجود تشبيهي في مدارك الملاء الاعلى فيكون هذا اذا كذلك وذاك هذا بهذا الاعتبار فاذا كانت الملة كذلك قيل انها حقة وكذلك معنى حقية المذهب ان يكون

مشہد آخر جاننا چاہیئے کہ ملتین اور مذہب وصف کی جاتی ہین ساتھ حقیقت کے کہا کرتے ہین کہ ملت حقہ اور مذہب حق اور ناظر نظر کرتا ہی وصف مین ایک ان دونون کے بیچ تامل کیا حقیقت کو اس واقع کی گر موافق ہوا وہ اُس شئے کے تو حق ہی اور نہین تو باطل تو ہمنے دو معنی پائے ایک تو ظاہر و روشن اور دوسرے دقیق و باریک کہ بعد مین معلوم ہونگے تو ظاہر روشن تو یہ ہین کہ اگر ہو مسئلہ اعتقادیات سے مطابق واسطے اُس شے کے جسپر اعتقاد کیا ہی خارج مین مثلاً حکم کیا جائے کہ اللہ خشم کرتا ہی اور غضب کرتا ہی اور ہی امر یوہین اور یہ کہا جائے کہ حشر جسمانی ہونیوالا ہی اور یہ یوہین ہی اور جو مسئلہ ہووے کہ اُسمین حکم وجوب حرمت ہو مطابق واسطے اُس چیز کے کہ جسپر منعقد ہے امر ملا ر اعلی مین مثلاً کہا جائے کہ نماز فرض ہی اور ہو بیچ ملا ر اعلی کے نازل مثالی ادا کے مضمون اُسکی تحسین اُس شخص کہ جو متلبس ہو اُس سے اور اُسکا ہونا مستلزم ہو انسان کی ترقی کا پلہ پکڑ مارنے سے اُسکے دامن نسمہ مین بیچ دنیا اور آخرت کے اور تکفیر ہیئت ظلمانیہ کیے نسمہ سے کہ وہ ہیئت ظلمانیہ حاصل ہوئی ہی استغراق سے احکام بہیمیہ مین جیسا مستلزم ہی زنجبیل کا کھانا تسخین بدن کو اور دور کرنے برودت کو انسان سے تو یہ نازل وہان مطابق ہی واسطے علم اُسکے فرضیت کے اور جو مسئلہ کہ اُسمین توقیت ہو یا تحدید مطابق واسطے قواعد ملت کے جیسے نماز کے پانچ وقت اور زکوۃ کو ۲۰۰ دوسو درہم اور برس بھر گذرنا اور ہو اس حیثیت سے کہ ثابت ہو درمیان اصل اور درمیان اشباح کے وجود تشبیہی مدارک ملا ر اعلی مین تو یہ وہ ہی اور وہ یہ ہے اس اعتبار سے پس جب ہو ملت ایسی تو کہا جائے گا کہ ملت حقہ ہے اور اسی طرح معنی حقیت مذاہب کے ہین ؛؛

احکامه مطابقة لما قاله رسول الله صلى الله عليه
وسلم في نفس الامر ولما كان عليه القرون المشهود
لها بالخير وان كانت المسئلة لا نص فيها ولا رواية
فحقيقتها ان تكون محفوفة بقرائن تورث غالب
الظن بان النبي صلى الله عليه وسلم لو تكلم في المسئلة
لما نطق بغير هذا القول وان يكون وجه الاستخراج
والاستنباط ظاهرا لا يريب فيه المحيط باساليب الكلام
ومقاصد الشارع في شرع الاحكام فهذا معنى
حقية المذاهب واما الدقيق الذي يرى من بعد
فان يكون الحق علم جمع شمل امة من الامم بان يلهم
مصطفى من عباده باقامة ملة من الملل فيصير
خادما لارادة الحق منصبغا مظهرا لتدبيره ووكرا
لفيض مدده الغيبي فيقال فيه من اطاعه فقد اطاع العبد
فقد اطاع الله ومن عصاه فقد عصى الله فصار
الرضى مقصورا في موافقة هذا التدبير والسخط
في مخالفته ومنافاته واذا كان كذلك صار احكام
الملة جميعا حقة والمنظور في وصفها بالحقية
حينئذ ظهور التدبير الالهي في هذا الشبح لا غير
وكذلك المذهب ربما يكون العناية المتوجهة
الى حفظ ملة حقة متوجهة بحسب معدات
الى حفظ مذهب خاص بان يكون حفظة
المذهب يومئذ هم القائمين بالذب عن الملة
ويكون شعارهم في قطر من الاقطار هو الفارق
بين الحق والباطل فحينئذ ينعقد وجود تشبيه
في الملاء الاعلى والسافل بان المذهب هذا المذ

کہ ہوں اسکے احکام مطابق واسطی اس چیز کے کہ کہا ہی رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے نفس الامر میں اور مطابق ہوں واسطے اس
چیز کے اسپر ہیں قرون جنکی واسطی شہادت ہی خیر کی اور اگر ہو
مسئلہ ایسا جسمین نہ نص ہے اور نہ روایت تو اسکی حقیقت محتاج
قرائن کی ہے جو مورث ہوں غالب ظن کے ساتھ اسطرح کی کہ اگر نبی
صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے اس مسئلہ میں تو یہیں فرماتے اور یہ کہ وجہ
اسکی استخراج کی اور استنباط کی ظاہر ہو ایسی کہ شک نکرے
وہ شخص کہ محیط ہو اسالیب کلام کا اور مقاصد شارع کا
بیچ شرع احکام کی پس یہ معنی ہیں حقیت مذہب کے
اور وہ جو دقیق و باریک معنی ہیں کہ بعد میں معلوم ہوتے ہیں
وہ یہ ہیں کہ ہو اللہ نے جانا کسی امت کی چھوٹی ہوئی کو
ملانا اور جمع کرنا اس طرح سی کہ الہام کرے کسی
برگزیدہ کو اپنی بندوں میں سی واسطی اقامت
کسی ملت کی کہ وہ برگزیدہ خادم ہو ارادہ
حق کا اور منصبغ ہو اسکی ظہور تدبیر کا اور آشیان ہو
اسکی فیض مدد غیبی کا جسکو کہا جای کہ جس نی اس کی اطاعت
کی اس نے اللہ کی اطاعت کی اور جس نے اس کی نافرمانی کی اس نے
اللہ کی نافرمانی کی اور ہو رضا موقوف اس تدبیر کی
موافقت پر اور غضب اسکی مخالفت اور منافات پر
اور جب اسطرح ہو تو ہونگی احکام ملت کے سب حق اور منظور اسکی حقیت
کہنے میں ظہور تدبیر الٰہی ہی بیچ اس جسم قالب کے نہ سوا اسکے اور اسطرح
مذہب ہے کہ اکثر اوقات عنایت الٰہی متوجہ ہوتی ہی حفظ ملت حقہ کی متوجہ بحسب
معدات کے طرف حفظ مذہب خاص کی اسطرح سی کہ نگہبان مذہب کے اس دن ہوتی ہیں
قایم واسطے ابرا دور کرنیکے ملت سے یا انکا شعار ہوتا ہی اطراف کے کسی
طرف میں فارق درمیان حق و باطل کی تو اسوقت منعقد ہوتا ہی وجود تشبیہ

ويتقيد احكامها الكلية بتلك الصور الخاصة في مداركهم
فيصير المذهب حقا بهذا المعنى ويكون مناط الحقية
هذا الوجود التشبيهي اما المعنى الجلي فهو الذي يصل اليه
الراسخون في العلم بعلمهم واهل الاستنباط باستنباطهم
واما المعنى الدقيق فلا يوقف عليه الا بالنور النبوي
الكاشف عن احكام التدبير القاهر على البشر [illegible] ذلك
قلنا ان هذا يرى من بعد واذا تمهد هذا فنقول تراءى
لي ان في المذهب الحنفي سرا غامضا ثم لم ازل اتحدق
في هذا السر الغامض حتى وجدته وشاهدت
ان لهذا المذهب يومنا هذا رجحانا على ساير المذاهب
بحسب هذا المعنى الدقيق وان كان بعضها ارجح منه
بحسب المعنى الاول وشاهدت ان هذا السر هو الذي
ربما يدركه صاحب الكشف نوع ادراك فيرجح هذا
المذهب على ساير المذاهب وربما يتمثل الهاما بالتصلب
فيها ويتشبح رؤيا حاثة على الاخذ به لكن الحق الصريح
ما قلنا فعض عليه بنواجذك فتدبر

مشهد آخر

دخلت الكعبة المشرفة وتوجهت الى باطني هذا الك
فتجلى لي حقيقة الصراط المستقيم التي بينها النبي صلى
الله عليه وسلم بان خط خطا وخط بجنبيه خطوطا
الى آخر الحديث فوجدتها تلحق حاق الوسط من احوال
النفوس بعض ذلك فيما يلي الفوق وبعضه دون
ذلك اعني بذلك ان كل طبقة زكية وغبية لها
صراط مستقيم وليس الصراط المستقيم اسما لمرتبة
خاصة بالزكية ووجدته نوعا من التثبت والرسوخ
في الموافقة والانقياد ووجدت كان المدار بالقيه

اور مقید ہوتے ہیں اسکے احکام کلیہ ساتھ ان صورت کے
خاص کے انکے مدارک میں تو وہ مذہب حق ہوتا ہے اس معنی
اور ہوتا ہے مناط حقیت یہ وجود تشبیہی ولیکن معنی جلی
روشن وہ ہیں جنکو پہنچتے ہیں راسخون فی العلم اپنے علم سے اور
اہل استنباط اپنے استنباط سے اور معنی دقیق سے نہیں واقف ہوتے
مگر ساتھ نور نبوی کے جو کہ کشف ہو احکام تدبیر قاہر علی البشر
کا اور یہ ہیں ہے جو ہمنے کہا کہ یہ بعد کہا جائیگا اور جب یہ تمہید
ہولی تو ہم کہتے ہیں کہ دکہائی دیا ہمکو کہ مذہب حنفی میں ایک
سر غامض ہے پھر ہمیشہ میں اسمین غور کیا کرتا تہا کہ کیا
سر غامض ہے یہانتک کہ مین نے پایا جو بیان کر چکا ہون
اور مجکو مشاہدہ ہوا کہ اس مذہب حنفی کے واسطے اس زمانہ
مین ترجیح ہے سب مذہبون پر موافق اس معنی دقیق کے اگرچہ
بعض مذہب زیادہ ترجیح رکہین موافق پہلے معنی کے اور ہمنے مشاہدہ
کیا کہ یہ وہ سر ہے جسکو اکثر صاحب کشف دریافت کرتے ہیں ادراک
ایک نوع کا پس ترجیح ہے اس مذہب کو سب مذہبون پر اور اکثر اوقات
متمثل ہوتا ہے الہام اسمین مضبوط رہنے کا یا خواب مین دیکہتا ہے
اسی پر عمل کرنیکو لیکن حق صریح وہی ہے جو ہمنے کہا ہے اسکو دانتون سے
مضبوط دابے رہو پھر غور کر خوب **مشہد آخر** مین کعبہ شریفہ مین
داخل ہوا اور متوجہ ہوا اپنے باطن کیطرف تو متجلی ہوئے مجکو حقیقت صراط مستقیم
کی جسکو بیان کیا ہے نبی صلعم نے اس طرح کہ ایک سیدہا خط کہینچا اور
دونون طرف اور خطوط کہینچے آخر حدیث تک تو پایا اس حقیقت کو ملا ہوا بیچ
وسط احوال نفوس کے کہ بعض اسکا قریب فوق کے ہے اور بعض اسکے
سوا ہیں مراد اس سے یہ ہے کہ ہر طبقہ زکی اور غبی اسکے واسطے صراط
مستقیم ہے اور نہیں ہے صراط مستقیم نام کسی مرتبہ کا خاص عقل زکیہ سے اور
اسی معلوم کیا ایکطرح کا ثابت رہنا اور رسوخ موافقت اور انقیاد مین اور

الی النفوس فیتلقاها منها الاکثرها قبولا للالهام الالهی
ویکون اقلها تلقیا بعدها عن الالهام لیس الوصول
الیه بتجشم کسب من النفوس ووجدت الصراط
المنصوب علی ظهر جهنم تمثالا لهذه الحقیقة یلقیه
الباری فی الآفاق حذو ما تلقی هذا فی عالم الانفس
ووجدت لجوف الکعبة خصوصیة بهذا الصراط
المستقیم ووجدت الاشیاء التی بینها وبین امثال هذه
المعانی مناسبة کذلك متقومة فی عالم الحشر
بتقویم هذه المعانی بصورها وهذا اسرار وجود
المنبر والمسجد النبوی والاسطوانة الحنانة لهذا
وسر قوله صلی الله علیه وسلم ما بین منبری وبیتی
روضة من ریاض الجنة **تحقیق** الافعال التی
یفعلها الانسان بالارادة والاختیار لها اسباب
توجب صدورها کالعزم علی الفعل حتما من نفس
کذا مع مطاوعة الجوارح الی غیر ذلك من الامور
الخفیة التی قلما یحاط بها لغموضها لتواترها وکل امر من
تلك الامور له علة توجبه مثلا وجود الشوق المنبعث
من الاعتقاد الجازم والظن من نفس کذا فی حال
کذا یوجب العزم ولهذه الاسباب ایضا علل کذلك
وهلم جرا حتی ینتهی الی الوجوب البات فهی موجودة
بایجاد الله تعالی صادرة من ارادة العبد لکن
ارادته ایضا واجبة لاسبابها تواترا اذا باشرها الانسان
وجب لصوقها بجوهر النفس لصدورها بقصد
منها ولانتشار فرق من قواها بها ووجب ان تتالم
النفس او تتنعم اما بمحض التنبه لمخالفة هذه الاصول

نفوس میں تو اکثر نفوس اسکو قبول کر لیتے ہیں بسبب الہام
الہی کے اور قلیل ہوتے ہیں جنکی تلقی الہام سے بعید ہو
نہیں ہے وصول اسکی طرف تکلف کسب سے نفوس
کے اور میں نے پایا صراط کو جہنم کی پشت پر نصب کیا ہوا
تمثال اس حقیقت کے کہ ڈالا ہے اللہ تعالی نے بیچ آفاق کے
کے موافق اسکے جو ڈالا گیا ہو عالم النفس میں اور میں نے
پایا جوف کعبہ شریف کو خصوصیت اس صراط مستقیم سے
اور معلوم کیں میں نے بہت چیزیں کہ انہیں اور ان معانی
میں مناسبت ہے ایسا ہی متقوم عالم حشر میں ساتھ
قایم کرنے ان معانی کے انکی صورتوں سے اور یہ بھید ہے
وجود منبر و مسجد نبوی اور اسطوانہ حنانہ کا اس جگہہ اور
اسکا سر جو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ما بین منبری
وبیتی روضۃ من ریاض الجنۃ **تحقیق** جو فعل انسان کرتا
ہے اپنے ارادہ اور اختیار سے ان فعلوں کے واسطے سبب
ہیں کہ موجب ہوتی ہیں انکی صدور کے جیسے عزم کسی
فعل کا ضروری نفس سے ایک طرح کا ساتھ اطاعت
اعضا کے اور اسکے سوا بہت امور خفیہ جنکا کم احاطہ ہو سکتا
ہے انکی غامض ہونیکے سبب یکے بعد دیگرے ہونے سے اور ہر امر
ان امور میں سے جو ہے اسکے واسطے ایک ایسی علت ہے کہ اسے
واجب کرتی ہے مثلا ہونا شوق کا ایسا شوق کہ برانگیختہ ہوا
ہے اعتقاد جازم یا ظن سے ایسے نفس سے ایسے حال میں واجب
کرتا ہے عزم کو اور ان اسباب کے واسطے بھی علتیں ہیں ایسی ہی
اور یہ چیا تک چلا ہو گا یعنی چلے جاؤ جب تک کہ منتہی ہو
وجوب قاطع تک پس وہ موجود ہیں اللہ تعالی کے ایجاد
سے صادر ہیں بندہ کے ارادہ سے لیکن اسکا ارادہ بھی واجب ہے

انکے سببوں کے واسطے بھی جس وقت ارادہ کا مباشر ہو انسان واجب ہے اسکا ملصوق جوہر نفس کو واسطے صدور کے بقصد اسکے اور واسطے

لها وموافقة بها وبتقريبات خارجية بان يكون مثاله
المقيد شبيها بالمثال المطلق فينعقد في المطلق صورة
التنعم والتألم ويخدمها ملائكة يلهمون من تلك الحضرة
فيحصل اسباب السرور والالم او بان يكون ارادة الخير
بالناس رحمة في حقه او نقمة لكل ذلك اما في الدنيا
او في الآخرة ولكل احتمال من هذه الاحتمالات علل
موجبة فلا يكون في الوجود الا ما يجب وكذلك ظهور
الشرائع واجب من المبدء اذا علم الخير يومئذ محصورا
في هذه الصورة فيكون وجود الاعتقاد الجازم
بها في النفوس الصالحة غير المتدنسة بادناس
الشيطنة واجبا عند ظهور المعجزات ودلالة
العقل الصحيح على صدق المخبر بها وتلقيها من حضرة
الغيب ويكون انصراف الارادة والعزم الى
الجريان على حسب الاعتقاد الجازم واجبا في تلك
النفوس فيظهر رحمة الله ببعث الرسل وانزال
الكتب تتم النعمة ولله الحجة البالغة

تمت

اُس سے یا موافقت سے ساتھہ اُسکے یا کسی تقریبات خارجیہ
ساتھہ اس طور کے کہ ہو مثال اُسکی مقید در حالیکہ تشبیہ ہو
ساتھہ مثال مطلق کے تو منعقد ہو مطلق میں صورت تنعم
یا الم کے اور اسکے خادم ہوں وہ ملائکہ جو الہام کئے جاتے ہیں
اُس درگاہ سے تو حاصل ہو اسباب سرور یا الم یا یہ کہ ہو
ارادہ لوگوں سے خیر کا رحمت اُسکے حق میں یا عذاب اور سب
یا دنیا میں ہو یا آخرت میں اور ہر احتمال کیواسطے اُن احتمالوں میں
سے علل موجبہ ہیں پس نہیں آتے وجود میں کوئی چیز
جو واجب ہے اور اسیطرح ظہور شرائع واجب ہے مبدء سے جب جانے خیر
انمیں محصور اس صورت میں پس ہوتا ہے وجود اعتقاد جازم کا اُسکی موافقت
نفوس صالحہ میں غیر آلودہ ہوا ہو نجاستوں شیطنت سے واجب وقت ظہور
معجزات کے اور دلالت عقل کے صحیح اوپر صدق اُس شے کے
جسکی خبر دی ہے اور تلقی اُسکی درگاہ غیب سے اور ہوتا ہے پھرنا ارادہ
اور عزم کا طرف جاری ہونے کے موافق اعتقاد جازم کے واجب ان
نفوس میں پس ظاہر ہوتی ہے اللہ کی رحمت ساتھہ بھیجنے رسولوں
اور نازل کرنے کتابوں کے اور تمام کرنے نعمت اور اللہ ہی کے
واسطے ہے حجت بالغہ ۔ تمام شد بستم شعبان روز جمعہ

خاتمہ الطبع

الحمد لله الذی جعل اهل العلوم اشرف الاشخاص خصوصاً اهل العلوم الشرعية والمعاد والصلوة والسلام علی سید الانبیا
محمد ن المصطفی وعلی آله المجتبی واصحابه المقتدی علی هذا الکتاب المستطاب المسمی بفیوض الحرمین وقد وقع
الفراغ من اهتمامه فی الشهر المحرم الحرام وسنة ۱۳۰۸ ثمانیة وثلثمائة بعد الالف من هجرة النبی صلی الله علیه وآله وسلم
بعد حمد و صلوٰۃ کے عرض کرتا ہے بندہ سید ظہیر الدین عرف سید احمد نبیرہ مولوی سید ناصر الدین صاحب نواسہ مولانا
شاہ رفیع الدین صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کہ جب سے حضرت مولانا اسحاق صاحب محدث دہلوی بیت اللہ
شریف ہجرت فرما گئے اور مولوی محمد مخصوص اللہ صاحب خلف مولانا شاہ رفیع الدین صاحب کا انتقال ہو گیا مدرسہ کہنہ
جد امجد حضرت مولانا شاہ عبد العزیز صاحب قدس سرہ کا تخمیناً چالیس سال سے غیر آباد پڑا ہے اگرچہ اولاد مولانا

شاہ رفیع الدین صاحب ممدوح سے چند اشخاص جو وارث حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب اور حضرت مولانا صاحب رحمہما اللہ کے ہیں مدرسہ موصوفہ میں سکونت پذیر رہے مگر بوجہ نہ جاری ہونے سلسلہ درس و تدریس کے اکثر احباب خاندان کو معلوم نہیں رہا کہ اولاد حضرت شاہ ولی اللہ صاحب کی انکے قدیم مسکن و درسگاہ میں رہتی ہے اس بھی ایام غدر میں منہدم ہو گیا تھا بعد اس عرصہ معہود کے مسبب الاسباب نے داعیہ تعمیر اور آبادی اس مدرسہ مذکورہ کا منبع علم دین ہندوستان میں ہے اس کمترین کے دل میں ڈالا تو بعونہ تعالیٰ دن رات اسکی آبادی کی کوشش میں ہے اور مجیب الدعوات سے دست بدعا ہوں کہ اے قاضی الحاجات اس اجڑے ہوئے چمن کو دوبارہ سرسبز کر دے اور یہ جو نام مفقود ہوا جاتا ہے اسکے باقی رہنے کی کوئی تدبیر کر اور اسمین سلسلہ درس و تدریس کا جاری کر اور اس مدرسہ موصوفہ کا مثل اور مدارس اسلامی کے کہین سے کچھ کفاف مقرر نہیں ہے، اور خاص یہ شہر تو سرپرستی باہمی سے خالی ہو گیا ہے اور میرے پاس اسوقت اسقدر سرمایہ نہیں کہ سلسلہ درس و تدریس کا شروع کروں اور طلبا کی اعانت کر سکوں تو دل نے چاہا کہ اس خزانہ گوہر بے بہا کو جو عرصہ دراز سے محفوظ چلا آتا ہے نکالیے اور اسکو حلیہ طبع سے جلا دیکر جوہریان بازار معانی کو دکھائیے اور جو اسکا نفع ہو مدرسہ موصوفہ میں صرف ہو اور نیز قدری دربر طرف ہو تو اس کمترین نے یہ چند رسالے کہنہ نکالکر حلیہ طبع سے آراستہ کرکے ہدیہ شائقین کیے ایک مسمی بہ الطاف القدس در بیان اصول تصوف فارسی دوسرا مسمی بہ سطعات مع جزء اللطیف در بیان طلسم الہی فارسی تیسرا مسمی بہ مکتوبات مع فضیلت ابی عبد اللہ محمد بن اسمعیل بخاری و انکی تہمید فارسی چوتہا مسمی بہ سعادت کونین المعروف بہ فیوض الحرمین مترجم اردو پانچواں مسمی بہ در ثمین فی مبشرات النبی الامین چھٹا مسمی بہ مجموعہ ارشاد و اوائل و تراجم البخاری و فیما یجب حفظہ للناظر ساتواں مسمی بہ تاویل الاحادیث عربی انہوں سے ہوا مع شرح حزب البحر فارسی نواں مسمی بہ وصیت نامہ مترجم دسواں مسمی بہ مجموعہ فتاوی حضرت مولانا شاہ عبد العزیز صاحب گیارہواں مسمی بہ عجالہ نافعہ اصول حدیث فارسی ان رسالوں کے مضامین کے بیان کی یہ پرچہ گنجایش نہیں رکھتا دیکھنے سے تعلق رکھتے ہیں موافق اس مصرعہ کے مشک آنست کہ خود ببوید نہ کہ عطار بگوید اور انشاء اللہ ساتھ مدد خدا وند تعالیٰ کے جو کہ میرے پاس رسائل قلمی بہت موجود ہیں سب رفتہ رفتہ چھاپے جائیں گے اور ایک کتب خانہ اور ایک مطبع احمدی واسطے اعانت مدرسہ موصوفہ کے جاری کیا ہے جن صاحبوں کو جس قسم کی کتاب علاوہ انگریزی و ناگری کے درکار ہو یا کوئی کتاب [illegible] مدرسہ موصوفہ میں بنام اس عاجز کے خط و کتابت کریں پھر ارادہ کیا ہے کہ خوشخبری دوں اہل اسلام کو اور خصوصاً انکو جو [illegible] اس خاندان کے وہ مثل جوارح کے ہیں اسکی سعی میں مشغول رہیں جس سے جو کچھ ہو سکے [illegible] اس کار خیر میں مدد کریں بقولہ تعالیٰ و تعاونوا علی البر و التقوی پس لکھتا ہوں یہ چند سطرین [illegible] خاندان کو اور سب کو کہ اس کار خیر میں اور تاجران کتب سے ملتمس ہوں کہ رسائل مذکورہ بالا واسطے اعانت [illegible] رسالہ جس کی طبع ہو گیا بعد اجازت اس احقر کے قصد چھاپنے یا چھپوانے کا نہ کریں جو رسالہ درکار ہو یا اور قسم کی کتابیں

المشتہر

بندہ سید ظہیر الدین عرف سید احمد نواسہ مولانا شاہ رفیع الدین محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

یہ کتابیں اور رسالے تصنیف حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب و نیز ہر قسم کی کتابیں شہر دہلی مدرسہ کہنہ حضرت مولانا شاہ عبد العزیز صاحب سے [illegible]

مَنْ اَطَاعَ مُحَمَّدًا فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰہَ وَمَنْ عَصیٰ مُحَمَّدًا فَقَدْ عَصَی اللّٰہَ

الحمد للہ والمنۃ کہ رسالہ مفید مسلمین رہنمائے سنت و شریعت باعث نجات آخرت

مسمےٰ بہ

گلزار سنت

جسمیں

مسنون طریقے نہایت عام فہم طرز میں سمجھائے ہیں

حسب فرمائش جناب مولٰنا مولوی سید اصغر حسین صاحب دیوبندی

باہتمام جناب مولانا حبیب الرحمن صاحب

در مطبع قاسمی دیوبند مطبوع گردید

قیمت فی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد و ثنا ہے اُس خالق کو جسنے فرمایا قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ
یعنی اگر تمکو اللہ کی محبت ہے تو پیروی کرو حضرت محمد رسول اللہ کی صلی اللہ علیہ و علی آلہ و صحابہ
وسلم تسلیما کثیرا کثیرا فرمایا حضرت ہمارے نے کہ جس نے میری تابعداری کی وہ داخل ہوا جنت
میں اور جسنے انکار کیا پیروی اور تابعداری سے وہ داخل ہوا دوزخ میں۔ یہ حدیث مشکوۃ
شریف میں ہے پس اے مسلمانوں ضرور ہے کہ ہر ایک بات میں آپکی تابعداری کیجاوے
جسطرح آپ نے فرمایا ہے اُسی طرح کرنا چاہیئے کبھی کسی سنت کو کمتر اور چھوٹی نہ سمجھنا چاہیئے
اس واسطے کہ حدیث شریف میں ہے کہ چھوٹی سی چھوٹی سنت پر عمل کرنا بہتر ہے بڑے بڑے
کاموں سے دیکھو غریبوں کے لئے کیسی آسانی فرمادی خدا تعالی نے کہ جنکو طاقت نہیں
بڑے بڑے ثواب کے کاموں کی اور مقدور نہیں اُن کو چاہیئے کہ عمل کریں طریقہ سنت نبی
کے اوپر تو ملیگا اُن کو ثواب زیادہ پل بنانے اور مدرسہ بنانے اور کنواں بنانے سے
جب معلوم ہوئی یہ بات تو ضرور ہے مسلمان بھائیوں کو واقف ہونا اوپر طریقہ سنت اپنے
نبی پیغمبر کے سلام ہو اللہ کا اُن پر اس لئے ارادہ کیا بندہ عاجز کمترین نے کہ طریقے سنت
کے لکھے حدیث شریف کی معتبر کتابوں سے۔ پس جمع کیا انکو صحیح بخاری اور مسلم شریف
اور ترمذی شریف وغیرہ سے اور نام رکھا طریقہ رسول اور طریقہ سنت تاکہ مسلمان لوگ

راہ سنت کی پاویں اور عمل اُن پر کرکے بڑے بڑے درجے جنت میں حاصل فرماویں۔ اب ہر ایک کام کی سنت تھوڑی تھوڑی بیان کیجاتی ہے۔ نہایت خیال کے ساتھ ان پر عمل کرنا ضروری ہے۔

باب اول طریقہ سنت واسطے صبح کو جاگنے اور کام میں لگنے کے

طریقہ ۱ جب صبح کو جاگو تو تین دفعہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کہو اور کلمہ شریف پڑھو اور یہ دعا پڑھو۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ رَدَّ عَلَیَّ رُوْحِیْ وَلَمْ یُمْسِکْھَا فِیْ مَنَامِیْ۔

سنت ۲ برتن میں ہاتھ ڈالنے سے پہلے ہاتھوں کو تین دفعہ خوب دھولو۔

سنت ۳ اگر فرصت ہو تو صبح کی نماز کے بعد سورج ایک بانس بلند ہونے تک بیٹھا رہے جس جگہ کہ نماز صبح کی ادا کی تھی اور کرتا رہے ذکر خدا تعالیٰ کا پھر دو رکعت نفل یا چار رکعت پڑھکر اُٹھے پاویگا ثواب ایک حج اور ایک عمرہ کا انشاءاللہ طریقہ اور پھر کسی حلال روزی کے شغل میں لگ جائے اور تمام دن نمازیں وقت پر پڑھتا رہے تو لکھا جاویگا یہ تمام دن عبادت میں۔

سنت ۴ جس آدمی کو فرصت دے اللہ تعالیٰ اُس کو چاہیے کہ دوپہر کو لیٹ جاوے تھوڑی دیر کے لئے یہ ضرور نہیں کہ سووے بلکہ لیٹ جانا کافی ہے اگرچہ نہ آوے نیند اُسکو۔

باب دوسرا رات کے طریقہ سنت کا

سنت اطفال جب شام ہو جائے اسوقت سے روک لو اطفال کو یعنی بچوں کو باہر نہ نکلنے دو اسواسطے کہ وارد ہوا ہے حدیث میں کہ اسوقت پھیلتا ہے لشکر شیطان کا

سنت مکان جب رات کو عشاء کی نماز کے بعد گھر میں آؤ تو دروازہ گھر کا بند کر لو زنجیر کواڑ یا ٹٹی سے **سنت گفتگو** عشاء کے بعد طرح طرح کے قصے کہانی مت کہو

ایسا نہ ہو کہ صبح کی نماز ہو جاوے قضا بلکہ سو رہنا چاہیے۔ مگر کچھ مضائقہ نہیں اگر سناوے نصیحت کی باتیں یا ذکر نیک بندوں انبیا و اولیا کا۔ اسیطرح کوئی پیشے والا کرے کام اپنا بعد عشاء کی نماز کے تو کچھ مضائقہ نہیں **سنت چراغ** جب رات کو سونے لگو تب چراغ گل کر دو جلتا نہ رہنے دو کہ اسمیں بڑا اندیشہ ہے دیکھو ثواب سنت کا بھی ہوگا اور حفاظت رہیگی اسیطرح آگ جو چولھے میں ہو دبا دو مٹی سے اور راکھ سے اور کھلی نہ چھوڑو **ف** مکروہ ہے حقہ نزدیک تمام علما کے کیونکہ بدبو پیدا کرتا ہے منہ میں پس بہتر ہے کہ چھوڑ دو پینا اسکا اور اگر لاچار ہو تم کہ چھوڑ نہیں سکتے تو چاہیے کہ تازہ کرو اور دھوتے رہو دن بھر میں کئی بار تاکہ نہ نجس ہو جاوے پانی اسکا۔ اور نہ سڑ جاوے پانی پس حرام ہے پینا ایسے حقہ کا پھر چاہیے حقہ والوں کو کہ بوقت سونے کے دور کر دیں اپنے سے حقہ کو اور مسواک کر کر اور منہ کو دھو کر سوویں پیتے ہوے نہ سوویں کہ نقصان ہے اسمیں بہت جان کا بھی اور دین کا بھی کیا تمنے نہیں سنا حال ان لوگوں کا جو جل گئے اسی حقہ کے شوق میں اور یاد رکھو یہ بات کہ بہت کام کی ہے اور غفلت کو چھوڑ دو **سنت برتن** اور سونے سے پہلے تمام برتنوں کو ڈھانپ دو اور کھلا نہ رہنے دو کوئی برتن کہ اثر ہوتا ہے اس سے وبا کا اور راہ پاتا ہے شیطان اور یاد رکھو کہ اگر برتن کے چھپانے اور ڈھانپنے کیلئے کچھ بھی نہ ملے تو لو ایک لکڑی اور بسم اللہ کہکر رکھ دو برتن پر کافی ہے یہی ساتھ فرمان واجب الاطاعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے **سنت بستر** اور سونے سے پہلے جھاڑ دو بستر کو کپڑے سے اور اگر جھاڑ و ساتھ کنارہ تہبند کے تو بہت ہی ثواب پاؤ کہ یہ مضمون ہے حدیث کا اور طریقہ ہے سنت کا فدا ہو جان اور مال ہمارا اوپر طریقہ سنت کے۔ اے اللہ رکھ ہمکو اوپر طریقہ سنت کے اور مار ہمکو اوپر طریقہ سنت کے اور ملا تو ہمکو ساتھ نیک کاروں کے **سنت خواب** اور جب ارادہ کرو تم خواب یعنی سونے کا تو پڑھو کسیقدر سورتیں قران شریف کی۔ پڑھو آیۃ الکرسی اور چاروں قل اور الحمد اللہ شریف اور درود شریف اور اگر زیادہ نہ ہو تم سے تو ایک دو سورت

ضرور پڑھو کہ سنت سبب ہے نیک بختی دنیا اور آخرت کا۔ اور اگر خواب میں کوئی بُری بات نظر آوے تو پڑھو اعوذ باللہ اور بدل دو کروٹ اور جسکو مفصل حال دیکھنا ہو خواب کا اور نیند میں ڈر جانیکا تو وہ ہمارا رسالہ تعبیر صادق یعنی خواب نامہ حدیث شریف ملاحظہ کرے کہ پاویگا اس میں فائدہ بہت۔ اور بہتر ہے کہ پڑھے پہلے آمنت باللہ اور کلمہ شریف اور سوے باوضو ہو کر۔ اور باقی بیان صبح کو جاگنے اور کام میں لگنے کا گذرا ہے قریب

باب بیان میں سنت پینے اور کھانے کے

سنت ید یعنی ہاتھ دھونے کی سنت بہت باعث ثواب کی ہے کھانے سے پہلے اور بعد کھانے کے مستحب اور مسنون ہے۔ دھونا ہاتھ کا **سنت دسترخوان** سنت ہے کہ کوئی دسترخوان کپڑے کا یا کوئی کپڑا رومال بچھا کر کھائے اور اگر ہو دسترخوان چمڑے کا تو بہت ہی عمدہ اور مسنون ہے **سنت بسم اللہ** کی بڑی ضروری سنت ہے اگر بسم اللہ کر کے نہیں کھایا تو شریک ہو جاتا ہے شیطان اور بے برکت ہو جاتا ہے کھانا۔ پس اگر نہ یاد رہا شروع میں تو کہے بسم اللہ جسوقت کہ یاد آوے کہ اس سے پھر آتی ہے برکت کھانے میں **سنت شریک** اگر کئی آدمی ساتھ کھانے والے ہوں تو لازم ہے ہر ایک کو کہ اپنے آگے سے کھاوے اور اگر ہیں کئی قسم کی چیزیں ملی ہوئی تو جائز ہے ہر ایک کو کہ جسطرف سے کھاوے اور جو شخص تنہا کھاتا ہے سنت ہے اسکے واسطے بھی یہی کہ بیچ میں سے نہ کھاوے بلکہ کنارہ پر سے کھاوے اسلئے کہ نازل ہوتی ہے برکت بیچ میں **سنت جلوس** یعنی بیٹھنے کی سنت یہ ہے کہ دونوں گھٹنے کھڑے کر کے بیٹھے یعنی اوکڑو بیٹھ کر کھانا کھاوے یا ایک پاؤں بچھاوے رکھے ایک کو کھڑا رکھے اور کھانے کے واسطے مربع بیٹھنا یعنی چوکڑا مار کر کھانا بھی نہیں چاہئے بلا ضرورت کے کذا فی الاربعین **سنت ہاتھ** داہنا ہاتھ لگانا چاہئے واسطے کھانے اور پینے کی اور اگر

عادت پڑ گئی ہو دوسرے ہاتھ سے کھانے کی تو چھوڑ دے اسکو اور شروع کرے کھانا ساتھ داہنے ہاتھ کے اور چاہیے کہ بعد کھانا کھانے کے جو کچھ دانہ گرا ہو اسکو اٹھا کر کھالے اور انگشت یعنی انگلیاں اپنی چاٹ لے کہ بہت بڑا ثواب ہے اسمیں **سنت لقمہ** اگر کسی کے ہاتھ سے لقمہ اسکا گر گیا ہو تو چاہیے کہ صاف کرکے اسکو کھا لیوے اور نہ چھوڑے اسکو واسطے شیطان کے **سنت سرکہ** جس گھر مین سرکہ ہو وہ نہیں محتاج سالن کا۔ سنت ہے کھانا سرکہ کا **سنت غلہ** سنت ہے کہ گندم میں ملا وے کسیقدر جو مثلاً کھاتا ہے خالص گندم تو چاہیے کہ ملاوے پانچ سیر میں آدھ سیر پاؤ سیر جو تاکہ حاصل ہو ثواب سنت کا۔ **سنت گوشت** سنت ہے کھانا گوشت کا فرمایا حضرت نبی جی صاحب نے کہ سردار کھانوں کا دنیا اور آخرت میں گوشت ہے۔ **سنت برتن** چاہیے کہ صاف کرے برتن کو اور چاٹ لے اگر ادا کریگا اس سنت کو تو پاویگا ثواب بے حد اور مغفرت کی دعا کریگا واسطے اس کے پیالہ اور برتن۔ **سنت شکر** اور چاہیے کہ بعد کھانیکے اول کرے شکر مولا اپنے کا اور کہے کہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا * **سنت شرب** یعنی پینے کی سنت یہ ہے کہ دائیں ہاتھ میں لیکر پیوے اور ایک سانس سے پیتا ہوا نہ چلا جاوے بلکہ چاہیے کہ دم لیکر تین سانس میں پیوے اور شکر بجا لاوے۔ **طریقہ** اور چاہیے کہ کھانے میں عیب نہ نکالے اور برا نہ کہے اگر خوش نہ آوے اسکو تو چھوڑ دے کہ یہی عادت تھی حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی **سنت دوسری**۔ کسی چیز کو پینے کی یہ ہے کہ بیٹھکر پیوے کہ مکروہ ہے کھڑے ہو کر پینا۔ مگر پانی زمزم کا اور بچا ہوا وضو کا۔ ان کو کھڑا ہو کر پینا مسنون ہے۔

باب بیان میں سنتوں لباس اور کپڑوں کے

سنت رنگ۔ محبوب تھا حضرت کو ہمارے سپید رنگ کا کپڑا اور ثابت

ہوا ہے آپ سے پہننا سیاہ رنگ کا بھی۔ **سنت عمامہ**۔ مستحب ہے سیاہ عمامہ یعنی
صافہ باندھنا اور شملہ اُسکا مسنون ہی ایک ہاتھ کی مقدار اور زیادہ اس سے منع ہے
سنت پہننے کی۔ مسنون ہے کہ دائیں طرف سے پہنے کپڑے کو اور دائیں پاؤن
میں پہنے جوتہ پہلے۔ **سنت جدید** یعنی نئے کپڑے کی سنت یہ ہی کہ اُسکو پہنکر یہ
دعا پڑھے۔ الحمد للہ الذی کسانا + **سنت تہبند** کی یہ ہے کہ لنگی اور تہبند
اور پائجامہ ٹخنے سے اوپر رہے نیچے ہرگز نہ لٹکاوے۔ نہایت سخت غصہ ہوتا ہے
اس فعل سے اللہ جل جلالہٗ اور فرمایا حضرت نے لٹکانے والیکے واسطے جو ٹخنے سے
نیچے لٹکاوے کہ نہیں نظر کریگا اللہ تعالیٰ رحمت کی اس شخص پر۔ **سنت ٹوپی**
سنت ہے کہ رکھے نیچے عمامہ اور صافہ کے ٹوپی۔ پس جسنے باندھا صافہ بغیر ٹوپی کے
اس نے خلاف کیا سنت کے اور جسنے باندھا صافہ بغیر ٹوپی کے اور کھلا رہا سر اسکا تو
مکروہ ہوگی اُسکی نماز یاد رکھو ان معتبر مسائل کو کہ نفع دینگے دنیا اور آخرت میں۔
سنت لنگی سنت یہ ہے کہ لنگی کو اوپر طریقہ تہبند کے باندھو تاکہ ادا ہو سنت رسول خدا
صلی اللہ علیہ وسلم کی اور حاصل ہو ثواب بے حد تمکو اور فرق رہے تمہارے لباس میں
اور کافرون کے لباس میں۔ **سنت تکیہ**۔ مسنون ہے وہ تکیہ کہ بھری ہو اُس کے اندر
چھال کسی درخت کی اور اگر بھرے چھال کھجور کے درخت کی تو بہت زیادہ بہتر ہے
سنت ضروری واسطے عورتوں کے یہ ہے کہ پہنیں ایسا کپڑا کہ جسکی آستین ہاتھ تک
آجاۓ اور جو عورتیں پہنتی ہیں کرتا ایسا کہ آستین اُسکی آدھے ہاتھ یعنی کہنی تک ہوتی ہی
تو وہ ہوتی ہیں گنہگار سخت۔ اور ضروری ہے کہ نہ پہنیں ایسا کپڑا کہ جسمیں بدن نظر آوے اور
نہ ایسا باریک کپڑا کہ بدن اسمیں سے نظر آوے کیونکہ ایسی عورتیں ننگی کیجاوینگی قیامت
میں اور نہ ہوگا واسطے اُن کے لباس یہی مضمون فرمایا ہے حدیث میں ہمارے نبی صلی اللہ
علیہ وسلم نے۔ اے مسلمانوں سُنا دو یہ ضروری مسئلے اپنے گھر کی عورتوں کو ۞

سنت انگشتری انگوٹھی کی سنت یہ ہے مرد کے واسطے کہ ساڑھے چار ماشہ سے زیادہ چاندی کی انگوٹھی نہ پہنے اور سونے کی انگوٹھی بالکل حرام ہے مردوں کے واسطے ہرگز ہرگز نہ پہنے بہت لوگوں کو دیکھا ہمنے کہ پہنتے ہیں انگوٹھیاں بہت زیادہ وزن دار بلکہ دو دو اور چار چار پس اُن کو چھوڑنا چاہیے یہ شعار کہ اصل زیور زینت ہے واسطے عورتوں کے اور نہیں جائز ہے مرد کو انگوٹھی جو زیادہ ہو ساڑھے چار ماشے سے *

سنت بال جس شخص کے سر پر ہوں بال اُس کو چاہیے کہ کبھی کبھی انکو دھویا کرے اور کنگھا کرتا رہے۔ مگر بہتر یہ ہے کہ ہر روز نکرے کنگھا سر میں اور ڈاڑھی میں بلکہ کرے تیسرے روز یعنی چھوڑ دیا کرے کبھی کبھی کوئی دن خالی * **سنت خضاب** اور چاہیے کہ جسکے بال سپید ہوں ڈاڑھی کے وہ کرے خضاب ساتھ منھدی اور نیل کی اور نکرے بالکل سیاہ خضاب کہ یہ مکروہ ہے * **سنت موچھ و ڈاڑھی**۔ مسنون ہے کہ نہ بڑھاوے موچھ اور مسنون ہے کہ بڑھاوے ڈاڑھی اور ہرگز کم نہ کرے ایک قبضہ یعنی ایک مٹھی سے اور سخت حرام ہے کٹوانا اور منڈوانا ڈاڑھی کا بچاوے اللہ اس سے ہر مسلمان کو * **سنت منھدی** سنت ہے عورتوں کو لگانا منھدی کا۔ یہ مضمون ہے بڑی بخیتہ حدیث کا جو ہے مذکور ابوداؤد شریف میں * **سنت سرمہ** مسنون ہے سرمہ لگانا مرد کو بھی اور عورت کو بھی اور مسنون ہے کہ لگاوے رات کو سرمہ آنکھ میں تین تین سلائی بھی روایت مذکور ہے ترمذی شریف میں۔ **سنت حجامت** اور مسنون ہے کہ کہ رکھے بال تمام سر پر یا مونڈے تمام سر کے بال اور تھوڑے بال ایک طرف کے منڈوانا اور ایک طرف کے باقی رکھنا یہ بہت حرام ہے۔ ضرور بچنا چاہیے اس سے اے مسلمانوں

باب بیان میں نکاح کی سنت کے اور شادی وغیرہ کے

سنت نکاح یہ کہ ہو اوپر طریقہ سادگی کے اور نہو زیادہ تکلف اور بہت مسلمان ایسے ہیں

سنت یوم یعنی مسنون دن واسطے نکاح کے جمعہ ہے جو سبب ہی برکت اور بھلائی
کا۔ **سنت مکان**۔ اور مسنون ہے نکاح کرنا مسجد میں **سنت اعلان** یعنی
سنت ہے کہ مشہور کیا جائے نکاح اور بجا دیا جاوے دف یعنی ایسا باجہ جو ایک طرف سے
کھلا ہو جسکو دف اور دھپڑا کہتے ہیں۔ **سنت خرما** مسنون ہے بعد نکاح کے لٹانا
اور تقسیم کرنا خرما یعنی کھجور یا چھوارے کا **سنت شب** اور مسنون ہے کہ جب جائے
اول شب بی بی کے پاس تو پکڑے بال اسکی پیشانی کے اور یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ
اِنِّیْ اَسْئَلُكَ خَيْرَهَا وَخَيْرَ مَا فِيْهَا وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا فِيْهَا۔
سنت شوال مسنون ہے اور محبوب ہے یہ کہ کیا جائے نکاح ماہ شوال میں کہ باعث
ہے برکت کا **سنت ولیمہ** مسنون ہے کہ جب گذرے رات پہلی زوجہ کے پاس
تو کرے ولیمہ اور کھلاوے اپنے عزیزوں اور دوستوں اور رشتہ داروں اور مساکین کو
اور نہیں ضرورت یہ کہ ہووے ولیمہ کچھ بہت بڑے سامان سے بلکہ اگر پکاوے تھوڑا سا
اور جمع کرے اپنے رشتہ داروں یا دوستوں کو اور کھلاوے تھوڑا تھوڑا تو بھی یہ [illegible]
سنت ادا ہو جائیگی اسطرح بھی اور بہت برا ولیمہ وہ ہے کہ بلائے جائیں اسمیں مالدار
دنیا دار لوگ اور نہ بلائے جائیں مسکین غریب اور دیندار بلکہ نکالے جائیں غریب
محتاج بہت برا ہے ایسا ولیمہ اے بھائیو جب کرو ولیمہ تو نیت کرو اسمیں سنت کی اور بلاؤ
غریب مسکین اور دینداروں کو اور بلاؤ جسکو دل چاہے امیروں میں سے [illegible] نکالو
غریبوں کو اور جو شخص کہ ولیمہ کرتا ہے ناموری اور دکھلانے کو تاکہ دیکھے لوگ اسکی
تعریف کریں تو کچھ ثواب نہیں ایسے شخص کو بلکہ اندیشہ ہے غضب کا اللہ تعالیٰ کے
سنت دعوت مسنون ہے قبول کرنا دعوت کا لیکن جو شخص کھاتا ہو مال حرام
رشوت اور سود یا مبتلا ہو بدکاری میں اسکی دعوت قبول نہ کرنا چاہئے اور اگر ایک ہی وقت میں
دو آدمی دعوت کریں تو قبول کرو تم دعوت اس شخص کی جسکا مکان نزدیک ہو دروازہ

قریب تر ہو تم سے۔

باب بیان میں سنتوں سفر کے اور متعلق اُس کے

سنت ہمراہی بہتر اور مسنون یہ ہے کہ دو آدمی سفر میں جاویں تنہا ایک شخص کو سفر میں جانا بہتر نہیں لیکن جبکہ ضرورت ہو تو کچھ اندیشہ نہیں کہ جاوے تنہا ایک شخص یہی ارشاد ہے محدثین کا اور فقہاؤں ہمارے رحمتہ اللہ علیہم اجمعین۔ **سنت روز** مسنون ہے کہ جاوے سفر کو دن جمعرات کے اور بھی مستحب ہے شروع کرنا سفر کا دن شنبہ یعنی سنیچر کے روز **سنت قیام** یعنی سفر میں ٹھہرنیکی سنت یہ ہے کہ درمیاں راہ میں جس جگہ کو مسافر چلتے ہیں نہ ٹھہرے بلکہ ایک طرف ہٹ کر ٹھہرے **سنت واپسی** فرمایا حضرت نے صلی اللہ علیہ وسلم کہ جب سفر میں ضرورت پوری ہو جائے تو پھر نہ ٹھہرے بلکہ واپس چلا آوے بلا ضرورت کے اچھا نہیں ٹھہرنا باہر سفر میں **سنت مکان** اگر گیا تھا کسی دور سفر کو اور آیا ہے بہت دن کے بعد تو سنت ہے کہ نہ داخل ہو گھر میں اچانک بلکہ خبر کر دے پہلے اپنے آنیکی اور کچھ دیر کے بعد جاوے اپنے گھر میں۔ اسی طرح اگر آیا ہے زیادہ رات گذرنے پر تو اُسی وقت نہ جاوے گھر پر بلکہ ٹھہر جاوے اور داخل ہو صبح کو بعد خبر ہو جانے کے لیکن اگر ہوں وہ لوگ خبر دار تمھارے آنے سے انتظار میں ہوں رات کو تو کچھ نقصان نہیں ہے کہ داخل ہو جاؤ رات کو یہ طریقے ہیں سنت کی عمل کرو اُن پر اور پاؤ تم بھلائی دنیا اور آخرت کی **سنت نماز** سنت ہے کہ جب واپس آوے لوٹ کر سفر سے تو پڑھے دو رکعت نماز مسجد میں جا کر پہلے اس سے کہ گھر میں داخل ہو سنت ہے یہ کہ نہ ساتھ ہو سفر میں کتا اور زنگولہ یعنی گھونگرو درشہ پیچھے لگ لیتا ہے شیطان اور بے برکت ہو جاتا ہے سفر

باب بیان سنت کے کاموں کا

سنت سلام نہایت بڑی سنت ہے سلام بہت تاکید فرمائی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکی اور چاہیے کہ سلام کرے ہر مسلمان کو اگرچہ نہیں پہچانتا ہو اُس کو کیونکہ سلام حق ہے اسلام کا موقوف نہیں کسی کے جاننے اور شناسائی پر سنت چھینک جب چھینک آوے اے بھائیو تو کہو الحمد للہ سنت جواب۔ جب سنو کسی کو کہ اس نے اپنی چھینک کے بعد کہا ہے الحمد للہ تو جواب میں تم ضرور کہو یرحمک اللہ بہت خیال کرو اس کا کہ یہ حق ضروری ہے اسلام کا سنت اطفال سنت ہے کہ سلام کرے لڑکوں پر اسواسطے کہ حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم گذرے لڑکوں پر پس سلام کیا آپ نے اُن پر یہ حدیث موجود ہے بخاری شریف اور مسلم شریف میں سنت رخصت اور جب رخصت ہو لوگوں سے تب بھی کرو سلام ان پر سنت مصافحہ اور سنت ہے مصافحہ بھائی مسلمان سے وقت ملنے کے مرد مصافحہ کرے مرد سے اور اگر عورت مصافحہ کرے عورت سے تب بھی جائز ہے لیکن جائز نہیں کہ عورت مصافحہ کرے مرد سے۔

سنت تعظیم۔ جب کوئی بڑا شخص جسکو حاصل ہو عزت دین کی تمھارے پاس آوے تو بہتر ہے کہ کھڑے ہو جاؤ اُسکی تعظیم کے واسطے لیکن نہ دوست رکھے کوئی اصحابت کو کہ لوگ اُسکے لیے کھڑے ہوں۔ سنت مجلس۔ جب کسی مجلس میں پہنچو تو جس جگہ تمکو ملجائے موقع اور جگہ پس بیٹھ جاؤ اسی جگہ پر اور مکروہ ہے کہ دوسرونکو اٹھا کر تم وہاں بیٹھ جاؤ۔

سنت وسعت۔ جب کوئی شخص آوے اور جگہ نہ ہو تو لوگوں کو چاہیے کہ ذرا کھل کر بیٹھ جائیں اور وسعت کردیں واسطے مومن آنے والے کے سنت کلام جس جگہ ہوں صرف تین آدمی تو جائز نہیں کہ دو آدمی کریں آہستہ باتیں تیسرے کو چھوڑ کر اسواسطے کہ دل اُس کا رنجیدہ ہو گا اور بڑا ہے رنج دینا دل کو مسلمان بھائی کے۔ سنت اجازت اور مسنون ہے کہ جب داخل ہو کسی کے مکان میں تو اول اجازت لیکر داخل ہو سنت جمائی۔ چاہیے کہ جب آوے جمائی

اور اگر جمائی آوے تو بند کر لے اپنے منھ کو اور نہ کھولے اُس کو اور اگر نہ بند کر سکے تو رکھلے ہاتھ اوپر
اُسکے **سنت نام** سنت ہے کہ نام رکھے اپنی اولاد کا عبد اللہ اور عبد الرحمن اسلئے
کہ فرمایا حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ محبوب تر ناموں کا نزدیک اللہ کے عبد اللہ اور عبد الرحمن ہے

باب سنتوں کا متعلق بیماری وغیرہ کے

سنت عیادت یعنی بیمار پرسی کی سنت یہ ہے کہ جاوے مسلمان بھائی کی خبر لینے
بیماری میں **سنت واپسی** سنت یہ ہے کہ جلد واپس آوے بیمار کے پاس سے تاکہ
وہ نہ رنجیدہ ہو تمہارے بیٹھنے سے اور نہ خلل پڑے اُسکے گھر والوں کے کام میں **سنت
تسلی** ہر طرح سے تسلی کرنی بیمار کی مسنون ہے کہے اُس سے کہ انشاء اللہ تم اچھے ہو جاؤگے
اور بڑی قدرت ہے حق تعالی کی غرض ڈرانے والی بات اُس سے نہ کہو **مدایت** رات
کو بیمار پرسی جائز ہے یہ جو لوگ نحوس سمجھتے ہیں غلط ہے اسیطرح جب بیماری کی خبر سن لو
اسوقت سے جب دل چاہے بیمار پرسی کو اور یہ ضروری نہیں کہ تین روز بیمار ہونے کے بعد عیادت
کریں بلکہ جب چاہیں کریں **سنت دوا** مسنون ہے دوا کرنا بیماری میں نظر رکھے اللہ تعالی پر اور علاج
کرتا رہے **سنت کلونجی** سنت ہے دوا کرنا ساتھ شونیز یعنی کلونجی کے اور مسنون ہے
دوا کرنا شہد سے کیونکہ فرمایا حضرت نے کہ ان دونوں چیزوں میں شفا رکھی ہے خدا تعالی نے
اور وارد ہوئی ہیں بہت حدیثیں اُنکی تعریف میں **سنت فال** سنت ہے کہ جب کسی
کا عمدہ نام یا کوئی کلمہ سنو تو اسے اپنے مدعا کے مناسب اور بہتر سمجھ کر خوش ہو جاؤ
یہی فال ہے۔ بدفالی لینا سخت منع ہے مثلاً سفر کو جاتے ہوئے کیدڑ رستہ پر ہو کر گذر جاوے
تو لوگ اُس دن کو چھوڑ دیتے ہیں پھر کسی دن سفر کرتے ہیں یا مثلاً صبح کو بندر کا نام نہیں
لیتے اُسکو خرابی کا باعث سمجھتے ہیں یہ سب منع ہے اور بہت برا ہے منحوس سمجھنا کسی
آدمی کو اور غلطی ہے کہ کہتے ہیں کہ فلاں کی وجہ سے ہم کو مرض آیا یا نقصان ہوا۔

سنت موت ۔ سنت ہے کہ جلدی کرین کفن دفن مین میت کے **سنت قبر** یہ ہے کہ ڈالیں اُسکی قبر پر پانی اور بہت اونچی نہ بناوین اور پختہ نہ بناوین **سنت طعام** سنت ہے کہ دیا جائے کھانا میت کے رشتہ دارون کو لیکن خیال کرو کہ نہیں جائز ہے کا کھانا تمام برادری اور رشتہ دارون کو بلکہ کھاوین وہی لوگ جو شریک ہین میت والون کے کھانے میں اور نہیں جائز ناموری اور دکھلاوا بلکہ جو کچھہ موجود ہو دیدیا جائے یہ وہ باتیں ہیں سنت کی کہ جن کے عمل کرنے سے آدمی نجات پاتا ہے اور محبوب ہوتا ہے طرف اللہ کے۔ پس اے مسلمانون عمل کرو شوق سے اور دعا کرو طریقہ سنت کا نصیب ہو ہم سب کو اور رہون ہم سب آخرت میں ساتھ رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم کے اور نجات پاوین نار دوزخ سے اور راحت نصیب ہو جنت میں اور دیدار حق تعالیٰ کا اسکے فضل و رحمت سے

معتبر کتابوں سے لکھے گئے ہیں صغیر و کبیر عالم و جاہل کوئی مسلمان نہیں جسنے اسکو پسند نکیا ہو مولانا سید اصغر حسین صاحب دیوبندی نے اسکو تالیف فرمایا ہے اور اب پانچوین مرتبہ دیوبند مطبع قاسمی میں نہایت صاف اور روشن خط میں بڑی تقطیع پر تین جز میں چھپا ہے آخر میں ناقۂ رسول کی مناجات ہے نفع عام کیلئے قیمت ڈیڑھ آنہ

علم الاولین

یہ ایک نہایت عجیب و لطیف مختصر رسالہ ہے اُردو میں اس مضمون پر اجتک کوئی کتاب نہیں لکھی گئی یہ ایک عربی زبان کی اعلیٰ تصنیف کا نہایت عمدہ انتخاب ہے۔ اسمیں ہر ایک کام کے ابتدا کرنے والیکو بیان کیا گیا ہے مثلاً یہ کہ سب سے اوّل خدا تعالیٰ نے کس چیز کو پیدا فرمایا۔ سب سے پہلے دنیا میں کونسا درخت پیدا ہوا۔ قرآن شریف پر سب سے اوّل نقطے کسنے لگائے۔ اعراب (یعنی حرکتیں) کسنے لگائے خانہ کعبہ کو اوّل غلاف کسنے پہنایا۔ اسی قسم کے دلچسپ اور مفید سوال جواب صاف اردو میں جمع کئے ہیں اور مؤلف نے جا بجا اپنی طرف سے عمدہ فوائد اور آخر میں نہایت کارآمد مسائل بڑھا کر اس کتاب کو زیادہ مفید بنا دیا ہے اس کتاب سے ہر ایک کو دلچسپی ہے قیمت (۱ر)

تعبیر نامہ حصہ اول

اُردو جاننے والے حضرات کیلئے امام محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ کے عربی تعبیر الرویا کا خلاصہ بہت ہی صاف اور کارآمد لکھا گیا ہے اسمیں خدا تعالیٰ اور انبیا اولیا ملائکہ کو دیکھنے نماز اذان حج کعبہ مسجد و مکان قبرستان خواب میں دیکھنا عورتوں کپڑے زیور پھلوں اور درختوں کو دیکھنا۔ مردوں کو دیکھنا۔ حیوانات اور چرندوں کو دیکھنا۔ نکاح۔ شادی اولاد کو دیکھنا اور بہت امور بیان کئے گئے ہیں آخر میں طاعون کے متعلق ایک نہایت مفید فتویٰ درج ہے قیمت معہ ناقۂ رسول (۱ر)

میراث المسلمین

فرائض مسلمانوں کا ایک نہایت ضروری علم ہے ہر شخص کو اسکی ضرورت پڑتی ہے مگر مسلمان اس سے بالکل بیخبر اور غافل ہیں۔ اُردو میں اس علم کی عام فہم کتابیں موجود نہیں اسی خیال سے جناب مولانا سید **اصغر حسین** صاحب دیوبندی نے ایک عام فہم رسالہ اردو میں تحریر فرمایا ہے۔ اسمیں میراث اور فرائض کے قواعد وصیت کے مسائل جائداد کو منتقل کرنیکا بیان اولاد یا زوجہ کو زندگی میں جائداد دینے کے مسائل گمشدہ کا حکم موجود ہے جس سے ہر ایک عام فہم اُردو خوان بلا کسی کی مدد کے صدہا مسائل میراث جائداد اور وصیت کے بخوبی بتلا سکتا ہے۔ قرآن حدیث فقہ فرائض معتبر کتابوں سے یہ کتاب لکھی گئی ہے بڑے بڑے علماء نے اسکو پسند فرمایا ہے مدرسہ اسلامیہ عربیہ دیوبند کے بڑے مفتی صاحب نے اسکے تمام مسائل کی تصدیق کیلئے آخر میں مہر و دستخط ثبت فرمائے ہیں اس وجہ سے یہ کتاب نہایت بیش قدر ہو گئی ہے اہل جائداد و مقدمات اور وکلاء دیوانی عام مسلمانوں کے لئے۔ اور مبتدی طلبہ کے واسطے ازحد مفید ہے۔ عدالت میں اسکے مسائل بطور سند پیش ہو سکتے ہیں بہت صاف خوشخط طبع ہوئی ہے قیمت ۲ر

الصالحات

یعنی نیک بیبیان

اس مجموعہ میں چار رسالے ہیں

اول **مرضعۃ الرسول**

جسمیں انحضرت صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی دایہ حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے حالات اور سرور کائنات صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی طفولیت کے حالات کے ساتھ آپکے وفا اور حسن خلق کو بھی بخوبی بیان کیا ہے۔ دوم۔ **زوجہ طاہرہ** جسمیں رسول مقبول صلعم کے سب سے پہلے بی بی حضرت خدیجہ رض کے حالات زندگی تحقیق سے لکھے گئے ہیں اور انکی اولاد کا بھی بالتفصیل ذکر کیا گیا ہے۔ سوم **صدیقہ** رض یعنی حضرت عائشہ رض کے حالات زندگی اور آپکا علم و فضل اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہنے کے دلچسپ واقعات۔ چہارم **بضعۃ الرسول** جسمیں جگر گوشہ نبوی یعنی بی بی فاطمہ رض کے حالات انکی شادی کا حال اولاد کی تفصیل وفات کا صدمہ یہ تمام حالات نہایت صحیح اور معتبر روایات سے مولانا سید **اصغر حسین** صاحب نے جمع کئے ہیں اس رسالہ کو دیکھنے سے جو بات حاصل ہوتی ہے۔ وہ متفرق کتابوں میں ان حالات کے پڑھنے سے نہیں ملتی تیسری بار نہایت صاف اور خوشخط طبع کرائی ہے خوبی دیکھنے پر موقوف ہے قیمت ۳ر

فرحۃ الصائمین

رمضان المبارک کی فضیلت روزہ کے مکروہ ہوسکنے کا مسئلہ ہونے قضا کفارہ واجب ہونے نہونے کے متعلق تمام مسائل قضا رکھنے کا طریقہ سحر اور افطار کا بیان اور مسائل نماز تراویح وتر و اعتکاف اور شب قدر کا بیان مکروہ اور حرام اور نفل روزوں کا بیان صدقۃ الفطر اور عید کی نماز کی مفصل ترکیب۔ چاند دیکھنے کا ضروری بیان۔ اکتیس روزے واجب ہونے کا عجیب مسئلہ مفصل بیان اور عام فہم طرز پر نہایت معتبر کتاب ہے جو صاحب تمام کتابیں خریدینگے انکو یہ مفید رسالہ مفت نذر ہوگا ورنہ قیمت ۵ر

مفید الوارثین

میراث المسلمین کو جس شخص نے دیکھا پسند کیا اور بڑے بڑے علما نے اسکے مضامین کی تصدیق و تعریف فرمائی لیکن اکثر حضرات نے فرمایا کہ مضمون کسیقدر مختصر رہ گیا ہے [illegible] اگر [illegible] دے جائیں تو نہایت مناسب ہے۔ اسلئے مولف صاحب نے نہایت محنت و سعی سے [illegible] مفصل و مطول [illegible] عام فہم مستقل رسالہ علم فرائض میں تصنیف [illegible] میراث المسلمین کے تمام مضامین کو کامل تشریح اور وضاحت سے لکھدینے کے علاوہ علم فرائض کے فضائل اسکی حقیقت اسلام سے پہلے میراث تقسیم ہونیکا دستور میراث کی ابتدا اسکے احکام نازل ہونیکے [illegible] تجہیز و تکفین کا بیان مریض کے [illegible] و مہر وغیرہ کا ایسا مفصل بیان [illegible] اور [illegible] موجود نہیں۔ تمام وارثوں کے مفصل حصے اور میراث [illegible] کی بیشل تفصیل و تشریح [illegible] عام فہم نقشے اور نقشوں کے بعض علمی فائدے مثلاً والد کا حصہ والدہ سے کم کیوں ہے جابجا عام فہم مثالیں عصبات کی تفصیل اور نقشہ [illegible] وارثوں کا نقشہ مع دلیل شرعی ذوالارحام [illegible] شجرہ مع شجرے اور مستقل وارثوں کا بیان حاجب محجوب [illegible] مستقل مع بیان ہر ایک وارث کا حال [illegible] سمجھایا ہے تاکہ بہت کم استعداد کے مسلمانوں کو [illegible] محنت سے مرتب کر کے لکھا گیا ہے معمولی استعداد کا شخص اسکو مطالعہ [illegible] مسائل بتلانے پر قادر ہو جاتا ہے جناب مولانا [illegible] کیلئے بھی [illegible] قیمت [illegible]

مجموعہ امداد الفتاوے

ہر چہار جلد

اسمیں حضرت مولانا اشرفعلی صاحب کے فتاوی ۱۳۲۵ھ سے اسوقت تک کے جمع کئے گئے ہیں پہلی جلد میں کتاب الطہارۃ صلوٰۃ جنائز۔ زکوٰۃ وصدقہ صوم اعتکاف حج کے تقریباً تین سو فتوے ہیں اور دوسری جلد میں نکاح رضاعت طلاق وعدۃ ونفقہ حدود ایمان نذور وقف قربانی وذبائح حظر واباحۃ وغیرہ کے دوسو پچھتر بلکہ زیادہ پر تحقیق فتوے ہیں لیکن بعض جگہ کتب عربیہ کی طویل عبارتیں وغیرہ بھی منقول ہیں جنکا ترجمہ نہیں ہے۔ دونوں جلدین یکجا متوسط درجہ کے کاغذ پر ۳۸۰ صفحہ پر مطبع مجتبائی میں چھپی ہیں نہایت عمدہ فہرست مرتب کرکے شروع میں لگائی ہے قیمت بھی ذرا گران ہے یعنی بلاکسی رعایت کے ایکروپیہ آٹھ آنہ عہ۸؍۔

تیسری جلد میں بیع ربوا کفالت حوالہ ودیعت عاریت اجارہ۔ دعوای قضا شہادت غصب شفعہ رہن ہبہ شرکت قسمت مزارعت لقطہ وصیت فرائض مسائل متفرقہ مسائل طاعون کے ابواب اور مسائل ہیں۔ اور چوتھی جلد میں تفسیر اور حدیث کے متعلق جوابات تصوف۔ خواب۔ بدعات تقلید عقائد مناظرہ فلسفہ جدیدہ رسالہ خطاب الندوہ اور علیگڈھ کالج کے مولوی خلیل احمد صاحب کی تحریرات کے جواب وغیرہ درج ہیں۔ یہ تیسری اور چوتھی جلدین یکجا ۴۱۶ صفحہ پر طبع ہوئی ہیں۔ انکی قیمت عہ۱؍ ہے خوبی دیکھنے پر موقوف ہے، کہاں تک بیان کیجاے۔

حجۃ الاسلام

حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے علم لدنی کا نمونہ۔ اثبات توحید ورسالت کے بےمثل مضامین وتقریرات۔ عرصہ ہوا بہت کم درجہ کاغذ پر معمولی طرز سے چھپا تھا۔ قیمت اسکی ۳؍ ہے اب حضرت مولانا محمود حسن صاحب مدظلہم نے ابتدا میں چار صفحہ کا دیباچہ تحریر فرماکر اور موقع بموقع توضیح مطالب کیلئے عنوانات قایم کرکے نہایت مفید بنادیا ہے اور نہایت عمدہ کاغذ کے ۷۰ صفحات پر جمعیۃ الانصار کی اہتمام سے خوبصورت طبع ہوا ہے۔ اہل علم اور صاحبان وسعت اسکو ضرور طلب فرماکر محظوظ ہوں قیمت ۶؍

۷۸۶

ہو الاول والآخر والظاہر والباطن وہو بکل شئ علیم

الحمد للہ تعالے کہ رسالہ

علم الاولین

ملقب بہ

فیض الاول

یعنے جناب مولانا حاجی حافظ محمد عبدالاول صاحب ادام اللہ فیضہم کے

عربی رسالہ احسن الوسائل کا [illegible]

جناب مولوی سید اصغر حسین صاحب [illegible]

مین تالیف [illegible]

حسب فرمائش مولوی جعفر علی لکھنوی

مطبع اصح المطابع لکھنؤ مین باہتمام محمد قادر بخش طبع ہوا

دسمبر سنہ ۱۹۱۰ع

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد وثنا اوسی قدیم ذات کو شایان ہی کہ ہو الاول والآخر جسکی شان ہی ظاہر و باطن مین جسکا
جلوہ ہر آن ہی۔ یہ اونچا آسمان اور وہ چٹیل میدان۔ جب نہ تھے تو وہی موجود تھا۔ یہ اونچے
پہاڑ اور وہ زور وشور سے بہنے والے دریا جب عدم مین منہ چھپائے ہوے تھے تب بھی اُسیکا
جلوہ نمایان تھا سورج تھا نہ اُسکی گرمی۔ چاند تھا نہ اُسکی روشنی کون تھا وہی ابدی و قدیم
وحدہ لاشریک سچا معبود۔ جب اپنی قدرت کا تماشا دکھلانا چاہا ایک اشارہ سے تمام کارخانہ
عالم موجود کر دیا آدم کو اپنا خلیفہ بنایا جنت سے زمین پہ پہونچایا تمام ضرورتون کا علم سکھلایا دنیا مین
زندگی بسر کرنے کا ڈھنگ بتلایا۔ اولاد آدم سے ایک ایسا محبوب نبی بنایا کہ فرشتون نے
بھی اپنا مرتبہ اُس سے نیچا پایا۔ سب سے اوّل اُسکا نور پیدا کیا اور سب سے پہلے اُسکو نبوت
دی اپنے خاص دوستون اور پیارے بندون کو اُسکے اہلبیت اور خادمون مین داخل کیا
خدا کے ہزارون سلام و صلوٰۃ ہون اُسپر اور اُسکے تابعین پر۔ اما بعد فقیر بے مایہ بندہ سید
اصغر حسین حسنی حنفی غفر اللہ لہ ولمشایخہ واکابرہ واحبابہ اجمعین عرض کرتا ہی کہ کتاب احسن الوسائل
الی حفظ الاوائل مؤلفہ سراپا فضل و کرم متخلق باخلاق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جناب مولانا
حافظ و قاری مولوی عبد الاول صاحب ابن عالم عامل صوفی کامل حضرت مولانا کرامت علی صاحب

جونپوری مرحوم و مغفور ایک نہایت لطیف کتاب ہو مولوی صاحب موصوف اپنی علمی قابلیت و استعداد اور کثرت تصانیف خصوصاً علم ادب کے کمال تبحر کی وجہ سے مستغنی عن التوصیف ہین گو آپ کی تمام تصانیف اہل علم کی دلچسپی کا سامان ہوتی ہین اور نہایت مفید ہونے کی وجہ سے بعض عربی مدارس کے درس مین بھی داخل ہین لیکن حسن الوسائل اپنے طرز مین ایک خاص کتاب ہو احقر خود بھی اسکو دیکھکر لطف اٹھاتا تھا اور جسکو سناتا تھا وہ خوش ہوتا تھا چونکہ یہ رسالہ عربی زبان مین تھا لہذا جو لوگ اسکو نہ سمجھ سکتے تھے اُنپر افسوس آتا تھا۔ چونکہ اُردو مین اب تک ایسی کتاب نظر نہین پڑی لہذا ایسے ہی لوگون کی خیر خواہی اور فائدہ کے لئے بندہ نے اس رسالہ کو منتخب کر کے جو باتین عام فہم اور دلچسپ تھین اُنکو اُردو مین بطور سوال جواب کے ترتیب دیکر علم الاولین سے موسوم کیا بعض وہ علمی باتین اور بحثین جنمین صرف علما ہی کو لطف آسکتا تھا اور جنکو وہ خود اصل رسالہ سے دیکھ سکتے ہین چھوڑ دیگئین اور بعض جگہ اپنی طرف سے بطور فائدہ کے دو چار باتین بیان کردین خدا تعالی سے امید ہو کہ نیک خیال لوگون مین اسکو مقبول بنا کر نفع پہونچاوے اور اپنے خاص حبیب کے طفیل سے اصل مصنف اور اس فقیر مترجم و مؤلف پر نظر رحمت فرماوے۔ آمین

سوال سب سے پہلے خدا تعالی نے کس چیز کو پیدا فرمایا **جواب** نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کو حدیث شریف مین ہو کہ اول ما خلق اللہ نوری **سوال** آپ کے نور کے بعد سب سے پہلے کیا چیز پیدا فرمائی **جواب** قلم کو پیدا فرمایا **سوال** سب سے پہلے قرآن شریف کی کون سی سورۃ نازل ہوئی **جواب** سورۂ علق یعنی اقرأ باسم ربک الذی خلق **سوال** سب سے پہلے دنیا مین کون سا درخت پیدا ہوا۔ **جواب** کھجور کا درخت **ف** یہ عجب درخت ہو اور اہل عرب کا توشہ اور اس ملک کا خاص میوہ ہو۔ پہاڑون اور پتھرون مین بعض دفعہ پیدا ہو جاتا ہو اور ایسا شیرین ہوتا ہو کہ لب

بندھے ہین۔ مدتون رہتا ہی اور خراب نہین ہوتا طرح طرح سے کھایا جاتا ہی شیرہ نکالکر بجلے شکر
کے استعمال کرتے ہین روٹی سے اسکو کھاتے ہین۔ لسیدہ اور حریرہ بناتے ہین۔ جانورون مین اونٹ
اور پھلون مین کھجور عرب کی سرزمین کے لیے خدا تعالی نے نہایت بڑی نعمت بنائی ہین اس
درخت کو انسان سے بڑی مناسبت ہی جیسے انسان کا کوئی عضو کٹکر پھر نہین نکلتا اسیطرح اسکی
شاخ وغیرہ کٹ جاتی ہی پھر نہین پھوٹتی اسی لیے مشہور ہی کہ حضرت آدم علیہ السلام کو بناکر جو
مٹی باقی تھی اس سے خدا نے کھجور کا درخت پیدا فرمایا۔

روایت ہی کہ ایکروز حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ سے فرمایا کہ تبلاؤ ایسا درخت
کونسا ہی جو مرد مسلمان کی طرح نہایت ہی نافع ہی اور اُسکے پتے کبھی نہین جھڑتے حاضرین نے
جنگل کے طرح طرح کے درختون کے نام تبلائے مگر کھجور کا خیال کسیکو نہ آیا آخر عرض کیا کہ
یا حضرت آپ ہی ارشاد فرمائیے تب آپ نے ارشاد فرمایا کہ کھجور ہی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے
بیٹے عبداللہ بھی اس مجلس مین موجود تھے وہ فرماتے ہین کہ میرے خیال مین آگیا تھا کہ کھجور ہی
مگر میری عمر سب سے کم تھی بڑے آدمیون کی شرم اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ادب سے
کہنے کی جرأت نہوئی ۱۲ مترجم۔

سوال لوح محفوظ مین خدا تعالی نے سب سے پہلے کیا لکھا جواب بسم اللہ الرحمن الرحیم
سوال اول زمین کا کون ٹکڑا پیدا کیا گیا۔ جواب جس جگہ خانہ کعبہ ہی اوّل اسکو پیدا کرکے
چارون طرف زمین پھیلا دیگئی سوال سب سے پہلے اربعین (یعنی چہل حدیث) کسنے تالیف کی
اور لکھی جواب حضرت عبداللہ بن مبارک امام حدیث نے جنکی وفات ۱۸۱ھ مین ہوئی ہی
ف آپ کے بعد صدہا علما نے جدے جدے طرز پر اربعین جمع فرمائی اور سب سے آخر مین بندہ
مترجم غفرلہ فقیر سید جعفر حسین عفی عنہ نے ۱۳۲۲ھ مین چہل حدیث تالیف کی سوال طب

مین اسباب و حالات سب سے پہلے کسنے لکھے جواب بقراط حکیم نے سوال علم اصطرلاب
سب سے پہلے کسنے وضع کیا جواب بطلیموس نے سوال اسلام مین سب سے پہلے اس فن کو
کسنے سیکھا جواب براہیم بن حبیب الفزاری نے سوال اصول فقہ سب سے پہلے کسنے
بنایا جواب حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے سوال علم بدیع مین اول تصنیف کسنے کی
جواب ابو العباس عبد اللہ بن المعتز عباسی نے ۲۷۴ہجری مین۔ انکی وفات ۲۹۶ھ مین
ہوئی سوال علم نحو مین اول کسنے تصنیف کی جواب موسیٰ ابن عبید اللہ بن یحییٰ بغدادی نے
جنکی وفات ۳۲۰ھ مین ہوئی سوال سب سے اول صوفی کسکا لقب ہوا جواب ابو ہاشم
صوفی کا جنکی وفات ۱۵۰ھ مین ہوئی سوال اہل اسلام مین علم جبر و مقابلہ مین سب سے پہلے
کسنے تصنیف کی جواب استاذ ابو عبد اللہ محمد بن موسیٰ خوارزمی نے جنکی کتاب اس علم مین
مشہور ہے سوال جغرافیہ مین اوّل کسنے تصنیف کی جواب بطلیموس نے سوال علم حدیث
مین سب سے پہلے کسنے تصنیف کی جواب ابن جریج محدث رحمہ اللہ نے سوال علم سیر
یعنے واقعات و حالات متعلقہ صحابہ کرام و رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم مین اول کس نے
تصنیف کی جواب مشہور و معروف امام سیر و مغازی محمد بن اسحٰق نے اوّل تصنیف اس علم
مین کی جنکی ۱۵۱ہجری مین وفات ہوئی ہے۔ انکے بعد عبد الملک بن ہشام حمیری نے نہایت
عمدگی سے تدوین و ترتیب کی جنکی وفات ۲۱۳ہجری مین ہوئی ہے سوال قرآن و حدیث
کے مشکل الفاظ کی شرح مین اوّل تصنیف کسنے کی جواب ابو عبیدہ معمر بن المثنی التیمی البصری متوفی
سنہ ۲۱۰ھ نے سوال فضائل قرآن مین اول کسنے تصنیف کی جواب حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ
علیہ نے سوال قیامت کے دن سب سے پہلے قبر سے کون اٹھیگا جواب حضرت محمد رسول
اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سوال حضرت آدم کے بعد اول لکھنا کسنے شروع کیا جواب حضرت

ادریس پیغمبر علیہ السلام نے سوال اور سیتا کسنے شروع کیا جواب حضرت ادریس علیہ السلام نے سوال دوزخی لباس سب سے پہلے کسکو پہنایا جائیگا اور دوزخ مین سب سے پہلے کون داخل ہوگا جواب ابلیس کو سب سے پہلے دوزخی وردی پہنا کر دوزخ مین ڈالا جائیگا سوال سبسے اول حساب کس سے ہوگا جواب جبرئیل علیہ السلام سے اسلیے کہ وہ خدا کے امین اور رسولون کے پاس پیام لانے والے تھے سوال جنت مین سبسے پہلے کون داخل ہوگا جواب جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سوال حضرت آدم نے جنت مین جاکر اول کیا کھایا تھا جواب سب سے اول انگور کھایا دبقول بیرم اور سب سے آخر گندم کھایا تھا سوال جنت مین مومنین کو اول کیا کھلایا جائیگا جواب داخل ہونے کے بعد فوراً مچھلی کے جگر کے کباب کا ناشتہ کرایا جائیگا اور پھر انگور ف اس ترتیب سے مختلف روایات کا مطلب صاف ہوگیا۔ مترجم سوال دنیا مین سبسے اول زلزلہ کب آیا جواب جبکہ حضرت آدم کے بیٹے قابیل نے ہابیل کو قتل کیا سوال اذان سبسے پہلے کسنے دی جواب حضرت بلال مؤذن رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ف جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مکہ سے مدینہ مین تشریف لائے تو نماز کے لیے لوگون کو بلانے کی کوئی خاص تدبیر نہ تھی اندازہ کرکے خود بخود لوگ وقت پر جمع ہو جاتے تھے مگر دقت رہتی تھی۔ باہم مشورہ ہوا تو کسی نے کہا کہ مجوس کی طرح آگ جلا دیا کرو اُسے دیکھکر لوگ آجایا کرینگے کسی نے کہا کہ نصاریٰ کی طرح ناقوس بجایا کرو کسی نے کہا کہ یہود کی طرح قرن (سنگہ یا نرسنگہ) بنا لو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان رایون کو پسند نہین فرمایا۔ اسی فکر مین تھے کہ عبداللہ بن زید صحابی نے خواب دیکھا کہ کوئی آدمی ناقوس لے رہا ہے اُنھون نے پوچھا کہ فروخت کرتے ہو اُس آدمی نے کہا کہ تم کیا کروگے صحابی نے جواب دیا کہ نماز کے وقت بجاکر لوگون کو بلایا کرینگے اُس شخص نے کہا

کہ لو سنو ہم تمکو اس سے بھی عمدہ ترکیب بتلاتے ہین صحابی نے کہا کہ بتلاؤ۔ انھون نے یہ اذان کہکر سنائی جو آجکل پانچون وقت پکاری جاتی ہی اور کہا کہ نماز کے وقت اسی طرح پکار دیا کرو صحابی جاگ پڑے اور صبحکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیخدمت مین حاضر ہو کر بیان کیا آپنے فرمایا کہ یہ نہایت مبارک و سچا خواب ہی تم بتلاتے جاؤ اور بلال پکار کر اذان کہتے جائین انکی آواز بلند ہی۔ اذان پکاری گئی تو سنکر حضرت عمرؓ بھی دوڑے آئے کہ یا حضرتؐ مین نے بھی خواب مین اسی طرح اذان دیکھی ہی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ الحمدللہ۔ غرض خواب مین فرشتہ کی تعلیم اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی تصدیق سے اذان جاری ہوگئی۔ خدا تعالے قیامت تک جاری رکھے۔ فقیر مترجم عفی عنہ سوال خدا کی راہ مین جہاد کرنے کے لیے اول کسنے تلوار نکالی جواب زبیر بن العوام نے ف آپ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پھوپھی زاد بھائی تھے۔ سولہ برس کی عمر مین مسلمان ہوے انکے چچا انکو طرح طرح سے تکلیف دیتے تھے کہ یہ اسلام سے پھر جائین کبھی دھوئین مین بند کر دیتے تھے مگر یہ اپنے دین پر پختہ رہے آپنے انکو جنتی ہونے کی بشارت زندگی ہی مین دی تھی۔ چونسٹھ سال کی عمر مین شہید ہوے مترجم سوال شراب اور راگ باجا اول کسنے ایجاد کیا جواب شیطان نے سوال خدائی کا دعویٰ اول کسنے کیا جواب نمرود نے سوال یحیی اسکے پہلے کسکا نام ہوا جواب حضرت زکریا پیغمبر علیہ السلام کے بیٹے حضرت یحیی کا سوال مسلمانون مین سب سے پہلے کس کے جنازہ پر تابوت (گہوارہ) بنایا گیا جواب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے جنازہ پر (اگر اُردو مین اس واقعہ کو صاف طور سے دیکھنا ہو تو بندہ مترجم کی کتاب لمعۃ الرسول سطالعہ فرمائیے) سوال مسجد مین سبسے اول چراغ کسنے جلایا جواب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی حضرت تمیم داریؓ نے پہلے مسجد مین چراغ کا دستور نہ تھا انھون نے چراغ

روشن کیا تو جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمنے اسلام کو روشن کیا خدا تعالی
تمھارے دل کو منور فرماوے۔ اگر میرے کنواری بیٹی موجود ہوتی تو تمسے نکاح کردیتا ایک
شخص نے عرض کیا کہ یا حضرت مین اپنی بیٹی کا نکاح انسے کیے دیتا ہون اونکا نکاح کردیا
سوال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے اول کس بی بی سے نکاح کیا جواب
خدیجہ رضی اللہ عنہا سے جبکہ حضرت کی عمر شریف پچیس سال کی تھی (اگر حضرت خدیجہؓ کا مفصل حال دیکھنا ہو تو بندہ فقیر
اصغر حسین کی کتاب الصالحات مطالعہ فرمائیے) سوال مسجد مین اول محراب کسنے بنائی
جواب حضرت عمر بن عبد العزیز نے جو عدل و انصاف اور خدا سے ڈرنے مین مشہور ہین
خلفاے اربعہ کے بعد انھین کا درجہ خلافت مین ہی۔ سوال تمام دنیا سے پہلے رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم پر کون آدمی ایمان لایا جواب حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا سوال ان کے
مردون مین سب سے اول کون اسلام لایا جواب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سوال
لڑکون مین سب سے پہلے کون اسلام لایا جواب حضرت علی کرم اللہ وجہہ سوال علم نحو اول
کسنے ایجاد کیا اور قرآن مجید پر اعراب کسنے لگائے جواب ابوالاسود دولی تابعی بصری نے
ف بندہ مترجم عفی عنہ کہتا ہی کہ علم نحو کے اصل واضع حضرت سیدنا علی رضی اللہ تعالی عنہ
ہین اور اس علم کو بڑا فخر یہ ہی کہ ایسے جلیل القدر شخص کی طرف منسوب ہی۔ اول حضرت
موصوف نے باب اضافت و باب امالہ تحریر فرمایا۔ پھر ابوالاسود نے باب العطف اور باب الاضافت
لکھا۔ ابوالاسود کہتے ہین کہ ایک دن جناب علیؓ کی خدمت مین گیا تو آپ سر جھکائے متفکر بیٹھے
تھے مین نے عرض کیا کہ یا حضرت فکر کی کیا وجہ ہی فرمایا کہ مین نے لوگون کو غلط عربی بولتے
سُنا ہی ارادہ ہی کہ عربیت کے قواعد مین ایک کتاب لکھون۔ ابوالاسود نے عرض کیا کہ اگر جناب
اس طرف توجہ فرمادین تو ہم لوگون پر بڑا احسان ہو۔ چوتھے روز پھر حاضر ہوے

تو آپ نے علم نحو کے کسیقدر ابتدائی قواعد لکھے ہوئے ابوالاسود کو دیے جسے لیکر وہ بہت خوش
ہوے اسکے بعد ابوالاسود ہمیشہ کسیقدر لکھکر لاتے اور جناب امیر رضی اللہ عنہ اصلاح فرمادیتے
جب کافی مقدار اس علم کی جمع ہوگئی تو آپ نے فرمایا کہ یہ نحو (یعنی مقصود) بہت اچھا ہے۔
اسی وجہ سے اس علم کا نام نحو ہوگیا سوال قرآن مجید مین اول کسنے نقطے لگائے جواب
حجاج بن یوسف امیر عراق و خراسان کے حکم سے لگائے گئے اور اعراب ابوالاسود دولی نے
لگائے چنانچہ مذکور ہوا۔ بلکہ اعراب اور نقطے دونون ابوالاسود ہی کا ایجاد ہے سوال خانہ کعبہ
پر غلاف کسنے ڈالا جواب تبع (اول) نے جو ایک بڑا بادشاہ تھا۔ یہ اپنے لشکر کو لیے ہوے
سیر کرتا پھرتا تھا۔ مکہ مین آیا تو لوگون نے اسکی کچھ تعظیم نہ کی اسلیے بہت خفا ہوا اور خانہ کعبہ کو
منہدم کرنے کا ارادہ کیا اور وہان کے لوگون کو قتل و قید کرنے کا قصد کیا فوراً اُس بادشاہ
کے ناک کان سے پیپ بدبو جاری ہوگئی کسی کے علاج سے نفع نہوا تب طبیبون نے لاچار
ہوکر کہا کہ ہم دنیاوی امراض کی دوا کر سکتے ہین یہ تو آسمانی بلا ہے اسکا کچھ علاج نہین البتہ
اگر کعبہ کی بے ادبی سے باز آؤ تو صحت ہو۔ بادشاہ نے اس نیت بد سے توبہ کی اور خدا تعالے
پر ایمان لایا اُسی وقت پیپ بند ہوگئی اُسنے نہایت اعتقاد سے خانہ کعبہ کو غلاف
پہنایا سوال شیطان کے بعد سب سے پہلے کون دوزخ مین جائیگا جواب جو شخص ہمیشہ
غیبت پر اصرار کرتا ہوا مرگیا سوال اذان کے لیے منارہ اول کسنے بنایا جواب حضرت معاویہ
کے حکم سے سلمہ نے بنایا۔ اس سے پہلے اذان کے لیے منارہ نہوتا تھا سوال بعد مدینے مین
تشریف لانے کے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ آنے والے لوگون مین سب سے پہلے
کسکی وفات ہوئی جواب حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا شعبان سنہ ۳ھ
مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انکو مدینہ کے مقبرہ بقیع مین دفن فرمایا اور انکی قبر پر علامت

کے سے پیچھے رکھ دیا۔ سوال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے سب سے اول کون بچہ پیدا ہوا
اور کہاں اور کس بی بی سے پیدا ہوا۔ جواب عبداللہ سب سے اول مکہ مین رہتے ہوے نبوت سے
پہلے حضرت خدیجہؓ سے پیدا ہوے اور چھوٹی ہی عمر مین وفات ہوگئی سوال مسائل فقہ کو
اول کسنے تالیف و تصنیف کیا جواب حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے پچھلے تمام علما
آپ کے خوشہ چین ہین۔ سوال مدینہ مین جاکر سب سے اول مہاجرین مین کون بچہ پیدا ہوا
جواب عبداللہ ابن زبیر سنہ ہجری مین پیدا ہوے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کھجور چباکر
اُنکے مُنہ مین ڈالی۔ سب سے اول آپکا لعاب مبارک انکے دہن مین گیا۔ سوال سب سے
اول شیخین (یعنے ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما) کو برا کہنا کسنے شروع کیا جواب عبداللہ بن سبا منافق
یہودی نے سوال حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے سب سے پہلے کسنے بیعت کی جواب طلحہ بن عبیداللہ
نے سوال ایمان کے بعد سب سے اول امت محمدی صلے اللہ علیہ وسلم پر کیا فرض ہوا جواب
نماز فرض ہوئی سوال سب سے اول گندم کی کاشت دنیا مین کسنے کی جواب حضرت آدم
علیہ السلام نے سوال کپڑا اوّل کسنے سینا شروع کیا۔ جواب حضرت ادریس علیہ السلام نے
سوال اول کپڑا کسنے بنا جواب حضرت آدم علیہ السلام نے ف نزہتہ الناظرین مین
(روایات ضعاف مین سے) ایک روایت ہی کہ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ ایک شخص
رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین حاضر ہوا اور عرض کیا کہ یا حضرت میرے
پیشے کی نسبت کیا حکم ہے۔ آپنے فرمایا کہ تمھارا پیشہ کیا ہی۔ عرض کیا کہ کپڑا بنتا ہون آپنے
فرمایا کہ تیرا پیشہ ہمارے باپ حضرت آدم علیہ السلام کا پیشہ ہی تین روز تک حضرت جبرئیل
علیہ السلام تبلاتے رہے اور حضرت آدم بنتے رہے۔ تیرا پیشہ ایسا ہی جسکی ہر ایک آدمی کو زندگی
مین اور بعد الموت بھی ضرورت پڑتی ہی۔ جو کوئی تمھارے پیشہ کو برا کہے اور عیب لگاوے

اور تمکو تکلیف دیے اُسنے گویا آدم علیہ السلام کو عیب لگایا اور تکلیف دی لہذا تم لوگ کچھ غم نہ کرو اور خوش ہو کہ آدم علیہ السلام آگے ہونگے اور تم اُنکے پیچھے (بشرطیکہ عمل صالح کرو) جنت مین داخل ہوگے۔ مؤلف سوال اول علم کیمیا اور اُسکے متعلقات پر اہل اسلام مین سے کسنے بحث کی جواب حضرت معاویہؓ کے پوتے خالد بن یزید نے سوال پیمانہ اور وزن وغیرہ اول کسنے بنائے جواب حضرت ادریس علیہ السلام نے سوال دنیا مین سب سے پہلے ظلماً کون قتل ہوا۔ جواب حضرت آدم علیہ السلام کا بیٹا ہابیل پچیس سال کی عمر مین قتل ہوا اُسکے بھائی قابیل نے مار ڈالا سوال قرآن کو اوّل مصحف کسنے کہا جواب ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے سوال قربانی خدا کی راہ مین سب سے پہلے کسنے کی جواب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے سوال خدا تعالیٰ قیامت مین اول کسپر نظر فرمائیگا۔ جواب جو دنیا مین نابینا تھا اور صبر و شکر سے عمر گذاری سوال خانۂ کعبہ پر پرانا غلاف اُتار کر نیا چڑھانا کس نے شروع کیا۔ جواب حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے اس سے پہلے ہر سال پرانے غلاف کے اوپر دوسرا غلاف چڑھا دیتے تھے۔ اسطرح کپڑے جمع ہونے سے کئی مرتبہ آگ لگ گئی تب امیر معاویہؓ نے پہلے غلاف کو اُتار کر نیا چڑھانے کا حکم دیا چنانچہ اتبک اسی طرح ہوتا ہے سوال رسول خدا صلے اللہ علیہ سلم کے مدینہ تشریف لیجانے کے بعد انصار مین سب سے پہلے کون بچہ پیدا ہوا۔ جواب نعمان بن بشیر صحابی۔ انکے باپ بھی صحابی ہین سوال کاتنا اول کسنے شروع کیا جواب حضرت حوا علیہا السلام نے۔ سوال سب سے اول دینار بنا کر آیات قرآنی اُن پر کسنے لکھی جواب عبد الملک بن مروان نے دینار بنا کر قل ہو اللہ احد لکھی سوال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے سب سے پہلے جمعہ کس جگہ ادا فرمایا جواب مدینہ مین تشریف لانے کے بعد قبیلۂ بنی سالم بن عوف مین جمعہ پڑھا اور سب سے اول مدینہ مین

اِسی جگہ صحابہ کو خطبہ سنایا فصلے اللہ علیہ وعلی آلہ وصحابہ اجمعین وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین

مسائل ضروریہ مفید خاص وعام از طرف مؤلف

پاکی ناپاکی اور وضو نماز کے متعلق مسائل

سوال وضو کے بعد رومال وغیرہ سے بدن خشک کر لینا جائز ہی یا نہین جواب جائز ہی خود پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس وضو کے بعد بدن کا پانی خشک کرنے کو ایک کپڑا تھا مگر مناسب یہ ہی کہ ایسا خشک کرے کہ کسیقدر اثر پانی کا باقی بھی رہے سوال غسل کے بعد وضو ضروری ہی یا وہی وضو کافی ہی جو غسل کرتے وقت کیا تھا جواب وہی کافی ہی دوسرے وضو کی ضرورت نہین۔ حدیث سے یہی معلوم ہوا سوال سوتے ہوے جو پانی مُنہ سے نکلکر کپڑون کو لگجاتا ہی وہ پاک ہی یا ناپاک جواب فتویٰ اسپر ہی کہ وہ پاک ہی اور اُسکے لگنے سے کپڑا ناپاک نہین ہوتا۔ البتہ اگر اسمین خون اور زردی ملی ہوئی ہو تو ناپاک ہوگا سوال جس شخص کو غسل کی حاجت ہو اُسکا پسینا پاک ہی یا ناپاک جواب بالکل پاک ہی البتہ اگر بدن پر کوئی ناپاکی ظاہری لگی ہوئی ہی تو اُس سے ملکر پسینا ناپاک ہوجاویگا ورنہ خود پسینا غسل کی حاجت والے کا ناپاک نہین اگر کپڑون کو یہ پسینا لگجاے تو ناپاک نہین ہوتے سوال بڑے آدمی کے پیشاب مین اور بچہ کے پیشاب مین کچھ فرق ہی یا نہین جواب ناپاکی مین دونون برابر ہین مگر بچہ کے پیشاب کو دھونے مین مبالغہ شرط نہین آسانی سے دُھلجاتا ہی بخلاف بڑے آدمی کے سوال ایک کپڑے کے گوشہ کو ناپاکی لگ گئی پھر خیال نرہا کہ کس طرف لگی تھی تو کیا کرنا چاہیے جواب خوب غور اور خیال کر کے جسطرف زیادہ گمان ہو وہان سے دھو ڈالو پاک ہوجاے گا کچھ بھی شبہ دل مین نہ لانا پھر اگر چند روز کے بعد خاص وہی جگہ معلوم ہوگئی تو اُسے دھو ڈالے۔ اتنے عرصہ تک جو نمازین اُس کپڑے سے پڑھین اُنکا لوٹانا

واجب نہین سوال تراویح مین اگر نابالغ لڑکے کو امام بنا دیا جاے تو جائز ہی یا نہین جواب اسمین اختلاف ہی مگر صحیح قول یہ ہی کہ جائز نہین سوال امام اگر صافہ او عمامہ نہ باندھے تو نماز مین کچھ نقصان آتا ہی یا نہین جواب بالکل نہین۔

کھانے پینے کے متعلق مسائل

سوال زیادہ گرم کھانا جائز ہی یا نہین جواب مکروہ ہی لیکن جب چیز کے سرد ہونے سے نفع اور ذائقہ جاتا رہے اسکو گرم گرم استعمال کرنا مکروہ نہین جیسے چاء سوال تاڑی اگر عرصہ تک رکھی رہے اور سرکہ بنجاے تو اسکا کھانا جائز ہی یا نہین جواب جائز ہی۔ سوال کھانا اگر سڑ جاے تو کھانا جائز ہی یا نہین جواب اگر خوب جوش اور تغیر آکر سڑ گیا تو کھانا حرام ہی اور اگر بہت تھوڑا سا فرق آیا ہی تو جائز ہی سوال سر برہنہ کر کے کھانا جائز ہی یا نہین جواب بلا ضرورت اچھا نہین مگر جائز ہی۔ سوال بعض لوگ کہتے ہین کہ روٹی کے اوپر برتن رکھنا اور روٹی سے ہاتھ صاف کرنا جائز نہین جواب بلاشک مکروہ ہی۔ سوال بعض لوگون سے سُنا ہی کہ پان مین چونا کھانا حرام ہی۔ جواب اُنکا کہنا درست نہین بلا کراہت جائز ہی سوال بطور دوا کے کوئی حرام چیز کھانا جائز ہی یا نہین جواب جائز نہین البتہ اگر کوئی ماہر طبیب یہ کہے کہ اب اسی چیز سے شفا ہوگی تو اجازت ہی سوال سانپ کا گوشت اور چیونٹے اور کیڑے ار کر انکا سفوف دوا مین کھانا جائز ہی یا نہین جواب کھانا جائز نہین مگر پاک ہی اگر انکا طلا اور لیپ بدن پر لگا کر نماز پڑھے تو جائز ہی سوال پیوسی اور کھیس یعنے وہ دودھ جو بچہ جننے کے بعد گاے بھینس وغیرہ دیتی ہی جائز ہی یا نہین۔ جواب بلاشبہہ جائز ہی سوال ایک گاے کو ذبح کیا اُسکے پیٹ مین سے زندہ بچہ نکلا تو بچہ کو کیا کرنا چاہیے جواب بچہ کو بھی ذبح کر کے کھا لینا چاہیے۔

سوال - اگر کسی گاے بکری وغیرہ کو ذبح کیا اور پیٹ مین سے مردہ بچہ نکلا تو اس گاے اور بکری کا گوشت کھانا جائز ہوگا یا نہین - جواب بلاشبہہ جائز ہے صرف مردہ بچہ کو پھینک دینا چاہیے اور اسکی ماں کا گوشت کھایا جاے سوال عورت اگر کسی جانور کو ذبح کرے تو جائز ہے یا نہین - جواب عورت کا ذبح کیا ہوا بھی اسی طرح بلاشک حلال ہے جیسے مرد کا ذبح کیا ہوا - سوال اگر سات آدمی ایک گاے کو خرید کر ذبح کرین اور چھ آدمی قربانی کی نیت کرین اور ایک عقیقہ کی تو درست ہے یا نہین جواب درست ہے فقہ کی کتابون مین یہی لکھا ہے -

ہر قسم کے متفرق مسائل

سوال سونے چاندی کے بٹن مردون کو جائز ہین یا نہین جواب جائز ہین - شامی درمختار وغیرہ فقہ کی کتابون سے صاف معلوم ہوتا ہے سوال مرد کو کسی قسم کا زیور پہننا درست ہے یا نہین - جواب مرد کو صرف چاندی کی انگوٹھی جسکا وزن ساڑھے چار ماشہ سے زیادہ نہو جائز ہے - سونے پیتل لوہے تانبے کی انگوٹھی بھی جائز نہین اور چاندی کی جو ساڑھے چار ماشے سے زیادہ ہو وہ بھی جائز نہین سوال اگر دھوبی نے کسی دوسرے کا کپڑا بدل کر دیدیا اور اب باوجود تلاش کرنے کے بھی پتہ نہین لگتا تو کیا کرنا چاہیے جواب اگر وہ کپڑا برائی بھلائی اور قدر وقیمت مین تمھارے کپڑے کے برابر ہے یا کسی قدر کم ہے تو استعمال کر لو ورنہ لینا نہ چاہیے سوال اگر کسی شخص نے چوری کا کپڑا لا کر ہمارے ہاتھ فروخت کر دیا اور ہمکو خبر نہ تھی تو ہمکو گناہ ہوگا یا نہین اور نماز وغیرہ اُس کپڑے سے درست ہوئی یا نہین جواب خریدنے والے کو بوجہ لاعلمی کے گناہ نہین ہوا اور نماز وغیرہ اُسکی صحیح ہوئی - سوال مردہ حیوان کو چمارا ور حلال خور کے ہاتھ فروخت کرنا جائز ہے یا نہین جواب ہرگز جائز نہین - اُجرت دیکر چمڑا نکلوا کر رنگوالو اور پھر چمڑا بیچڈالو - دباغت دینے اور رنگنے کے بعد

چمڑا پاک ہوجاتا ہی بس نامحرم اور اجنبی عورت کی آواز سننا جائز ہی یا نہین جواب ضرورت
کے موقعہ مین جائز ہی بلاضرورت نہین مثلاً کچھ خرید و فروخت کرنا یا کوئی امیرزادی عورت
اپنے ملازمون کو حکم دیتی ہی سوال عورت کو اپنے پیر مرشد سے بھی پردہ کرنا واجب ہی یا نہین
جواب واجب و لازم ہی جسطرح دوسرے نامحرمون سے پردہ کرتی ہی مرشد سے بھی کرے۔
سوال اگر کوئی شخص روزہ کی حالت مین بھولکر کچھ کھا رہا ہی تو اسکو یاد دلانا چاہیے یا نہین
جواب اگر وہ شخص قوی اور توانا ہی اور روزہ مین گھبرانے والا نہین تو بتلا دینا چاہیے اور
اگر ضعیف ہی تو یاد نہ دلانا چاہیے کھانے سے کسیقدر سہارا ہوجائیگا اور روزہ بھی باقی رہیگا
کیونکہ بھولکر کھانے پینے سے روزہ نہین جاتا سوال چالاکی سے بلا ٹکٹ ریل مین سفر کرنا جائز
ہی یا نہین۔ جواب ہرگز جائز نہین جیسے سرکار کا جرم ہی ایسے ہی خدا تعالیٰ کے نزدیک
بھی گناہ ہوتا ہی سوال اگر قبلہ کا رُخ نہ معلوم ہو تو کسطرف نماز پڑھین جواب خوب غور سے
اندازہ کرکے جسطرف گمان غالب ہو اُسیطرف پڑھ لینا چاہیے اور اگر فراغت کے بعد معلوم ہو
کہ اُسطرف قبلہ نہ تھا تو نماز کا لوٹانا واجب نہین سوال لڑکیون کا کان چھیدنا (یعنی ان مین
سوراخ کرنا) جائز ہی یا نہین۔ جواب کان چھیدنا جائز ہی ناک کو بعض علما منع فرماتے ہین۔
لڑکون کا کان اور ناک چھیدنا جائز نہین سوال کوئی غیر مذہب والا مثلاً ہندو یا عیسائی بیمار ہو
تو اُسکی بیمار پرسی کرنا جائز ہی یا نہین جواب جائز ہی سوال نکاح کے وقت خُرما لُٹا دیتے
ہین یہ جائز ہی یا نہین۔ جواب جائز ہی سوال ایک شخص نے مکان کرایہ پر لیا کہ دو روپیہ
ماہوار دونگا اور مرمت بھی مین کرتا رہونگا یہ درست ہی یا نہین جواب جائز نہین اور لوگ
اس سے غافل ہین سوال زلزلہ کے وقت مکان سے نکلکر باہر میدان اور صحن مین آنا
درست ہی یا نہین جواب جائز ہی بلکہ مستحب اور بہتر یہی ہی (دیکھو درمختار) سوال اگر راستہ
مین ایک سوئی یا بادام پڑا تھا اُسکو اٹھا کر اپنے کام مین لگانا جائز ہی یا نہین جواب ایسی حقیر

صبغة الله ومن احسن من الله صبغة

الحمد لله على طبع هذه الرسالة المملوة من التحقيق والمشحونة من التدقيق في بيان

الخضاب اي الكتم والحناء لاعلان المؤمنين الاتقياء والاصفياء

المسمى

تحفة الاحباب
في
تصحيح الخضاب

للمولوی محمد عبد العزیز منیری وطناً ورامفوری مسکناً حفظه الله عن الشر ظاهراً

وباطناً بایماء صدیقی حبیبی محمد عبد القادر وکیل حفظه الله الجلیل

مطبع شمسی آگرہ میں محمد ابراہیم خان اکبرآبادی کے اہتمام سے چھپا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلْحَمْدُ للہ الذی جعل الشیب وقاراً وعبرۃ لاولی الالباب والصلوٰۃ
والسلامُ علٰے من شرع فی شریعتہٖ الخضاب۔ وعلی آلہ الموصوفین فِی
الاخبار والکتاب۔ واصحابہ المبشرین بالرضوان من رب الارباب
امّا بعد فیقول خادم العلماء والحجاج العبد الضعیف محمد عبد العزیز
المنیری وطناً والرامفوری مسکناً عفر اللہ ذنبہ الجلی والخفی ھٰذہ رسالۃ
مشتملۃ علی مقدمۃ واربعۃ فصول وخاتمۃ **المقدمۃ** قد سال عنی
صدیقی مسئلۃ الخضاب ای الکتم والحناء فقلت بالذی وجدت من
اباحتہ فی جملۃ کتب الصحاح وغیرھا فقال ینھی الرجل من استعمال ھٰذا الخضاب
فلما سمعت کلامہ سطرت سطراً علی القرطاس بجوازہ من الصحاح فرقم فی الحال
رسالۃ فی ردہ باللسان الھندی فلما رایتھا عجبت عجباً مِن امرہ الذی
صدرمنہ لعدم التحقیق والتنقیح فانہ حرم الامر المباح والمسنون

فنشرت الذیل علی العجز وحررت جوابه سریعًا وسمیته **بتحفة الاحباب فی تصحیح الخضاب** - ورقمت الفصول والخاتمة فی الفارسیة لتسهیل العام وتفهیم الانام اللّٰھمّ اجعل بین الخاص والعام مقبولة و مرضیة - وکن لها عن حسد الحاسد حافظا وناصرا

فصل اوّل در بیان تعریف خضاب والحث علیه مخفی ومحتجب نماند که خضاب بفتح خاء وضاد معجمه وباء موحده بمعنی رنگ کردن است و خضاب بروزن کتاب بدانچه رنگ کنند هکذا فی سبیل الهدیٰ والرشاد للشیخ محمد شامی و در منتهی الارب و در قاموس مرقوم که خضاب بالکسر لغت عربی است هر رنگ را گویند عمومًا و وسمه را خصوصًا وفی الصحاح الخضاب ما یخضب به الشیٔ خضبًا باید دانست که خضاب کردن مردان و زنان هر دو را مسنون است چنانچه بروایت ابوهریره در بخاری شریف وارد که فرمود رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم إِنَّ الیهود والنصاریٰ لا یصبغون فخالفوهم هکذا در مسلم و ابن ماجه وابوداؤد ونسائی وغیرہم و در رساله القول الصواب فی مسائل الخضاب للحبر نبیل و فاضل جلیل المولوی تراب علی صاحب لکھنوی مسطور که فرمود رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم اختضبوا فان اللہ وملائکته وانبیاءه ورسوله وکلما ذرء و برء حتی الحیتان فی بحارها والطیر فی اوکارها یصلّون علی صاحب الخضاب حتی یغسله و در

مختار آوردہ کہ یستحب للرجل خضاب شعرہ ولحیتہ ولو فی غیر حرب اگرچہ در موطا، امام محمد رحمہ اللہ مرقوم وان ترکہ ابیض فلا باس فاما از معائنہ اکثر احادیث صحاح ستہ وجز آن عدم ترک آن اولیٰ ومسنون می نماید کہ ارشاد رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم است بصیغہ امر یعنی اصبغوا فتفکر۔ **فصل دوم** در بیان تحقیق لفظ کتم مخفی نماند کہ کتم ووسمہ ہر دو یک شئے است چنانچہ در مجمع البحار مینویسد کہ از وسمہ بکسر السین مہملۃ ھو شجرۃ بالیمن یخضب بورقہ الشعر وقیل ھی بالضم وسمہ ورق نبت یجعل منہ النیل) ودر برہان قاطع مرقوم کہ (کتم بفتح اول وسکون میم وسمہ را گویند وآن برگی باشد کہ زنان ابرو ہا را بدان رنگ کنند وآن برگ نیل است چہ آن را بعربی ورق النیل خوانند) ودر سبیل الہدیٰ والرشاد نوشتہ کہ (الکتم بفتح الکاف والمثناۃ الفوقانیۃ نبت یصبغ بہ الشعر ویقال ھو الوسمۃ بکسر السین یعنی ورق النیل) ودر قاموس ومغرب نوشتہ (الکتم بالضم نبت یختلط بالحناء واذا طبخ بالماء کان منہ مداد) ھکذا در منتہی الارب پس بدانید کہ ازین جملہ کتب لغات مذکورہ فقط مجمع البحار کہ خالص لغت حدیث است ونزد محدثین معتبر ومستند برائے ثبوت مدعا کافی ووافی است وچہ قدر قوت واستحکامی لغاتش را اندران صورت باشد کہ مزید بران

معنیش دیگر لغات باشند الحاصل از کتب لغات مذکورۃ کما حقہ ثابت و متحقق شدہ کہ کتم و وسمہ ایک شئے است کہ آنرا در فارسی و ہندی نیل گویند و ازان سیاہی نوشتن تیار می کنند و خضاب ہم می سازند اگر برین صراحت و صاحت انکار است جائی تعجب و مقام افسوس است مثال انکارش ہمچو انکار آفتاب روشن است عدم بصارت احدی بنورش ہیچ زیان نرساند چہ پرتو ضیاءش بر ہمہ عالمیان ظاہر و باہر است اگر کسے کور باطن نہ بیند آفتاب روشن چہ نقصان **شعر**

گر نہ بیند بروز شپرہ چشم	چشمہ آفتاب را چہ گناہ

اکثر مردمان بسبب بے علمی و عدم تحقیق خضاب کتم و حنا را در بادی النظر محمول بر خضاب سیاہ کردہ حرام و ممنوع گویند و ہرچہ بر زبان آید می رانند زنہار این چنین نباید بل تا وقتیکہ در امری صحت و تحقیق نباشد سکوت ورزد الا پیش رب الارباب ماخوذ و معتوب باشد زیرا کہ خضاب کتم و حنا حضرت امیر المومنین سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ و سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ نمودہ و نیز بصورتیکہ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم تاکید و تحسین آن فرمودہ باشند بدرجہ اولی مباح میتوان شد اگرچہ خود آنحضرت صلعم گاہی استعمال کدامی قسم خضاب نکردہ مگر ارشاد رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم و فعل صحابہ کرام رضی اللہ عنہ بر مسنون بودن آن برائے مایان حجت قوی و برہان

جلی است کما قال علیکم بسنتی وسنة الخلفاء من بعدی عضوا
علیها بالنواجذ ودر اصول شاشی آورده السنة عبارة عن الطریق
المسلوکة المرضیة فی الدین سواء کان من رسول اللہ علیہ وسلم
او من اصحابه وحکمها انه یطالب المرء باحیائها ویستحق الائمة
بترکها الا ان یترکها بعذر چونکہ تشریحش امری لازمی بود فلہذا تحقیقش
بدرجہ اتم کہ شئے متنازع فیہ است نمودہ شد تا ناواقفان از صحت
وصواب آن اطلاع یافتہ بہرہ ور شوند وباز درچنین غلط فہمی نیفتند۔

فصل سوم در احادیثیکہ برجواز بودن خضاب وکتم صراحةً دلالت
می کنند فی فتح الباری شرح البخاری قد اخرج مسلم من حدیث
انس ابن مالک قال اختضب ابوبکر بالحناء والکتم۔ عن[۲] ابی
ذر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان احسن ما غیر بہ الشیب
الحناء والکتم۔ سنن ابن ماجہ۔ عن[۳] ابی ذر عن النبی صلی اللہ علیہ
وسلم قال ان احسن ما غیر بہ الشیب الحناء والکتم سنن ترمذی۔
عن[۴] عبد اللہ بن عباس قال مر علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم رجل
قد خضب بالحناء فقال ما احسن ثم مر آخر قد خضب بالحناء والکتم
فقال ھذا احسن من ھذا ثم مر آخر قد خضب بالصفرة فقال
ھذا احسن من ھذا کلہ سنن ابوداود وھکذا فی المشکوٰة ۔ وایضاً[۵] فی

شرح[۵] سنن ابی داؤد لابن رسلان عن ابی ذر قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان احسن ما غیر بالضم العین بہ ھٰذا الشیب - یعنی الذی فی الراس واللحیۃ الحناء والکتم - عن[۶] ابی ذر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال افضل ما غیرتم بہ الشمط الحناء والکتم سنن النسائی وایضاً[۷] عن عبد اللہ بن بریدۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان احسن ما غیرتم بہ الشیب الحناء والکتم سنن النسائی - و در[۸] روایتی منقول است کہ فرمود نبی صلی اللہ علیہ وسلم لا احب لاحد ان یترک الخضاب ولیشبہ باھل الکتاب ھذا فی المسلم - عن[۹] ابی ذر رضی اللہ عنہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال احسن ما غیرتم بہ الشعر الحناء والکتم مسند ابو حنیفہ رحمۃ اللہ عن[۱۰] محمد بن قیس قال ای براس الحسین بن علی رضی اللہ فنظرت الی لحیتہ وراسہ قد فضلت من الوسمۃ - کتاب الآثار للامام محمد وہکذا فی مسند ابو حنیفہ رحمۃ اللہ ایضاً[۱۱] عن ابی ذر رض عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم والہ قال احسن ما غیرتم بہ الشعر الحناء والکتم کتاب الآثار - قد[۱۲] اختضب ابوبکر بالحناء والکتم واختضب عمر بالحناء متفق علیہ مشکوٰۃ و فی النہایۃ الاثریۃ ان ابا بکر کان یصبغ بالحناء والکتم - قال[۱۳] محمد لا نری بالخضاب

بالوسمة والحناء والصفرة باسًا وان ترکه ابیض فلا باس بذلك کل ذلك احسن مو الطاء للامام محمدؒ

فصل چہارم

در جوابات فقرات مخدوشہ **قولہ** اور فتاوی قاضی خان مین لکھا ہے کہ خضاب کرنا وسمہ اور حنا کی ساتھہ بہتر ہے اور فتاوی بزازیہ مین امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے کہ خضاب حنا و وسمہ وکتم کے ساتھہ بہتر ہے مگر مراد اوس خضاب سے بال ڈاڑہی اور سر کا ہے۔ **اقول** باید دانست کہ کتم و وسمہ ہر دو ایک شئے است چنانکہ در برہان قاطع ومجمع البحار مسطور ہرگاہ کہ این امر متحقق شد پس بے شائبہ ریب خود از ہر دو فتاوی متذکرۂ مولف جواز بلکہ اولویت خضاب کتم وحنا ثابت شدہ زیادہ ازین چہ تصریح وتنقیح می جوید شاید مولف رسالہ بذہن خود فہمیدہ کہ خضاب کتم وحنا فقط بغازیان جائز است حالانکہ این چنین نیست بلکہ غازیان وجمیع مسلمان را نیز جائز ومباح است بل مسنون وآنکہ خاص بحق غازیان جائز است آن خضاب سیاہ است چنانکہ در فتاوی عالمگیری موجود عبارتہ هکذا (واما الخضاب بالسواد فمن فعل ذلك من الغزاة ليكون اهيب في عين العدو فهو محمود اتفق عليه المشايخ رح) فان كان لك فيه ريب فليرجع اليه **قولہ** اگر برگ نیل ہی مراد ہوتا تو صاف لفظ ورق النیل حدیث مین آتا۔ یہ بھی صاف قرینہ ہے کہ کتم سے برگ نیل

مراد ہمین سے اقوال اکرفی الواقع ہمچنین بودی چنانکہ مولف گوید پس آنرزمان
ہیچ احتیاج کدامی تفسیر لغت نبودی فقط انچیکہ صاف وصریح بران قرآن
ناطق است عمل بودی باقی ہمہ ہبا و منثورا بودی مثلت مثلاً حرمت سیندہیا
و بہنگ و گانجہ وچرس وافیون وغیرہ کہ بالاتفاق نزد مذاہب اربعہ ثابت
مگر از قرآن وحدیث ہرگیان بتصریح نام غیرثابت اندرین صورت بقول مولف
این ہمہ اشیاء حلال وطیب وطاہر یافتہ می شود و اگر گوید کہ گو حرمتش
بتصریح نام از قرآن وحدیث ثابت نباشد مگر از حدیث کل مسکر حرام
ثابت گوییم بازہمان اعتراض موجود کہ درین ہم صاف وصریح اسم ہاسہ ہرگیان
مذکور نیستند اگر گفتہ شود کہ گو بتصریح اسم ثابت نباشد لاکن تحت قاعدہ
کلیہ داخل است پس گوییم کہ حرمت اشیاء مذکور بالاجمال ثابت میتوان شد
نہ بصراحت اسم زیراکہ دعوی مولف ثبوت اشیاء صراحۃ باسم کتم است
ودرینجا مفقود الحاصل این ہمہ دشواری وخرابیہا از اختیار قید صراحت لازم
می آید والا واقع نبود وعلی ہذا در سورہ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰہِ وَالْفَتْحُ کہ مراد
ازان علامت اجل رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم است چنانکہ تفسیر ابن
عباس رضی اللہ عنہ در بخاری شریف وارد ہرگاہ کہ این سورۃ نازل شدہ
ازان روز مدام عقب نماز پنجگانہ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم سبحانک
اللھم وبحمدک اللھم اغفرلی می خواندند تا تعمیل حکم اللہ تبارک وتعالے

که تفسیر مجمل ربک است نموده آید حالانکه از قرآن مجید صراحتہ باسم اجل غیر ثابت
پس چگونه اذان علامت اجل گرفته شود و این امر خلاف عمل کل اربع لازم
می آید پس ازین بیان صاف ظاهر شد که علامت اجل از تفسیر ابن عباس
ثابت و مقرر والا بسیار نقص در معنی قرآن واقع شود در بهمه که وسمه واضح و مبرهن
که دریافت معنی لفظ و صحت و سقم آن موقوف بر لغت است اگر لغت جمع
نشدی و همچنین شارع رحمة الله تفسیر کلام مبهم و مجمل نکردی محال بودی دریافتن
معنی و دشوار بودی پی بردن بمطالب قرآن و حدیث غرض این همه طفیل
لغت است که طالب باستعانت آن فائز المرام می شود اگر برین انکار است
خدا ایش حافظ و نگهبان **قوله** چنانچہ ائمہ مجتہدین و محدثین نے لکھا ہے
کہ سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا جو خضاب تھا وہ ایک گھانس تھا
اقول کسی مجتہد و محدث نہ گفتہ و نہ نوشتہ کہ کتم گیاہ است این محض کذب
و افترا است اگر در حدیثی آمده است بیارید و پیش کنید اِنْ كُنْتُمْ صادقین
و اگر از لغت ثابت اندرین صورت خلاف اِدّعا متحقق انظران کان لك
بصیرة۔ **قوله** پس کتم و وسمہ یہہ دونو گھانس ہین جن کا رنگ سُرخ
مایل بہ سیاہی ہوتا ہے انکو حنا مین شامل کرکے خضاب کرنا جائز ہے برگ
نیل شامل کرنے کا ثبوت کامل طور پر نہیں ملتا۔ **اقول** اوّلا اینکه گفتن
مولف که کتم و وسمه دو شئے است محض غلط حالانکه کتم و وسمه هر دو ایک

شئے است چنانکہ مجمع البحار و سبیل الهدیٰ والرشاد صاف می نویسد کہ
کتم و وسمہ ہر دو یک است ان کان لك فیه شبهة فانظر فی فصل
الثانی۔ ثانیاً اینکہ در ہمو نجا نوشتہ کہ کتم ورق النیل است و ہمچنین در منتہی
الارب و قاموس زیادہ ازین چہ ثبوت کامل می خواہد۔ فی نی شایہ مولف
در آنجا لفظ کامل نوشتہ می طلبد البتہ ایچنین غیر مرقوم۔ خدا یش توفیق
خیر رفیق گرداند **قولہ** اکثر حدیثین صحاح کی اوپر خضاب سیاہ سیدنا ابوبکر
الصدیق رضی اللہ عنہ کی دلالت کرتی ہین الخ **اقول** اولاً اینکہ ہمچنین
ارشاد مولف مخالف مدعا اوست و تاویلاتیکہ میکند محض لاطائل ثانیاً اینکہ
در کتب صحاح و غیر آن ذکر سیاہ در باب خضاب سیدنا ابوبکر نیامدہ این محض
بہتانست معاذ اللہ منہا باوجود داشتن علم و التقام تکب این چنین منہیات
باشند زینہار عقل سلیم باور نمیکند نہ در حدیثی وارد بلکہ در اصل خضاب کتم و حنا
بود کہ جوازش از احادیث متواترہ ثابت و اگر گوید کہ مراد از سیاہی ہمون سرخی
و خضاب است کہ از کتم و حنا پیدا گویم کہ در بادی التطلبد اینہم خالی از بلی
نیست استغفر لیغفر اللہ ان اللہ غفور الرحیم و آنکہ در ابو داؤد و نسائی
وارد کہ فرمود رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم یکون قوم فی اخر الزمان
یخضبون بھذا السواد کحواصل الحمام لا یجدون رائحۃ الجنۃ ازین
حدیث ممانعت خضاب سیاہ است نہ ممانعت خضاب کتم و حنا زیرا کہ

جملہ کتب احادیث بر جوازش متفق - ہش دار درباب تطابق حدیث
و دریافت مطالب آن خیلے عقل سلیم و فہم مستقیم باید و الا در بحر ناپیدا
کنار غوطہ ہا خورد خاتمۃ ہرگاہ کہ رُوات احادیث مذکورہ ہمچو انس بن
مالک و ابی ذر غفاری و عبد اللہ بن عباس و عبد اللہ بن بریدہ صحابہ جلیل
القدر و فقیہ باشند و مناقب الیشان در سنن ترمذی موجود و باقی
محمد بن قیس تابعی و ثقہ و امام محمد شیخ تابعی فقیہ و ثقہ و نیز از کتب لغات ہمچو
مجمع البحار کہ خاص لغت حدیث است و برہان قاطع و سبیل الہدیٰ و الرشاد
و غیر آن صاف بصراحت اسم و وصف کتم کہ ورق النیل است در حنا
آمیختہ خضاب میکنند ثابت شدہ پس باز کدامی قسم خفا در کتم باقی نماند کہ مولف
منکر باشد اگر باشد خاطی باشد و انکہ از دیگر لغات ناشی کہ کتم گیاہیست
اصلی ندارد زیرا کہ این چنین قسم گیاہ نہ در ہند پیدا نہ در ملک عرب اگر بودی
درین زمان ہم یافتہ می شد نہ اینکہ صفت عنقا دارد کہ اسمش معلوم و وجود نیز
معدوم پس صحیح آنست کہ مجمع البحار و برہان قاطع و سبیل الہدیٰ و الرشاد
و قاموس و مغرب و منتہی الارب نوشتہ کہ اجماع است و قول اجماع
مقبول و مفتی بہ قولہذا العاتیکہ دلالت بر گیاہ غیر کتم میکند عند المحدثین غیر مقبول
پس ازین تقاریر صاف و صریح و بے شک و شبہ بر اعالی و ادنی بخوبی
ظاہر و باہر شد کہ کتم نیل است نہ گیاہ و نیز جوازیت بل مسنونیت

خضاب کتم و حنا بے شائبہ ریب ثابت و متحقق شد۔ چنانچہ شکل اول نیز ہمین نتیجہ میدہد (صغری) الخضاب بالکتم والحنا ثبت بامر النبی صلی اللہ علیہ وسلم (کبری) وکل ما ثبت بامر النبی صلی اللہ علیہ وسلم فہو مسنون (نتیجہ) فالخضاب بالکتم والحناء للشیب فہو مسنون۔ اگر کسے گوید کہ در عربستان نیل پیدا نمی شود از کجا استعمال خضاب نیل می کردند جوابش اینکہ بیشک در انجا پیدا نمی شود لاکن از ملک یمن می آمد حالا نیز چنانچہ در مجمع البحار نوشتہ کہ در ملک یمن پیدا می شود۔ پس چنانکہ دیگر اشیاء خوردنی وغیرہ از دیگر ملک می آیند ہمچنین نیل حتی کہ برگ تنبول ہم از ہند میرود۔ مخفی نماند کہ از آمیختن کتم و حنا علی التساوی رنگی پیدا شود کہ ناظر مجرد معائنہ پے می برد کہ رنگ این موے اصلی نیست بل جعلی است و خضابیکہ محض سیاہی پیدا کند و تمیز در اصلی و جعلی نباشد بالاتفاق حرام است

واللہ اعلم بحقیقت الحال والیہ المرجع والمآل

نحمدہ ونشکرہ قد تمت ھذا الرسالۃ فی شہر ربیع الثانی سنہ الف وثلاث مائۃ وتسع عشرہ من الہجرۃ النبویۃ فی المقام حیدرآباد دکن الذی حفظ

الله عن الشر وفتن الآن اختم الكلام على من هو

المستعان فی کل زمان وعلیہ التکلان اللّٰہم صل

وسلم وبارک علی محمد وآلہ واصحابہ اجمعین ؁

تقریظات

ھذا التقریظ لعلامۃ الدوران وفھامۃ الزمان الحبر النبیل والفاضل

الجلیل جامع العلوم العقلیۃ وحاوی الفنون الشرعیۃ کلامہ

منیف۔ وبیانہ بیان حنیف امام المحدثین۔ وقدوۃ المفسرین حمدۃ

الکاملین وزبدۃ المتورعین رفیع المنزلۃ۔ سمؤ المکان مولانا وبالفضل

اولنا المولوی محمد عباس علیخان لازال شموس فیضانہ ومادام اقمار

احسانہ

ماحررہ المولوی محمد عبدالعزیز فھو صبغۃ اللہ العزیز لان

ما اتاہ الرسول ھو امر اللہ بالقبول یا اولی الالباب۔

الخضاب عین الشباب۔ وحکم رب الارباب وتحفۃ

الاستیاب۔ فطوبیٰ للمصنف والاحباب فقط

العبد

محمد عباس علیخان

ہذا التقریظ لجامع العلوم نقلیۃ وعقلیہ بالخصوص بفن الحدیث

مشہور ومعروف فی الامصار والبلاد المولوی محمد منصور علی متوطن

مرادآباد مدرس مدرسہ طبیہ نظام آصفیہ۔

انی قد رایت ہذہ الرسالۃ وجدتہا مشحونۃ بالتحقیق

فان الخضاب بالحناء والکتم ثابت بالاخبار الکثیرۃ ۱۲

العبد

محمد منصور علی عفی عنہ

ہذا التقریظ قدوۃ المحدثین وزبدۃ المفسرین الحبر النبیل والفاضل

الجلیل مولانا المولوی حکیم عبدالرحمن مادام برہ والاحسان ۱۲

واری انہ الحق تبع والحق حقیق بان یستمع فقط

العبد

حکیم عبدالرحمن سہارنپوری عفا اللہ عنہ

ہذہ التقریظ للعالم العامل والفاضل الکامل المولوی عنایت العلی

ابن المولوی کرامت علی دہلوی۔ رسالہ ہذا را دیدم ماشاء اللہ چشم بدور خوب

نوشته اند قابل اشاعت و طبع است — العبد

محمد عنایت العلی کان اللہ لہ

هذا التقريظ مولانا و اولنا الذی معروف فی المشرقین و المغربین المولوی محمد نور الحسنین سلمہ اللہ فی الدارین ۱۲

رسالہ ہذا بکمال تحقیق نگارش یافتہ قابل طبع است احررہ خادم علماء دین رسول الثقلین

العبد

محمد نور الحسنین عفا عنہ

قطعہ تاریخ

رقم پذیر عزیزم شد این رسالہ ولی	میان جملہ روایت خوش ست تطبیقات
بدید ہاتف غیبی بغور و گفت چنین	کہ ہست خوب عجیب و غریب تشریحات

ربا الخمسة الذي سمي بالحسين

محمد برہان الدین تاجر کتب بازار پتھر گٹی روبرو مسجد بدیہ فیصلہ ۲ر

الحق یعلو ولا یعلیٰ
بفضل من من علینا بارسال الرسول الذی نطق بمنطقہ ان ھو الا وحی یوحیٰ قد طبع
لمعۃ الضحیٰ
فی
اعفاء اللحیٰ
من مؤلفات علامۃ الوریٰ امام المناظرین مولانا المفتی الحاج محمد احمد رضا خان البریلوی سلمہ رب السموات العلیٰ
فی مطبع سنی الواقع فی بلدۃ حیدرآباد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

استفتا

کیا فرماتے ہین علماے دین اس مسئلہ مین کہ زید کہتا ہے داڑہی منڈانا حرام نہین الحرام ما ثبت ترکہ بدلیل قطعی لاشبہۃ فیہ حرام وہ جسکی حرمت دلیل قطعی سے ثابت ہو قرآن شریف مین تو اسکا کہین حکم ہی نہین یا ابن ام لاتاخذ بلحیتی سے کوئی حکم نہین نکلتا بلکہ ایک بات ہمارے مفید البتہ پیدا ہوتی ہے کہ داڑہی بڑہانا بعض وقت مضر ہوتا ہے دشمن نے بڑی داڑہی پکڑ کر مارنا شروع کیا تو پٹنا ہی پڑا ۔ سنن ابی داؤد مین یون مروی ہے عشر من الفطرۃ قص الشارب واعفاء اللحیۃ الخ حدثنا موسیٰ بن اسمٰعیل وداؤد بن شعیب قال حدثنا حماد عن علی بن زید عن سلمۃ الخ ان رسول اللہ صلعم قال ان من الفطرۃ المضمضۃ و الاستنشاق بالماء فلم یذکر اعفاء اللحیۃ وروی نحوہ عن ابن عباسؓ قال خمس کلھا فی الرؤس وذکر فیہ الفرق ولم یذکر اعفاء اللحیۃ قال ابوداؤد روی نحو حدیث حماد

عن طلق بن حبیب ومجاهد وعن بکر المزنی تولھم ولم یذکرا عفاء اللحیة حاصل اسکا یہ کہ ان نو دس رواۃ نے یہ روایت کی کہ انحضرت صلعم نے اس حدیث مین داڑہی بڑہانے کا ذکر نہین کیا بلکہ اوسکی جگہہ مانگ کو فرمایا اس سے بہی معلوم کہ داڑہی بڑہانا بہی ویسی ہی سنت ہی جیسے مانگ کا کہنا معہذا یہ حدیث مختلف فیہ توضرور ہے پس لایق اعتبار نہی پہر صحیح بخاری مین یون ہے خالفوا المشرکین قصوا الشوارب واحفوا اللحی مخالفت کرو مشرکین کی ترشواؤ مونچہہ اور بڑہاؤ داڑہی خالفوا المشرکین یہہ جملہ ففیہ نظر اسواسطے کہ بعض مشرکین داڑہی بڑہاتے رہتے ہین پس اونکی مخالفت یہ ہے کہ داڑہی منڈاؤ اور بعض منڈاتے ہین تو اونکی مخالفت یہ ہے کہ بڑہاؤ بہرحال بڑہانے اور منڈانے والے دونون خالفوا المشرکین مین داخل ہین کیونکہ مخالفت کا حکم عام ہے جس مشرک کی چاہین مخالفت کرین باقی رہا اسکا جواب و قصوا الشوارب واحفوا اللحی مخفی نہے کہ انبیا علیہم السلام ہمیشہ درستگی اخلاق کے واسطے مبعوث ہوے اسلئے ہمارے پیغمبر آخر الزمان بہی مبعوث ہوے اور نیز دین کامل اور نبوت ختم ہوگئی الیوم اکملت لکم دینکم آجکے دن ہمنے تمہارا دین تمپر کامل کردیا داڑہی بڑہانا اخلاق مین داخل ہے تو باوجود اسکے کہ قرآن کامل کتاب اللہ کی ہے اخلاقی احکام سے خالی ہے تو دین کامل نہ ٹھہرا لامحالہ کہنا پڑیگا کہ یہ اخلاق مین داخل نہین اور اس سے ہمارا مطلب حاصل ہوجاتا ہے۔ داڑہی بڑہانا مستحب البتہ ہے یا بہت ہوگا سنت لیکن یہہ بہی حد اعتدال تک ~ ریش باید دو سہ موے ز نخدان پوشے ۔ نہ کہ درسایۂ او بچہ دہد خرگوشے ۔ قول عرب ہے من طال لحیتہ فقد نقص عقلہ بفرض محال تسلیم بہی کرلین کہ داڑہی بڑہانا فرض یا منڈانا حرام ہے تو اوسکا یہ جواب ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے واذا حللتم فاصطادوا یعنے حرام سے

فارغ ہونے کے بعد شکار کرنا صیغۂ امر مین فرمایا گیا جو علامت فرضیت ہے لیکن جبکہ اسپر عمدرآمد نہوا سبب اسکا یہ ہے کہ یہ حکم طبایع پر موقوف رکہا گیا ہے کہ جی چاہے تو شکار کر۔ حاصل یہ کہ شریعت کے بعض احکام ایسے بہی ہوتے ہین جنکا نکرنا موجب عتاب شرعی نہین فرضیت یا حرمت قرآن ہی سے ثابت ہوسکتی ہے یا حدیث متواتر یا مشہور سے حرام فرض کے مقابلہ مین آتا ہے تو جب داڑہی منڈانا حرام ہوا تو رکہنا فرض ہوا مگر فرض کسی نے نہ لکہا ہ

زقرآن سخن گفت حرام وز حدیث ۔۔۔ سراز من نہ پیچد جز ابلہ خبیث

سخن راست گر تو گوئی ہے ۔۔۔ بدشت حقایق ہوئی ہے

پس اعفاے لحیہ چرا گوئی فرض ۔۔۔ تنت را خباثت مگر گشت مرض

گرا دیون کہ قرآن ہمی کامل است ۔۔۔ پس اعفاے لحیہ چرا مضمر است

انتہی۔ یہ قول ولید کا کیسا اور داڑہی منڈانے کا حکم کیا ہے بینوا توجروا

فتوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ الذی ھدانا للاسلام و وفقنا لاقتفاء اثار انبیائہ الکرام واجتناب اقذار الکفرۃ الانجاس الارجاس اللیام وافضل الصلوٰۃ والسلام علی سید الھادین الی سبیل السلام الذی اوتی القرآن ومثلہ معہ فی احکام الاحکام وان رغم انف الملحدین فی الدین المارد بن الطغام وعلی الہ واصحابہ المتادبین بادابہ الذین ادار وا بالقتل والاسر والقھر الراجح علی الجمع المقبوح المنبوح المحلوق اللحی من علوج الاروام ومجوس الاعجام فصلی اللہ تعالی علی الحبیب والہ مظاہر جمالہ وعلینا معھم الی یوم القیام

الجواب

رب انی اعوذبك من همزات الشیاطین واعوذ بك رب ان یحضرون ہ
قال ربنا تبارك وتعالی واعرض عن الجاھلین جاہلون سے منہ پھیرلے۔ ولید
پلید جسکی علمی لیاقت پر ماشاء اللہ خود اسی تحریر کا ایک ایک فقرہ گواہ۔
(۱) خاک بر سر مضامین الفاظ تک ٹھیک نہین نثر نثرہ نثار نظم نظم پروین
(۲) عبارت ماثبت ترکہ ترجمہ جسکی حرمت۔
(۳) اصل عبارت خود مضر مقصود کہ ترک حلق یقیناً قطعاً متواتر بلکہ عجب مضحکہ
خیز جہل وسفاہت کچھہ ازروے جالاکی کچھہ براہ جہالت۔ اصل حدیث حسن
متصل مسند کہ نہ صرف سنن ابی داؤد بلکہ صحیح مسلم وسنن نسائی وجامع ترمذی
وسنن ابن ماجہ ومسند امام احمد وغیرہا اجلۂ کتب معتمدۂ مشہورہ مین ام المومنین
عایشۂ صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہا سے مروی کہ خود حضور پرنور سید المرسلین
صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ واصحابہ وسلم فرماتے ہین دس چیزین اصل فطرت
وشرائع قدیمہ مستمرۂ انبیاے کرام علیہم الصلوۃ والتحیۃ سے ہین ازانجملہ لبین
کترو انی اور داڑہی بڑہانی یہ حدیث جلیل جسے امام مسلم نے اپنے صحیح مین تخریج
فرمایا امام ابوداؤد نے سکوت کیا امام ترمذی نے ھذا حدیث حسن کہا اسکی
وقعت چہپانے کو سند تو سند یہ بہی نقل نہ کیا کہ کسکی روایت ہے ام المومنین
کسکا ارشاد ہے حضور افضل المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم دوسری حدیث کہ خود
نفس اسناد مین امام ابوداؤد نے اوسکی سند مین ارسال یا انقطاع کا پتا بتادیا
تہا تابعی تک رکھتے ہین تو مرسل ہوتی ہے صحابی تک پہونچاتے ہین تو منقطع ہوئی
جاتی ہے ناقل عاقل ابتدا سے اوسکی سند نقل کرلایا جب اسپر آیا صاف قطع کرکے
الی آخرہ کا پردہ چہپایا حالانکہ اہل علم کے نزدیک اسیقدر نقل اوسکا حال جاننے

کو بس تہی ارسال و انقطاع سے قطع نظر کیجئے خود سند مین سلمہ بن محمد مجہول اور علی بن جدعان شیعی ضعیف واقع اصل عبارت سنن ابی داؤد یون ہے حدثنا موسی بن اسمٰعیل و داؤد بن شبیب قالا ثنا حماد عن علی بن زید[۱] عن سلمۃ[۲] بن محمد بن عمار بن یاسر قال موسی عن ابیہ[۳] وقال داؤد عن عمار[۴] بن یاسر رضی اللہ تعالٰی عنہما ان رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم قال ان من الفطرۃ المضمضۃ والاستنشاق فذکر نحوہ ولم یذکر اعفاء اللحیۃ و زاد والختان الخ

(۶) پھر اس حدیث کو اوسکے مخالف سمجھنا کیسی جہالت ہے وہ اسمین تو خود من تبعیضیہ موجود ہے کہ فرمایا خصال فطرت سے بعض چیزین یہ ہین خود معلوم ہوا کہ بعض اور بھی ہین تو داڑھی بڑھانے کا اسمین ذکر نہ آیا حدیث ام المومنین کا کب مخالف ہو سکتا ہے اور یہ تو جاہلون سے کیا کہا جاے اہل علم جانتے ہین کہ ایسی جگہ عدد مین بھی حصر مقصود نہین ہوتا بلکہ اعانت ضبط و حفظ کے لئے صرف مذکورات کا شمار کرنا ولہذا ہم اس حدیث دوم کی زیادات یعنی ختان و انتضاح کو بھی خصال فطرت سے مانتے ہین اور حدیث اول کو باآنکہ اوسمین عدد مذکور ہے اوسکا نافی نہین جانتے عشر من الفطرۃ نہین الفطرۃ عشر ہوتا جب بھی زیادہ کے منافی نہ تھا ولہذا ابوبکر بن العربی نے شرح ترمذی مین خصال فطرت کا عدد تیس تک پہنچایا اتحاف السادۃ المتقین مین ہے مفہوم العدد لیس بحجۃ لانہ اقتصر فی حدیث ابی ہریرۃ علی خمس وفی حدیث ابن عمر علی ثلث وفی حدیث عائشۃ علی عشر مع ورود غیرہا وقد تقدم انہا ثلثۃ عشر واوصلہا ابوبکر بن العربی الی ثلثین فتاوای فقیر کے مجلد رابع مین مسئلہ وجوہ افضلیت حضور سید عالم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم اور تفصیل بازغ دیکھنی ہو تو فقیر کا

[۱] ضعیف من الرابعۃ ۱۲ تقریب

[۲] مجہول من السادسۃ ۱۲ تقریب

[۳] مقبول من الثالثۃ ۱۲ تقریب

[۴] روایتہ عن جدہ مرسلۃ ۱۲ منہ

ملاحظہ کیجئے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے کبھی فرمایا فضلت
علی الانبیاء بست مین چھہ باتون پر تمام انبیا پر فضیلت دیا گیا مسلم عن ابی
ھریرۃ رضی اللہ تعالی عنہ کہین فرمایا اعطیت خمسا لم یعطھن احد من قبلی
مجھے پانچ چیزین وہ عطا ہوئین کہ مجھہ سے پہلے کسی کو نہ ملین الشیخان
عن جابر رضی اللہ تعالی عنہ ایک حدیث مین ہے فضلت علی الانبیاء
بخصلتین مین انبیا پر دو باتون مین فضیلت دیا گیا البزار عن ابی ھریرۃ
رضی اللہ تعالی عنہ دوسری مین ہے ان جبرئیل بشرنی بعشر لم یوتھن نبی قبلی
جبرئیل نے مجھے دس چیزون کی بشارت دی کہ مجھسے پہلے کسی نبی کو نہ ملین
ابن ابی حاتم وعثمان الدارمی وابو نعیم عن عبادۃ بن الصامت رضی اللہ تعالی
عنہ طرفہ یہہ کہ ان سب احادیث مین نہ صرف عدد کہ معدود بھی مختلف ہین
کسی مین کچھہ فضایل شمار کئے گئے کسی مین کچھہ کیا یہ حدیثین معاذ اللہ باہم
متعارض سمجھی جائینگی یا دو یا دس مین حضور اقدس صلی اللہ تعالی علیہ وسلم
کی فضیلتین منحصر حاش للہ اونکے فضائل نامقصور اور خصائص نامحصور بلکہ
حقیقۃً ہر کمال ہر فضل ہر خوبی مین عموماً اطلاقاً اونہین تمام انبیا و مرسلین و
خلق اللہ اجمعین پر تفضیل تام و عام و مطلق ہے کہ جو کسیکو ملا وہ سب اونہین
ملا اور جو اونہین ملا وہ کسیکو نہ ملا ع آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری ؛
بلکہ انصافاً جو کسیکو ملا آخر کس سے ملا کس کے ہاتھہ سے ملا کسکے طفیل مین ملا
کس کے پرتو سے ملا وہی اصل ہر فضل و منبع ہر جود و سر ایجاد و تخم وجود
سے صلی اللہ تعالی علیہ وسلم ع فانما اتصلت من نورہ بھم
انما مثلوا صفاتک للناس کما مثل النجوم الماء ؛ یہہ تقریر فقیر نے

عباس خمس کلھا فی الرأس دیکھکر سفہا کو سودا نہ اوچھلے۔

(۷) کمال سفاہت یہ کہ ایک سند کے سب راویون کو جدا جدا شمار کر کے حکم لگا دیا ان نودس رواۃ نے یون روایت کی حالانکہ سلسلہ سند مین اگر یکے از دیگرے ہزار تک عدد رواۃ پہنچے تو وہ ایک ہی راوی کے روایت ہے اوسمین تعدد نہین ہو سکتا جبتک مرتبہ واحد مین متعدد راوی نہون ورنہ سند عالی سے نازل اشرف ہو خصوصاً اون کے نزدیک جو کثرت رواۃ سے ترجیح مانتے ہین حالانکہ یہ بالبداہۃ باطل وہ تو خیر گذری کہ یہ شخص خود سلسلہ تک کوی سند متصل نرکھتا تھا ورنہ آپ سمیت کوی بیس چالیس گن دیتا کہ اتنے راویون نے اعفاء کرنکیا۔

(۸) کچھ پڑھا لکھا ہوتا تو اپنی ہی نقل کردہ عبارت دیکھتا کہ ابو داؤد نے لم یذکر اعفاء اللحیۃ بصیغہ واحد فرمایا ہے کہ اس راوی نے اعفاء لحیہ کا ذکر نکیا یا لم یذکروا بصیغہ جمع۔ ظاہرا اپنی نقل مین جو لم یذکر و اعفاء اللحیۃ واقع ہوا داو عاطفہ کو واو جمع سمجھا اور سابق و لاحق کے تمام صیغ مفردہ ذکر زاد قال لم یذکر سے آنکھین بند کر کے صاف لم یذکروا بنا لیا کہ تمام درجات سند کو شامل ہو۔

(۹) لطیف تر یہ کہ ان سب رواۃ سے یہ روایت کی کہ آنحضرت صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے اس حدیث مین داڑھی بڑھانے کا ذکر نکیا بعلم بیچارہ قولھم کے معنے بھی نہین جانتا اور ناحق و ناروا آثار موقوفہ و مقطوعہ کو قول رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم ٹھہرائے دیتا ہے ابن عباس صحابی ہین اور مجاہد و بکر و طلق تابعین یہ آثار خود انہین حضرات کے اپنے قول ہین نہ کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے ارشاد۔ تنبیہ طلق سے اونکا قول بھی دو نون طرح مروی نسائی نے بسند صحیح اون سے دس کا مل روایت کین جنمین وتوفیر اللحیۃ موجود

(۱۰) لطف بر لطف یہ کہ ان سب نے اوسکی جگہ مانگ روایت کی اللہ اللہ اتنا بے ادراک اور ایسا بے باک ذرا کسی نے علم سے عبارت ابی داؤد کا ترجمہ کرا کر دیکھے کہ وہ مانگ کا ذکر صرف اثر ابن عباس مین بتاتے ہین یا ان سبکی روایت یہی ٹھہراتے ہین بعلیم کے نزدیک گویا عدم ذکر اعفاء لحیہ کے معنی ہی یہ ٹھہرے ہین کہ اوسکی جگہہ مانگ کا ذکر کیا۔

(۱۱) جب جہالت کی یہ حالت تو اسکی کیا شکایت کہ اپنے اس زعم باطل پر فرق و اعفا کا ذکر و شمار مین تبادل سمجھکر دونون کا حکم یکسان ٹھہرادیا ایسا ہوتا بھی تو اوسکا حاصل صرف اتنا نکلتا کہ جس بات کا یہان تذکرہ ہے یعنی خصال فطرت سے ہونا اسمین دونون شریک ہین نہ یہ کہ سب احکام مین یکسان ہین عمدۃ القاری و فتح الباری و ارشاد الساری شروح صحیح بخاری وغیرہا کتب کثیرہ مین ہے واللفظ للخطیب ھذہ الخصال منہا ھو واجب کالختان وما ھو مندوب ولا مانع من اقتران الواجب لغیرہ کما قال تعالٰی کلوا من ثمرہ اذا اثمر وآتوا حقہ یوم حصادہ فایتاء الحق واجب والاکل مباح

(۱۲) پھر چالاکی یہہ کہ اسکے متصل جو امام ابو داؤد نے دوسری حدیث مرفوع حضور سید عالم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم اور ایک اثر امام ابراہیم نخعی رضی اللہ تعالٰی عنہ کا ذکر کیا کہ انمین بھی داڑھی بڑہانے کو شمار فرمایا نقل عاقل اوسے اوڑا گیا عبارت سنن یہہ ہے وفی حدیث محمد بن عبد اللہ بن ابی مریم عن ابی سلمۃ عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم واعفاء اللحیۃ وعن ابراھیم النخعی نحوہ وذکر اعفاء اللحیۃ والختان (۱۳) کمال جہالت دیکھئے کہ اپنے مقام اجتہاد سے تنزل کرکے داڑھی بڑہانے کو فرض منڈانے کو حرام تسلیم کرتا اور اس تسلیم کی تقدیر پر امرا باحت کے لئے ہونے سے جواب دیتا ہے بے عقل سے کون کہے کہ جب حرمت تسلیم

پہر اباحت کہان (۱۴-۱۵-۱۶) اللہ عزوجل کے پاک مبارک رسولون سے
استہزا اونہین بے اعتدالی کا مرتکب بتانا شرع مطہر کو بے اعتدالیون کا پسند کرنی
والا ٹہرانا سیدنا موسیٰ کلیم اللہ و ہارون نبی اللہ علیہما الصلوۃ والسلام کی نسبت
وہ ملعون الفاظ کہ دشمن نے بڑی داڑہی الخ ہارون علیہ الصلوۃ والسلام کی ریش
مطہر بڑی ہونا قرآن عظیم سے ثابت جانکر پہر وہ ناپاک ملعون شعر دیتین بال پر اعتدال
بند اور شریعت و انبیا کو بڑہانا پسند۔ ان باتون کا جواب کفرستان ہند مین
کیا ہوسکتا ہے مگر صبح قیامت قریب ہے وسیعلم الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون ۵
قل اباللہ و اٰیتہ و رسولہ کنتم تستہزءون ۵ والذین یؤذون رسول اللہ لہم عذاب
الیم ۵ جب جہل وجہالت و شیوۂ جاہلیت و بیقیدی و جرأت کی یہ نوبت تو کلام
و خطاب کا کیا محل اور حق کی حضور گردن جہکانے کی کیا امل مگر قرآن عظیم نے جہان
اعراض کا حکم بتایا فاصدع بما تؤمر ولتبیننہ للناس بہی ارشاد فرمایا لہذا
ایضاح حق و ازاحت باطل و استیصال شبہات و استحصال دلائل کے لئے یہہ چند
تنبیہین مکتوب اور مسلمانون کے حق مین حضرت حق سے حق پر استقامت مطلوب
وما توفیقی الا باللہ علیہ توکلت والیہ اُنیب **تنبیہ اول** مسلمانو تمہارے
رسول اکرم سید عالم عالمِ اعلم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو رب عزوجل نے علم اولین
و آخرین عطا فرمایا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر قرآن عظیم اوتارا۔
تبیانا لکل شیئ ہر چیز کا روشن بیان تفصیل کل شیئ ہر چیز کی کامل شرح
ما فرطنا فی الکتب من شیئ ہمنے کتاب مین کچہ اوٹہا نرکھا۔ اوسمین تمام احکام جزئیہ
تفصیلیہ ہی نہین بلکہ ازلاً ابداً جمیع کوائن و حوادث بالاستیعاب موجود ہین۔
امیر المومنین علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے مروی حضور پرنور سید عالم صلی اللہ
تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہین کتاب اللہ فیہ نباء ما قبلکم وخبر ما بعدکم وحکم ما بینکم

قرآن اوسمین خبر ہے ہر اوس چیز کی جو تم سے پہلے ہے اور ہر اوس شئے کی جو بعد تمہارے ہے اور حکم ہے ہر اوس امر کا جو تمہارے درمیان ہے رواہ الترمذی عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہین لوضاع لی عقال بعیر لوجدتہ فی کتاب اللہ اگر میرے اونٹ کی رسی گم جاے تو مین قرآن عظیم مین اوسے پاؤن ذکرہ ابن ابی الفضل المرسی نقل عنہ فی الاتقان امیر المومنین علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہین لوشئت لاوقرت من تفسیر الفاتحہ سبعین بعیرا مین چاہون تو سورۂ فاتحہ کی تفسیر سے ستر اونٹ بھروا دون۔ ایک اونٹ کے من بوجھ اوٹھاتا ہے اور ہر من مین کئی ہزار اجزا حساب سے تقریباً پچیس لاکھ جز آتے ہین یہ فقط سورۂ فاتحہ کی تفسیر ہے پھر باقی کلام عظیم کی کیا گنتی پھر یہ علم علم علی ہے اسکے بعد علم عمر اور سب کے بعد علم صدیق کی باری ہے ذہب عمر بتسعۃ اعشار العلم عمر علم کے نو حصہ لیگئے کان ابوبکر اعلمنا ہم سب مین زیادہ علم ابو بکر کو تھا۔ پھر علم نبی تو علم نبی ہے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم غرض قرآن عظیم و فرقان کریم مین سب کچھ ہے جسے جتنا علم اوتنی ہی فہم جسقدر فہم اوسیقدر علم وتلک الامثال نضربہا للناس وما یعقلہا الا العلمون کہاوتین ارشاد تو سب کیلئے ہوے ہین پر اونکی سمجھ اونہین کو ہے جو علم والے ہین پھر علم کے مدارج بیحد متفاوت و فوق کل ذیعلم علیم عالم امکان مین نہایت نہایات حضور سید الکائنات علیہ وعلی آلہ افضل الصلوات والتحیات ولہذا ارشاد ہوا انا انزلنا الیک الکتاب بالحق لتحکم بین الناس بما اراک اللہ تو حضور کا جو کچھ حکم جو کچھ راے جو کچھ طریقہ جو کچھ ارشاد ہے سب قرآن عظیم سے ہے ان الی ربک المنتہی سب قرآن عظیم مین ہے ان ھو الا وحی یوحی مگر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے علم تام و شامل سے جانا کہ آخر زمانہ مین کچھ بددین مکابر بدلگام فاجر ایسے آنے والے ہین کہ ہمارا جو حکم اپنی اندھی آنکھون سے بظاہر قرآن عظیم مین نپائینگے منکر

ہوجائینگے بلکہ کذبوا بما لم یحیطوا بعلمه ولما یاتھم تاویله کذلک کذب الذین من قبلھم فانظر کیف کان عاقبة الظالمین لہذا حضور پرنور صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے صاف ارشاد فرمادیا الا انی اوتیت القرآن ومثله معه الا یوشک رجل شبعان علی اریکته یقول علیکم بھذا القرآن فما وجدتم فیه من حلال فاحلوہ وما وجدتم فیه من حرام فحرموہ وان ما حرم رسول اللہ کما حرم اللہ سن لو مجھے قرآن عطا ہوا اور قرآن کے ساتھ اوسکا مثل۔ خبردار نزدیک ہے کہ کوئی پیٹ بھرا اپنے تخت پر پڑا کہے یہی قرآن لئے رہو اسمیں جو حلال پاؤ اوسے حلال جانو جو حرام پاؤ اوسے حرام مانو حالانکہ جو چیز رسول اللہ نے حرام کی وہ اوسیکی مثل ہے جو اللہ نے حرام فرمائی رواہ الائمة احمد والدارمی وابوداود والترمذی وابن ماجة بالفاظ متقاربة عن المقدام بن معدیکرب رضی اللہ تعالی عنہ اور فرماتے ہین صلی اللہ تعالی علیہ وسلم لا الفین احدکم متکئا علی اریکته یاتیه الامر من امری مما امرت به اونھیت عنه فیقول لا ادری ما وجدنا فی کتاب اللہ اتبعناہ خبردار مین نپاؤن تم مین کسیکو اپنے تخت پر تکیہ لگائے کہ میرے حکم سے کوئی حکم اوسکے پاس آئے جسکا مین نے امر فرمایا یا اوس سے نہی فرمائی ہو تو کہنے لگے مین نہین جانتا ہم تو جو کچھ قرآن مین پائینگے اوسیکی پیروی کرینگے رواہ احمد وابوداود والترمذی وابن ماجة والبیھقی فی الدلائل عن ابی رافع رضی اللہ تعالی عنہ اور ایک حدیث مین ہے حضور والا صلواۃ اللہ تعالی وسلامہ علیہ نے فرمایا ایحسب احدکم متکئا علی اریکته یظن ان اللہ لم یحرم شیئا الا ما فی ھذا القرآن الا وانی واللہ قد امرت ووعظت ونھیت عن اشیاء انھا لمثل القرآن او اکثر کیا تم مین کوئی اپنے تخت پر تکیہ لگائے گمان کرتا ہے کہ اللہ نے بس یہی چیزین حرام کی ہین جو قرآن مین لکھی ہین سن لو خدا کی قسم مین نے حکم دئے اور نصیحتین فرمائین اور بہت چیزون سے منع فرمایا کہ وہ قرآن کی حرام فرمائی اشیا

کے برابر بلکہ بشبر ہین رواہ ابوداؤد عن العرباض بن ساریۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ
اس منکر کا داڑہی بڑہانے کے حکم کو کہنا قرآن مین کہین نہین اور اسی بنا پر احادیث
صحیحہ سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ کہکر رد کر دینا کہ داڑہی بڑہانا اخلاق
مین ہوتا تو قرآن مین کیون نہ آتا وہی بیٹ بہرے بہکرے بے نصیب بے بہرے کی
بات ہے جسکی پیشین گوئی حضور عالم ماکان وما یکون فرما چکے صلی اللہ تعالیٰ علیہ
وسلم سچ فرمایا رب جل وعلا نے فلا وربك لا یومنون حتی یحکموك فیما شجر بینہم ثم
لا یجدوا فی انفسہم حرجا مما قضیت ویسلموا تسلیما قرآن عظیم مین قسم کہا کر فرماتا
ہے کہ اے نبی جبتک تیری باتین دل سے نہ مان لین ہرگز مسلمان نہون گے طوطے کی
طرح زبان سے لاکہہ کلمہ رٹے جائین کیا ہوتا ہے۔

تنبیہ دوم مسلمانون یہ گمراہ قوم جنکی پیشین گوئی احادیث مذکورہ مین گزری
صرف حدیثون ہی کے منکر نہین بلکہ حقیقۃً قرآن عظیم کو عیب لگانے والے اور دین
متین کو ناقص و ناتمام بتانے والے ہین حدیثین تو یون چہوڑین کہ انبیا صرف
درستی اخلاق کے لئے آتے ہین حدیثون کی باتین اخلاق سے ہوتین تو قرآن
مین کیون نہ آتین ورنہ قرآن اخلاقی احکام سے خالی اور دین ناقص ٹہرتا ہے
جب مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حدیثین یون بیکار گئین پہر اورکسیکی بات
کا کیا ذکر فبای حدیث بعدہٗ یومنون اب گنتی کے وہ احکام رہ گئے جنکی صاف
صریح تصریح کتاب اللہ مین ہے اون کے سوا سب اخلاق سے خارج تہذیب
اخلاق کے ہزارون احکام جنمین کوی ذی عقل نزاع نکرسکے معاذ اللہ اسلام کے
نزدیک مہمل و معطل اور تمام دین باطل و مختل مثلاً مردون کا داڑہی بڑہا کر منڈہا کر
بال بڑہا کر چوٹی گندہوا کر ہاتھ پاؤن مین مہندی رچا کر زنانے کپڑے گوٹے ٹہپے
مصالے کے پہنکر سر سے پاؤن تک جڑاؤ گہنون سے بن ٹہن کر ہزارون ننگے

مجمع مین ناچنا بہاؤ بتانا کس آیت مین حرام لکھا ہے اعضاے رجولیت کٹا کر زنخہ بننا ناک بہ اونگلی رکھکر تالیان بجانا کس سورت مین منع آیا ہے وعلی ہذا القیاس ہزارون افعال وسواس الخناس - اب منکر مستکبر سے پوچھا جاے کہ ان افعال اور اون کے امثال کو معاذ اللہ ملت اسلام مین حلال بتا کر دین کو عیاذا باللہ سخت بیہودہ و ناہنجار بنائیگا یا شرما شرمی حرام ٹھہرا کر نصوص قرآنیہ خالی پاکر معاذ اللہ قرآن عظیم کو ناقص و ناتمام بتائیگا ایسے حضرات کی تمام جدید تحقیقات شنیعہ کا اندرونی بخار وہی یادریون کو خفیہ اعانت دینا اور دین متین کا مضحکہ اوڑانا ہوتا ہے وسیعلم الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون بہت اچھا اگر داڑہی منڈانا حرام نہین کہ قرآن عظیم مین اوسکے احکام نہین توجہان اوسیر عمل ہے یہ پوری شرافت کے افعال بھی برت کر دکھاوین کہ اونکی تحریم بھی قرآن مین کہین نہین پوری ہی گاے نکہاے کہ دین نیچر کے کامل مین کہلاے اچھا انہی قرآن مین کہین ناک کٹانا بھی حرام نہین لکھا الانف بالانف مین دوسرے کی ناک کاٹنے پہ سزا ہے اپنی قطع کرانے کا ذکر کیا ہے ایک کانکر دوسری کہان سے لاے گا کہ الانف بالانف کا محل پائیگا جہان داڑہی منڈائی ہے یہ اونچی گوٹ آنکھون کی اوٹ جس نے ناحق چہرہ ناہموار کر رکھا ہے اسے بھی دہنا بتائین لوگ چار ابرو کا صفایا بولتے ہین یہ پانچون کا نٹھ کیست ہو جائین خیر آپ اسپر عمل نکرین مگر آپکی تحریر تو ضرور ہانکے پکارے کہیگی کہ دین اسلام ایسا ناقص دین ہے جسمین ناک کٹانا حرام نہین یا قرآن عظیم ایسی کتاب ہے جسمین ایسے جرمون پر کچھ الزام نہین -

تنبیہ سوم منکر مستکبر کا اثبات حرمت مین قرآن عظیم کے ساتھ حدیث متواتر و مشہور کا نام لے دینا محض عیاری و دنیا سازی یا عجب کورانہ تناقض بازی ہے ہم پوچھتے ہین بیا جو کسی حدیث متواتر یا مشہور مین آے قرآن عظیم

مین بہی موجود ہے یا نہین اگر ہے تو حدیث کی کیا حاجت اور اس تردید سے
کیا منفعت اور اگر نہین تو اب پوچہا جائیگا کہ وہ حکم واقعی اخلاق ہے یا نہین اگر ہے
تو قرآن عظیم احکام اخلاق سے خالی اور دین معرض نقص و بیکیالی - اور نہین
تو تمہارا مطلب حاصل کہ ایسے حکم کا شرعی ہونا باطل بہت ہو تو مچہلی کا سا شکار
سہی حرمت فرضیت کسنے کہی - مسلمانون دیکہتے جاؤ کہ ان حضرات کے تمام خیالات
کا حاصل بے حاصل وہی ابطال شرع مطہر و اکمال بیقیدی اہل نیچر ہے ولبس
وسیعلم الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون -
تنبیہ چہارم بعینہ اسی دلیل سے اجماع بہی باطل پہر قیاس کس گنتی
شمار مین رہے اوامر قرآنیہ منکر نے اذا حللتم فاصطادوا سے اونکا جواب بہی
گڑہ دیا ہر امر مین یہی احتمال قایم کیا معلوم کہ یہ اونہین احکام مین سوجنکا نکرنا عقاب
درکنار موجب عتاب بہی نہین پہر ایک یہی چلتا فقرہ تمام نواہی قرآنیہ کو بہی
بس ہے کہ جسطرح امر کبہی اباحت کیلئے ہوتا ہے یونہی نہی بہی ارشادی ہوتی
ہے غرض ایک ہی کرشمے مین شریعت محمدیہ کے تمام اوامر و نواہی بیکار و معطل
ہوکر رہگئے - سچ ہی انسانی آزادی اسیکی منادی قید ملت کہانکی علت مگر افسوس
یہ آنکہون کے اندہے عقل کے اوندہے سمجہے کہ آزاد ہوے اور حقیقت دیکہو تو
برباد ہوے اللہ واحد قہار کی بندگی سے سر نکالا اور ابلیس لعین کا پٹا گلے مین
ڈالا بندگی تو پہر حال رہی اللہ کی نہین ابلیس کی سہی ع ببین کہ از کہ بریدی
وبا کہ پیوستی - **تنبیہ پنجم** مخالفت مشرکین کے وہ معنی لینا اور داڑہی
رکہنے منڈانے دونون مین مخالفت بتانا کلام پاک حضور سید لولاک صلی اللہ
تعالی علیہ وسلم سے کہلا استہزا و تسخر ہے اللہ اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ
تعالی علیہ وسلم کا ارشاد اطہر اور ایک ناپاک بیباک بے تمیز بے ادراک کا کہنا کہ

فیہ نظر دیدہ و دانستہ بازیچہ بنانا یحرفونہ من بعد ما عقلوہ وھم یعلمون
کا شیوہ دکھانا۔ **اولاً** دنیا مین کون اندھے سے اندہا خلاف مشرکین کا
یہ مطلب سمجھیگا کہ مشرکین روٹی کہاتے ہین تم بہوکے رہو وہ پانی پیتے ہین تم پیاسے
مرو خلاف مشرکین شعار مشرکین مین سے ہے نہ یہ کہ کوئی مشرک ہمارے بعض افعال
اختیار کرے یا جس فعل کو ہماری شرع مطہر نے پسند فرمایا وہ کسی فرقہ مشرکہ
سے بہی واقع ہو تو ہم چہوڑ دین **ثانیاً** یہی معنی مراد ہوتے تو معاذ اللہ حکم
کسقدر فضول و مہمل تہا جو بات ایک کام کرو تو بہی حاصل نہ کرو تو بہی حاصل
اوس کے لئے اس کام کا حکم دینا تحصیل حاصل **ثالثاً** ترجیح بلا مرجح اسکے
عکس کا کیون نہ حکم ہوا کہ خلاف مشرکین اوسمین بہی تہا۔ **رابعاً**
بلکہ ترجیح مرجوح کہ داڑہی منڈے مشرک مہینون کی راہ دور ایران وغیرہ مین
تہے اور داڑہی والے اہل عرب اپنے ہی وطن اپنے ہی شہرون مین تو خلاف
مشرکین انہین کے خلاف مین ظاہر ہوتا یون تو کوئی ایرانی کبہی اتفاق سے آجاتا
تو اپنی مخالفت پاتا پہر بہی خلاف مذہبی سمجہتا بلکہ قومی و ملکی کہ اس ملک کے سلم
کا فرسب کو اپنے خلاف دیکہتا۔ **خامساً** اللہ اکبر اگر حدیث فقط اسقدر ہوتی
کہ **خالفوا المشرکین** مشرکون کا خلاف کرو تو شاید کسی کچے جنونی پکے مجنونی
کو ایسے جنون جاگتے مجنون لے بہاگتے مگر حدیث مین تو صراحتاً خود اوس خلاف
کی شرح فرمادی تہی کہ **احفوا الشوارب واعفوا اللحی** مشرکین کا یون خلاف
کرو کہ لبین ترشواؤ اور داڑھیان بڑہاؤ اس کے یہ معنی لینا کہ چاہے ان کا
خلاف کرکے بڑہاؤ خواہ اونکی مخالفت کرکے منڈاؤ کیسی کھلی تحریف اور کیسا
صریح استہزا ہے اللہ اکبر مصطفی صلی اللہ تعالے علیہ وسلم کی وسعت علم
جس طرح عجائب قرآن عظیم غیر متناہی ہین یون ہی عجائب حدیث کی حد نہین

کریمۂ الانزو واز رۃ وزر اخری وما کنا معذبین حتی نبعث رسولا کے لطایف سے امام جلال الدین سیوطی نے شمار فرمایا کہ دونون جملے دو مشکل مسائل مختلف فیہا کا فیصلہ فرماتے ہین پہلا مسئلہ اطفال مشرکین اور دوسرا مسئلہ اہل فترت پر دلیل شافی ہے ان دونون کا ایک جگہ ارشاد ہونا نظم قرآنی کے عجائب دقیقہ سے ہے ذکرہ فی رسالۃ التعظیم فی الابوین الکریمین فقیر کہتا ہے امام احمد و طبرانی و ضیا نے ابو امامہ رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہین تسرولوا واتزروا وخالفوا اہل الکتاب قصوا سبالکم ووفروا عثانینکم وخالفوا اہل الکتاب پاجامہ پہنو اور تہ بند باندھو اور یہود و نصارے کا خلاف کرو اور لبین تراشو اور داڑھیان وافر کرو یہود و نصارے کا خلاف کرو۔ یہود و نصارے کے یہان ستر کچھ ضروری نہین اون کی قومین اب تک ننگے نہانے کی عادی ہین حدیث مین ان دو جملون کا ایک جگہ ارشاد ہونا ایسے گمراہون گمراہ پرستون کے جنون کا کافی علاج ہے جسطرح داڑھی مین مخالفت اہل کتاب کی وہ معنی تراشی یون ہی پاجامہ و تہ بند مین یہی مطلب بہانے کہ بہت اہل کتاب ستر عورت کرتے بھی ہین تو چاہے اوس عادت کا خلاف کر کے پاجامہ پہنو چاہے اوسکی مخالفت سے ننگے پھرو اور پورے مہذب جنٹلمین بنو وسیعلم الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون

تنبیہ ششم فرض و واجب اور اسیطرح حرام و مکروہ تحریمی مین فرق دربارۂ اعتقاد ہے کہ فرض و حرام کا منکر کافر ٹھہرتا ہے اما مطلقا کما علیہ ظواھر کلمات الفقہاء الامجاد او علی تفصیل فیہ کما علیہ الاعتماد بخلاف اخیرین۔ مگر عمل مین دونون کا ایک حکم مخالفت مین گناہ و اثم امتثال مین رجاے ثواب خلاف مین استحقاق غضب و عذاب کما صرح بہ فی کل کتاب ـ

اہل اسلام اپنے رب کے غضب سے ڈرین اور ان گمراہان گمراہ گر کی چرب زبانیون پر
توجہ نکرین بالفرض اصطلاح حنفی مین فرض یا حرام کا اطلاق نہوا تو یہ فرق
اصطلاحی تمہارے کس کام آئیگا جبکہ غضب جبار و عذاب نار کا استحقاق بہرحال موجود
والعیاذ باللہ الغفور الودود یقین جانو اوس دن کوئی داڑہی منڈا واحد قہار
کے حضور تمہارا حمایتی نہ بنیگا وہ آپ ہی بھڑکائی آگ مین جلے بھنے گا آیندہ اختیار
بدست مختار مسلمانو اسکی ٹہیک مثال یہ ہے کہ کوئی گندا ناپاک بھینس کا گوبر گدہے
کی لید کھایا کرے جب اوس سے کہا جاوے تو (۰۰) کھاتا ہے کہے اسے (۰۰)
نہین کہتے یہ تو لید و گوبر ہے اوس نجس سے یہی کہا جائیگا کہ یون ہی کہے مگر ہر
ہر طرح تیرے منہہ مین تو گندگی رہی ۔ مسلمانو مکروہ تحریمی گناہ صغیرہ سہی مگر ہر صغیرہ
بعد اصرار کبیرہ اور ہلکا جانتے ہی فوراً اشد کبیرہ حدیث مین ہے حضور سید عالم
صلی اللہ تعالی علیہ وسلم فرماتے ہین لا صغیرۃ علی الاصرار رواہ فی مسند الفردوس
عن ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما پھر یہ ظالمین براہ چالاکی حرام حرام کی اصطلاح
لئے ہوے ہین حقیقۃً مباح محض و شیر مادر جانتے ہین جب تو اذا حللتم فاصطادوا
کی مثال اور عقاب درکنار عتاب بہی نہونے کا خیال ہے شیطان کے بڑہاوے
ایسے ہی ہوتے ہین یعدہم و یمنیہم وما یعدہم الشیطن الا غرورا
انتباہ سناگیا کہ اس منکر مستکبر کیطرح کوئی اور حضرت بہی اس مسئلہ مین
مخالفت محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم برتتے ہین اسنے اباحت محضہ کا
ڈانڈا ایک اور اپنے زور زور مین اور راہ چلے ہین کہ داڑہی منڈانا حرام نہین
اور مکروہ تحریمی مین خود اختلاف ہے کہ وہ حرمت سے قریب ہے یا حلت سے
نزدیک ۔ مسلمانو راہ فریب سے دور لا یغرنکم باللہ الغرور یہ ان قائل
صاحب کا محض افترائے گندہ و ایجاد بندہ ہے آجتک جہان مین کسی عالم نے مکروہ

تحریمی کو قریب بحلت نہ بتایا تمام کتب مذہب موجود ہین حضرات شیخین و امام محمد رضی اللہ تعالی عنہ مین یہہ اختلاف بتایا جاتا ہے کہ ان کے نزدیک مکروہ تحریمی عین حرام ہے اور اونکے نزدیک اقرب بحرام تنویر الابصار وغیرہ عامہ اسفار مین ہے کل مکروہ حرام عند محمد وعندھما الی الحرام اقرب اور عند التحقیق یہ بھی صرف اطلاق لفظ کا فرق ہے معنی سب کا ایک مذہب خود امام محمد رحمہ اللہ تعالی امام ابو یوسف رحمۃ اللہ تعالی علیہ سے ناقل کہ اونہون نے امام اعظم رضی اللہ تعالے عنہ سے عرض کی اذا قلت فی شیئ اکرھہ فما رایك فیہ جب آپ کسی شیئ کو مکروہ فرمائین تو اوسمین آپکی کیا رائے ہوتی ہے قال التحریم فرمایا حرام ٹھہرانا ذکرہ فی رد المحتار عن شرح التحریر للامام ابن امیر الحاج عن مبسوط الامام محمد رحمھم اللہ تعالی تنبیہ هفتم آیات قرآنیہ مین حق فرمایا ہمارے رب جل وعلا نے فانھا لا تعمی الابصار ولکن تعمی القلوب التی فی الصدور ہے یون کہ آنکھین نہین اندہی ہوتین بلکہ وہ دل اندہے ہوتے ہین جو سینون مین ہین۔ ان بے بصیرتون کو اگر کبہی کھلی آنکھون سے قرآن عظیم کی زیارت نصیب ہوتی تو جانتے کہ داڑہی بڑہانے کی طرف ارشاد اوسمین ایک دو نہین بلکہ بکثرت آیات کریمہ مین موجود ہے اوسمین دو طریق ہین اول طریق عموم یہ دو وجہ پر ہے وجہ اول کہ صحابہ کرام وائمہ اعلام رضی اللہ تعالی عنہم امثال مقام مین استعمال فرماتے رہے آیت ۱ قال اللہ عز وجل ما اتکم الرسول فخذوہ وما نھکم عنہ فانتھوا جو کچھ یہہ رسول کریم تمہین دے اختیار کرو اور جس سے منع فرمائے باز رہو آیت ۲ قال تعالی قل اطیعوا اللہ و اطیعوا الرسول واولی الامر منکم اے نبی مومنین سے فرمادے کہ اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو اوسکے رسول کی اور اپنے علما کی آیت ۳ قال عز وجل من

یطع الرسول فقد اطاع اللہ جو رسول کے فرمانے پر چلا اوسنے اللہ کا حکم مانا۔
رب تبارک و تعالی ان آیات اور اون کے امثال مین نبی کا حکم بعینہ اپنا حکم اور نبی کی
اطاعت بعینہ اپنی اطاعت بتاتا ہے تو تمام احکام کہ احادیث مین ارشاد ہوے سب قرآن
عظیم سے ثابت ہین جو اخلاقی حکم حدیث مین ہے کتاب اللہ اوس سے ہرگز خالی نہین
اگرچہ بظاہر تصریح جزئیہ ہماری نظر مین نہو احمد و بخاری و مسلم و ابوداؤد و ترمذی و نسائی
و ابن ماجہ سب ائمہ اپنی مسند و صحاح مین حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالی عنہ
سے راوی کہ اونہون نے فرمایا لعن اللہ الواشمات والمستوشمات و المتنمصات
و المتفلجات للحسن المغیرات لخلق اللہ اللہ کی لعنت بدن گودنے والیون اور
گدوانے والیون اور منھ کے بال نوچنے والیون اور خوبصورتی کے لئے دانتون
مین کھڑکیان بنانے والیون اللہ کی بنائی چیز بگاڑنے والیون پر۔ ایک بی بی یہہ سنکر
خدمت مبارک مین حاضر ہوئین اور عرض کی مینے سنا ہے آپ نے ایسی ایسی عورتون
پر لعنت فرمائی فرمایا مالی لا العن من لعن رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم
ومن ھو فی کتاب اللہ مجھے کیا ہوا کہ مین اوسپر لعنت نکرون جسپر رسول اللہ صلعم
نے لعنت فرمائی اور جسکا بیان قرآن عظیم مین ہے اون بی بی نے کہا مین نے
قرآن اول سے آخر تک پڑہا اوسمین کہین اسکا ذکر نپایا فرمایا ان کنت قرأتیہ
لقد وجدتیہ اگر تمنے قرآن پڑہا ہوتا تو یہ بیان اوسمین ضرور پاتین۔
اما قرأت ما اتکم الرسول فخذوہ وما نھکم عنہ فانتھوا کیا تمنے
یہ آیت نہ پڑہی کہ جو رسول تمہین دے وہ لو اور جس سے منع فرماے باز رہو
اونہون نے عرض کی ہان فرمایا فانہ قد نھی عنہ تو بیشک نبی صلی اللہ تعالے
علیہ وسلم نے ان حرکات سے منع فرمایا۔ منکر دیکھے کہ اوسکا خیال وہی اون بی بی کا
خیال اور ہمارا جواب بعینہ حضرت عبداللہ بن مسعود کا جواب ہے یا نہین۔

یہ لی لی ام یعقوب ۔ اسعد یہ ہین کبار تابعین و ثقات صالحات سے ہونے مین تو
کلام نہین اور حافظ الشان نے فرمایا صحابیہ سے معلوم ہوتی ہین بہر حال
اون کی فضیلت و صلاح قبول حق پر باعث ہوی سمجھہ لین اور اس کے بعد خود
اس حدیث کو حضرت عبد اللہ رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت کرتین کما رواہ
البخاری من طریق عبد الرحمن بن عابس عنہا عنہ رضی اللہ تعالی عنہما
ابنائے زمانہ سے گزارش کرنی چاہیئے کہ ع دلا مردانگی زین زن بیاموز
ے ولکن الهدایة لن تنالا ۞ بلا فضل من المولی تعالی ۞ ایک بار
عالم قریش سیدنا امام شافعی رضی اللہ تعالی عنہ نے مکہ معظمہ مین فرمایا مجھسے جو چاہو
پوچھو مین قرآن سے جواب دونگا کسی نے سوال کیا احرام مین زنبور کو قتل کریگا
کیا حکم ہے فرمایا بسم اللہ الرحمن الرحیم ما اتکم الرسول فخذوہ
وما نہکم عنہ فانتھوا اللہ عزوجل نے تو یہ فرمایا کہ ارشاد رسول پر
عمل کرو وحدثنا سفین بن عیینہ عن عبد الملک بن عمیر عن ربعی
بن خراش عن حذیفة بن الیمان عن النبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم
انه قال اقتدوا باللذین من بعدی ابی بکر و عمر اور رسول اللہ صلی اللہ
تعالی علیہ وسلم سے ہمین حدیث پہونچی کہ حضور نے فرمایا اون دو کی پیروی کرو
جو میرے جانشین ہونگے ابو بکر و عمر وحدثنا سفین بن مسعر بن کدام
عن قیس بن مسلم عن طارق بن شہاب عن عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالی
عنہ انه قال یقتل المحرم الزنبور اور ہمین امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالی عنہ سے
حدیث پہونچی کہ اونہون نے احرام باندھے ہوئے کو قتل زنبور کا حکم دیا ذکرہ الامام
السیوطی فی الاتقان وجہ ثانی ۔ اقول وباللہ التوفیق آیت ۴ قال جل ذکرہ
لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوة حسنة لمن کان یرجوا اللہ والیوم الآخر

وذکراللہ کثیرا ۰ البتہ بیشک تمہارے لئے رسول اللہ کے چال طریقہ مین اچھی
ریت ہے اوسکے لئے جو ڈرتا ہو اللہ اور پچھلے دن سے اور بہت یاد کرے اللہ تعالیٰ
اس آیۂ کریمہ مین مولے جل وعلا اپنے نبی کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم کے طریق محمود روش
پر چلنے کی ہدایت فرماتا اور مسلمانون کو یون جوش دلاتا ہے کہ دیکھو ہماری یہ بات
وہ مانیگا جسکے دل مین ہمارا خوف ہماری یاد ہے جسے امید قیامت سے دہشت ہو گی اور
موافق مخالف حتی کہ نصاریٰ ویہود مجوس وہنود تمام جہان جانتا ہے کہ اوس سرور
جہان وجہانیان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سنت دائمہ مستمرہ داڑھی رکھنی تھی جسپر تمام
عمر مداومت فرمائی محافظت فرمائی تاکید فرمائی ہدایت فرمائی معاذ اللہ کبھی تجویز
خلاف نے گنجایش نپائی - ہم یہان بعض احادیث حلیۂ کریمہ یاد کرین کہ ذکر حبیب
نور عین وسرور جان وشادابی دل وسیرابی ایمان ہے صلی اللہ تعالیٰ علیہ
وسلم **حدیث** ۱ - جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہین کان رسول اللہ
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کثیر شعر اللحیۃ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی
ریش مبارک مین بال کثیر وانبوہ تھے رواہ مسلم وعنہ عند ابن عساکر
کثیر شعر الراس واللحیۃ **حدیث** ۲ ہند بن ابی ہالہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے
ہین کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فخما مفخما یتلالؤ وجہہ تلالؤ
القمر لیلۃ البدر ازہر اللون واسع الجبین کث اللحیۃ حبیب صلی اللہ تعالیٰ
علیہ وسلم عظمت والے نگاہون مین عظیم دلون مین معظم تھے چہرہ مبارک ماہ دو ہفتہ
کی طرح چمکتا جگمگاتی رنگت کشادہ پیشانی گھنی داڑھی رواہ الترمذی فی الشمائل
والطبرانی فی الکبیر والبیہقی فی الشعب ورواہ ایضا الرویانی والبیہقی
فی الدلائل وابن عساکر فی التاریخ **حدیث** ۳ امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ
تعالیٰ وجہہ فرماتے ہین بابی وامی کان ربعۃ ابیض مشربا بحمرۃ کث اللحیۃ

میرے ماں باپ اون پر قربان میانہ قد تھے گورا رنگ حسین سرخی جھلکتی گھنی داڑہی
رواہ ابن عساکر عن ابی ھریرۃ عنہ رضی اللہ تعالی عنہما حدیث ۴
وہی فرماتے ہین رضی اللہ تعالی عنہ کان رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم
ضخم الھامۃ عظیم اللحیۃ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کا سر مبارک
بزرگ اور ریش مطہر بڑی تھی رواہ البیھقی حدیث ۵ امیر المومنین عمر رضی اللہ عنہ
فرماتے ہین کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابیض اللون مشربا حمرۃ
ادعج العینین کث اللحیۃ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کا رنگ گورا سرخی
آمیز آنکھین بڑی خوب سیاہ داڑہی گھنی حدیث ۶ انس رضی اللہ تعالی
عنہ نے فرمایا کان رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم احسن الناس
قواما واحسن الناس وجھا واطیب الناس ریحا والین الناس کفا و
کانت لہ جمۃ الی شحمۃ اذنیہ وکانت لحیتہ قد ملأت من ھھنا
الی ھھنا وامر یدیہ علی عارضیہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم
کے جسم پاک کی بناوٹ تمام جہان سے بہتر چہرہ تمام عالم سے خوشتر مہک
سارے زمانہ سے خوشبوتر۔ ہتھیلیان سب لوگون سے نرم تر بال کانون کے
لوتک (پھر اپنے رخسارون پر اشارہ کرکے بتایا کہ) ریش مبارک یہان سے
یہان تک بھری ہوی تھی حدیث ۷ وہی فرماتے ہین رضی اللہ تعالے
عنہ کان رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم ابیض الوجہ کث اللحیۃ
احمر الماقی اھدب الاشفار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا منہ گورا داڑہی
گھنی آنکھون کے کونون مین سرخی پلکین دراز رواھا جمیعا ابن عساکر
الکل مختصرا امام قاضی عیاض شفا شریف مین فرماتے ہین کث اللحیۃ تملؤ صدرہ
ریش مطہر گھنی سینہ منور کو بھرے ہوے یہان سینہ سے مراد دوسکا بالائی کنارہ

ہے کہ گلے کی انتہا ہے صرح بہ الشراح وهو الواضح الصراح اور عادت کریمہ تھی کہ کوئی امر کیسا ہی مرغوب ولپسندیدہ ہو جب شرعًا لازم وضروری نہوتا تو بیان جواز کے لئے گاہے ترک بھی فرما دیتے یا قولاً خواہ تقریراً جواز ترک بتا دیتے اسلیئے علمائے کرام نے سنت کی تعریف مین مع الترك احیانًا اضافہ کیا یعنے جسے سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اکثر کیا اور کبھی کبھی ترک بھی فرما دیا ہو ولہذا محققین فرماتے ہین کہ ایسی مواظبت دائمہ ہمیشہ دلیل وجوب ہے محقق علی الاطلاق فتح القدیر باب الاذان مین فرماتے ہین عدم الترك مرة دليل الوجوب نیز باب الاعتکاف مین فرمایا هذا المواظبة المقرونة بعدم الترك مرة لما اقترنت بعدم الانکار على من لم يفعله من الصحابة رضی اللہ تعالی عنهم کانت دليل السنة والا کانت دليل الوجوب۔

دوم طریق خصوص اسمین بھی بحمد اللہ تعالی فیض جلیل قرآن جمیل سے آیات کثیرہ عبد ذلیل پر فائض برکات ہوئین فاقول وباللہ التوفیق یہ نفیس طریق وجوہ عدیدہ رکھتا ہے جن سے اعفائے لحیہ کا امر یا طلب یا اوسکے خلاف پر وعید یا مذمت ثابت ہو وجہ ثالث آیۃ ۵ قال تعالی وتقدس ان يدعون الا شيطانا مريدا لعنه الله وقال لاتخذن من عبادك نصيبا مفروضا ولاضلنهم ولامنينهم ولامرنهم فليبتكن اذان الانعام ولامرنهم فليغيرن خلق الله کافر نہین پوجتے مگر شیطان سرکش کو جسپر خدا نے لعنت کی اور وہ بولا مین ضرور لیلونگا تیرے بندون مین سے اپنا ٹھہرا ہوا حصہ اور مین ضرور اونہین بہکا دونگا اور ضرور خیال لالچون مین ڈالونگا اور ضرور انہین حکم دونگا کہ وہ چوپایون کے کان چیرینگے اور بیشک اونہین حکم دونگا کہ اللہ کی بنائی چیز بگاڑینگے۔ یہی وہ

آیۂ کریمہ جسکی رو سے حضور پرنور سید المرسلین صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے زنان مذکورہ
پر لعنت فرمائی اور اوسکی علت یہی خدا کی بنائی چیز بگاڑنی بتائی بعینہ یہی کیفیت
داڑھی منڈانے کی ہے جسطرح منھ کے بال نوچنے والیان تغیر خلق اللہ کرتی ہین
یون ہی داڑھی منڈانے والے تو یہ سب اوسی فلیغیرن خلق اللہ مین داخل
اور شیطان کے محکوم اور اللہ رسول کے ملعون ہین۔ امام جلال الدین سیوطی
اکلیل فی استنباط التنزیل مین زیر آیۂ کریمہ فرماتے ہین یستدل بالآیۃ علی
تحریم الخصاء والوشم وما یجری مجراہ من الوصل فی الشعر وبرد الاسنان
والتنمص وھو نتف الشعر من الوجہ تفسیر مدارک شریف مین ہے فلیغیرن
خلق اللہ بالخصاء او الوشم او تغییر الشیب بالسواد او التخنث اھ
باختصار شیخ محقق اشعۃ اللمعات مین زیر حدیث مذکور المغیرات خلق اللہ
فرماتے ہین بتغیر حرمت مثلہ وخلق لحیہ وامثال آن نیز ہمین است۔
وجہ رابع آیت ۶ قال جل مجدہ ذلک ومن یعظم شعائر اللہ فانھا من
تقوی القلوب بات یہہ ہے اور جو بڑائی کرے اللہ کے شعاردین کی تو وہ دلون
کی پرہیزگاری سے ہین آیت ۷ قال عز شانہ یا ایھا الذین آمنوا لا تحلوا
شعائر اللہ اے ایمان والو حلال نہ ٹھہراو دین خدا کے شعارون کو۔ شک نہین
کہ داڑھی شعائر دین اسلام سے ہے امام بدر محمود عینی عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری
مین ختنہ کی نسبت نقل فرماتے ہین انہ شعار الدین کالکلمۃ وبہ یتمیز المسلم
من الکافر جب ختنہ حالانکہ امر خفی ہے مثل کلمہ طیبہ کے شعار دین اور وجہ امتیاز
مومنین وکافرین قرار پایا یہانتک کہ مسلمانان ہند نے اوسکا نام ہی مسلمانی رکھہ لیا
تو داڑھی کہ امر ظاہر ہے اور پہلی نظر اوسی پر پڑتی ہے بدرجۂ اولی شعار اسلام
وما بہ الامتیاز کرام ولیام ہے اور بعض کفار کا اسمین شریک ہونا منافی شعاریت اسلام

نہیں جسطرح ختنہ کرنے میں یہود شریک مسلمین ہیں خود نفس آیات کریمہ ہی میں دیکھئے سورۂ نزول جانوران ہدی ہیں کہ حرم محترم کو قربانی کے لئے بھیجے جاتے ہیں اونہیں شعار دین الٰہی فرمایا جالانکہ تمام مشرکین عرب اسی فعل میں شریک تھے اور جب داڑھی شعار دین ہے اور بے شک یون ہی ہے تو بحکم قرآن اوسکے ازالہ کو حلال ٹھہرانین حرام اور اوسکی تعظیم تقوی قلوب کا کام وجہ خامس آیت ۸ قال عزمجدہ واوحینا الیک ان اتبع ملت ابراھیم حنیفا آیت ۹ قال سبحانہ وتعالی قل بل ملۃ ابراھیم حنیفا آیت ۱۰ قال جلت آلائہ ومن یرغب عن ملۃ ابراھیم الا من سفہ نفسہ آیت ۱۱ قال توالت نعمائہ قد کانت لکم اسوۃ حسنۃ فی ابراھیم والذین معہ من المومنین آیت ۱۲ قال جل ذکرہ لقد کان لکم فیھم اسوۃ حسنۃ لمن کان یرجو اللہ والیوم الاخر ومن یتول عن امرنا فان اللہ ھو الغنی الحمید ہر ذیعلم جانتا ہے کہ داڑھی بڑھانا ملت ابراہیمی کا مسئلہ شریعت ابراہیمی کا طریقہ ہے اوران آیات مین رب جل وعلانے ہمین ملت ابراہیم علی ابنہ الکریم وعلیہ افضل الصلوۃ والتسلیم کی اتباع کا حکم دیا اور معاذ اللہ اوس سے اعراض کو سخت حماقت اور سفاہت فرمایا اور اونکی رسم وراہ اختیار کرنے کی کمال ترغیب دی اور آخر مین فرما دیا کہ جو ہمارے حکم سے پھرے تو اللہ بے نیاز بے پرواہ ہے اور ہر حال مین اوسی کے لئے حمد ہے وجہ سادس آیت ۱۳ قال تقدست اسماؤہ اولئک الذین ھدی اللہ فبھدٰھم اقتدہ یہ انبیاء وہ ہین جنہین اللہ عزوجل نے راہ دکھائی تو تو اونہین کی راہ کی پیروی کر صدر کلام مین احمد ومسلم وابوداؤد ونسائی وترمذی وابن ماجہ کی حدیث ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہا سے گذری کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم فرماتے ہین عشر من الفطرۃ قص الشارب واعفاء اللحیۃ

الحدیث دس چیزین شرائع قدیمہ مستمرۂ انبیاے کرام علیہم الصلوۃ والسلام سے ہین
ازانجملہ لبین ترشوانی اور داڑہی بڑہانی مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ داڑہی
بڑہانی راہ قدیم حضرات رسل علیہم الصلوۃ والتسلیم ہے اور اللہ عزوجل نے فرمایا راہ
انبیا کی پیروی کرو۔ یہان سے یہہ بہی ظاہر ہوا کہ آیۂ کریمہ لاتاخذ بلحیتی مین لحیہ کا
فقط ذکر ہی نہین بلکہ داڑہی بڑہانے کی طرف بھی ارشاد نکلتا ہے کہ ہارون علیہ الصلوۃ
والسلام بہی انبیاے کرام بلکہ بالخصوص اون اٹھارہ رسولون مین ہین جنکا نام پاک
اس رکوع مین بالتصریح ذکر فرما کر اونکی اقتدا کا حکم ہوا قال سبحانہ ومن ذریتہ
داؤد وسلیمن وایوب ویوسف وموسی وھارون وکذلک نجزی المحسنین
وصہ سابع آیت ۸۴ اقال جل ثناؤہ ومن یشاقق الرسول من بعد ماتبین
لہ الھدی ویتبع غیر سبیل المومنین نولہ ما تولی ونصلہ جہنم وساءت
مصیرا جو خلاف کرے رسول کا حق واضح ہوئے پیچھے اور چلے راہ مسلمانون کی
سوا ہم اوسے اوسکے حال پر چھوڑ دین اور جہنم مین ڈالین اور کیا بری پلٹنے کی جگہ
مسلم تو مسلم کفار تک جانتے ہین کہ روز اول سے مسلمانون کی راہ داڑہی رکھنی ہے
اہلبیت کرام وصحابۂ عظام وائمہ اعلام اور ہر قرن وطبقہ کے اولیا راست وعلماے
ملت بلکہ قرون خیر مین تمام مسلمان داڑہی رکھتے تھے یہانتک کہ ازالہ تو ازالہ خلقۃ
کسی کی داڑہی نہ نکلتی اسپر سخت تاسف کرتے اور یہ ہر عیب سے بدتر عیب سمجھا جاتا
علماے کرام علامات قیامت مین گناکرتے کہ آخر زمانہ مین کچھ لوگ پیدا ہون گے
کہ داڑہیان منڈوائین کتروائین گے اوس پیشین گوئی کے مطابق یہہ داڑہی منڈون
محرشون مترشون کی تراشین خراشین کافرون مشرکون کی دیکہا دیکھی مدتہا مدت کے
بعد مسلمانون مین آئین وہ بہی رند واوباش وبدوضع لوگون مین پھر اونمین بہی
جو ایمان سے حصہ رکھتے ہین ابتک اپنی اس حرکت کو مثل اور معاصی وقبائح کے

برابر جانتے ہین اور طریقۂ اسلامی سے جدا سمجھتے بلکہ اونمین بعض خوش عقیدہ اپنے
معظمین دین کے سامنے جاتے لجاتے اونہین منھ دکھاتے شرماتے ہین الحمد للہ
یہہ اون کے ایمان کی بات ہے شامت نفس سے گناہ کرین لیکن اوسے گناہ
و قبیح جانین مگر جری سرزوری والون سے خدا کی پناہ کہ داڑہی رکھنے پر ٹھٹھے
اوڑا کر شعار اسلام کے ساتھ نفس اسلام و ایمان بہی مونڈ کر پہینکدین۔ امام اجل
عارف باللہ سیدی محمد بن علی بن عباس مکی قدس سرہ الملکی کتاب مستطاب
طریق المرید للوصل الی مقام التوحید پھر امام ہمام حجۃ الاسلام محمد محمد غزالی قدس
سرہ العالی احیاء العلوم شریف مین فرماتے ہین وھذا لفظ المکی قال فی ذکر
سنن الجسد ذکر ما فی اللحیۃ من المعاصی والبدع المحدثۃ قد ذکر
فی بعض الاخبار ان للہ تعالی ملئکۃ یقسمون والذی زین بنی ادم باللحی
وفی وصف رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم انہ کان کث اللحیۃ
وکذلک ابو بکر وکان عثمان طویل اللحیۃ دقیقھا وکان علی عریض اللحیۃ
قد ملأت ما بین منکبیہ ووصف بعض بنی تمیم من رھط الاحنف بن قیس
قال (وعبارۃ الاحیاء قال اصحاب الاحنف بن قیس) وددنا انا اشترینا
للاحنف لحیۃ بعشرین الفا فلم یذکر حنفہ فی رجلہ ولا عورۃ فی عینہ وذکر
کراھیۃ عدم لحیتہ وکان عاقلا حلیما وقد روینا من غریب وتاویل قولہ
تعالی یزید فی الخلق ما یشاء قال اللحی وذکر عن شریح القاضی قال (ولفظ الاحیاء
قال شریح) وددت لو ان لی لحیۃ بعشرۃ الاف ففی اللحیۃ من بقایا الھوی
ودقایق آفات النفوس ومن البدع المحدثۃ اثنتا عشرۃ خصلۃ من
ذلک النقصان منھا وذلک مثلۃ وذکر عن جماعۃ ان ھذا من اشراط
الساعۃ اھ ملخصا یعنی یہہ ذکر ہے اون معصیتون اور نو پیدا بدعتون کا جو لوگون نے

داڑہی مین نکالین حدیث مین ہے اللہ عزوجل کے کچہہ فرشتے ہین کہ قسم یون کہاتے ہین اوسکی قسم جس نے فرزند آدم کو داڑہی سے زینت بخشی رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے حلیہ شریف مین ہے ریش مبارک گہنی تہی اور ایسے ہی ابو بکر صدیق بہی۔ اور عثمن غنی کی داڑہی دراز و باریک مولی علی کی داڑہی چوڑی سارا سینہ بھرے ہوے رضی اللہ تعالی عنہم احنف بن قیس (کہ اکابر ثقات تابعین وعلما و حکمائے کاملین سے تہے زمانہ رسالت مین پیدا ہوے ۶۷ یا ۷۲ ہجریہ مین وفات پائی) عاقل وحلیم تھے (پاؤن مین کج تھا ایک آنکہہ جاتی رہی تہی داڑہی خلقۃً نہ نکلی تہی) اونکے اصحاب نہ اوس کج پر افسوس کرتے نہ یک چشمی پر بلکہ داڑہی نہونے کی کراہیت ذکر کرتے اور کہتے ہمین تمنا ہے کاش اگر بیس ہزار کو ملتی تو احنف کے لئے داڑہی خریدتے نادر تفسیرون سے آیۂ کریمہ یزید فی الخلق ما یشاء کی تفسیر مین ہمین روایت پہنچی کہ اللہ تعالی بڑہاتا ہے صورت مین جو چاہے اس سے داڑہی مراد ہے۔

شریح قاضی (کہ اجلۂ ائمہ و اکابر تابعین سے ہین زمانہ رسالت مین ولادت پائے بلکہ کہا گیا صحابی ہین امیر المومنین عمر فاروق پہر امیر المومنین مولی علی کی سرکار مین قاضی تھے امیر المومنین علی فتاوی مین اون سے راے لیتے ۸۰ سنہ ہجری سے کچہہ پہلے یا بعد انتقال ہوا داڑہی خلقۃً نہ تھی) وہ فرماتے کہ مجہے آرزو ہے کاش دس ہزار دیکر داڑہی ملجاتی۔ تو داڑہی مین شیطانی خواہشون کے بقایا اور نفسانی آفتون کے دقائق اور نو پیدا بدعتون سے بارہ باتین لوگون نے ایجاد کی ہین ازانجملہ داڑہی کم کرنی اور یہ مثلہ یعنے صورت بگاڑنی ہے اور ایک جماعت علی سے مروی ہے کہ یہہ قیامت کی نشانیون سے ہے انتہی۔

مدارج شریف مین ہے آوردہ اند کہ لحیۂ امیر المومنین علی پر میکرد سینہ را و ہمچنین لحیۂ امیر المومنین عمر و عثمان رضی اللہ تعالی عنہم اجمعین و در حلیۂ حضرت غوث الثقلین

شیخ محی الدین عبد القادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نوشتہ اند کہ کان
طویل اللحیۃ وعریضہا یعنے حضور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ریش
اقدس دراز وچوڑی تہی صلی اللہ تعالیٰ علی ابیہ الکریم وعلیہ وبارک وسلم۔
وجہ ثامن۔ آیت ۱۵ و ۱۶ قال تبارک شانہ فی البقرۃ وفی الانعام
ولاتتبعوا خطوات الشیطان انہ لکم عدو مبین شیطان کے قدم پر قدم
نرکھو بیشک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے آیت ۱۷ قال عز وعلا یا ایہا الذین
اٰمنوا لاتتبعوا خطوات الشیطان ومن یتبع خطوات الشیطان فانہ یامر
بالفحشاء والمنکر اے ایمان والو شیطان کے رستے نچلو اور جو شیطان کی راہ
چلے تو وہ تو بیہی بیحیائی اور بری بات کا حکم کرتا ہے آیت ۱۸ قال عز من قائل
یا ایہا الذین اٰمنوا ادخلوا فی السلم کافۃ ولاتتبعوا خطوات الشیطان
انہ لکم عدو مبین ۝ فان زللتم من بعد ما جاءتکم البینٰت فاعلموا ان اللہ
عزیز حکیم ہل ینظرون الا ان یاتیہم اللہ فی ظلل من الغمام والملئکۃ وقضی
الامر والی اللہ ترجع الامور اے ایمان والو پورے اسلام مین داخل ہو
اور شیطان کے قدمونکی پیروی نکرو یقیناً وہ تمہارا صریح بدخواہ ہے پہر اگر اوسکی
طرف جہکو بعد اسکے کہ تمہارے پاس آچکین آتی حجتین تو جان رکہو کہ اللہ زبردست
حکمت والا ہے یہہ لوگ کس انتظار مین ہین مگر یہہ کہ آئے اونپر عذاب خدا کا
بادل کی گہٹاؤن مین اور فرشتے اور ہو جائے ہونے والی اور اللہ ہی کی طرف پہرتے
ہین سب کام۔ جلالین مین ہے نزل فی عبد اللہ بن سلام واصحابہ لما عظموا
السبت وکرہوا الابل بعد الاسلام یا ایہا الذین اٰمنوا ادخلوا فی السلم
الاسلام کافۃ حال من السلم ای فی جمیع شرائعہ فان زللتم ملتم عن الدخول
فی جمیعہ عزیز لا یعجزہ شیٔ عن انتقامہ منکم ہل ینظرون ما ینتظر التارکون الدخول

فیہ فقضی لامرتم امراھلاکیھم یعنی جب حضرت عبداللہ بن سلام اور اون کے ساتھی رضی اللہ تعالی عنہم کہ اکابر علماے یہود سے تہے مشرف باسلام ہوے عادت سابقہ کے باعث تعظیم روز شنبہ کا ارادہ کیا اور گوشت شتر کہانیسے کراہت ہوی رب عزوجل نے یہ آیتین نازل فرمائین کہ اے ایمان والو اسلام لاے ہو تو پورا اسلام لاؤ اسلام کی سب باتین اختیار کرو یہہ نہو کہ مسلمان ہوکر کچھہ عادتین کافرون کی رکہو اور اگر یونہ مانو تو خوب جان لوکہ اللہ غالب حکمت والا ہے تمپر عذاب لانے کوئی اوسے روک نہین سکتا پہر فرمایا جو مسلمان ہوکر بعض کفری خصلتین اختیار کرین وہ کاہے کا انتظار کررہے ہین یہی نہ کہ آسمان سے اونپر عذاب اوترے اور ہونے والی ہو چکے یعنی ہلاک تمام کر دیے جائین والعیاذ باللہ تعالے ان آیات مین رب العزت جل وعلا نے خصلت کفار اختیار کرنے پر کیسی تہدید اکید و وعید شدید فرمائی اور شک نہین کہ داڑہی منڈانا کترانا خصلت کفار ہے عنقریب بعونہ تعالی بکثرت احادیث متعددہ سے اسکا بیان آتا ہے اور خود بیان کی حاجت کیا ہے کہ امر آپہی واضح اور نیز تقریرات سابقہ سے لائح۔ اصل مین یہ خصلت ملعونہ مجوس ملاعنہ کی تہی اون سے اور کفار نے سیکہی جب عہد معدلت مہد امیر المومنین غیظ المنافقین سیدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالی عنہ مین عجم فتح ہوا اور کسری خبیث کا تخت ہمیشہ کے لئے اولٹ دیا گیا مجوس منحوس کچھہ اسلام لاے کچھہ بقبول جزیہ رہے کچھہ پریشان و سرگردان دار الکفر ہندوستان مین آنکلے یہان کے راجہ نے اون سے تعظیم گاو و تحریم مادر و دختر و خواہر کا عہد لیکر جگہ دی ہنود بے بہبود نے داڑہی منڈانا نوروز و مہرگان بنام ہولی و دیوالی منانا اونمین آگ پہیلانا وغیر ذلک من الخصائل الشنیعۃ اون سے اوڑایا مجوس ایران کہ مسلمان ہوے تہے اونمین بہت بد باطن اپنی تباہی ملک افسر و تاراج

مال و دختر کے باعث دل مؤمنین حضرت امیر المومنین رضی اللہ تعالی عنہ سے کینہ رکھتے
تھے مگر مسلمان کہلا کر اسلام کی عزت و شوکت اسلام کی قوت و دولت اسلام کے
تاج و معراج یعنی امیر المومنین رضی اللہ تعالی عنہ کی شان مین گستاخی کی کیا مجال
تھی جب ابن سبا یہودی خبیث نے مذہب رفض ایجاد کیا اور رشدہ شدہ یہ ناشائستہ
مذہب ایرانیون تک پہونچا ان آتش پرست بچون کی دبی اگ نے موقع پایا کہ آنا
اسلام مین بہی ایسا مذہب نکلا کہ امیر المومنین پر تبرا کیے اور خاصے مومنین بنے
رہے انہون نے بہزار جان لبیک کہی اور نئے دین کی تاصیل تفریح بڑہ چلی باپ
دادا کی قدیم سنتین اپنا رنگ لائین نور وز منانے داڑہیان کتروائین اتیان
ادبار و اباحت و اعارت و اجارت فرج کی کیا گنتی نکاح محارم تک منظور رہا
مگر پردۂ حریر مین مستور رہا ادہر اسلامی فاتحون کی شیرانہ تاخت نے سیاہان
ہند کے منہ سپید کردیے ہزارون مارے لاکھون قید کئے یہانتک کہ ہندو کے
معنے ہی غلام ٹھہر گئے یہان کے نو مسلم مسلم تو ہوئے مگر ہزارون اپنے آبائی خصال
کے پابند رہے داڑہیان منڈائین بسنت منائین سادی کرین چنریان رنگائین
عورتین بد لحاظی کے کپڑے پہنین کنبے بہر کی سب غیرین سامنے آنے کے واسطے نہین
شادیون مین معاذ اللہ فحش گیت سالی بہنوی مین ہنسی کی ریت یہانتک کہ بہت
پوربی اضلاع مین چھوت اور چوکا تک مشہود اور اکثر دیہات مین ہولی دیوالی
بلکہ اس سے زائد شیطنت موجود پہر اس عملداری مین شیوع نیچریت بیقیدی
شرع و آزادی نفس کے لئے سونے پر سہاگہ کچہ اتباع فرنگ کچہ زنانی امنگ
صفائی رخسار کا نصیب جاگا لاجرم اس حرکت کے عادیون کو چند حال سے خالی
نپائیے گا نسلاً مجوسی یا مذہباً رافضی یا یوروپی تہذیب کا دلدادہ نیچری یا جہوٹے
متصوف مبتلا سے رفض خفی یا باپ دادا ہندو نو مسلم غافل یا ان صحبتون کا

(۱) [illegible] اہل سنت [illegible] تحفۂ اثنا عشریہ ۱۲

بگڑا آوارہ جاہل بہرحال اسکا مبدء و منبع و مرجع و مطلع وہی خصلت کفار جس سے خدا ناراض رسول بیزار جسپر قرآن عظیم مین وہ سخت وعیدیں وہ قاہر مار آیندہ ماننے نہ ماننے کا ہر شخص مختار۔ والتوفیق من اللہ العزیز الغفار تنبیہ ہشتم احادیث مین

حدیث (۱) امام مالک و احمد و بخاری و مسلم و ابوداؤد و ترمذی و نسائی و ابن ماجہ و طحاوی حضرت عبداللہ بن عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالی عنہما سے راوی حضور پر نور سید عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم فرماتے ہین خالفوا المشرکین احفوا الشوارب واوفروا اللحی مشرکون کا خلاف کرو موچھین خوب پست اور داڑھیان کثیر و وافر رکھو یہ لفظ صحیحین ہین۔ صحیح بخاری کی ایک روایت مین ہے انھکوا الشوارب واعفوا اللحی موچھین مٹاؤ۔ اور داڑھیان بڑھاؤ۔ مسلم ترمذی ابن ماجہ طحاوی کی ایک روایت سے احفوا الشوارب واعفوا اللحی خوب پست کرو موچھین اور چھوڑ رکھو داڑھیان۔ روایت امام مالک و ابی داؤد و اور ایک روایت مسلم و ترمذی مین ہے۔ ان رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم امر باحفاء الشوارب واعفاء اللحیۃ بیشک رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے حکم فرمایا موچھین خوب پست کرنے اور داڑھیان معاف رکھنے کا حدیث ۲۔ احمد مسند۔ مسلم صحیح۔ طحاوی اثار۔ ابن عدی کامل طبرانی اوسط مین حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم فرماتے ہین جزوا الشوارب وارخوا اللحی خالفوا المجوس موچھین کترواؤ اور داڑھیان بڑھنے دو آتش پرستون کا خلاف کرو۔ امام احمد کی روایت مین ہے قصوا الشوارب واعفوا اللحی موچھین تراشو اور داڑھیان بڑھاؤ۔ طبرانی کی روایت ہے وفروا اللحی وخذوا من الشوارب کثیر کرو داڑھیان اور لو موچھون مین سے۔ دوسری روایت مین زاید کیا وانتفوا الابط و

قصوا الاظافیر ابن عدی کی روایت ہے احفوا الشوارب واعفوا اللحی۔
حدیث ۳ - امام ابو جعفر طحاوی شرح معانی الآثار مین حضرت انس رضی اللہ تعالی
عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم فرماتے ہین احفوا الشوارب و
اعفوا اللحی ولا تشبھوا بالیھود موچھین خوب پست کرو اور داڑھیون کو معافی دو
یہودیون کی سی صورت نہ بنو **حدیث ۴** - امام احمد مسند - طبرانی کبیر - بیہقی
شعب الایمان - ضیا صحیح مختارہ - ابو نعیم حلیۃ الاولیا مین حضرت ابو امامہ باہلی
رضی اللہ تعالی عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم فرماتے ہین
قصوا سبالکم و وفروا عثانینکم وخالفوا اہل الکتاب مونچھین کترو اور
داڑھیون کو کثرت دو یہود و نصاری کا خلاف کرو **حدیث ۵** - طبرانی کبیر
مین حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالی عنہما سے راوی رسول اللہ صلی اللہ
تعالی علیہ وسلم فرماتے ہین اوفوا اللحی وقصوا الشوارب پوری کرو داڑھیان
اور تراشو مونچھین **حدیث ۶** - ابن حبان صحیح مین اور طبرانی اور بیہقی میمون
بن مہران سے راوی حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالی عنہما نے فرمایا ذکر رسول اللہ
صلی اللہ تعالی علیہ وسلم المجوس فقال انھم یوفرون سبالھم ویحلقون
لحاھم فخالفوھم رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے مجوسیون کا ذکر کیا
فرمایا وہ اپنی لبین بڑھاتے اور داڑھیان مونڈتے ہین تم اونکا خلاف کرو
حدیث ۷ - ابن عدی کامل اور بیہقی شعب الایمان مین حضرت عبد اللہ
بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالی عنہما سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالی
علیہ وسلم فرماتے ہین احفوا الشوارب واعفوا اللحی مونچھین خوب پست
کرو اور داڑھیان خوب بڑھاؤ **حدیث ۸** - ابو عبید اللہ محمد بن مخلد دوری
اپنے جزء حدیثی مین ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہا سے راوی رسول اللہ

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہین خذوا من عرض لحاکم واعفوا طولہا داڑھیون کے عرض سے لو اور اون کے طول کو معاف رکھو حدیث ۹ خطیب بغدادی ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہین لایاخذن احدکم من طول لحیتہ ہرگز کوئی شخص اپنی داڑھی کے طول سے کم نکرے حدیث ۱۰ - ابن سعد طبقات مین عبداللہ بن عبداللہ سے مرسلا راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہین لکن ربی امرنی ان احفی شاربی واعفی لحیتی مگر مجھے میرے رب نے حکم فرمایا کہ اپنے لبین پست کرون اور داڑھی بڑھاؤن۔ اس حدیث کا واقعہ وہ ہے کتاب الخمیس فی احوال انفس نفیس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وغیرہ کتب معتمدہ مین ہے کہ جب حضور پرنور سید یوم النشور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہدایت اسلام کی فرامین بنام سلاطین جہان نافذ فرمائے قیصر ملک روم نے تصدیق نبوت کی مگر محبت دنیا اسلام نہ لایا مقوقس بادشاہ مصر نے شقہ والا کی کمال تعظیم کی اور ہدایا حاضر بارگاہ رسالت کئے سگ ایران خسرو پرویز قتلہ اللہ نے فرمان اقدس چاک کردیا اور باذان صوبہ یمین کو لکھا دو مضبوط آدمی مدینہ بھیجکر اونھین یہان بلاوے باذان نے اپنے داروغہ بابویہ اور ایک پارسی خرخسرہ نامی کو روانہ مدینہ طیبہ کیا انہماحین دخلا علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کانا قد حلقا لحاھما واعفیا شواربھما فکرہ النظر الیہما وقال ویلکما من امرکما بہذا قالا ربنا یعنیان کسریٰ فقال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لکن ربی امرنی باعفاء لحیتی وقص شواربی۔ یہہ دونون جب بارگاہ اقدس مین حاضر ہوے داڑھیان منڈہائے اور مونچھین بڑھائے تھے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو انکی طرف نظر فرمانے کراہت آئی اور فرمایا خرابی ہو تمہارے لئے کسنے تمھین اسکا حکم دیا وہ بولے

ہمارے رب یعنی خسرو پرویز خبیث نے۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے
فرمایا مگر مجھے تو میرے رب نے داڑھی بڑھانے اور لبین تراشنے کا حکم فرمایا ہے۔
مسلمان اس حدیث کو یاد رکھین کہ بابویہ وخرخسرہ اوسوقت تک نہ اسلام لائے
تھے نہ احکام اسلام سے آگاہ تھے اونکی یہ وضع دیکھکر حضور اقدس صلی اللہ علیہ
وسلم نے اونکی صورت دیکھنے سے کراہت کی تو جو مسلمان احکام حضور جان بوجھکر
مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف مجوسیون کے موافق ایسی گندی صورت بنائے
وہ کسقدر حضور اعلیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی کراہت وبیزاری کا باعث ہوگا۔
آدمی جس حال پر مرتا ہے اوسی حال پر اوٹھتا ہے اگر روز قیامت رسول اللہ صلی
اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ مجوس کی صورت دیکھکر نگاہ فرمانے سے کراہت فرمائی
تو یقین جان کہ تیرا ٹھکانا کہین نرہا۔ مسلمان کی پناہ امان نجات رستگاری جو کچھ
ہے اونکی نظر رحمت مین ہے اللہ کی پناہ اوس بری گھڑی سے کہ وہ نظر فرمانے
کراہت لائین والعیاذ باللہ ارحم الراحمین۔ اسکے بعد حدیث مین معجزہ مصطفےٰ
صلی اللہ علیہ وسلم کا ظہور خسرو پرویز مردود کا ہلاک باذان وبابویہ وخرخسرہ
وغیرہم اہل یمین کا مشرف باسلام ہونا مذکور ہے رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔
حدیث ۱۱ سنن نسائی شریف مین ہے اخبرنا محمد بن سلمة (ثقة ثبت)
ثنا ابن وهب (ثقة حافظ عابد) عن حيوة بن شريح (ثقة ثبت فقيه
زاهد) و ذكر اٰخر قبله عن عياش بن عباس القتباني (ثقة) ان شييم بن
بيتان (القتباني ثقة) حدثه انه سمع رويفع بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنه
يقول ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال يا رويفع لعل الحياة ستطول
بك بعدي فاخبر الناس انه من عقد لحيته او تقلد وترا او استنجى برجيع
دابة او عظم فان محمدا بریٔ منه یعنی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے

حضرت رویفع بن ثابت رضی اللہ تعالی عنہ سے فرمایا اے رویفع مین امید کرتا ہون
کہ تو میرے بعد عمر دراز پاوے تو لوگونکو خبر کردینا کہ جو اپنی داڑہی باندہے یا کمان کا چلہ
گلے مین لٹکاوے یا کسی جانور کی لید کو یا ہڈی سے استنجا کرے تو بیشک محمد صلی اللہ
علیہ وسلم اوس سے بیزار ہین **حدیث ۱۱** سنن ابی داؤد شریف مین اس
حدیث کو روایت کرکے فرمایا حدثنا یزید بن خالد (ثقۃ) نا مفضل
(ھو ابن فضالۃ المصری ثقۃ فاضل عابد) عن عیاش (ذاک ابن عباس
الثقۃ) ان شییم بن بیتان اخبرہ بھذا الحدیث ایضا عن ابی سالم الجیشانی
(سفین بن ھانی المخضرم وقیل لہ صحبتہ) عن عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما
یذکر ذلک وھو معہ مرابط بحصن باب الیون یعنے اسیطرح یہ حدیث
حضور پرنور صلی اللہ تعالی علیہ وسلم سے حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ تعالی عنہما
نے روایت فرمائی حضرت شیخ محقق مولانا عبد الحق محدث دہلوی لمعات التنقیح مین
فرماتے ہین من عقد لحیتہ الاکثرون علی ان المراد تجعید اللحیۃ بالمعالجۃ
وانما کرہ ذلک لانہ فعل من لیس من اھل الدین وتشبہ بہم وقیل کانوا
یعقدون فی الحراب فی زمن الجاھلیۃ وتجبا فامروا بارسالھا وذلک من
فعل الاعاجم وقال التورپشتی یفتلونہا کذا فی مجمع البحار والاول ھو الوجہ
اھ مختصرا علامہ طیبی حاشیہ مشکوۃ پہر علامہ طاہر مجمع بحار الانوار مین فرماتے
ہین عقد ای جعدھا بالمعالجۃ ونہی عنہ لما فیہ من التشبہ بمن فعلہ
من الکفرۃ یعنے داڑہی باندہنے سے مراد اوسکا مجعد و مرغول بنانا ہے کہ یہ
کافرون کا فعل ہے اور اسمین اون سے تشبہ ہے ۔ داڑہی چڑہانے والے خصوصاً
کہ ڈہاٹے باندہ باندہ کر داڑہی کو مجعد و مرغول کرتے اور متکبر ٹہاکرون جاٹون کی
صورت بنتے ہین ان صحیح حدیثون کو جنکے ہر ہر راوی کی ثقاہت و عدالت سے ہمنے

تقریب التہذیب امام خاتم الحفاظ ابن حجر سے نقل کر دی یا درکھین اور محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی بیزاری و بیلاگی کو بلکا نجانین اور داڑھی منڈانے کترنے والے زیادہ سخت عذاب و آفت کے منتظر رہین - جب داڑھی باقی رکھکر اوسکی صفت و ہیئت مین کافرون سے تشبہ اسدرجہ باعث بیزاری محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم ہو تو سرے سے داڑھی قطع یا حلق کر دینا اور پوری پوری مجوسیون مچھندرون کی صورت بنا جس جس قدر موجب غضب و ناراضی واحد قہار و رسول کردگار جل جلالہ و صلی اللہ تعالی علیہ وسلم ہو بجا ہے الاثار حدیث ۱۳ و ۱۴ - امام ابوطالب مکی قوت القلوب اور امام حکیم الامہ احیاء العلوم مین فرماتے ہین رد عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالی عنہ وابن ابی لیلہ قاضی المدنی شہادۃ من کان ینتف لحیتہ یعنی امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالی عنہ و عبد الرحمن بن ابی لیلی قاضی مدینہ طیبہ (کہ اکابر ائمہ تابعین واجلہ تلامذہ امیر المومنین عثمان غنی و امیر المومنین مولی علی رضی اللہ تعالی عنہم سے ہین ان دونون ائمہ ہدی نے) داڑھی چننے والے کی گواہی رد فرمائی حدیث ۱۵ ایسی دونون امام مکی و غزالی فرماتے ہین شہد رجل عند عمر بن عبد العزیز بشہادۃ وکان ینتف فنیکیہ فرد شہادتہ ایک شخص نے سادس خلفاء راشدین امیر المومنین عمر بن عبد العزیز رضی اللہ تعالی عنہ کے یہان کسی معاملہ مین گواہی دی اور وہ اپنی داڑھی کا ایک خفیف حصہ جسے کو ٹھے کہتے ہین چنا کرتا تھا امیر المومنین نے اوسکی شہادت رد فرمائی - حدیث ۱۶ و ۱۷ - امام محمد بن ابی الحسن علی مکی دقائق الطریقین حضرت کعب الاحبار و ابی الجلد (جیلان بن فروہ اسدی) رحمہم اللہ تعالی سے ذکر فرماتے ہین یکون فی آخر الزمان اقوام یقصون لحاھم اولئک لاخلاق لہم

آخر زمانے مین کچھہ لوگ ہونگے کہ داڑہیان کترینگے وہ نرے بے نصیب ہین یعنے اونکے لئے دین مین حصہ نہین آخرۃ مین بہرہ نہین والعیاذ باللہ رب العالمین۔ ہذا مختصر **تنبیہ** نصوص ائمہ کرام وعلماے اعلام مین۔ **نص ا تا ۵** - امام محقق علی الاطلاق کمال الدین محمد بن الہمام فتح القدیر پہر علامہ زین بن نجیم مصری بحر الرائق پہر علامہ ابو الاخلاص حسن بن عمار شرنبلالی غنیۃ ذوی الاحکام پہر علامہ مدقق محمد بن علی دمشقی درمختار پہر علامہ سیدی احمد مصری حاشیۂ مراقی الفلاح سب علما کتاب الصوم مین فرماتے ہین المعنی للکل واللفظ لحاشیتہ الدر او العزبر الاخذ من اللحیۃ وھی دون القبضۃ کما یفعلہ بعض المغاربۃ ومخنثۃ الرجال فلم یبحہ احد واخذ کلہا فعل مجوس الاعاجم والیہود والہنود وبعض اجناس الزنج یعنے جب داڑہی ایک مشت سے کم ہو تو اوسمین کچہ لینا جسطرح بعض مغربی اور زنانے زنخے کرتے ہین یہہ کسیکے نزدیک حلال نہین اور سب لے لینا ایرانی مجوسیوں اور یہودیون اور ہندوؤن اور بعض زنگیون کا فعل ہے **نص ۶ تا ۱۲** - امام برہان الملت والدین فرغانی ہدایہ پہر امام زیلعی تبیین الحقایق شرح کنز الدقائق پہر علامہ نجم الدین طوری تکملہ بحر الرائق پہر علامہ شرنبلالی غنیہ پہر علامہ سید ابو المسعود ازہری فتح اللہ المعین حاشیۂ کنز پہر علامہ سیدی احمد طحطاوی حاشیہ تنویر پہر علامہ سیدی محمد امین افندی رد المحتار علی الدر المختار سب علما کتاب الجنایات مسئلہ جنایت بحلق لحیہ مین فرماتے ہین یؤدب علی ذلک لارتکاب المحرم ھذا ھو لفظ الکل الا الطرفین فلفظہما یؤدب علی ارتکابہ مالا یحل داڑہی مونڈنے والے کو سزا دیجاے کہ وہ فعل حرام کا مرتکب ہوا **نص ۱۳ تا ۱۷** - علامہ تورپشتی شرح مصابیح پہر علامہ طیبی شرح مشکوۃ پہر مولانا علی قاری مکی مرقاۃ

پہر علامہ فتنی مجمع البحار پہر شیخ محقق لمعات مین فرماتے ہین قص اللحیۃ کان من صنیع الاعاجم وھو الیوم شعار کثیر من المشرکین کالافرنج والھنود ومن لاخلاق لھم فی الدین من الفرق الموسومۃ بالقلندریۃ طہر اللہ عنھم حوزۃ الدین داڑہی تراشنا پارسیون کا کام تہا اور اب تو بہت کافرون کا شعار ہے جیسے فرنگی اور ہندو اور وہ فرقہ جسکا دین مین کچہ حصہ نہین جو قلندریہ کہلاتے ہین اللہ تعالی اسلامی حدود کو اون سے پاک کرے نص ۱۸ و ۱۹۔ کواکب الدراری شرح صحیح بخاری امام کرمانی و مجمع مین ہے فبعضہ ما اسخف عقول قوم طولوا الشارب واحفوا اللحی عکس ما علیہ فطرۃ جمیع الامم قد بدلوا فطرتہم نعوذ باللہ سبحان اللہ کسقدر بیہودہ عقل ہے اون لوگون کی جنہون نے مونچہین بڑہائین اور داڑہیان پست کین برعکس اوس خصلت کے جسپر تمام امم انبیا علیہم الصلوۃ والسلام کی فطرت ہے اونہون نے اپنی اصل خلقت ہی بدل دی خدا کی پناہ نص ۲۰ تا ۲۲۔ امام ابو الحسن علی بن ابی بکر بن عبد الجلیل مرغینانی نے کتاب التجنیس والمزید مین بہی اسکے عدم جواز کی تصریح فرمائی لمعات شرح مشکوۃ و نصاب الاحتساب باب بیاسی دس مین ہے ھل یجوز حلق اللحیۃ کما یفعلہ الجوالیقون الجواب لا یجوز ذکرہ فی جنایۃ الھدایۃ وکراھیۃ التجنیس یعنے سوال کیا داڑہی مونڈنا جائز ہے جیسے جولا شاہی فقیر کرتے ہین جواب ناجائز ہے ہدایہ کتاب الجنایات اور تجنیس کتاب الکراہیۃ مین اسکی تصریح ہے نص ۲۳ و ۲۴۔ تبیین المحارم و رد المحتار مین ہے ازالۃ الشعر من الوجہ حرام الا اذا نبتت للمراۃ لحیۃ او شوارب فلا تحرم ازالۃ بل تستحب منہ کے بال دور کرنا حرام ہے مگر جب کسی عورت کی داڑہی یا مونچہ نکل آئے تو اوسے حرام نہین بلکہ مستحب ہے۔ نص ۲۵ و ۲۶۔ مفہم شرح صحیح مسلم للعلامۃ القرطبی پہر اتحاف السادۃ المتقین مین ہے لا یجوز حلقھا

ولا تنقصها ولا قص الكثير منها داڑہی کا نہ مونڈہنا جایز نہ چھینانہ زیادہ کترنا نص ۲۷
امام شمس الائمہ کردری وجیز مین فرماتے ہین لا یحل للرجال ان یقطع اللحیۃ
مرد کو حلال نہین کہ داڑہی کاٹے نص ۲۸ تا ۳۰ بعینہ یہی الفاظ امام ابوبکر نے
فرمائے اور اون سے نوازل اور نوازل سے نصاب الاحتساب باب ثامن مین
منقول ہوے نص ۳۱ و ۳۲ درمختار مین ہے فیہ (ای فی المجتبی) قطعت
شعر راسہا اثمت ولعنت زاد فی البزازیۃ ولو باذن الزوج لانہ لا
طاعۃ لمخلوق فی معصیۃ الخالق ولذا یحرم علی الرجل قطع لحیتہ والمعنی
الموثر التشبہ بالرجال رد المحتار مین ہے العلۃ الموثرۃ فی اثمہا التشبہ بالرجال
فانہ لا یجوز کالتشبہ بالنساء یعنی مجتبے شرح قدوری مین ہے عورت اپنے سرکے
بال کاٹے تو گنہگار و ملعونہ ہو جاے بزازیہ مین زاید فرمایا کہ اگرچہ شوہر کی اجازت سے
اسلئے کہ خدا کی نافرمانی مین کسیکی اطاعت نہین اسلئے مرد پر داڑہی کاٹنا حرام ہے
اور علت گناہ مردون کی وضع بنانی ہے یعنی عورت کو موے سر تراشنی کی حرمت مین
یہہ علت ہے کہ یہہ مردانی وضع ہے جس طرح مرد کو ریش تراشی حرام ہونے کی علت یہ
کہ عورتون سے تشبہ ہے اور وہ دونون ناجایز نص ۲۹ علامہ قاری شرح
شفائی امام قاضی عیاض مین فرماتے ہین حلق اللحیۃ منھی عنہ داڑہی مونڈنے کی
شرع مین ممانعت ہے نص ۳۰ علامہ شہاب خفاجی نسیم الریاض مین فرماتے ہین
اما حلقہا فمنھی عنہ لانہ عادۃ المشرکین داڑہی مونڈنا ممنوع ہے کہ یہہ کافرون
کی عادت ہے نص ۳۱ اشعۃ اللمعات سے گزرا علت در حرمت حلق لحیہ
ہمین است نص ۳۲ اوسمین ہے حلق کردن لحیہ حرام ست و روش فرنج وہنود
وجوالقیان است کہ ایشان را قلندریہ گویند نص ۳۳ فتح المعین بشرح قرۃ العین
مین ہے یحرم حلق لحیۃ داڑہی مونڈنا حرام ہے فائدہ جسطرح داڑہی

مونڈنا کترنا بالاتفاق حرام وگناہ ہے یونہی ہمارے ائمہ وجمہور علما کے نزدیک
اوسکا طول فاحش کہ بیحد بڑھایا جائے جیسے حد تناسب سے خارج وباعث انگشت نمائی ہو
مکروہ وناپسند ہے امام قاضی عیاض پھر امام ابوزکریا نووی شرح صحیح مسلم مین
فرماتے ہین تکرہ الشہرۃ فی تعظیمہا کما تکرہ فی قصہا وجزہا اوسی مین ہے
ہو کرہ مالک طولہا جدا حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم وحضرت عبد اللہ بن
عمر وحضرت ابوہریرہ وغیرہما صحابہ وتابعین رضی اللہ تعالی عنہم اجمعین کے افعال و
اقوال اور ہمارے امام اعظم ابوحنیفہ ومحرر مذہب امام محمد رضی اللہ تعالی عنہما وعامہ
کتب فقہ وحدیث کی تصریح سے اسکی حد یکمشت ہے ابھی نصوص علما سے گزرا کہ
اس سے کم کرنا کسی نے حلال نہانا قبضہ سے کا قطع ہمارے نزدیک مسنون ہے
بلکہ نہایہ مین بلفظ وجوب تعبیر کیا تفصیل اسکی بحر ونہر ودرمختار اوسکے حواشی وغیرہا کتب فقہ ومرقاۃ ولمعات ومنہاج وغیرہا کتب
حدیث اور قوت القلوب واحیاء وغیرہما کتب سلوک مین دیکھئے قول عرب کا اس ناقل نا عاقل نے لکھا اور نہ اوسکا
قائل جانا نہ بقول بھی ہیک نقل کیا اسمین بھی طول فحش ومفرط کی ناپسندی ہے وجہ نقص طعن اور سبزہ آغاز ہوتے ہی حاصل کہ
بال اگرچہ ذرہ بھر ہو آخر جسم ہے اور جسم بے طول ناممکن تو مطلق طول کی مذمت نفس
لحیہ کی مذمت ہوگی حالانکہ تمام عالم جانتا ہے عرب کی قدیم قومی وملکی ومذہبی عادت ہمیشہ
داڑھی رکھنے رہی ہے وہ اسکے نہونے کی مذمت کرتے اور اوسے سخت عیب جانتے
جسکا کچھ ذکر اقوال امام شریح واصحاب امام احنف سے گزرا قوت القلوب شریف مین
امام ابو یوسف رضی اللہ تعالی عنہ سے ہے فمن عظمت لحیتہ جلت معرفتہ
اوسمین بعض ادیبون سے نقل فرمایا فی اللحیۃ خصال نافعۃ منہا تعظیم الرجل
والنظر الیہ بعین العلم والوقار ورفعہ فی المجالس والاقبال علیہ وتقدیمہ
علی الجماعۃ وتقبلہ اسیطرح احیاء العلوم مین ہے بعض نخدان کے دو تین بال جو بس
خلیع العذار کے نزدیک حد اعتدال سے ہے منحوس ومذموم جانتے اور کجھ کیا اچھا سمجھتے ہین

یہانتک کہ اسپر متکلمین نے زبان زد ہو بیں اور یہ مثل چلا آتا ہے کہ خیر الامور اوسطہا قال تعالیٰ وکان بین ذٰلک قواما وقال تعالیٰ وابتغ بین ذٰلک سبیلا وقال تعالیٰ عوان بین ذٰلک کو سچ کے بارے میں امام شافعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اقوال و وقایع بیہقی نے مناقب میں روایت اور امام سخاوی نے مقاصد حسنہ میں زیر حدیث ابا کم والاشقر والازرق ذکر کئے جس کو دیکھنا ہو وہان دیکھے تنبیہہ و ہم بقیۂ دلائل تحریم میں دلیل اول داڑھی منڈانا یعنی مثلہ صورت بگاڑنا ہے اور مثلہ حرام اب کتب فقہیہ سے کتاب الحج کا احرام باندھیے۔ نص ۳۴ ہدایہ میں ہے حلق الشعر فی حقہا مثلۃ کحلق اللحیۃ فی حق الرجال نص ۳۵ کافی شرح وافی لاتحلق ولاکن تقصر لان الحلق فی حقہا مثلۃ والمثلۃ حرام وشعر الراس زینۃ لہا کاللحیۃ للرجل کما لایحلق لحیتہ منذ الخروج من الاحرام فکذا لاتحلق شعرہا نص ۳۶ و ۳۷ امام ملک العلی ابو بکر مسعود کاشانی بدائع پھر علامہ علی قاری مسلک متقسط میں فرماتے ہیں حلق اللحیۃ من باب المثلۃ نص ۳۸ و ۳۹ تبیین الحقایق و ابو السعود مصری حلق راسہا مثلۃ کحلق اللحیۃ للرجل و نیز تبیین میں ہے لا یاخذ من لحیتہ شیئا لانہ مثلۃ نص ۴۰ و ۴۱ بحر الرائق و طحطاوی علی الدر و اللفظ للبحر لاتحلق لکونہ مثلۃ کحلق اللحیۃ نص ۴۲ برجندی شرح نقایہ حلق الراس فی حقہا مثلۃ کحلق اللحیۃ فی حق الرجل نص ۴۳ شرح اللباب اما المراۃ فلیس لہا الا التقصیر لما سبق من ان حلق راسہا مثلۃ کحلق الرجل اللحیۃ طریق المرید سے گزر چکا النقصان منہا مثلۃ ان سب عبارات کا حاصل یہہ ہے کہ مرد کو داڑھی منڈانا کترنا مثلہ ہے جیسے عورت کو سر منڈانا۔ یہہ مسئلہ ایسا واضحہ جلیلہ ہے کہ مسلمانوں کے تمام خواص و عوام اوس سے آگاہ ہیں ہر ذی عقل مسلم جانتا ہے کہ جیسے عورت مکے حق میں گیسو بریدہ گالی ہے

یون ہی مرد کے لئے داڑہی منڈا - ہان ناپاک طبایع کا ذکر نہین بہتیرے مرد زنانی
بنتے محافل مین ناچتے اپنی مان بہن کے پیچھے طبلہ بجاتے ہین اور ان حرکات سے
اصلا عار نہین رکہتے جسطرح داڑہی رکہنا افعال قدیمۂ انبیاے کرام علیہم الصلوٰۃ
والسلام سے ہے یون ہی یہہ ارشاد بہی اقوال قدیمہ رسل عظام سے اذا لم تستحی
فاصنع ما شئت بےحیا باش ہرچہ خواہی کن ؛ اب امام ابوالبرکات عبداللہ نسفی کا ارشاد
ابہی گذرا المثلۃ حرام اشعہ سے گزرا علت در حرمت مثلہ ہمین است احادیث
لیجیے کہ امید کرتا ہون مجموعًا اس تحریر کے سوا شاید نہ ملین **حدیث ۱۸** - امام احمد و
بخاری و مسلم و نسائی حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالی عنہما سے راوی رسول اللہ
صلی اللہ تعالی علیہ وسلم فرماتے ہین لعن اللہ من مثل بالحیوان اللہ کی لعنت اوسپر
جو کسی جاندار کے ساتھ مثلہ کرے - طبرانی نے بسند حسن اون سے روایت کی -
رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے فرمایا من مثل بحیوان فعلیہ لعنۃ اللہ والملئکۃ
والناس اجمعین جو کسی جاندار کے ساتھ مثلہ کرے اوسپر اللہ و ملائکہ و بنی آدم سبکی
لعنت **حدیث ۱۹** شافعی - احمد - دارمی - مسلم - ابوداؤد - ترمذی - نسائی - ابن ماجہ
طحاوی - ابن حبان بیہقی - ابن الجارود حضرت بریدہ رضی اللہ تعالی عنہ سے راوی
رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم جب کوئی لشکر بہیجتے سپہ سالار کو وصیت فرماتے
اغزوا بسم اللہ فی سبیل اللہ قاتلوا من کفر باللہ اغزوا ولا تغلوا ولا تغدروا ولا تمثلوا ولا
تقتلوا ولیدا جہاد کرو اللہ کے نام پر اللہ کی راہ قتال کرو اللہ کے منکرون سے جہاد کرو
اور خیانت نہ کرو نہ عہد توڑو نہ مثلہ کرو نہ کسی بچہ کو قتل کرو **حدیث ۲۰** - امام احمد
مسند و ابن ماجہ سنن اور قاضی عبدالجبار بن احمد اپنی امالی مین حضرت صفوان بن عسال
رضی اللہ تعالی عنہ سے راوی ہین رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے ہمین ایک
لشکر مین بہیجا فرمایا سیروا بسم اللہ و فی سبیل اللہ قاتلوا من کفر باللہ ولا تمثلوا ولا تغدروا

قلت و اخرج فی کنز العمال و فی منتخبہ کلیہما بلفظ من مثل ... احمد و ... الصحابی ۱۲

ولا تغلوا ولا تقتلوا ولیدا چلو خدا کے نام پر خدا کی راہ مین جہاد کرو خدا کے منکرون سے
اور نہ مثلہ کرو نہ بدعہدی نہ خیانت نہ بچے کا قتل حدیث ۲۱ حاکم مستدرک مین حضرت
ابن الفاروق رضی اللہ تعالی عنہما سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے
فرمایا خذ فاعز فی سبیل اللہ فقاتلوا من کفر باللہ لا تغلوا ولا تمثلوا ولا تقتلوا ولیدا
فہذا عہد اللہ وسیرۃ نبیہ یہ خدا کی راہ مین لڑ منکران خدا سے جہاد کرو و خیانت
نکرو نہ مثلہ نہ بچون کو قتل کہ یہہ اللہ تعالی کا عہد اور اوسکے نبی کا شیوہ ہے صلی اللہ
تعالی علیہ وسلم حدیث ۲۲ بیہقی سنن مین امیر المومنین مولی علی کرم اللہ تعالی وجہہ سے
حدیث طویل مین راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم جب کوئی لشکر کفار پر بھیجتے
فرماتے لا تمثلوا بادمی ولا ببہیمۃ مثلہ نکرو نہ کسی آدمی کو نہ چوپائے کو حدیث ۲۳
تا ۲۵۔ احمد و بخاری حضرت عبد اللہ بن یزید اور احمد و ابو بکر بن ابی شیبہ حضرت
زید بن خالد اور طبرانی حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالی عنہم سے راوی نہی
رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم عن النہبۃ والمثلۃ رسول اللہ صلی اللہ تعالے
علیہ وسلم نے لوٹ اور مثلہ سے منع فرمایا حدیث ۲۶ و ۲۷۔ ابن ماجہ حضرت ابو سعید
خدری اور امام ابو جعفر طحاوی و سلیمان بن احمد طبرانی حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ
تعالی عنہم سے راوی نہی رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم ولفظ الطحاوی سمعت
رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم ینہی ان یمثل بالبہائم رسول اللہ صلی اللہ
تعالی علیہ وسلم نے چوپاؤن کو مثلہ کرنے سے منع فرمایا حدیث ۲۸ تا ۳۰ ابو بکر
بن ابی شیبہ و امام طحاوی و حاکم حضرت عمران بن حصین اور اولین و طبرانی حضرت
مغیرہ بن شعبہ اور صرف اول حضرت اسماء بنت ابی بکر صدیق رضی اللہ تعالی عنہ سے
راوی نہی رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم عن المثلۃ ہذا حدیث الحاکم عن
عمران ومثلہ لفظ الطبرانی عن ابن عمر وحدیثا المغیرۃ و اسماء رسول اللہ صلی اللہ

تعالی علیہ وسلم نے مثلہ سے منع فرمایا حدیث ۳۱ طبرانی امیر المومنین علی کرم اللہ
تعالی وجہہ سے راوی سمعت رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نھی عن المثلۃ و
لو بالکلب العقور رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کو سنا کہ مثلہ کرنا منع فرماتے
تھے اگرچہ سگ گزندہ کو حدیث ۳۲ و ۳۳ - ابن قانع طبرانی و ابن مندہ بطریق
موسی بن ابی حبیب حضرت حکم بن عمیر و حضرت عائذ بن قرط رضی اللہ تعالی عنہما سے
راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم فرماتے ہیں لاتمثلوا بشیئ من خلق اللہ
عزوجل فیہ روح خلق اللہ میں سے کسی ذی روح کو مثلہ نکرو حدیث ۳۴ و
۳۵ - ابو داؤد و طحاوی حضرت سمرہ بن جندب اور بخاری و مسلم قتادہ سے مرسلا
راوی کان النبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم یحث علی الصدقۃ وینھی عن المثلۃ
ھذا لفظ ابی داؤد و لفظ الطحاوی قلما خطب خطبۃ الا امر فیھا بالصدقۃ
ونھانا عن المثلۃ و لفظھما فی حدیث العرنیین عن قتادۃ بلغنا ان النبی
صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کان بعد ذلک یحث علی الصدقۃ وینھی عن المثلۃ
وبمعناہ لابن ابی شیبۃ والطحاوی عن عمران فی الحدیث الماء یعنی کم کوئی خطبہ ہوگا
جسمیں رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم صدقہ کا حکم اور مثلہ سے ممانعت نہ فرماتے
ہوں حدیث ۳۶ طبرانی کبیر میں حضرت یعلی بن مرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے
راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم فرماتے ہیں لا تمثلوا بعباد اللہ اللہ کے
بندوں کو مثلہ نکرو حدیث ۳۷ و ۳۸ - ابن عساکر و ابن النجار حضرت ام المومنین
صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہا سے اور ابن ابی شیبہ مصنف میں عطا سے مرسلا راوی رسول
اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے فرمایا لا یمثل بہ فیمثل اللہ بہ یوم القیمۃ حاصل یہ
کہ جو یہاں مثلہ کریگا روز قیامت اوسے اللہ تعالی مثلہ بنا لگا حدیث ۳۹
بیہقی سنن میں صالح بن کیسان سے حدیث طویل میں راوی حضرت خلیفہ رسول اللہ

صلی اللہ تعالی علیہ وسلم سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالی عنہ نے حضرت یزید بن
ابی سفین رضی اللہ تعالی عنہما کو سپہ سالاری پر بھیجتے وقت وصیت مین فرمایا لا تغدر
لا تمثل ولا تجبن ولا تغلل نہ عہد توڑنا نہ مثلہ کرنا نہ بزدلی نہ خیانت حدیث
۴۳ سیف کتاب الفتوح مین متعدد شیوخ سے راوی امیر المومنین صدیق اکبر
رضی اللہ تعالی عنہ نے اپنے صوبہ ملک یامہ مہاجر بن ابی امیہ رضی اللہ تعالی
عنہ کو فرمان بھیجا جسمین ارشاد ہے ایاک والمثلة فی الناس فانہا اثم
ومنفرة الا فی قصاص لوگون کو مثلہ کرنے سے بچو کہ وہ گناہ ہے اور نفرت
دلانے والا مگر قصاص اور عوض مین۔ اللہ اکبر جب چوپاؤن سے مثلہ حرام۔
چوپاے درکنار کتّا کھنے کتے سے ناجایز کتے سے بھی گذرے حربی کافر سے بھی منع
تو مسلمان کا خود اپنے منھ کے ساتھ مثلہ کرنا کسدرجہ اشد حرام و موجب لعنت
وانتقام ہے والعیاذ باللہ تعالی حدیث ۴۴ طبرانی معجم کبیر مین بسند حسن حضرت
عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالی عنہما سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالے
علیہ وسلم فرماتے ہین من مثل بالشعر فلیس لہ عند اللہ خلاق جو بالون کے
ساتھ مثلہ کرے اللہ عزوجل کے یہان اوسکا کچھ حصہ نہین والعیاذ باللہ رب العالمین
یہہ حدیث خاص مسئلہ مثلہ مو مین ہے بالون کا مثلہ بھی کلمات ائمہ سے مذکور ہوا
کہ عورت سر کے بال منڈاے یا مرد داڑہی کے یا مرد خواہ عورت بھوین منڈا یفعلہ
کفرة الہند فی الحداد یا سیاہ خضاب کرے کما فی المناوی والعزیزی والحفنی
شروح الجامع الصغیر یہہ سب صورتین مثلہ مو مین داخل ہین اور سب حرام
دلیل دوم داڑہی منڈانا زنانی صورت بننا اور عورت سے تشبہ پیدا کرنا ہے
اور مرد کو عورت عورت کو مرد سے کسی لباس وضع چال ڈھال مین بھی تشبہ حرام نہ کہ
خاص صورت و بدن مین۔ ظاہر ہے کہ عورت و مرد کا جسم ظاہر مین مابہ للامتیاز یہی چوٹی

اور داڑہی ہے اسیطرف تسبیح ملائکہ مین اشارہ وارد ہوا امام زیلعی تبیین الحقایق علامہ اتقانی غایۃ البیان - علامہ طوری تکملہ بحر سب علما کتاب الجنایات اور امام حجۃ الاسلام محمد غزالی کیمیاے سعادت مین ذکر کرتے ہین رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم فرماتے ہین ان للہ ملئکتہ تسبیحھم سبحٰن من زین الرجال باللحی والنساء بالقرون والذوائب ولیس عنہا اتقانی فی نسختی لفظ القرون بیشک اللہ عزوجل کے کچھ فرشتے ہین جنکی تسبیح یہہ ہے پاکی ہے اوسے جسنے مردون کو زینت دی داڑہیون سے اور عورتون کو گیسوؤن سے - بلکہ داڑہی چوٹی سے بہی زیادہ وجہ امتیاز ہے کہ مرد چوٹی بنا سکتا ہے اور عورت داڑہی نہین نکال سکتی ولہذا نص ۵۰ و ۵۱ امامین جلیلین قوت واحیا مین فرماتے ہین اللحیۃ من تمام خلق الرجال وبہا تمیز الرجال من النساء فی ظاہر الخلق داڑہی آفرینش مرد کی تمامی سے ہے اور اوسی سے متمیز ہوتے ہین مرد عورت سے ظاہر صورت مین - لاجرم بزازیہ و درمختار و ردالمحتار کے نصوص گذرے کہ عورت کو موے سر مرد کو داڑہی کا قطع حرام ہے کہ اسمین ایک کا دوسرے سے تشبہ ہے نص ۵۲ سیدی عارف باللہ علامہ عبدالغنی نابلسی قدس سرہ القدسی حدیقہ ندیہ شرح طریقہ محمدیہ مین فرماتے ہین الحکمۃ فی تحریم تشبہ الرجل بالمرأۃ وتشبہ المرأۃ بالرجل انہما مغیران لخلق اللہ مرد و عورت کا باہم تشبہ حرام ہونے کی حکمت یہہ ہے کہ وہ دونون آپسمین خدا کی بنائی چیز بدلتے ہین - یہ اشارہ ہے اوسی آیہ کریمہ فلیغیرن خلق اللہ کی طرف یہ تو آیت تہی اب بتوفیق اللہ تعالے احادیث لیجئے حدیث ۴۲ - امام احمد و دارمی و بخاری و ابوداؤد و ترمذی و نسائی و ابن ماجہ و طبرانی حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالی عنہما سے راوی حضور پر نور سید المرسلین صلی اللہ تعالی علیہ وسلم فرماتے ہین لعن اللہ المتشبہین من الرجال بالنساء والمتشبہات من النساء بالرجال اللہ کی لعنت اون مردون پر

جو عورتوں کی وضع بنائیں اور اون عورتوں پر جو مردوں کی وضع بنائیں طبرانی کی روایت
یون ہے ان امرأۃ مرت علی رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم متقلدۃ
قوسا فقال لعن اللہ المتشبھات من النساء بالرجال والمتشبھین من الرجال
بالنساء حضور اقدس صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے سامنے ایک عورت
شانے پر کمان لٹکائے گزری فرمایا اللہ کی لعنت اون عورتوں پر جو مردانی
وضع بنائیں اور اون مردوں پر جو زنانی حدیث ۴۳ بخاری ابوداؤد
ترمذی اونہیں سے راوی لعن رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم المخنثین
من الرجال والمترجلات من النساء وقال اخرجوھم من بیوتکم رسول اللہ
صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے لعنت فرمائی زنانے مردوں اور مردانی عورتوں
پر اور فرمایا اونہیں اپنے گھروں سے نکالدو حدیث ۴۴ بخاری ابوداؤد
ابن ماجہ ام سلمہ رضی اللہ تعالی عنہا سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالی
علیہ وسلم فرماتے ہین اخرجوا المخنثین من بیوتکم زنانوں کو اپنے گھروں
سے نکال باہر کرو حدیث ۴۵- ابوداؤد نسائی ابن ماجہ ابن حبان حاکم
بسند صحیح ابوہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے راوی لعن رسول اللہ صلی
اللہ تعالی علیہ وسلم الرجل یلبس لبسۃ المرأۃ والمرأۃ تلبس لبسۃ الرجل
رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے لعنت فرمائی اوس مرد پر کہ عورت کا
پہناوا پہنے اور اوس عورت پر کہ مرد کا حدیث ۴۶- ابوداؤد بسند حسن
عبداللہ بن ابی ملیکہ سے راوی قال قیل لعائشۃ رضی اللہ تعالی عنہا
ان امرأۃ تلبس النعل قالت لعن رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم الرجلۃ
من النساء ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہا سے عرض کیگئی کہ ایک
عورت مردانہ جوتہ پہنتی ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے

مردانی عورت پر لعنت فرمائی **حدیث ۴۷** - امام احمد بسند حسن ایک تابعی
ہذیلی سے راوی ہیں حضرت عبد اللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما
کی خدمت میں حاضر تھا ایک عورت کمان لٹکائے مردانی چال چلتی سامنے سے
گذری عبد اللہ نے پوچھا یہ کون ہے میں نے کہا ام سعید دختر ابوجہل - فرمایا
میں نے سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے سنا لیس منا
من تشبہ بالرجال من النساء ولا من تشبہ بالنساء من الرجال ؛
ہماری گروہ سے نہیں وہ عورت کہ مردوں سے تشبہ کرے اور نہ وہ مرد
کہ عورتوں سے ۔ رواہ الطبرانی عن عبد اللہ مختصراً **حدیث ۴۸**
امام احمد بسند حسن اور عبد الرزاق مصنف میں ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے
راوی لعن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مخنثی الرجال یتشبھون
بالنساء والمترجلات من النساء المتشبہات بالرجال و راکب الفلاۃ
وحدہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لعنت فرمائی زنانے مردوں
پر جو عورتوں کی صورت بنیں اور مردانی عورتوں پر جو مردوں کی شکل بنیں اور جنگل
کے اکیلے سوار کو جو خطر کی حالت میں تنہا سفر کو جائے **حدیث ۴۹** - طبرانی
کبیر میں بسند صالح حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی رسول اللہ
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں ثلثۃ لا یدخلون الجنۃ ابدا الدیوث والرجلۃ
من النساء ومدمن الخمر تین شخص جنت میں کبھی نہ جائیں گے دیوث اور مردانی عورت
اور شراب کا عادی **حدیث ۵۰** - احمد نسائی حاکم حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ
تعالیٰ عنہما سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں ثلثۃ لا ینظر
اللہ الیھم یوم القیمۃ العاق لوالدیہ والمرأۃ المترجلۃ المتشبہۃ بالرجال والدیوث
تین شخصوں پر اللہ تعالیٰ روز قیامت نظر رحمت نہ فرمائے گا - ماں باپ کا نافرمان

۱۲ م
وفی طریق لاحمد و فی روایۃ عبد الرزاق بسندین لعن غلاماً و او رجلاً الذین یتخذون الا خنث مع والمترجلات اللاتی یفعلن ذلک و راکب الفلاۃ وحدہ والبائت وحدہ ۱۲ منہ

اور مردانی عورت مردون کی وضع بنانے والی اور دیوث حدیث ۱۵ نسائی
سنن اور بزار مسند اور حاکم مستدرک اور بیہقی شعب الایمان مین اون سے
راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم فرماتے ہین ثلثة لایدخلون الجنة
العاق لوالدیه والدیوث ورجلة النساء تین شخص جنت مین نجایئن گے ان
باپ سے عاق اور دیوث اور مردانی عورت حدیث ۱۶ بیہقی شعب مین ابوہریرہ
رضی اللہ تعالی عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم فرماتے ہین
اربعة یصبحون فی غضب اللہ ویمسون فی غضب اللہ المتشبھون من الرجال
بالنساء والمتشبہات من النساء بالرجال والذی یاتی البھیمة والذی
یاتی الرجل چار شخص صبح کرین تو اللہ کے غضب مین شام کرین تو اللہ کے
غضب مین زنانی وضع والے مرد اور مردانی وضع والی عورتین اور جو چوپائے
سے جماع کرے اور اغلامی حدیث ۱۷ طبرانی کبیر مین ابو امامہ باہلی رضی
اللہ تعالی عنہ سے راوی اربعة لعنھم اللہ فوق عرشه وامنت علیھم
ملئکته الذی یحصن نفسه عن النساء ولایتزوج ولایتسری لئلا یولد له
والرجل یتشبه بالنساء وقد خلقه اللہ ذکرا والمرأة تتشبه بالرجال وقد
خلقھا اللہ انثی ومضلل المسکین وفی اخرى له عنه اربعة لعنوا فی الدنیا
والاخرة وامنت الملئکة رجل جعله اللہ ذکرا فانث نفسه وتشبه بالنساء
وامرأة جعلھا اللہ انثی فتذکرت وتشبھت بالرجال والذی یضل الاعمی
ورجل حصور ولم یجعل اللہ حصورا الا یحیی بن زکریا حاصل یہہ کہ چار شخصون
پر اللہ عزوجل نے بالاے عرش سے دنیا وآخرت مین لعنت بھیجی اور اونکی ملعونی
پر فرشتون نے آمین کہی وہ مرد جسے خدا نے نر بنایا اور وہ مادہ بنے عورتون
کی وضع بناے اور عورت جسے خدا نے مادہ بنایا اور وہ نر بنے مردانی وضع

اختیار کرے اور اندہے کو بہکانے یا مسکین کو رستہ بھلانے والا اور وہ جو اولاد ہونے کے خوف سے نکاح نکرے نہ کنیز حلال رکھے راہبان نصاری کیطرح خنثیٰ بنے حدیث ۳۵۔ ابن عساکر ابن صالح وہ اپنے بعض شیوخ سے راوی۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم فرماتے ہین لعن اللہ والملئکۃ رجلا تانث وامرأۃ تذکر اللہ عزوجل اور فرشتون نے لعنت کی اوس مرد پر جو عورت بنے اور اوس عورت پر جو مرد و العیاذ باللہ رب العالمین۔

دلیل سوم۔ داڑہی منڈانا کترانا شعار کفار ہین اون سے تشبہ ہے اور وہ حرام تنبیہ ہشتم کی متعدد احادیث مین گذرا کہ یہہ خصلت شنیعہ مجوس و یہود و مشرکین کی ہے اور ہم کے نصوص عدیدہ مین کہ مجوسیون یہودیون ہندؤن فرنگیون کے اور حدیث اول وسوم وچہارم مین گزرا مشرکون کا خلاف کرو یہودیون کی صورت نہ بنو اہل کتاب کی مخالفت کرو نص ۵۴ تا ۵۵ لمعات سے گذرا کہ داڑہی باندہنے والے سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیزاری اس وجہ سے ظاہر فرمائی کہ اسمین بے دینون سے تشبہ ہے علامہ طیبی و علامہ طاہر سے گزرا کہ وجہ نہی مشابہت کفار ہے نص ۵۶ و ۵۷ بدایع امام ملک العلما و شرح منسک متوسط مین ہے حلق اللحیۃ تشبہ بالنصاری داڑہی منڈانی نصاری کی سی صورت بنانی ہے نص ۵۸ جب درمختار مین فرمایا داڑہی نرکہنا یہود و ہنود کا کام ہے علامہ طحطاوی نے فرمایا والتشبہ بہم حرام اون سے تشبہ حرام ہے نص ۵۹ و ۶۰ علامہ اسمٰعیل بن عبد الغنی حاشیہ درر و غرر پہر علامہ عبد الغنی بن اسمٰعیل حاشیہ طریقہ محمدیہ نوع ثامن آفات لسان مین فرماتے ہین لبس زی الافرنج کفر علی الصحیح اھ مختصرا فرنگیونکی وضع بہنی صحیح مذہب مین کفر ہے حدیث ۵۵ صحیح بخاری شریف مین حضرت

عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالی عنہما سے رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم فرماتے
ہین ابغض الناس الی اللہ ثلثۃ ملحد فی الحرم ومبتغ فی الاسلام سنۃ
الجاھلیۃ ومطلب دم امرئ بغیر حق لیہریق دمہ اللہ عزوجل کو سب سے
زیادہ دشمن تین شخص ہین۔ حرم شریف مین الحاد و زیادتی کرنے والا اور اسلام
مین جاہلیت کی سنت چاہنے والا اور ناحق کسیکی خونریزی کے لئے اوس کے
قتل کی تلاش مین رہنے والا۔ علامہ طیبی سے مجمع البحار مین ہے اذا ترتب ھذا
الوعید علی طلبہ فعلی المباشر اولی جب سنت جاہلیت کی طلب پر یہ وعید ہے تو
برتنے والا تو بدرجہ اولے **حدیث ۵۶ و ۵۷** بخاری تعلیقا اور احمد و ابویعلی
و طبرانی کاملا حضرت عبداللہ بن عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالی عنہما سے اور جملہ
اخیرہ ابو داؤد اون سے اور طبرانی معجم اوسط مین بسند حسن حضرت حذیفہ صاحب
سر رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ
وسلم فرماتے ہین جعل الذل والصغار علی من خالف امری ومن تشبہ بقوم
فھو منھم رکھی گئی ذلت اور خواری اوسپر جو میرے حکم کا خلاف کرے اور جو
کسی قوم سے تشبہ کرے وہ اونہین مین سے ہے۔ علامہ طیبی سے مجمع وغیرہ مین
ہے ای من تشبہ بالکفار فی اللباس وغیرہ فھو منھم اھ باختصار یعنے جو
کافرون سے لباس وغیرہ مین مشابہت کرے وہ اونہین کافرون مین سے ہے
حدیث ۵۸ ترمذی و طبرانی حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالی عنہما سے
راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم فرماتے ہین لیس منا من تشبہ بغیرنا
لاتشبھوا بالیھود ولا بالنصاری فان تسلیم الیھود الاشارۃ بالاصابع
وتسلیم النصاری الاشارۃ بالکف ہم مین سے نہین جو ہمارے غیر سے تشبہ
کرے نہ یہود سے تشبہ کرو نہ نصرانیون سے کہ یہود کا سلام اونگلیون سے اشارہ ہے

اور نصاری کی ہتھیلیوں سے **حدیث ۵۹** مسند الفردوس میں حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں لیس منا من عمل بسنۃ غیرنا جو ہمارے غیر کی سنت پر عمل کرے وہ ہمارے گروہ سے نہیں **حدیث ۶۰** - ابن حبان اپنی صحیح میں ابو عثمان سے راوی ہمارے پاس بارگاہ خلافت فاروقی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمان والا شرف صدور لایا جس میں ارشاد ہے ایاکم و زی الاعاجم پارسیوں کی وضع سے دور رہو **تذییل - حدیث ۶۱** - ابن ماجہ حضرت ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں من لم یعمل بسنتی فلیس منی جو میری سنت پر عمل نہ کرے وہ مجھ سے نہیں **حدیث ۶۲** ابن عساکر حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں من رغب عن سنتی فلیس منی جو میری سنت سے منھ پھیرے وہ میرے گروہ سے نہیں **حدیث ۶۳** خطیب حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں من خالف سنتی فلیس منی جو میری سنت کا خلاف کرے وہ میرے زمرہ سے نہیں **حدیث ۶۴** - ابن عساکر حضرت ابن الفاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں من اخذ بسنتی فھو منی و من رغب عن سنتی فلیس منی جو میری سنت اختیار کرے وہ میرا اور جو میری سنت سے منھ پھیرے وہ میرا نہیں **حدیث ۶۵** - بیہقی شعب میں عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے بسند صحیح راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں ان لکل عمل شرۃ و لکل شرۃ فترۃ فمن کانت فترتہ الی سنتی فقد اھتدی و من کانت الی غیر ذلک فقد ھلک

یعنے ہر کام کا ایک جوش ہوتا ہے اور ہر جوش کو ایک فتور، تو جو فتور کے وقت بھی میری سنت ہی کیطرف رہے ہدایت پاے اور جو دوسری جانب پہر جائے ہلاک ہو جاے ربنا بقدرتك علینا و عجزنا لدیك و بغناك عنا و فاقتنا الیك لا تهلکنا بذنوبنا و لا تواخذنا بعملنا و لا تجعلنا فتنة للقوم الظالمین ربنا انك رؤف رحیم آمین والحمد للہ رب العالمین وصلی اللہ تعالی علی سیدنا و مولانا محمد شفیع المذنبین و آله وصحبه اجمعین۔

خاتمہ

رزقنا اللہ حسنها اب کہ بحمد اللہ تعالی کلام اپنے منتہی کو پہونچا اکثر ابناے زمان کی ہمت اور دین وعلم کی جانب رغبت معلوم کسی دینی تحریر کے چند ورق دیکہنے بہی اونپر بار گران اور داستانون دیوانون کے دفتر اولٹ جائین میری کہان لہذا ہم بعض مضامین رسالہ کا ایک جدول مین خلاصہ لکہتے ہین جنہین اللہ ورسول پر ایمان اور روز قیامت پر ایقان ہے ملاحظہ کرین کہ قرآن وحدیث ونصوص آئمہ وعلماے قدیم وحدیث مین داڑہی منڈانے کتروانے پر کیا کیا ہولناک سزائین وعیدین مذمتین تہدیدین وارد ہین ایمانی نگاہ کو یہ جدول ہی کافی اور جو تفصیل چاہے تو یہ فتوی وافی اب جسمین عذاب الہی کی طاقت ہو نیچریان عنود کی بات سنے مجوس وہنود کی صورت بنے ان جان گزا آفتون کو گوارا کرے اور جسے محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم سے محبت ہو اپنا منہ اسلامی بنائے شعائر اللہ کی حرمت بجالاے شعار کفر سے کنارہ کرے

واللہ الهادی وولی

الایادی

جدول اون سزاؤن وعیدون مذمتون کی جو داڑہی منڈانے کتروانے والون کے حق مین آیات و احادیث و نصوص مذکورہ سے ثابت ہوئین -

نمبر	سزا و مذمت	فرمان عدالت	میزان [illegible]
۱	اللہ و رسول کے نافرمان ہین جل جلالہ وصلی اللہ تعالی علیہ وسلم -	نہ آیات ۱-۳-۷-۸-۱۳-۱۵ تا ۱۸ ۳۲ حدیث ۱ تا ۱۰-۱۹ تا ۳۸-۴۰-۵۸	۴۱
۲	شیطان لعین کے محکوم ہین	آیت ۵	۱
۳	سخت احمق ہین	آیت ۱۰ نص ۱۸ و ۱۹	۳
۴	اللہ اون سے بیزار ہے	آیت ۱۴	۱
۵	رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم بیزار ہین	حدیث ۱۱ و ۱۲	۲
۶	رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کو ایسی صورت دیکھنے سے کراہت آتی ہے	حدیث ۱۰	۱
۷	یہودی صورت ہین	حدیث ۳ و ۴ نص ۱ تا ۵	۷
۸	نصرانی وضع ہین فرنگیون سے مشابہ ہین	حدیث ۴ نص ۱ تا ۵-۱۳ تا ۱۷-۳۶-۵۶-۵۷ -	۱۴
۹	مجوس کے پیرو ہین	حدیث ۲ و ۶ نص ۱ تا ۵-۱۳ تا ۱۷	۱۲
۱۰	ہندؤون کی صورت مشرکین کی سیرت ہین	حدیث ۱ نص ۱ تا ۵-۱۳ تا ۱۷-۳۴-۳۶ -	۱۳
۱۱	مصطفی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی گروہ سے نہین -	حدیث ۷-۴۷-۵۸-۵۹-۶۱ تا ۶۴	۷

نمبر شمار	سزا و مذمت	فرمان عدالت	میزان فرامین
۱۲	اونھین اپنے مصور تون نصارے و یہود و مجوس و ہنود کی گروہ سے ہین	حدیث ۵۶-۵۷	۲
۱۳	واجب التعزیر ہین شہر بدر کرنے کے قابل ہین۔	حدیث ۴۳-۴۴ نص ۶ تا ۱۲	۹
۱۴	مبدلین فطرت ہین مغیر خلق اللہ ہین	نص ۱۸-۱۹-۳۵-۳۸ تا ۴۹ ۵۲	۱۶
۱۵	زنانے مخنث ہین	حدیث ۴۳-۴۸ نص ۱ تا ۵	۷
۱۶	خدا کے عہد شکن ہین	حدیث ۲۱	۱
۱۷	ذلیل و خوار ہین	حدیث ۵۶-۵۷	۲
۱۸	گھنونے قابل نفرت ہین	حدیث ۴۰	۱
۱۹	مردود الشہادت ہین	حدیث ۱۳-۱۴-۱۵	۳
۲۰	پورے اسلام مین داخل نہوے	آیت ۱۸	۱
۲۱	ہلاکت مین مستحق بربادی ہین	آیت ۱۸ حدیث ۶۵	۲
۲۲	دین مین بے بہرہ آخرت مین بے نصیب ہین	حدیث ۱۶-۱۷-۴۱	۳
۲۳	عذاب الٰہی کے منتظر ہین	آیت ۱۸	۱
۲۴	اللہ عزوجل کو سخت دشمن و مبغوض ہین	حدیث ۵۵	۱
۲۵	صبح ہین تو اللہ کے غضب مین شام ہین تو اللہ کے غضب مین۔	حدیث ۵۲	۱
۲۶	قیامت کے دن اونکی صورتین بگاڑی جاینگی	حدیث ۳۷-۳۸	۲

مجموعی بیان	فرمان عدالت	سزا و مذمت	شمار
۸	ہشت احادیث ۱۸ - ۴۲ - ۴۳ - ۴۵ - ۴۶ - ۴۸ - ۵۳ - ۵۴	اللہ و رسول کے ملعون ہین دنیا و آخرت مین ملعون ہین اللہ و ملٰئکہ و بشر سبکی اونپر لعنت ہے فرشتون نے اونکے لعنتی ہونے پر آمین کہی -	۲۷
۱	حدیث ۵۰	اللہ تعالی اونپر نظر رحمت نفرمائیگا	۲۸
۲	حدیث ۴۹ - ۵۱	وہ بہشت مین نجائینگے	۲۹
۱	آیت ۱۴	اللہ عزوجل اونھین جہنم مین ڈالیگا والعیاذ باللہ تعالے	۳۰

الحمد للہ کہ یہ مختصر رسالہ جسمین علاوہ زوائد کے اصل مقصد مین اٹھارہ آیتون بہتر حدیثون ساٹھہ ارشادات علما جملہ ڈیڑھ سو نصوص سے باطل کا ازہاق حق کا احقاق کیا غرہ رجب روز جمعہ مبارکہ ۱۳۱۵ھ ہجریہ قدسیہ کو قمر التمام و بدر سماے اختتام اور بلحاظ تاریخ لمعۃ الضحی فی اعفاء اللحی ۱۳۱۵ نام ہوا ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم وصلی اللہ تعالے علی خیر خلقہ و سراج افقہ سیدنا و مولانا محمد و آلہ و صحبہ اجمعین آمین و آخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین - واللہ سبحانہ و تعالی اعلم و علمہ جل مجدہ اتم و احکم۔

كتبه عبده المذنب احمد رضا البريلوي

عفي عنه بمحمد المصطفى النبي الامي

صلى الله تعالى عليه وسلم

محمدی سنی حنفی قادری ١٣٠١ھ

عبد المصطفى احمد رضا خان

ما احسن هذا التحرير العزيز التحبير ؛ الذى حرره مولانا النحرير ؛
وقد اصاب فى الجواب ؛ وآتى فيه بشيئ عجاب ؛ يسر منه او
لو النهى ؛ ولايتأنث بعد اولو اللحى ؛ لانه اذا انبت القرطاس اليابس
سطورا وابقى ؛ فاولى ان ينبت الخد الرطب شعورا فتعفى ؛ كيف
لا وقد رفع هذه المضامين الحارة الاعذار الباردة لمن يحلقهم
مرض حلق اللحى ؛ وقد تبين مفاسده كالشمس فى الضحى ؛ اللاتى
فيها اقشعرار لمن يخاف عذاب ربه ويخشى ؛ واضطرار الى المحو لمن
يبعد النفس عن الهوى وينهى ؛ فعجب غاية العجب من ذى الشعور
الصحيح الذي ليس له داءٌ من الثعلب والحية ؛ وقد اصبح

بمرض اللحیۃ ؛ اللتی ھی زینۃ للرّجل ومحاسن ؛ ولذا یقال
لہا المحاسن ؛ فمن ھذہ الوجوہ وجوہ من اطالہا حمراء فی الاولیٰ
وبیضاء فی الاخریٰ ؛ ووجوہ من ازالہا صفراء فی الدنیا ؛ وسوداً
فی العقبیٰ ؛ صاننا اللہ تعالیٰ عن سواد الوجہ فی الدارین ؛ ورزقنا
اتباع سنۃ رسول الثقلین ؛ صلی اللہ تعالیٰ وسلم علیہ وعلیٰ آلہٖ
واصحابہ واتباعہ وعلماء ملتہ واولیاء امتہ فی الیوم الازھر
ولیل الدجیٰ ؛ صلاۃ دائمۃ متوالیۃ وسلاما متکاثرا متعاقبا
لا تعد ولا تحصیٰ ؛

کتب عبدہ العاصی سلطان احمد البریلوی
عفی اللہ عنہ

۱۳ ۱۵

۱۳۰۹ محمد سلطان احمد خان

بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم

سبحٰن من زین الرجال باللحی ؛ وجعل شعار اھل الشعور والنھی ؛

۲۷ اقتباس من حدیث الشریف صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان للّٰہ ملٰئکۃ تسبیحہم سبحٰن من زین الرجال باللحی اخرجہ ... الامام حجۃ ...

ومميزة الفحول من الانثی و الخنثیٰ ؛ و افضل الصلوٰت ؛ واکمل التحیات ؛
وازکی التسلیمات ؛ وانمی البرکات ؛ علی اشرف البرایا ؛ مستوقف المطایا
محمدٍ المبعوث هدیً للناس مبشرا ونذیرا ؛ وداعیا الی اللہ باذنہ
وسراجا منیرا ؛ رکث التحیۃ تملؤ صدرہ الملائی المجلی وعلی آلہ واصحابہ
حدیث ۱۲
الذین شعورھم وشعارھم شعر یا سماء العلی ؛ اما بعد فان ھذا
کوکبان ترعم العرب انہما اختا سہیل لا اختار سہیر
التحریر العزیز حری بان یجزاء بشذر ورالابریز ؛ فیہ جواھر غالیۃ تسر
اوراق ۱۲ — ذہب ۱۲
بہ الخواطر ؛ وحدائق رائقۃ تقربہ النواظر ؛ ولا غرو لانہ انموذج
عجب
من نتائج افکار الجہبذ السمیدع ؛ الاحوذی البارع ؛ الحبر المعظم ؛
والبحر العطمطم ؛ حسن محاسن الملۃ الزھراء ؛ الذی افتخر بہ العلم
والمجد والذکاء ؛ وسما علی اقرانہ بالحسن والنقی والعلی ؛ جعلہ اللہ
اشارہ الی اسم جدنا الامجد ۱۲ — تخلص بہ اولا حضرت الوالد الماجد ۱۲
عبد المصطفاہ ؛ فنال من حبیبہ احمد رضاہ ؛ فما کان الا اسرع
اشارۃ الی اسم ابی دام ظلہ ۱۲
من الوحا ؛ اذ اتی فی لمحۃ بلمعۃ الضحیٰ ؛ فامسی الدھر بہ لامعا واضحیٰ
ھزم الفتنۃ وبدا ھا تحت ثیابہ ؛ وقتل البدعۃ وسیفہ فی جرابہ
اقام علی الولیین البلید الحاقۃ العظمیٰ ؛ والطامۃ الکبریٰ ؛

وخمش فی خدودهد وده ؛ وخدش فی عذار اعذاره ؛ فانتقض الحد ودبرد الاعذار

فبعد الی این الفرار ؛ وبای حدیث بعده یومنون ؛ وسیعلم الذین ظلموا ای منقلب

ینقلبون ؛ فطوبی وطوبی لمن تبع الهدی ؛ واولی فاولی لمن اتبع الهوی ؛ فقد قال

جل وعلا ؛ ومن یشاقق الرسول من بعد ما تبین له الهدی ویتبع غیر سبیل المومنین نولہ

ما تولی ونصلہ جهنم وساءت مصیرا ؛ فیا ایها الشقی المرید المریض بحلق اللحی ؛

الذی ادار علی عذار ذکورته بالحلق الرحی ؛ اصابتک حالقة الدین ؛ بوفاق المارقین

من الیهود الغنود ؛ والمجوس والهنود ؛ وسائر المشرکین ؛ وخلاف المسلمین ؛

بل والمرسلین ؛ بل وخاتم النبیین صلی الله تعالی علیه وعلیهم اجمعین ؛ فالحذر الحذر

یا من تنشر ؛ وکان ان یتنصر ؛ من حر نار سقر ؛ لواحة للبشر ؛ لا تبقی ولا تذر ؛

ومن انذر فقد اعذر ؛ والله اکبر ؛ علی من عتا وتکبر ؛ وعصی وتجبر ؛ ومثل بالشعر ؛

وانا العبد الضعیف محمد المعروف بحامد رضا رزقه الله شرعة الشریعة وشعرها

واصلح عمله وعطاه حلیة التقی والرضا امین امین بجاه

النبی الامین المکین فصلی الله تعالی علیه وعلی آله

الطیبین واصحابه الطاهرین برحمتک یا ارحم

الراحمین وکان ذلک لمنتصف رجب المرجب

سنه ١٣١٥ھ

حامداً ومصلیاً

ہر شخص کو یہہ بات معلوم ہے کہ ہر محکوم اپنے حاکم کی اطاعت و فرمانبرداری کے سبب اوسکا مقبول اوسکا منظور نظر ہوکر ذی فہم ذی تمیز ہر دلعزیز سمجہا جاتا ہے - ہم معاشر مسلمین کا سرتاج والی حامی ہم بیکسون کا سہارا نجاتِ آخرت کا وسیلہ غفران کا حیلہ ہمارے ارزاق ہماری حیات ہماری کل کائنات کیا جملہ کائنات کا موجب ہمارا اقافلہ سالار ہمارا اعلیٰ سردار ہمارا البشیر ونذیر ہمارا بے ہمتا ممتنع النظیر رفیع الشان سلطان ہمارا عالم پناہ پادشاہ جسکی رفعتِ کمال وکمالِ رفعت سے بجز حضرت واجب الوجود ممکن کا آگاہ ہونا ناممکن۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ قَدْرَ حُسْنِہٖ وَجَمَالِہٖ وَکَمَالِہٖ ہمارے ایسے عظیم الشان سلطانِ عالم جانِ عالم جانانِ عالم کے اہلِ بیتِ مطہر و مکرم اوسکے جلیل القدر چارون وزیر اعظم جو ملتِ حنیف و دینِ حنیف کے معین ومجد و محافظ و ناصر قیام نظام آئین اسلام کے اربعہ عناصر اوسکے ممالک کے صوبہ دار اوسکے فوجی وعدالتی سردار اوسکے خطبا نقبا اوسکے منشی کاتب خطوط نویس خطوط رسان اوسکے ایک لاکہ چوبیس ہزار خاص نظارہ جمال کے شرف اندوز وغیرہم جس امر اہم کے عامل رہے ہون ہم اوسے

بے پروائی یا حقارت کے باعث یا محض مرافقت و موافقت مخالف یا اونکی متابعت و مشابہت کے لئے چھوڑدین (قطع نظر اسکے کہ ہمارے بادشاہ کا حکم یا احکام اوس عمل کی پابندی کی نسبت صادر ہوچکے حیف ہے اور ہزار حیف ہرگاہ مخالف کو ہمارے اور ہمارے موافق کی براے نام مشابہت ناگوار تو ہمکو بدرجہ اولے شائبہ شبہ عار ہونا سزاوار ہے معلوم صفایا کرنیوالون کا منشاء اس سے بصورت امارد رہنا ہے یا ہمشکل مخنث یا اندراج افراد مونث ذرا گریبان مین منہہ ڈالین دیکہین کہ یہہ صورت اس عمر مین اونکو پہبتی ہے یا صرف پہبتی شکل ثانی مین کوئی کمال جمال ہے یا اظہار کمال نقص ہیئت ثالث مین کونسا حظ و کیف حاصل ہوسکتا ہے بہرکیف اس مفید رسالہ مین جو کچہہ اس فریق کے واسطے جامعیت کے ساتھہ لکھا انتہا درجہ کا محقق اور محض فیضان حق ہے فَهُوَ الْحَقُّ الْمُطَاعُ وَالْحَقِّ اَنَّ الْحَقَّ اَحَقُّ بِالْاِتِّبَاعِ لَقَدْ اَجَادَ هٰذَا الْحَبْرُ الْمُتَوَقِّدُ النَّقَّادُ فِيْمَا اَجَابَ وَاَفَاضَ وَاَفَادَ وَاللّٰهُ سُبْحَانَهُ الْهَادِيْ اِلٰى سَبِيْلِ الرَّشَادِ کتبہ افقر العباد عبدہ النعمانی اوصلہ اللہ سبحانہ الی اقصی الامانی بحرمۃ السبع المثانی۔

محمد عبد الجلیل النعمانی

مطبوعہ سنہ ۱۳۱۶ھ

الف

قال اللہ تعالیٰ

وَتَزَوَّدُوْا فَاِنَّ خَیْرَ الزَّادِ التَّقْوٰی

رفیق سفر

جسکو

حکیم الامۃ حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی اور

حضرت مولانا عزیز الرحمٰن صاحب مفتی مدرسہ اسلامیہ دیوبند

مدظلہما کے اضافہ اور اصلاح نے زینت بخشی ہے

فقیر سید اصغر حسین حسنی حنفی دیوبندی نے مرتب کیا

اور سنہ ۱۳۳۳ ہجری میں دوسری مرتبہ

باہتمام مولانا حبیب الرحمٰن صاحب عثمانی

مطبع قاسمی واقع دیوبند میں طبع ہوا

مقام اشاعت دیوبند

بار دوم ۵۰۰

۷۸۶

هو الموفق والمعین

نفع عام کے لئے مفت تقسیم کرنے والوں کے لئے یہ سہولت کی گئی ہے کہ چھپیسے کے ٹکٹ بھیجنے پر آٹھ رسالے پیڈ انکی خدمت میں پہونچ جائیں گے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العلمین والصلوۃ والسلام علی رسولہ سیدنا محمد وآلہ واصحابہ اجمعین

اس زمانہ میں ریل کا سفر چونکہ ہر خاص و عام اور ادنی و اعلی کو پیش آتا ہے اور بہت دیندار مسلمان بوجہ ناواقفیت اس سفر کے متعلق بعض امور ناجائز و مذموم میں مبتلا ہو جاتے ہیں اسلئے احقر اصغر حسین دیوبندی نے چاہا کہ کسیقدر ضروری مسائل جمع ہو جائیں جو عمل کرنیوالوں کیلئے موجب ہدایت ہو جائیں اور دوسرے دیندار مولفین کے لئے محرک۔

پس بعض مسائل لکھکر مدرسہ اسلامیہ دیوبند کے بڑے مفتی صاحب مولانا عزیز الرحمن صاحب مدظلہم کو اضافہ و اصلاح کی تکلیف دی اور پھر حکیم الامۃ حضرت مولانا اشرف علی صاحب مدظلہم کی خدمت فیض اثر سے گذار کر ضروری مسائل و ہدایات کے تحریر فرمانے کی استدعا کی چنانچہ دونوں حضرات کے تفقہ و احتیاط کا نمونہ آپ ملاحظہ فرمائینگے۔ احقر کے تحریر کردہ مسائل میں توکسی علامت کی ضرورت نہ تھی۔ البتہ حضرت مفتی صاحب مدظلہم نے جو اصلاح و اضافہ کیا ہے اسکے شروع میں جلی قلم سے حرف م لکھدیا ہے اور حضرت مولانا دامت برکاتہم نے جو کچھ تحریر فرمایا ہے اسکے ابتدا میں حرف ح کو علامت قرار دیا ہے۔ دعا فرمایئے کہ حقتعالی اس مختصر تحریر کو باعث نفع خلائق فرماوے۔

پانی اور تیمم اور نماز کے متعلق مسائل

مسئلہ پانی نہ ملنے کی وجہ سے جسنے حسب قاعدہ تیمم کیا ہو اگر چلتی ہوئی ریل میں اُسکو جا بجا پانی اور چشمے ملیں تو تیمم نہیں ٹوٹیگا م احوط یہ ہے کہ اگر موقع ہو تو پھر تیمم کرلے **مسئلہ** اگر ریل ٹھہرے اور اسٹیشن پر پانی ملسکتا ہے تو تیمم ٹوٹ گیا۔ پھر اگر وضو نہ کیا اور ریل چھوٹ گئی دوبارہ تیمم کرے **مسئلہ** پانی بھرا ہوا برتن نشست کے

تختہ کے نیچے رکھا رہا اُسکا کچھ خیال نہ رہا اور پانی سے نا امید ہو کر تیمم کرکے نماز پڑھ لی پھر یاد آیا تو نماز کو دُہرانا
واجب نہیں خواہ نماز کے وقت میں یاد آیا ہو یا نماز کا وقت نکل جانیکے بعد۔ اور اگر سامنے تختہ کے اوپر
لوٹا رکھا تھا یا صراحی ہاتھ میں لئے ہوئے تھا اور پھر بھی بھول گیا اور تیمم سے نماز ادا کی تو جب یاد آوے
دوبارہ پڑھنا واجب ہے **مسئلہ** اگر برتن میں پانی بقدر وضو موجود تھا لیکن یہ خیال رہا کہ پانی باقی
نہیں رہا اور تیمم سے نماز پڑھ لی تو دوبارہ پڑھنا واجب ہے خواہ نماز کا وقت باقی ہو یا نکل گیا ہو **مسئلہ**
اگر ریل پر کوئی ہندو پانی دینے والا ہے اور تمکو اُسکے پانی سے کراہت آتی ہے تو تیمم جائز نہیں وہی پانی
لیکر وضو کرو ہم البتہ اگر وہ پانی نہ دے تو تیمم جائز ہے **مسئلہ** اگر ریل میں یہ گمان غالب ہے کہ اسٹیشن پر
ضرور پانی ملجائیگا اور نماز کا وقت بھی رہیگا لیکن کسی نے راستہ ہی میں تیمم کرکے نماز پڑھ لی تو جائز ہے مگر خلاف
استحباب ہے جبتک کہ اسٹیشن ایک میل سے زیادہ فاصلہ پر ہے **مسئلہ** اسٹیشن پر پانی ملنے کی امید تھی لیکن
کسی نے تیمم کرکے نماز شروع کردی اور نماز پڑھتے ہوئے اسٹیشن قریب آگیا ایک میل سے کم فاصلہ رہگیا
تو اگر وہاں ریل نہ ٹھہری یا پانی ہی نہ ملا تو وہی نماز کافی اور صحیح سمجھی جائیگی اور اگر پانی موجود ہے اور
یہ اُسکے لینے پر قادر بھی ہو تو وہ پڑھی ہوئی نماز صحیح نہوئی وضو کرکے دوبارہ ادا کرے **مسئلہ** جب اسٹیشن بہت ہی قریب
آجائے ایک میل سے کم فاصلہ رہجائے اور وہاں پانی ملنے کی امید قوی ہو تو تیمم سے نماز ادا نہوگی **مسئلہ**
اگر اسٹیشن ایک میل سے کم فاصلہ پر رہگیا ہے اور وہاں پانی کی بھی امید قوی ہے لیکن یہ اندیشہ ہے کہ
وہاں پہونچنے تک نماز کا وقت نہیں رہیگا نماز قضا ہو جائیگی اس صورت میں تیمم کرکے نماز پڑھنا درست نہیں
اسٹیشن پر پہونچکر وضو کرکے قضا نماز پڑھے اور اگر وہاں بھی پانی نہ ملے تو تیمم سے قضا پڑھے **مسئلہ** اگر کہیں
مفت پانی نہیں مِلسکتا اور کوئی شخص حد سے زیادہ گراں قیمت پر پانی فروخت کررہا ہے (مثلاً اُس نواح میں
جو پانی کی قیمت ہو اُس سے دوچند قیمت لیتا ہے) تو خرید کرنا ضروری نہیں تیمم جائز ہے **مسئلہ**۔ اگر پانی معمولی
قیمت پر یا کسیقدر گراں ملتا ہو تو تیمم جائز نہیں خریدنا ضروری ہے لیکن اگر اُسکے پاس بالکل خرچ نہیں
یا اسقدر کم ہو کہ کرایہ اور کھانے وغیرہ کے ضروری خرچ سے کچھ بھی زیادہ نہیں تب بھی خریدنا لازم نہیں تیمم سے نماز
پڑھ سکتا ہے **مسئلہ** ریل کے پاخانے و غسلخانہ میں جو نل لگا رہتا ہے اُسکا پانی پاک ہے غسل اور وضو اُس سے
درست ہے اُسکی موجودگی میں تیمم کرنا جائز نہیں ہے ح لیکن یہ پانی وہی شخص لے سکتا ہے جسکے درجہ میں وہ
نل ہو اور اگر اُسکے پاس اُس سے کم درجہ کا ٹکٹ ہے تو نہیں لے سکتا مثلاً سوم درجہ کا ٹکٹ ہے تو درمیانہ درجہ کے

غسل خانہ وغیرہ سے پانی لینا جائز نہیں مسئلہ جب ریل اسٹیشن پر ٹھہر رہی ہے تو پانی تلاش کرنے سے پہلے تیمم کرنا جائز نہیں مسئلہ اگر ریل میں اسباب تلف ہوجانیکا اندیشہ ہی اور ساتھ لیکر پانی تلاش نہیں کرسکتا اور اُجرت وغیرہ دیکر بھی کسی دوسرے سے پانی نہیں منگا سکتا تو تیمم جائز ہے مسئلہ اگر کسی وجہ سے بدون اسٹیشن کے جنگل میں ریل ٹھہر گئی اور ایک ایک میل تک چار طرف کہیں پانی کی امید نہیں تو قبل از نماز بھی تیمم ونماز جائز ہے۔ اگر اسی صورت میں ایک میل کے اندر ہی اندر پانی کی امید ہی لیکن ریل چھوٹ جانے یا اسباب تلف ہوجانیکا اندیشہ ہی تو تیمم جائز ہے مسئلہ ریل میں نشست کے تختوں اور گدّوں پر جو گرد وغبار جمگیا ہوا سپر تیمم جائز ہے (یہ وہم نہیں کرنا چاہئیے کہ شاید تختہ اور گدّہ ناپاک ہو اور معلوم نہیں غبار پاک ہی یا ناپاک ہی) اور نشستوں کے درمیان نیچے کے تختوں پر جو جوتوں کی ناپاک مٹی اور غبار رہتا ہے اُس سے تیمم درست نہیں[1] مفتی صاحب مدظلہم چلتی ریل میں نماز پڑھنا درست ہی لیکن حتی الوسع بہتر یہ ہے کہ اس بات کا خیال رکھے کہ جسوقت ریل ٹھہرے اسٹیشن پر اُتر کر یا اُترنے میں اطمینان نہو تو گاڑی پر نماز پڑھے۔ اگر موقع نہ ملا اور اب دوسرے اسٹیشن پر پہونچنے تک وقت کے فوت ہونے یا تنگ ہونیکا اندیشہ ہی تو چلتی ہوئی ریل میں نماز پڑھ لو مگر کھڑے ہوکر پڑھو بیٹھ کر پڑھنا بدوں ایسے عذر کے کہ جسکی وجہ سے کھڑے نہو سکو درست نہیں مثلاً بیمار ہو کھڑے نہیں ہوسکتے یا ایسے ضعیف ہو کہ کھڑا ہونا چلتی ریل میں ناممکن ہے اس صورت میں بیٹھکر نماز پڑھنا جائز ہے۔ یہ نہیں کہ باوجود صحت وقوت و شباب کے محض اس خیال سے کہ ایسا نہو گر جائیں بیٹھکر پڑھنے لگو۔ اسطرح بیٹھکر نماز پڑھنا درست نہیں مسئلہ ریل میں نماز پڑھنے کی حالت میں خواہ چلتی ہوئی ہو یا ٹھہری ہوئی قبلہ کیطرف رُخ کرنا ضروری ہے۔ ٹھیک رُخ کی تحقیق ہمیشہ رکھنی چاہئیے اگر خود قبلہ معلوم نہو تو اسٹیشن والوں سے یا مسافروں سے دریافت کرو۔

مولانا۔ اگر وہ بھی نہ بتلاویں یا اُنمیں اختلاف ہوجائے تو تحرّی[2] کرلو۔

ریل کے محصول اور ٹکٹ وغیرہ کے مسائل

مسئلہ ریل والوں کیطرف سے جسقدر اسباب بلا محصول لیجانیکی اجازت ہے اُس سے زیادہ لیجانا جائز نہیں مسئلہ رشوت دیکر اسباب سامان کا وزن کم لکھوالینا جائز نہیں (مثلاً ایک من نو سیر تھا آپنے وزن کرنیوالے

---

[1] تیمم کے متعلق ہر قسم کے نہایت مفصل مسائل احقر کے اُردو رسالہ "طہور المسلمین" میں ملاحظہ فرماسکتے ہیں ۱۲ فقیر اصغر حسین عفی عنہ

[2] تحرّی کہتے ہیں اپنے غور وفکر سے ایک جانب متعین کرلینے کو ۱۲ اصغر حسین خادم علوم شرعیہ مدرسہ عربیہ دیوبند۔

یا کلرک کو کچھ دیکر پورا ایک من لکھوا دیا) اس صورت میں دو گناہ ہوئے ایک رشوت دینے کا دوسرا بلا محصول اسباب لیجانیکا۔ مسئلہ اگر کسی صورت میں آپ سے محصول وغیرہ بلا استحقاق ظلماً لے لیا گیا تو شرعاً آپکو اجازت ہے کہ مفت سوار ہو کر یا قاعدہ اور اجازت سے زیادہ اسباب لیجا کر اُسی قدر حق اپنا وصول کر لو لیکن دو باتوں کا خیال نہایت ضروری ہے۔ اوّل یہ کہ جس کمپنی کی ریل میں تم پر ظلم ہوا تھا اُسی ریل سے وصول کرنا جائز ہے دوسری ریلوں سے نہیں (مثلاً ایک کمپنی ہے ایس۔ آئی۔ آر۔ اُسکے ٹکٹوں کی پشت پر یہی حروف انگریزی میں لکھے رہتے ہیں۔ دوسری ہے ایس۔ ایس۔ آر جسکی ریل سہارنپور سے تھانہ بھون و نانوتہ وغیرہ ہو کر شاہدرہ چلی گئی ہے۔ اگر پہلی کمپنی کے ملازموں کی طرف سے تم پر ظلم ہوا ہے تو دوسری سے وصول کرنا جائز نہیں علی ہذا القیاس دوسری کمپنیوں میں ایک کے ظلم کا معاوضہ دوسری جگہ نہیں لے سکتے)۔ دوسری بات یہ ہے کہ اپنا حق وصول کرنا صورت مذکورہ میں گو جائز ہے مگر ظاہری حکام اور ملازموں کی گرفت اور مواخذہ کا اندیشہ ہے اگر خدانخواستہ کہیں بے موقع پھنس گئے تو مال کا بھی نقصان ہوگا اور عزت میں خلل آویگا پریشانی ہوگی۔ تمہارے مسئلہ کو کوئی نہ پوچھیگا اسلئے بہتر یہی ہے کہ صبر کرو خدا تعالٰی کے خزانہ سے بہت اجر ملیگا۔ مسئلہ اگر کبھی اتفاق سے بلا ٹکٹ سوار ہو گئے یا کسی ضرورت سے بلا محصول قاعدہ سے زیادہ اسباب لے گئے اور اب شرمندگی ہوتی ہے اور ریل والوں کا حق ادا کرنیکو دل چاہتا ہے تو ادا کرنے کی آسان ترکیب یہ ہے کہ آپ نے ریل والوں کا جسقدر نقصان کیا ہے اُسی قیمت کا ٹکٹ لیکر چاک کر ڈالو اُس سے نفع نہ اُٹھاؤ۔ دیکھئے ریل والوں کے پاس اُنکا حق پہونچ گیا۔ مثلاً دہلی سے لکھنؤ تک بلا ٹکٹ سفر کر لیا اور پھر بتوفیق اللہ تعالٰی ندامت ہوئی تو لکھنؤ سے دہلی کا ٹکٹ لیکر ضائع کر دو لیکن ایسے خیال کے لوگ اس زمانہ میں بہت کم ہیں بعض تیز مزاج کے حضرات ترکیب بتلانیوالے کو بیوقوف کہیں تو تعجب نہیں ہے۔ مگر اس مسئلہ میں بھی وہی اوپر والی شرط ہے کہ جس کمپنی کا حق رہ گیا ہے اُسی کو پہنچاؤ۔

مسئلہ اگر ریل کے ملازموں سے ملاقات ہے اُن لوگوں نے کہدیا کہ تم فلاں جگہ سے بلا ٹکٹ سوار ہو کر یہاں آجانا تو ایسا کرنا شرعاً جائز نہیں ہے۔ اسی طرح اگر ایک شخص کے نام کا پاس ہے اور قانوناً اُسکو یہ اجازت نہیں کہ دوسرے شخص کو پاس دیدے تو دوسرے شخص کو اُس پاس سے سفر کرنا درست نہیں ہے مسئلہ ہے جس درجہ کا ٹکٹ ہو اُس سے زیادہ درجہ میں سفر کرنا درست نہیں مثلاً سوم کا ٹکٹ لیکر ڈیوڑھے میں بیٹھنا درست نہیں۔ اور اسی طرح یہ درست نہیں کہ وہاں قضاء حاجت کیلئے

جا گھسے لیکن اگر کسی دوسرے شخص سے ٹکٹ بدل لیا تو جائز ہے مثلاً ڈیوڑھے والیکا ٹکٹ لیکر خود وہاں بیٹھ گئے اور اپنا سوم کا اُسکو دیدیا وہ وہاں بیٹھ گیا مگر محض استنجا وغیرہ کی ضرورت سے ایسا کرنا درست نہیں معلوم ہوتا۔ اور اگر گئے تھے بلا اس مقصد کے اور اتفاقاً وہاں یہ حاجت پیش آگئی تو اُور بات ہے

مسئلہ ح۔ یہ جائز ہے کہ اپنے ٹکٹ سے کم درجہ میں بیٹھ جاوے۔ مثلاً ڈیوڑھے والیکو سوم درجہ میں سفر جائز ہے لیکن اس صورت میں یہ جائز نہیں کہ جسقدر دونوں محصولوں میں تفاوت ہے اُسکو کسی ترکیب سے ریل والوں سے وصول کرنے لگو کیونکہ اُنہوں نے تمکو نہیں روکا[1] تم اپنی خوشی سے ادنے درجہ میں بیٹھے ہو

مسئلہ ح۔ پلیٹ فارم پر جانیکے لئے قانوناً جو طریقہ رائج ہو اسکا خلاف کرکے جانا جائز نہیں مثلاً کسی اسٹیشن پر قانون مقرر ہے کہ اسٹیشن ماسٹر کی اجازت ضروری ہے تو بدون اُسکی اجازت کے جانا جائز نہوگا۔ اور اگر کسی اسٹیشن پر یہ قاعدہ ہے کہ بدون پلیٹ فارم کے ٹکٹ کے جانیکی اجازت نہیں تو وہاں ٹکٹ لینا ضروری ہے

ریل کے متعلق متفرق مسائل

مسئلہ جبتک گاڑی میں جگہ ہو خواہ مخواہ لوگوں کو دھکیلنا اور روکنا جائز نہیں جب تعداد پوری ہوگئی تو روکنا اور منع کرنا جائز ہے لیکن ضعیف و غریب پریشان مسافر کیساتھ نرمی کرنا اور تنگی میں بھی جگہ دیدینا بہت ثواب ہے مسئلہ ح جب دوسرے شرکا کی رضا نہو استحقاق سے زیادہ جگہ گھیرنا جائز نہیں مثلاً دس مسافروں کا درجہ ہے اور دس ہی سوار ہیں ہر شخص کا حق ایک تختہ کا پانچواں حصہ ہے[2] دو خمس پر بلا رضامندی قبضہ درست نہیں۔ اور اگر آٹھ مسافر ہیں تو ایک تختہ کا ایک ربع ہر ایک کا حق ہے۔ مسئلہ جو مسافر کسی ضرورت سے باہر نکلا ہو اُسکا اسباب و بستر سمیٹکر خود اُسکی جگہ قبضہ نکرنا چاہیے البتہ استحقاق سے زیادہ جگہ اگر اُسنے روک رکھی ہو تو اُسکو کم کردینا درست ہے مسئلہ ریل میں جو چیز کسیکی چھوٹ گئی ہو اُسکو اُٹھا کر اپنے کام میں لانا جائز نہیں م بلکہ جب مالک کے ملنے سے مایوسی ہو صدقہ کردیوے۔ ح لیکن اگر خود محتاج ہو تو خود استعمال کرسکتا ہے مسئلہ۔ اگر ریل میں کسیکا قرآن مجید چھوٹ گیا اور یہ اندیشہ ہے کہ ہم نہ اُٹھاویں تو دوسرے مسافر بیحرمتی کرینگے۔ ایسی حالت میں اُٹھالے

---

[1] معلوم ہوا کہ اگر اعلےٰ درجہ میں جگہ نہ تھی اور ریل والوں نے انتظام نکیا اور مجبوری کو ادنے درجہ میں سفر کیا تو زیادہ محصول کا معاوضہ وصول کرنا شرعاً جائز ہے ۱۲ فقیر اصغر حسین عفی عنہ

[2] کیونکہ اکثر ایک درجہ میں دو تختے ہوتے ہیں ۱۲

اور صدقہ کردیو ے۔مسئلہ اسٹیشن پر اگر کوئی چیز خریدی اور گاڑی چھوٹ گئی قیمت ادا نہو سکی تو اُس چیز کو
لیجانا اور استعمال کرنا جائز ہے لیکن جسطرح ممکن ہو پھر اُسکی قیمت پہنچا دو ہمیشہ کی آمد و رفت کا کوئی قریب
اسٹیشن ہو تو پھر کبھی خود یا کسی معتبر شخص کی معرفت ادا کردو۔ورنہ خط کے ذریعہ سے پتہ وغیرہ دریافت کرکے
اُسکی قیمت پہونچاؤ۔اگر باوجود پوری کوشش کے نہ مل سکے تو وہ قیمت اُسی شخص کیطرف سے صدقہ سمجھکر
کسی مسکین غریب کو دیدو۔لیکن اگر اتفاق سے وہ پھر کہیں ملجائیگا اور مطالبہ کریگا تو دوبارہ دینا ہوگا۔
اُس صدقہ کا ثواب تمکو ہوجائیگا۔مسئلہ اگر کوئی شخص پیسے کی دو دیا سلائی یا ایک ایک آنہ کو سیب
بیچتا پھرتا تھا تمنے زبان سے کچھ نہیں کہا دیا سلائی یا سیب اُٹھا لئے اور پیسے نکال کردینے لگے ریل چلدی کچھ
قیمت اُسکو نہ پہونچ سکی تو تم اُسکی چیز واپس کردینی چاہئے یا قیمت اُس چیز کی پہونچانی چاہئے۔ورنہ بصورت
دشواری واپسی کے وہ چیز یا اُسکی قیمت محتاجوں کو دیدینی چاہئے۔اگر خود محتاج ہو تو خود بھی اپنے
صرف میں لاسکتا ہے۔پھر کبھی اگر مالک ملجائے قیمت اُسکو دیدیجائے یا اُس سے معاف کرالیا جائے۔
مسئلہ اگر آپنے کسی چیز کی قیمت پہلے دیدی اور گاڑی چھوٹ گئی بائع نے اُسکو تمہارے پاس پھینکنا چاہا
لیکن وہ گاڑی میں نہ پہونچی گر کر ضائع ہوگئی تو آپکی قیمت اُسکے ذمہ پر باقی رہی شرعاً اُس سے وصول
کرنیکا استحقاق رکھتے ہو تم۔بہتر یہ ہے کہ معاف کردو بہت ثواب حاصل ہوگا۔مسئلہ اسٹیشن پر سے چیزیں
خرید کر یا اپنا ناشتہ وغیرہ نکال کر کسی غریب آدمی کے سامنے کھاؤ تو تھوڑا بہت بقدر مناسب اُسکو بھی
دیدو (مکان پر کئی مسکینوں کو کھانا کھلانے سے زیادہ اسکا ثواب ہوگا) اگر اتنی گنجائش نہو یا ہمت و توفیق نہو
تو ایک طرف کو علیحدہ ہوکر پوشیدہ کھاؤ خصوصاً چھوٹے بچوں کے سامنے اسکا بہت خیال رکھو۔اگر کسی
غریب کا بچہ سامنے بیٹھا ہے تو جو کچھ اپنے بچوں کو خرید کر دیا ہے اُسکو بھی کسیقدر ضرور دیدو ثواب عظیم حاصل
ہوگا۔ورنہ دور جاکر خرید و اور ایسی طرح کھلاؤ کہ غریب بچہ کو حسرت نہو۔اسمیں بھی انشاءاللہ کسیقدر ثواب
ہوگا۔مسئلہ اگر کسی قلی اور مزدور کے سر پر اسباب رکھدیا اُس سے کچھ اُجرت طے نہیں کی تھی تو اُس جگہ
جو مزدوری اُسکی معروف ہو وہ دینی ہوگی مگر چاہئے کہ اول مزدوری طے کرلو تاکہ پھر جھگڑا نہو طے کرلینے کے
بعد کم ہرگز نہ دو طے کرلینے کے بعد زیادہ دینے میں کچھ حرج نہیں بلکہ ثواب ہے واللہ الموفق والمعین وآخر
دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین فقط۔

فیوض سے خاتم المحدثین حضرت مولانا محمود حسن صاحب محدث مدرسہ اسلامیہ دیوبند نے اس کتاب کو تحریر فرماکر حضرت رحمہ اللہ کو سنایا اور خوشنودی اور مبارک دعاؤں کا خلعت حاصل فرمایا بظاہر یہ کتاب آمین رفع یدین قرأت فاتحہ قضائے قاضی قلتین وغیرہ کے متعلق اہل حدیث کے اعتراضات کا جواب ہے لیکن حقیقت میں احادیث نبویہ کے محققانہ معانی اور بے مثل تشریحات اور مختلف احادیث میں تطبیق بین الروایات کا بیش بہا مخزن ہے۔ وہ بے نظیر تقریرات و مضامین جنکی طرف اثناء دروس میں حضرت مدظلہم العالی اشارہ فرما جاتے ہیں اسمیں مفصل موجود ہیں۔ قضائے قاضی کے ظاہراً و باطناً نفاذ کی دقیق و پر تحقیق بسیط بحث پر اگر الہام من عند اللہ کا دعویٰ کیا جاسکے تو بجا ہے۔ ذی علم و فہم حضرات کے لئے اسکا مطالعہ نہایت محظوظ کرنے والا بلکہ وجد میں لانے والا ہے اور شائقین مذاق حدیث اور مدرسین کے لئے تو بہت ہی ضروری و مفید ہے جو لوگ حدیث شریف نہیں پڑھے مگر استعداد و فہم سلیم اور علوم دینی سے تعلق و دلچسپی رکھتے ہیں انکو بھی بہت سے اعتراضات کا جواب اور بعض مفید ابحاث کا مطلب بقدر فہم ذہن میں آجاتا ہے اور حضرت کی با محاورہ سلیس اردو عبارت اور برمحل اشعار و امثال تو ضرور ہی گرویدہ کر لیتے ہیں دوبارہ یہ کتاب چارسو صفحات پر طبع ہوئی ہے ایکروپیہ پانچ آنے (عہ) قیمت ہے اور تین آنے محصول ڈاک۔ بہت کم استعداد والے اسکو طلب نہ فرمائیں۔

ادلہ کاملہ

اہل حدیث کے دس اعتراضات کے جواب میں ایک مختصر اور نہایت ہی دقیق علمی محققانہ بحث کا رسالہ گویا ایضاح الادلہ کا متن ہے ۲۲ صفحے پر عمدہ چھپا ہوا قیمت صرف ایک آنہ (۱/)

قصہ جمال الدین
یعنی مصیبت نامہ

دنیا کی تکالیف و مصائب سے دل گھبراتا ہو تو اپنے سے زیادہ مصیبت زدوں کا حال دیکھیے اور خدا کا شکر کیجیے۔ دنیا کی بے ثباتی کے پر درد اور منتخب اشعار ملاحظہ فرمائیے آپ کو معلوم ہوجائیگا کہ دنیا کا قصہ خواب و خیال ہے دنیا میں دائمی خوشحالی ہے یہ رسالہ دردمندوں کی تسلی ہے اور غافلوں کے لئے تازیانہ عبرت ہے بڑی تقطیع کے ۳۲ صفحے قیمت ۱/

سیف النقی

خاں صاحب بریلوی نے جو مقدس بزرگوں کی تکفیر و الزامات کا جھنڈا بلند فرمایا تھا انکی تردید و ابطال میں اہل علم اور مسلمانوں کے سمجھانیکے لئے شیر خدا مولانا مرتضیٰ حسن صاحب نے بہت سے رسالے شائع فرمادیے ہیں جو ہمارے دوسرے اشتہارات و فہرست میں درج ہیں مگر ایک دوسرے عالم نے عجیب دلچسپ تردید و جواب لکھے ہیں۔ لطیفے بھی جواب بھی مذاق بھی۔ تردید بھی اور پھر ایسی عام فہم

کہیں خبر نہیں نظم کہ ہر شخص سمجھے اور لطف اُٹھائے تعداد کثیر چھپی ہے اسلئے تاجروں سے خاص رعایت ہوگی
اور عام قیمت بھی ۲؍ کی جگہ ۱؍ کردی ہے ذرا چھوٹی تقطیع کے ۸۰ صفحے پر چھپی ہے (۱؍)

مفید الوارثین شرح میراث المسلمین

میراث المسلمین کو جس شخص نے دیکھا نہایت پسند کیا اور بڑے بڑے علماء نے اُسکے مضامین کی
تصدیق و تعریف فرمائی لیکن اکثر حضرات نے فرمایا کہ مضمون کسیقدر بڑھا دیے جاویں تو
نہایت مناسب ہو اسلئے مؤلف صاحب نے نہایت محنت و سعی سے ایک نہایت مفصل اور
طویل عام فہم مستقل رسالہ علم فرائض میں تصنیف فرمایا میراث المسلمین کے تمام مضامین کو کامل تشریح اور وضاحت سے
لکھدینے کے علاوہ علم فرائض کے فضائل اُسکی حقیقت اسلام سے پہلے میراث تقسیم ہونیکا دستور میراث کی ابتدا
اُسکے احکام نازل ہونیکے قصے تجہیز و تکفین کا بیان مریض کے اقرار اور وصیت و قرض و طلاق و مہر وغیرہ کا
ایسا مفصل بیان جو کسی اُردو کتاب میں موجود نہیں تمام وارثوں کے مفصل حصے اور میراث جدات (یعنی نانی
دادی) کی بے مثل تفصیل و تشریح مع عام فہم نقشوں اور فہرستوں کے بعض علمی فائدے مثلاً والدہ کا حصہ الذکر
لکھنے میں جا بجا عام فہم مثالیں عصبات کی تفصیل اور نقشے ہر قسم کے وارثوں کا نقشہ مع دلیل شرعی
ذوالارحام کے مختصر صاف اور عام فہم نقشے اور شجرے شریک اور مستقل وارثوں کا بیان حاجب محجوب
مفقود و موجود محروم وغیرہ کا مستقل بیان ہر ایک وارث کے حالات کو تین تین دفعہ مختلف طریقوں سے
سمجھادیا ہے تاکہ بہت کم استعداد کے مسلمانوں کو بھی نفع پہونچے چھ نقشے نہایت محنت سے مرتب کرکے لگائے ہیں
معمولی استعداد کا شخص اسکے مطالعہ سے ہزارہا مسائل بتلانے پر قادر ہو جاتا ہے طالبعلمان عربی کیلئے بھی
یہ کتاب بہت مفید ہے تمام تواعد اور مسئلے نکالنے کا طریقہ اس سے بسہولت معلوم ہو سکتا ہے اس کتاب کے
چھوٹے حصے ہیں کل حصے ایک جگہ اعلیٰ درجہ کی صحت اور صفائی سے نہایت صاف اور عمدہ کاغذ پر جمع کیے گئے
ہیں قیمت ایک روپیہ (عہ)۔

دعوات عبدیت

حضرت مولانا اشرفعلی صاحب مدظلہ کے وعظ و تقریرات کے وقت جو مضامین عجیبہ
منجانب اللہ قلب پر وارد ہوتے ہیں اُنکے واقعی لطف سے تو کچھ حاضرین ہی واقف ہیں
مختصر یہ ہے کہ علوم و معارف کا خزانہ ہونیکے ساتھ نہایت دلچسپ بھی ہوتے ہیں اور چونکہ عوام حاضرین کا بھی
لحاظ رہتا ہے اسلئے بہ نسبت تحریرات کے زیادہ حصہ اُنکا عام فہم ہوتا ہے اس سے قبل مواعظ اشرفیہ (۱۲؍) اور اشرف المواعظ
(۶؍) وغیرہ مشتہر ہوکر ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو رہے ہیں بالفعل حضرت مولانا کے سفر کے وعظوں کا ایک نہایت

عظیم و ضخیم عمدہ مجموعہ دعوات عبدیت نہایت اہتمام سے جمع ہوا ہے اور ضبط کرکے خود حضرت مولانا سے اسپر نظر ثانی وصحت کرائی گئی ہے اسکے تفصیل ذیل دس حصے ہیں جنمیں مختلف وعظ ہیں گیارہویں میں ملفوظات ہیں۔ تطہیر رمضان حقوق القرآن علاج الکبر حیات طیبہ تسہیل الاصلاح احکام العشر الآخر اکمال الصوم والعید غض البصر تطہیر الاعضاء تقویم الزیغ۔ پھر ایک وعظ میں بیس تیس چالیس مضامین ہیں جنکی عمدہ مکمل فہرست ہر حصہ میں لگائی گئی ہے گیارہ حصوں کی قیمت (عـہ) ہے اگر کسیکو یہ وعظ پسند نہ آئیں یا قیمت گراں معلوم ہو تو بلا تکلف واپس فرماسکتے ہیں اچھے کاغذ پر خوبصورت و عمدہ طبع کئے گئے ہیں قیمت (عـہ) محصول ۳۰ر

الانتباہات المفیدہ عن الشبہات الجدیدہ

نئی روشنی کے ناپائدار اعتراضات اور جدید الخیال لوگوں کے بے بنیاد شبہات کو بطرز احسن زائل کرنیکے لئے اول ایک تمہید اسکے بعد نہایت مستحکم سات اصول موضوعہ اور ہر ایک کیلئے نہایت واضح شرح بیان فرمائی ہے اور پھر سولہ انتباہ حدوث مادہ تقسیم قدرت باری تعالیٰ (جسمیں معجزات کی بحث ہے) و نبوت (اور اسکے تعلق بالدنیا والآخرت وغیرہ میں) و قرآن مجید۔ احادیث اجماع قیاس (چاروں دلائل شرعیہ کا ایک ایک بیان تحقیقی ہے) و ملائکہ و جنات و ابلیس و عالم آخرت (جنت دوزخ قبر صراط میزان کا بیان) و کائنات طبعیہ مثل رعد و برق وغیرہ و تقدیر و اسلام و عبادات معاملات و معاشرت و عادات و اخلاق باطنی و جذبات نفسانیہ و استدلال عقلی یہ صرف ۸۰ صفحہ کی کتاب ہے لیکن اہل کا یہ خیال نہایت خوشنما خوبصورت عمدہ چھاپکر ۱۲ر و ۹ر قیمت کردی ہے بہان کسیقدر نسخے رعایت سے منگولئے گئے ہیں پس ۱۲ر والی ۸ر کو اور ۹ر والی ۷ر کو روانہ ہوگی۔

مجموعہ امداد الفتاوی
(ہر چہار جلد)

اسمیں حضرت مولانا اشرف علی صاحب کے فتاوی ۱۳۲۵ھ سے اسوقت تک کے جمع کئے گئے ہیں پہلی جلد میں کتاب الطہارت صلوٰۃ جنائز زکوٰۃ و صدقہ صوم اعتکاف حج کے تقریباً تین سو فتوے ہیں اور دوسری جلد میں نکاح رضاعت طلاق و عدۃ و نفقہ حدود ایمان نذر و وقف قربانی و ذبائح حظر و اباحت وغیرہ کے دو سو ستر بلکہ زیادہ پر تحقیق فتوے ہیں لیکن بعض جگہ کتب عربیہ کی طویل عبارتیں وغیرہ بھی منقول ہیں جنکا ترجمہ نہیں ہے۔ دونوں جلدیں یکجا متوسط درجہ کے کاغذ پر ۳۸۰ صفحہ پر مطبع مجتبائی میں چھپی ہیں نہایت عمدہ فہرست مرتب کرکے شروع میں لگائی ہے قیمت بھی ذرا گراں ہے یعنی بلا کسی رعایت کے ایکروپیہ آٹھ آنے (عـہ) تیسری جلد میں بیع ربوا کفالت حوالہ ودیعت عاریت اجارہ دعوی قضا شہادت غصب شفعہ رہن ہبہ شرکت قسمت مزارعت لقطہ وصیت فرائض مسائل شتی مسائل طاعون کے ابواب و مسائل ہیں۔ اور چوتھی جلد میں تفسیر اور حدیث کے متعلق جوابات۔ تصوف خواب

بدعات تقلید عقائد مناظرہ فلسفہ جدیدہ رسالہ عطاب الندوہ اور علیگڈھ کالج کے مولوی خلیل احمد صاحب کی تحریرات کے جواب وغیرہ درج ہیں تیسری اور چوتھی جلدیں یکجا ۱۲۱۴ صفحہ پر طبع ہوئی ہیں انکی قیمت عہ ہے خوبی دیکھنے پر موقوف ہے۔

حجۃ الاسلام حضرت مولانا محمد قاسم صاحب کے علم لدنی کا نمونہ اثبات توحید و رسالت کے بے مثل مضامین و تقریرات کا عرصہ ہوا بہت کم درجہ کاغذ پر معمولی طرز سے چھپا تھا قیمت اسکی ۲ تھی اب حضرت مولنا محمود حسن صاحب مد ظلہم نے ابتدا میں چار صفحہ کا دیباچہ تحریر فرما کر اور موقع بموقع توضیح مطالب کیلئے عنوانات قایم کرکے نہایت مفید بنا دیا ہے اور نہایت عمدہ کاغذ کے ۰ صفحات پر جمعیۃ الانصار کے اہتمام سے خوبصورت طبع ہوا ہے اہل علم اور صاحبان وسعت اسکو ضرور طلب فرما کر محظوظ ہوں۔ قیمت ۶

التکشف عن مہمات التصوف یہ وہی مہتم بالشان اور گرانمایہ تصنیف ہے جسکی طبع میں تاخیر ہو جانیسے قلوب مشتاقین الانتظار اشد من الموت کا مزہ لے رہے تھے مطبع میں دفتر میں تاجروں کے پاس خود حضرت مولانا کی خدمتمیں صدہا خطوط درباب طلب و فرمائش کے آرہے تھے اور جواب دینا مشکل ہو رہا تھا الحمد للہ کہ ماہ شعبان میں یہ کتاب تیار ہوگئی ہے اسمیں علاوہ دیگر پر تحقیق و مفید مضامین کے جو حضرت مولانا نے اپنی دیگر تصانیف سے منتخب فرما کر لکھے ہیں یا حوالہ کر دیا گیا ہے یہ مضامین موجود ہیں حقیقت طریقت یعنی خلاصہ سلوک حقوق طریقت یعنی طریقہ میں داخل ہو کر جو کام کرنے ہونگے طلسم کشائی فریمیسن یعنی فریمیسن کی تحقیق تلخیص الانوار و التجلی تصوف کے اہم مسئلہ تنزلات ستہ و جامعیت انسان کی تحقیق و تسہیل یہ چودہ صفحہ کا مضمون عربی زبان میں ہے الفتوح فیما یتعلق بالروح۔ روح کے متعلق تفصیل و تحقیق روح میں حکما و صوفیہ کے اقوال اور قول صحیح اور عذاب شرح مسائل مثنوی یعنی کلید مثنوی کے تمام مضامین کا ایسا انتخاب ہے کہ کلید مثنوی خریدنے کی حاجت نہیں رہتی۔ اور امداد الفتاوی کے بہت سے مضامین امداد الفتاوی سے بھی منتخب فرما کر درج کئے ہیں۔ عرفان حافظ یعنے حضرت حافظ شیرازی رحمۃ اللہ علیہ کے دیوان کی شرح حرف الخاء کی ردیف تک جسمیں سلوک و تصوف کوٹ کوٹکر بھرا ہے اور حقائق و معارف کو شرعی لباس میں دکھلایا ہے حقیقۃ الطریقہ جسمیں اخلاق احوال اشغال تعلیمات وغیرہ تیرہ باب ہیں جنکو تین سو تیس ۳۳۰ احادیث صحیحہ سے ایسی طرح ثابت فرمایا ہے کہ انکار تصوف کا فور ہو جاتا ہے النکت الدقیقہ اسمیں بعض رسائل مضامین تصوف کو احادیث سے ثابت کیا ہے۔ تائید الحقیقۃ عربی مع ترجمہ جسمیں آیات قرآنی سے ابواب تصوف کا اثبات ہے ان مضامین کے علاوہ مولانا مد ظلہم نے اپنی اٹھارہ تصانیف سے نفیس و منتخب مضامین کو درج فرمایا ہے اگرچہ انمیں سے ہر ایک مضمون گویا مستقل رسالہ بن سکتا تھا۔ مگر صرف پانچ جلد و نیں کلید مثنوی کی مانند بڑی تقطیع پر بہت صاف طبع کیگئی ہے اور نہایت مفید فہرست مضامین اور طویل غلطنامہ نہایت مناسب لگائے گئے ہیں

تقویم شرعی یعنے اسلامی جنتری سنہ ۱۳۳۲ھ جسمیں حضرت مولانا اشرفعلی صاحب کا مضمون و مدار ستارہ اور مختصر دس مضمون غیر اسلامی سنین تجری اسلامی سال سے پیشینگوئیاں تھا و بیر بروج کا مسئلہ کسوف خسوف کا علم جنتریوں کے اقسام و فوائد چاند کی دعائیں احکام و مسائل بارہ مہینے کے متعلق ہدایات درج ہیں اور دوسرے صاحبوں کے مضامین ہدایات و واقعات ماہانہ اسلامی تاریخ کی ابتدا قمری حساب کی فضیلت کسوف خسوف لطائف و ظرائف عقائد المسلمین علم الاولین سحر خیزی وغیرہ دلچسپ معلومات و مضامین درج ہیں قیمت (۱۰)

سبیل السداد اولیاء اللہ اور اہل قبور سے استعانت و استمداد کے بیان میں عجیب و غریب علمی دلچسپ رسالہ جسکی جامعیت و تحقیق کو اہل علم نے تسلیم کرلیا ہو اس طرز کا رسالہ اب تک نہیں تصنیف ہوا تھا قیمت (۴)

توضیح المراد سبیل السداد پر جو بعض لوگوں نے اعتراض کئے تھے انکا مدلل مفصل دندان شکن جواب قیمت (۵)

تزکیۃ الخواطر حضرت مولانا محمد قاسم صاحب و مولانا رشید احمد صاحب و مولانا اشرفعلی صاحب کی عبارات سے جو معنی بریلوی خانصاحب نے بیان کئے تھے انکی تردید خود ان بزرگوں کی تصریحات سے نہایت دلچسپ اور تحقیق سے بڑی تقطیع ۱۶ صفحے قیمت

السحاب المدرار براہین قاطعہ تحذیر الناس حفظ الایمان تصانیف بزرگان دیوبند کی عبارات کے صحیح اور سچے معانی و مطالب اور خانصاحب کی حق پوشی اور دیدہ دلیری کا اظہار اور الزامات باطلہ کی محققانہ تردید ۴۰ صفحے قیمت دو رجسٹری ۲

الختم علی لسان الخصم خانصاحب بریلوی کی تردید میں مولانا سید مرتضی حسن صاحب کا پرزور فتوی جسمیں الزامات تکفیر کی تردید کرکے روز روشن کیطرح دکھلا دیا ہو کہ علماء دیوبند اور انکے سلف و خلف سچے اور پکے حنفی ہیں ۲۰ صفحے پر اچھا چھپا ہوا قیمت ایک آنہ (۱)

انتصاف البری جسمیں خانصاحب اور انکے حواریوں کو اعلان دیا ہو کہ جن عبارات و وجوہ سے بزرگوں کی تکفیر کی ہو انکو ثابت کریں ورنہ کاذبین کی سزا کے امیدوار ہیں قیمت (۲)

دست غیب اکل حلال کے فضائل دست غیب اور کیمیا گری کے مضرات و نقصانات و دلچسپ حکایات قیمت ۲

القول المتین اقامت اور اذان کے بیان میں نہایت مفید رسالہ روایات و مسائل نہایت معتبر اور مفید دلچسپ بات تا صدر محدث صاحب اور بڑے مفتی صاحب مدظلہم کا ملاحظہ کیا ہوا قیمت ۲

محصول محصول و مصارف ڈاک بذمہ خریداران - اور ملنے کا پتہ

مولوی اصغر حسین صاحب دار العلوم مدرسہ اسلامیہ دیوبند ضلع سہارنپور